تحفۃ العاملین

معروف بہ

طلسمات نادرہ

حصہ اوّل تا پنجم

اس کتاب میں ترکیبِ تعویذات وخواص اسمائے الٰہی وتسخیرات وخواص سورہ قرآن مجید ونماز قضائے حاجت وبیان حصار ونوافل ہفتہ وقواعد وظیفہ وادویات معالجہ وآیات اعمال قضائے حوائج وعمل دافع اذیت آبلہ عزائمات احضار وجن وشیاطین ونقش جات حاضرات واعمال حروف تہجی شامل ہیں۔

مؤلف
سید تفضل حسین خداداد بن میر محمد حسین

ادبی دنیا
۳۹۹ - مٹیا محل
دھلی ۶

تُحفۃُ العَامِلِین

معروف بہ

طِلسماتِ نادرہ

ترکیب تعویذات و خواص اسمائے الٰہی و تسخیرات و خواص سورۂ قرآن شریف وغیرہ

حِصّہ اوّل

مُؤلفہ

ناشر

ADABI DUNIYA ادبی دنیا
PUBLISHER & BOOK SELLERS
399, Matia Mahal, Jama Masjid, Delhi-6
Ph.: 011-23250122, 42797822

نام کتاب : تحفۃ العاملین معروف بہ طلسمات نادرہ
مصنف : سید تفضل حسین خداداد بن میر محمد حسین
تعداد : 1100
سن اشاعت : 2009
طباعت : ایم ایس انصاری پرنٹرس
قیمت :

ناشر

ADABI DUNIYA ادبی دنیا
PUBLISHER & BOOK SELLERS
399, Matia Mahal, Jama Masjid, Delhi-6
Ph.: 011-23250122, 42797822

فہرست

حصّہ اوّل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

اَمَّا بَعْدُ

خالق لم یزل کی حمد و ثناء اور درود سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات بیکس پناہ کے لیے اور اس کی آلِ اطہار اور اصحابِ ذی وقار کے لیے۔ اس کتاب تحفتہ العاملین میں مختلف طلسمات او تعویذات نفع مخلوقات کے پیش نظر درج کیے جاتے ہیں۔ تمام قدرتیں اور عظمتیں اس ذاتِ والا صفات کی ہیں۔ حقیقی مؤثر وہی ہے جس کی صفت ثنا میرے بس کی چیز نہیں ؎

قیاس و وہم عقل کل نہ پہنچے کُنہ یزداں کو — رسائی کسطرح ہو گی وہاں تک عقل انساں کو

نقاب نور ظلمت میں چھپا کر چہرۂ زیبا — دکھاتا ہے سکندر ساں صنم آئینہ حیراں کو

مرغانِ خوش آہنگ چمنستانِ عالم اس ذاتِ عالی کی خدمت میں نغمہ سرا ہیں کہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ حق حق حق اَللّٰهُ الصَّمَدُ برحق برحق برحق لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ خالق خالق خالق وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ مطلق مطلق مطلق۔ ہزاروں تحائف درود وسلام اس ذاتِ قدسی صفات خواجۂ کائنات سرورِ موجودات، محبوب رب العالمین سید المرسلین خاتم النبیین

رحمۃ للعالمین احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ الطیبین الطاہرین وعلیٰ اصحابہ الراحمین
اما بعد۔ یہ مختصر تحفہ بے بضاعت محض کمترین سادات خداداد بن میر محمد حسین مرحوم و
مغفور نے اس کتاب تحفہ عجیب وغریب کو بنظر نفع رسانی الخلق اور بوجہ شہرت عاملان
صاحب فہم اور اس علم شریف کے بلند مرتبہ اور مقام کے پیش نظر جو کہ پردہ ہائے اخفا
میں مثل سر مکتوم کے پوشیدہ تھا جس کو کچھ حاصل ہوا اس نے مثل کیمیا کے اسے پوشیدہ
رکھا۔ خلق خدا اسی علم کے مفید فوائد سے محروم تھی اس کے پیش نظر مصنف مرحوم نے
اس کتاب کو مرتب فرمایا اللہ تعالیٰ اسے مقبول عوام خاص بنائے۔

یہ کتاب تحفہ عاملین اسم بامسمّیٰ ہے۔ اس طلسم سلیمانی کے آگے طلسم مشہدی
بمنزلہ بچہ اطفال ہے۔ اس طلسم سلیمانی کی دست یابی کے بعد عاملین کے لیے جنات دیو پری
کی گرفت اور نقوش حُب کی عجیب قوت جاذبہ سے مطلوب طالب کی بغل میں ہوگا۔ اس
مجموعہ کی مثل پُرتاثیر اور جامع عملیات کا کوئی دوسرا مجموعہ نہ ہوگا۔ انشاءاللہ مطالعہ کے
بعد اس کتاب کی حقیقت اور صداقت ظاہر ہوگی اس لیے کہ اس میں ہر قسم کے عملیات
درج ہیں۔ مثلاً تسخیرات، سحریات، تعویذات دعوات وغیرہ درج ہیں۔ امید ہے کہ
اہل فن اس کی قدر فرمائیں گے۔

تلخیص کلام درمیان انواع حلال وحرام

منتر جسے سحر بھی کہتے ہیں سحر کی دو قسمیں ہیں حلال اور حرام۔ سحر حلال وہ ہے
جس میں اسمائے الٰہی یا ایسے مقدس کلمات جنہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جائز قرار
دیا۔ سحر حرام وہ ہے جس میں شیاطین کے نام ہوں یا ایسے کلمات جن سے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہو اور ہر وہ چیز جو شرک کی طرف لے جانے والی ہو حرام ہے
اور مصنف کا پہلے سے ہی یہی منشا تھا کہ ہر قسم کا سحر لکھے جس سے مخلوق خدا کو فائدہ پہنچے

چاہے وہ مسلمان ہو یا غیر مسلم۔ اپنی اپنی دلی مرادیں حاصل کریں۔ لیکن حرام اور حلال کا
اظہار کرنا مصنف کے لیے لازم تھا۔ اس لیے اختصاراً عرض کر دیا ہے تاکہ کوئی بے علم
بغیر دریافت کیے کوئی ایسا عمل نہ کر بیٹھے جس میں شرکیہ الفاظ شامل ہوں اگر خود نہ جانتا
ہو تو کسی علم والے سے دریافت کرے۔

شرط جو شخص اس علم کا شوق رکھتا ہو اسے لازم ہے کہ اس علم کے ماہرین سے
یہ علم سیکھے۔ جب تک اس علم کے قواعد سے واقف نہ ہو عمل میں نہ لائے اور تحصیل علم کے
بعد بھی ماہرین علم کی اجازت ضروری ہے۔ بغیر اجازت کے صحیح فائدہ نہیں ہوتا۔ طالب
پہلے اچھی طرح اس علم کو حاصل کرے اس کے قواعد اور اوقات ساعات اور موکلات
اور ادوار، زکات اوقات اور استادوں کی اجازت پھر اس کتاب کے عملیات پر عمل
کرے پھر اس کا فائدہ دیکھے ان شرائط کو ترک کر کے عملیات پورا فائدہ نہیں دیں گے۔

فصل اوّل علم نجوم کا مختصر بیان

اہم معاملات کے لیے اس علم کا جاننا ضروری ہے۔ جن کی تفصیل دوسرے حصّہ
میں بیان کی جائے گی مگر یہاں مختصر ذکر کیا جاتا ہے اس میں بائیس معرفتیں ایک طریقت
اور ایک حقیقت ہے۔

معرفت اوّل

استخراج طالع ترکیب فصل دوسری جلد میں ہوگی۔ اگر کوئی اپنا یا کسی کا طالع
معلوم کرنا چاہے تو دوسری جلد میں دیکھے۔

دوسری معرفت

بروج کی شناخت مذکر مؤنث کے اعتبار سے
چھ بروج مذکر اور چھ بروج مؤنث ہیں۔ حمل، جوزا

اسد، میزان، قوس، دلو یہ مذکر ہیں۔ ثور، سرطان، سنبلہ، اقرب، جدی حوت یہ چھ مؤنث ہیں۔

تیسری معرفت مذاج بروج

حمل، اسد، قوس آتشی ہیں، جوزا، دلو، میزان یہ تین بادی ہیں۔ ثور، سنبلہ، جدی یہ تین خاکی ہیں سرطان، اقرب، حوت یہ تین آبی ہیں۔

چوتھی معرفت بخورات اور کواکب اور انکے ایام کی معلومات

زحل بروز ہفتہ بخورہ مشک اور عطار چینی ہے۔ شمس بروز اتوار بخور گلاب اور کافور ہے۔ قمر بروز پیر بخور صندل اور عود ہے۔ مشتری بروز جمعرات بخور گلاب۔ زہرہ بروز جمعہ بخور اصندل اور روغن خوشبودار عطارد۔ بروز بدھ بخور کشتہ عود۔

پانچویں معرفت سبعہ سیارگان کی تاثیرات

مشتری اور زہرہ محبت کیلئے کارآمد ہیں۔ عطارد اور قمر زبان بندی کے لیے۔ شمس خواب بندی کے لیے زحل اور مریخ عداوت کے لیے۔

چھٹی معرفت جہات بروج

حمل، اسد، قوس مشرق کی جانب، ثور، سنبلہ، مدسی، جنوب کی طرف۔ جوزا، میزان، دلو مغرب کی جانب۔ عقرب، سرطان، حوت شمال کی جانب ہیں۔

ساتویں معرفت طالع آبی، خاکی، بادی، آتشی کے اعمال

محبت اور دیگر مقاصد کے لیے تعویذ لکھنا ہو تو مطلوب کے نام کا اول حرف کس طبع کا ہے۔ اگر بادی ہے تو تعویذ ہوا میں لٹکائیں اور عامل کو بلند مقام پر بیٹھ کر لکھنا چاہیے اور اگر آبی ہے تو تعویذ کو پانی میں ڈالنا ہوگا تعویذ دریا کے کنارے یا کنویں کے پاس بیٹھ کر لکھنا ہوگا اور اگر آتشی ہے تو تعویذ کو

آگ میں جلائے اور آگ کے پاس بیٹھ کر لکھے اور اگر خاکی ہے تو تعویذ کو قبرستان میں دفن کرے یا قبرستان میں بیٹھ کر لکھے۔ محبت کے تعویذ کے لیے مصری یا میٹھی چیز منہ میں رکھے۔ بغض اور عداوت کا تعویذ لکھتے وقت کڑوی یا ترش چیز منہ میں رکھے۔

آٹھویں معرفت طبع حروف اسماء

آتشی حروف:۔ ا، ح، ش، ط، ع، ف، ہ

آبی حروف:۔ د، ڈ، ر، س، ل، و، ن

خاکی حروف:۔ ب، ث، ج، خ، ذ، ز، م

بادی حروف:۔ ص، ض، غ، ظ، ق، ک، ی

آیندہ حروف معہ بروج تحریر ہوں گے۔

نویں معرفت سبعہ سیارگان کے مقام

زحل ساتویں آسمان پر۔ مشتری چھٹے آسمان پر۔ مریخ پانچویں آسمان پر۔ شمس چوتھے آسمان پر۔ زہرہ تیسرے آسمان پر۔ عطارد دوسرے آسمان پر۔ قمر پہلے آسمان پر ہے۔

دسویں معرفت رفتار کواکب اور بروج

زحل ہر ایک برج میں اڑھائی سال تک قیام کرتا ہے۔ مشتری ہر ایک برج میں تیرہ ماہ رہتا ہے۔ مریخ ہر ایک برج میں پنتالیس دن قیام کرتا ہے شمس ہر ایک ماہ شمسی رہتا ہے زہرہ ہر ایک برج میں سولہ دن رہتا ہے۔ عطارد ہر ایک دس دن قیام کرتا ہے قمر ہر ایک برج میں اڑھائی دن قیام کرتا ہے۔

گیارہویں معرفت سیارگان پر بروج کی تقسیم

برج		برج	
حمل	مریخ کا گھر ہے	اسد	شمس کا گھر ہے
ثور	زہرہ کا گھر ہے	سنبلہ	عطارد کا گھر ہے
جوزا	عطارد کا گھر ہے	میزان	زہرہ کا گھر ہے
سرطان	قمر کا گھر ہے	عقرب	مریخ کا گھر ہے
قوس	مشتری کا گھر ہے	جدی	زحل کا گھر ہے
حوت	" "	دلو	" "

بارہویں معرفت ایام متعلقہ بروج

برج	دن	برج	دن	برج	دن
ثور	جمعہ	سنبلہ	بدھ	دلو	ہفتہ
جوزا	بدھ	میزان	جمعہ	حوت	جمعرات
سرطان	پیر	عقرب	منگل		
اسد	اتوار	قوس	جمعرات		
حمل	منگل	جدی	ہفتہ		

تیرہویں معرفت کواکب کے رنگ اور حوادثات اور صدقات

ستارہ	رنگ	ستارہ	رنگ	
زحل	سیاہ	زہرہ	سفید	لال اور سبز رنگ ہے
مشتری	زرد	عطارد	زمردی	اور سیاہ سفید ملا ہے
مریخ	لال	قمر	موتی والا	
شمس	زرد			

چودہویں معرفت تقسیم کواکب سعد اور نحس کے لحاظ سے

مریخ نحس اصغر ہے اور شمس سعد ہے اور زہرہ سعد اصغر ہے۔ عطارد درمیانہ، قمر درمیانہ اور زحل نحس اکبر ہے۔ مشتری سعد اکبر ہے ان کا خیال کرکے تعویذ کریں۔

پندرہویں طبع بروج

حمل، اسد، قوس گرم خشک۔ جوزا، میزان دلو تر گرم۔ ثور، سنبلہ، جدی خشک تر۔ سرطان، عقرب، حوت گرم تر۔

سولہویں معرفت بُرج طالع اور حروف

برج			
حمل	آتشی	نر	ہندی میں اسے "میکھ راس" کہتے ہیں اس کے حروف یہ ہیں ا۔ع۔ل۔ی
ثور	خاکی	مادہ	" " برکھ راس " " " " ب، واؤ
جوزا	نر	بادی	" " متھن " " " ف، ق
سرطان	آبی	مادہ	" " کرک " " " ھ، ح
اسد	آتشی	نر	" " سنگھ " " " " م
سنبلہ	خاکی	مادہ	" " کنھیاں " " " پ، ت
میزان	بادی	نر	" " تولا " " " ر، ط، ت
عقرب	آبی	مادہ	" " برچھک " " " ن، ذ، ز، ض، ظ
قوس	آتشی	تر	" " دھن " " " ف
جدی	خاکی	مادہ	" " مکر راس " " " ج، ح
دلو	بادی	نر	" " کنبھ " " س، ش، ص، غ، ث
حوت	آبی	مادہ	" " مین " " د، چ

سترہویں معرفت حیوانات کے بروج طالع

الف پارسی میں سی مُرغ ، باء چوہا ، ت سانپ ، ث مینڈھا ، ج شیر ، ح مینڈھا
خ مینڈھا ، چ سانپ ، پ سی مرغ ، د سانپ ، ذ شیر ، ر ہرن ، ز شیر ،
س مینڈھا ، ش مینڈھا ، ص مینڈھا ، ض شیر ، ط سانپ ، ظ شیر ، ع
کورا ، غ گربہ ، ف چوہا ، ک بلی ، ق بلی ، ل سانپ ، م چوہا ، ن سانپ ،
واؤ کوار ، مینڈھا ۔ لاء ہرن ، ی کوار ، یہ حروف زائدہ ہیں جس نام کی ابتداء میں
ہو ژ ، چ ، پ مار مار ژ سی مرغ

اٹھارہویں معرفت دریافت بخورات سیارگان تعویذات لکھنے اور جلانے کیلیے

بخورات عاشق و معشوق اور بیمار کے ستاروں کے موافق جلائے

ستارہ	بخورہ
زہرہ	عود ، عنبر ، مشک ، کافور
مشتری	عود ، عنبر ، صندل سفید ، مشک ، کافور ، جودانہ
قمر	عود ، تیلیا ، شہد
شمس	عود سرخ ، صندل سرخ
زحل	عود ، رال ، خردل سیاہ
مریخ	عود ، لوبان ، قرنفل ، چنبیہ ، دارچینی ، کافور ، پیاس
عطارد	کشتہ عود ، کافور

بُغض کے تعویذات کے بخور رال ، خردل ، اسپند ، گوگل ، ہینگ ، برگ نیم
نمک سیاہ ، سرشف ، کالی مرچ جلائے تاکہ مقصد حاصل ہو۔

محبت کے لیے بخور ، عود ، عنبر ، مشک ، صندل سفید ، کافور وغیرہ
بُغض کے تعویذ لکھنے کے وقت برگ نیم یا کوئی تلخ چیز رکھے۔
محبت کے تعویذ کے وقت میٹھی چیز منہ میں رکھے ۔ اور یہ عزیمت پڑھتا
رہے عزیمت یہ ہے

بَکَبْ بِخَیْلِ خَیْتُوْدٍ حَبَدٍ ھُوْدَ مھبودٍ دسلبوس شاک
شالگ ازبی لِفتِاخٍ ماشاک

انیسویں معرفت قمر کی دریافت

مقام معلوم کرنے کا طریقہ: ہندی کی تاریخ معلوم کرے پھر

اس کو مضاعت کرے پھر ایک عدد کا اضافہ کرے اور تین پر تقسیم کرے اگر
ایک باقی رہے تو قمر آسمان پر ہے دو باقی رہے تو زمین کے نیچے ہے ۔ تین
باقی رہے تو دنیا میں ہے اگر قمر آسمان پر ہو تو تمام امور کے لیے اچھا ہے
اگر قمر دنیا میں ہے تو درمیانہ ہے اگر قمر زمین کے نیچے ہو تو چھ کاموں کے لیے
نحس ہے ۔

۱۔ نئے مکان میں سکونت اختیار کرنے کے لیے
۲۔ سفر کے لیے مضر ہے
۳۔ تولد فرزند کے لیے
۴۔ زراعت کے لیے
۵۔ شادی کے لیے ، عورت بیوہ ہوگی
۶۔ میدان جہاد اور جھگڑے کے لیے نقصان دہ ہے ۔

بیسویں معرفت حساب قمر در عقرب

قمر در عقرب کا بیان دوسرے حصے میں ہے ۔ مگر کچھ فرق ہے

اس لیے یہاں نظم میں اصل کے موافق تحریر کیا ہے ۔

عقرب اندر برہمی دو نیم روز آرد گردن — ہر کہ کاری نوکند دروی باد گرددزبان

بیست و ہشت آید بہ پھاگن بست آید بہ پوس — بیست و سہ آید بماگھ وبیست و یک اگھن بگمان

ہژدہ اندر چیت بشمر شانزدہ بیساکھ را — سیزدہ در جیٹھ گر ایں را بمیدانی بران

یازدہ اندر ہاڑ دبیست در سانون بود — شش بہ بھادوں سہ بہ اسوج یک کاتک امتحان

پھاگن	پوس	ماگھ	اگھن	چیت	بیساکھ	جیٹھ	اساڑھ
٢٨	٢٦	٢٣	٢١	١٨	١٦	١٣	١١

بھادوں	اسوج	کاتک
٦	٣	١

اکیسویں معرفت زکی نامہ معلوم کرنے میں

زکی نامہ مفصل حصہ دوم کے باب اول کی فصل ۱۵ میں مرقوم ہیں ۔ مگر یہاں صرف اس کے احکام کا ذکر ہوگا ۔ اللہ تعالیٰ نے رات دن کو آٹھ پہر کا بنایا ہے ۔ چار پہر دن کے اور چار رات کے ۔ رات کے اول پہر کا نام زکی ہے اور دوسرے پہر کا نام بہین اور تیسرے پہر کا نام ربح ہے اور چوتھے پہر کا نام احراق ہے ۔ زکی میں تمام امور بخیر و خوبی سرانجام ہوتے ہیں ۔ جنگ وجدال میں فتح، شادی نکاح میں کامیابی، پیدائش فرزند میں بہتری ، زراعت میں زیادتی، خرید فروخت میں خوب نفع ہوگا ۔ دوسرے بہین میں سب کام درمیانے نہ اچھے نہ بُرے ۔ اور ربح میں کوئی کام اچھا نہ ہوگا کامیابی مشکل ہوگی ۔ اور احراق میں بھی کوئی کام نہ کرنا چاہیے ۔ بدیہی ہے مفصل تشریح حصہ دوم ہے ۔

بائیسویں معرفت سازگاری وناسازگاری عناصر میں

حمل، اسد، قوس آتشی نر ہیں ۔ ثور، سنبلہ، جدی مادہ ہیں اور خاکی ہیں ۔ جوزا میزان دلو مذکر بادی ہیں ۔ سرطان ، عقرب

حوت آبی مادہ ہیں ۔ آتشی آپس میں برابر، خاکی خاکی کے برابر، بادی بادی کے برابر، آبی آبی کے برابر ۔ آتش اور خاک میں عداوت ہے ۔ آتش اور باد میں محبت ہے ۔ آتش اور آب میں عداوت ہے ۔ آب اور باد میں میانہ روی ہے ۔ آب اور خاک میں محبت ہے ۔ آب اور آتش میں عداوت ہے ۔ باد اور خاک میں عداوت ہے باد اور آب میں میانہ روی ہے ۔ باد اور آتش میں محبت ہے ۔ خاک اور آتش میں عداوت ہے ۔ خاک اور آب میں محبت ہے ۔ خاک اور باد میں عداوت ہے ۔

طریقت

ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن	س
١	٢	٣	٤	٥	٦	٧	٨	٩	١٠	٢٠	٣٠	٤٠	٥٠	٦٠

ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
٧٠	٨٠	٩٠	١٠٠	٢٠٠	٣٠٠	٤٠٠	٥٠٠	٦٠٠	٧٠٠	٨٠٠	٩٠٠	١٠٠٠

اگر طالب اور مطلوب کی دوستی اور تعلق ملاحظہ کرنا مقصود ہو تو طالب اور مطلوب کے نام کے عدد جمیل کے حساب سے لے کر جمع کریں اور نو پر تقسیم کریں ۔ اگر ایک باقی رہے تو دونوں میں دوستی نہ ہوگی ۔ اگر دو باقی رہیں تو دونوں میں اچھی دوستی رہے گی ۔ اگر تین باقی رہیں تو دونوں میں بخوبی دوستی رہے گی مگر تنگ دست رہیں گے، زندگی سختی سے گزرے گی ۔ اگر چار باقی رہیں تو دونوں میں خوب جھگڑا ہوگا ۔ خصومت سے گزرے گی اور اگر پانچ باقی رہے تو زندگی عیش و عشرت سے گزرے گی خوب محبت ہوگی ۔ اگر چھ باقی رہے تو دونوں میں مہر محبت خوب ہوگی ۔ اگر سات باقی رہیں تو دونوں میں محبت ہوگی ۔ حد درجہ محبت سے گزرے گی ۔ ایک لمحہ جدائی برداشت نہیں کریں گے ۔ اگر آٹھ باقی رہیں تو دونوں میں خصومت رہے گی ۔ آخر کار

جدائی پڑے گی۔ اگر نو باقی رہیں تو دونوں میں محبت رہے گی، خوشی سے گزرے گی۔ واللہ اعلم بالصواب۔

حقیقت

اللہ تعالیٰ تجھے نیکی کی توفیق دے۔ جب تیرا تعویذ لکھنے کا ارادہ ہو تو اکیلے بیٹھ کر اور کسی سے بات نہ کر اور طالب اور مطلوب کے ابجد کے حساب سے عدد لے کر دونوں کا طالع معلوم کر اور اگر آتشی ہو تو دوستی رہے گی۔ مگر کبھی کبھی غصہ آئے گا لڑائی ہوگی۔ اگر دونوں کے طالع خاکی ہوں تو ان میں لڑائی جھگڑا بہت ہوگا۔ مگر جلد صلح ہو جایا کرے گی۔ اسی طرح اگر دونوں کے طالع آبی ہوں تو یہی معاملہ ہوگا۔ نیز بادی حال بھی اسی طرح ہوگا۔ اگر مرد کا طالع بادی اور عورت کا آتشی ہوا تو معاملہ بہت اچھا ہوگا۔ مرد عورت پر غالب رہے گا مگر آخر کار مرد کا دل عورت سے سرد ہو جائے گا۔ اگر مرد کا طالع خاکی اور عورت کا آبی ہوا تو اچھی گزرے گی۔ مگر عورت مرد پر غالب رہے گی۔ غلطی بھی عورت کی طرف سے سرزد ہوگی انجام کار عورت کا دل مرد سے سرد پڑ جائے گا۔ اگر مرد کا طالع آتشی اور عورت کا آبی ہوا تو ان میں جھگڑا بہت کم ہوگا وہ بھی صرف زبانی۔ اگر مرد کا طالع آبی ہوا اور عورت کا آتشی ہوا تو ان میں بھی جھگڑا کم ہوگا۔ عورت مرد پر غالب رہے گا۔ اگر مرد کا طالع بادی اور عورت کا آتشی ہو تو خصومت بہت ہوگی۔ کبھی کبھی دربار تک نوبت پہنچے گی اس لیے انھیں پہلے ہی سمجھا دینا چاہیے ورنہ کف افسوس ملنا پڑے گا اور اگر مرد کا طالع خاکی عورت کا طالع بادی ہو تو پھر بھی یہی صورت ہوگی مگر غلبہ بادی کا ہوگا۔ خاک کمزور چیز ہے۔ اگر مرد کا طالع بادی اور عورت کا آبی ہے تو ان کے حالات ناساز گار رہیں گے وصل سے فصل انھیں بہتر معلوم ہوگا۔

فصل ثانی تعویذ سازی اور دعا کی قبولیت کے اوقات و آثار

اثر اول:۔ تعویذ لکھنے کے شرائط:۔ عامل کے لیے ان دس شرائط کا پابند ہونا ضروری ہے تاکہ عمل مؤثر ہو۔ شرط اوّل باوضو ہونا ضروری ہے۔ دوسری شرط مشک اور زعفران سے تعویذ لکھے۔ تیسری شرط حروف کے عدد میں کمی زیادتی نہ کرے چوتھی شرط تعویذ کے مکمل ہونے تک کسی سے بات چیت نہ کرے۔ پانچویں شرط ناپاک اور نامحرم عورت کا سایہ نہ پڑے۔ چھٹی شرط بُرج اور ساعت کو مدنظر رکھے ساتویں شرط چاند کی سعد ہو اور کواکب کی نظر اسعد کا خیال رکھے۔ آٹھویں شرط طلوع اور زوال آفتاب کے وقت کوئی کام نہ کرے۔ نویں شرط مرد کا تعویذ دان کو اور عورت کا تعویذات کو لکھے۔ دسویں شرط مرد کا تعویذ نر ستارے میں لکھے اور سیدھے بازو پر باندھے اور عورت کا تعویذ مادہ ستارے میں لکھے اور بائیں بازو پر باندھے۔

ستاروں کی تقسیم نر اور مادہ کے اعتبار سے

زحل مؤنث ہے مشتری مذکر ہے مریخ مذکر اور شمس بھی مذکر ہے۔ عطارد مخنث ہے، قمر مؤنث ہے۔ مذکر ستارے کے دن جب کسی کام کے لیے جانا ہو تو دایاں قدم پہلے اٹھائے اور مادہ ستارے کے دن بایاں قدم پہلے بڑھائے، یقیناً مقصود حاصل ہوگا۔

قانون تعویذ لکھنے کے لیے

جب تعویذ لکھنے کا ارادہ ہو تو پہلے غسل کر کے طہارت حاصل کرے۔ قاعدہ نمبر ۲ کپڑے پاک پہنے قاعدہ نمبر ۳ جگہ پاک ہو۔ قاعدہ نمبر ۴ محبت کا تعویذ لکھتے وقت منہ میں میٹھی چیز رکھے۔ قاعدہ نمبر ۵ عداوت کا تعویذ لکھتے وقت کالے کپڑے پہنے اور

کڑوی چیز منہ میں رکھے ۔ قاعدہ نمبر ۶ زبان بندی کے تعویذ کے لیے زرد کپڑے پہنے ۔ اگر ان شرائط پر عمل کرے تو کوئی بھی عمل خطا نہیں جائے گا ۔

اثر دوم: محبت اور عداوت اور ساعات کواکب :۔ ہر ماہ میں چار ہفتے ہیں اور ہر ہفتے کا جُدا معمول ہے ۔ پہلا ہفتہ محبت کے تعویذ اور عمل کے لیے ، دوسرا ہفتہ خواب بندی کے لیے ، تیسرا ہفتہ زبان بندی کے لیے ۔ جو تعویذ زحل اور مریخ کی ساعت میں لکھا جائے گا وہ تعویذ دشمن کے لیے کام کرے گا ۔ جو تعویذ مشتری کی ساعت میں لکھا جائے گا وہ تعویذ دوستی اور زبان بندی پر کام آئے گا ۔ جو تعویذ زہرہ کی ساعت میں لکھا جائے گا وہ تعویذ بھی دوستی اور خواب بندی کے کام آئے گا ۔ جو تعویذ آفتاب کی ساعت میں لکھا جائے گا ۔ دوستی اور دشمنی اور زبان بندی کے کام آئے گا ۔ قمر کی ساعت میں دوستی اور دشمنی اور خواب بندی اور زبان بندی کے لیے تعویذ لکھا جائے ۔ عطارد کی ساعت میں دوستی اور خواب بندی اور زبان بندی کے لیے تعویذ لکھا جائے ۔ زحل اور مریخ کی ساعت میں دشمنی اور عداوت کے لیے تعویذ لکھنا مناسب ہے ۔ مگر شرط یہ ہے کہ غسل کرے اور وضو بنائے ۔ متعلقہ کواکب کے بخورات روشن کرے اور منہ میں کڑوی چیز رکھے اور محبت کے تعویذ کے لیے میٹھی چیز منہ میں رکھے ۔ محبت کا تعویذ چاند کے پہلے دنوں میں لکھے اور دشمنی کے لیے مہینہ کے آخری ایام میں لکھے ۔ اگر کسی کو تعویذ دینا ہو تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام اور حضرت علی المرتضیٰ اور آئمہ ہدایت کو ایصالِ ثواب کرے اور ہر تعویذ کے اعراب اور وقت صحیح رکھے ۔ دوستی کے تعویذ کے لیے منہ میں میٹھی چیز رکھے ۔ بغض کے تعویذ میں فل فل گرد یا برگ نیم منہ میں رکھے ۔ عداوت کا عمل باغ یا مسجد کے کونے میں بیٹھ کر پڑھے اور محبت اور خواب بندی اور زبان بندی کا عمل حد دلیقین کے ساتھ گھر میں پاک جگہ بیٹھ کر پڑھے ۔ قواعد کی تشریح لکھ دی گئی ہے

اس کی پابندی کرے تاکہ مقصود حاصل ہو اور شہادت کی انگلی خطِ اجازت پر رکھ کر عمل شروع کرے اور خطِ اجازت یہ ہے :۔

دا
ؤ دی
س ت
ب

اثر سوم :۔ تاریخ و ایام دوستی اور دشمنی نمبر ا ۔ ماہ قمری کی یکم ، چھٹی تاریخ دسویں ، چودھویں ، پندرہویں تاریخ اور سترہویں ، اکیسویں ، پچیسویں چھبیسویں اٹھائیسویں تاریخ میں دوستی اور محبت کا عمل مناسب ہے ۔ تیسری چوتھی اور نویں گیارہویں بارہویں اور تیرہویں اور اٹھارہویں اور ستائیسویں ان تاریخوں میں دشمنی اور عداوت کا تعویذ لکھنا مناسب ہے

چوتھا اثر :۔ تعویذ لکھنے کے ایام :۔ پہلا جمعہ دوستی کے لیے دوسرا جمعہ زبان بندی کے لیے اور تیسرا جمعہ خواب بندی کے لیے اور چوتھا دشمنی کے لیے

اور ہر ہفتہ میں سات دن ہیں اور ہر دن علیحدہ خاصیت کا مالک ہے۔ ہفتہ کا دن
زحل سے متعلق دشمنی اور تعویذ اور عمل کے لیے مفید ہے۔ اتوار کے دن کا تعلق شمس
ہے۔ دوستی کے تعویذ اور عمل کے لیے مناسب ہے۔ پیر کے دن کا تعلق قمر سے ہے
خاوند اور بیوی کی صلح کے لیے مناسب ہے۔ منگل کے دن کا تعلق مریخ سے ہے
دشمنی کے لیے مفید ہے۔ بدھ کے روز کا تعلق عطارد سے ہے زبان بندی کے لیے
مناسب ہے۔ جمعرات کے دن کا تعلق مشتری سے ہے یہ بھی دوستی کے لیے فائدہ مند
ہے۔ جمعہ کے دن کا تعلق زہرہ سے ہے یہ بھی دوستی کے لیے سود مند ہے۔ ہر
ایک ستارہ کا تعلق شب و روز بتلایا ہے اور ہر ایک ستارے سے ایک ساعت متعلق
ہے۔ جس کی تفصیل دوسرے حصہ میں ہوگی۔

دوستی کا تعویذ زہرہ کی ساعت میں لکھنا مناسب ہے اگر دشمنی کا نقش لکھنا
مقصود ہو تو زحل کی ساعت مفید ہے۔ اگر بیماری کا نقش لکھنا مقصود ہو تو مریخ کی
ساعت مناسب ہے۔ اگر زبان بندی کا تعویذ لکھنا مقصود ہو تو عطارد کی ساعت
مفید ہے۔ اگر خواب بندی کا تعویذ لکھنا ہو تو شمس کی ساعت میں مناسب ہے۔ اگر
گردنامہ لکھنا مقصود تو قمر کی ساعت مناسب ہے۔

پانچواں اصول تعویذ لکھنے کی ترکیب: محبت کا تعویذ لکھنے سے قبل
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پھر نقش لکھ کر طالب اور مطلوب کے نام لکھے۔ اس طریق سے
لکھے۔ فلاں بن فلاں علی حُبِّ فلاں بن فلاں بحق اہیا اشراہیا العجل العجل العجل الساعۃ
الساعۃ الساعۃ بحق یُحِبُّوْنَہُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ بحق
اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ وبحق اسرافیل ومیکائیل وبحق ب ت ث
ج خ ذ ز ش ض ظ غ ف ق ت ی ویارحمٰن یارحیم یاودود اور
اس کے تعویذ سے پہلے یا قھو یا قہار یا جبار پھر تعویذ بنا کر نیچے اس طرح

عبارت لکھے:۔

فلاں بن فلاں علی البغض فلاں بن فلاں بحق بَطَشْتُمْ
بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ یا قاھر و یا مذل و بحق عزرائیل و بحق
ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ہ ع

دوسرا طریقہ یہ ہے اگر دو آدمیوں میں جدائی اور نفرت کے لیے لکھنا
ہو تو بدھ کے روز بغض کے نقش کو کاغذ پر لکھ کر کسی عیسائی کی قبر میں دفن کرے
فوراً جدائی ہو گی۔ بسم اللہ کی بجائے یہ عبارت لکھے یا قہر یا قہار یا جبار اَلْقَارِعَۃُ
مَا الْقَارِعَۃُ وَمَا اَدْرٰکَ مَا الْقَارِعَۃُ باسم فلاں بن فلاں علی بُغض فلاں
بن فلاں اَلْحَاقَّۃُ مَا الْحَاقَّۃُ وَمَا اَدْرٰکَ مَا الْحَاقَّۃُ کَذَّبَتْ ثَمُوْدُ

تیسرا طریقہ یہ ہے:۔ دشمنی کے تعویذ کی ابتداء میں یہ عبارت لکھے
یا ابلیس یا اصحاب العداوت والبغض وبحق والباطل الوحا اور تعویذ
کے نیچے یہ عبارت لکھے:۔

کتب ھذا التعویذ الی بغض فلاں بن فلاں بغضا شدیدا لا
یحبہ ابداً ھ۔

نیز یہ عبارت بھی ابتداء میں لکھی جاتی ہے

یا اصحاب الصخر والوسواس احببتم فلاں بن فلاں اسرع
من طرفۃ العین الوحا الوحا الوحا الساعۃ الساعۃ الساعۃ العجل العجل العجل اور
دوستی اور محبت کے تعویذ کے آخر میں یہ دعا لکھے

کتب ھذا التعویذ کل یحب فلاں بن فلاں حب اشد الحب
لا یبغضونا ابداً اور زبان بندی کے تعویذ کے اوپر یہ عبارت لکھے۔
کتب ھذا التعویذ عقد النوم یعنی خواب بندی وعقد اللسان یعنی

زبان بندی حب فلاں بن فلاں وعقد العین یعنی چشم بندی والحب فلاں بن فلاں انشاءاللہ نہایت پُر تاثیر ہوگا۔

خطوط کے اسرار اور ان کے اقسام

ہر ایک مشہورہ اس کتاب میں درج ہوگی

تاکہ یہ کتاب نوادراتِ عالم میں شمار ہو اور عامل کو کسی دوسری کتاب کی احتیاج نہ رہے اور خطوط کے چالیس اقسام ہیں :-

ہندی رسم الخط اول :

ا	ی	ق	غ	ب	ك
۱	۱۰	۱۰۰	۱۰۰۰	۲	۲۰

ر	ج	ل	س	د	ت	ہ	ب	ث	و	س
۲۰۰	۳	۳۰	۶۰	۴		۵	۵۰	۵۰۰	۶	۳۰۰

غ	ز	ح	ف	ض	ط	ض	ظ
۴۰	۷	۸	۸۰	۸۰۰	۹	۹۰	۹۰۰

ہندی رسم الخط دوم :- جو اسماء کے خطوط سے غیر واقف ہیں۔ ان کے لیے دسے یعنی عشرات کا خط ہے وہ اسے پہچاننے کی کوشش کریں۔ طریقہ یہ ہے سو کے خطوط جنھیں مأت کہتے یہ خط سے گذرتے ہوئے ہوتے ہیں اور عشرات خط تک اور الوف یعنی ہزار۔ خط سے گزر کر لکیر کے نیچے دامن پھیلائے ہوئے ہیں اکائی کی مثال ۲۱ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ اور عشرات کی مثال ۹۸۷۶۵۴۳۲۱ مأت کی مثال یہ ہے ۲۱ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ الوف کی مثال ۹۸۷۶۵۴۳۲۱ ہندسوں میں خط لکھنے کا طریقہ ہم نے درج کر دیا ہے۔ اسے سمجھیں اور فائدہ اٹھائیں

برناوی رسم الخط کی ترتیب حروف تہجّی

ا ب ت ث

ج خ د ذ ر ز

یونانی رسم الخط قسم اوّل

ا ب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص

رسم الخط فرنگی اور طبرقال کا رسم الخط بترتیب ابجد

اب ج د ھ و ز ح ط ی ک ل م ن س ع ف ص

[illegible]

ق ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ

[illegible]

رسم الخط طبرقال ثانی

ا ب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض

[illegible]

ط ظ ع غ ف ق ک ل م ن و ھ لا ی

[illegible]

حروف ابجد کا دوسرا رسم الخط

اب ج د ھ و ز ح ط ی ک ل م ن

[illegible]

س ع ف ص ق ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ

[illegible]

چینی رسم الخط حروفِ ابجد کے حساب سے

اب ج د ھ و ز ح ط ی ک ل م ن

[illegible]

س ع ف ص ث خ ذ ض ظ غ

[illegible]

رسم الخط جابر بن حیان بترتیب حروف تہجی

ا ب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض

[illegible]

ط ظ ع غ ف ق ک ل م ن و ھ لا ی

[illegible]

رسم الخط معروف اور اعجمی اور دوسرا رسم الخط اریالوی

ا ب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط

ظ ع غ ف ق ک ل م ن و ھ لا ی

[illegible]

اصلی رسم الخط مقطع کی ترتیب حروفِ تہجی کے اعتبار سے

ا ب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ

ع غ ف ق ک ل م ن و ھ لا ی

[illegible]

بنطلی رسم الخط حروفِ تہجی کی ترتیب سے

اب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک ل
م ن و ھ لا ء ی

دہ سہ ح س ۲ ع ۲ و ۸ ۴ لام ۲ م م ۲ ع ۵ ی ۳۸ ن ۷ سہ
ع ۷ ی

بنطلی رسم الخط بحروفِ ابجد

۴ دما ۲۲ ۵ ع مرہ ی ۲ ھ ما ۴ ۵ سر ۲م س عج ۸۵ در ۲۳ ہلہ
سہ سہ × × ۲ ی ۲ لہ

لاطینی رسم الخط بترتیب حروفِ تہجی

ا لا ی ی ح ح ۸ ۸ لحلط ا ا امعح ۲ ۲ ۸ ۸ ۸ ۵ ۸ ۵ ۸ ۵ ۵ ۲۰
ا سے ولدص

طلسماتی رسم الخط بترتیب حروفِ تہجی

۸ سم ح حی ط م د د ل ا ا :. بزمع ی ک ۸ معہ سعہ ۸
سعہ ۹۲ ۸ ۹ ۹ ا امعہ

زرنیخی رسم الخط بترتیب حروفِ تہجی

۹۸۷ سے ک بلا لحہ ماکر مادہ ای مہ ی ک ک سے را ام ھی
ھ ھی ک دلہ ۸ ماک د ۸ ۷ ع ع مہ ۱ × سہ و

نوریس ہرمس رسم الخط بترتیب حروفِ تہجی

اب ت ث ۸ ھو ماہ ۸ ۸ ۸ ۷ ۸ ۷ ن ک ۰ ک سہ ۵ ۷ ۵
ف ل ل سہ ۸ ۸

سراسرار روحانی کا رسم الخط

[illegible]
حج س ۲۷ ون گ نہم ۷ مل ھ سم ۸ ۲ ا

روحانی رسم الخط بترتیب حروفِ تہجی

ب ۷ ۲۰ ۲ ون گی فسم ۷ ل ح ۷ ح ب ع ح ع ۸ عسہ ۲ ۲ ۳
ض ص ۷ × اب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش

رسم الخط تحلیلی

[illegible]

رومی رسم الخط بترتیب ابجد

یسقوریدوس رسم الخط مشجر بترتیب حروف تہجی

صلبانی رسم الخط

حروف تہجی کی ترتیب سے :-

نیرنجات رسم الخط

تجربہ کاروں نے اس طرح لکھے ہیں :-

سیمیا رسم الخط

سیمیائی کبیر کے حروفِ تہجی کی ترتیب :-

سیمیا کا دوسرا رسم الخط

رسم الخط کیمیاوی صغیر کے حروفِ تہجی کی ترتیب

رسم الخط العقول کے حروفِ تہجی کی ترتیب

صابی رسم الخط حروفِ ابجد

باب اوّل

فوائد و معانی اسماء الحسنیٰ

اسم اللہ کے معنی مستحقِ عبادت کے ہیں۔ یہ ذات تمام کمالات وصفات کی جامع ہے۔ استحقاق کی حیثیت سے لائق پرستش ہے۔ جس وقت یا اللہ کہا جاتا ہے تو تمام اسماء حسنیٰ پر محیط ہوتا ہے کیونکہ یہ اسم ذات ہے۔ باقی اسماء صفات ہیں۔ جہاں ذات ہوتی ہے وہاں صفات خود بخود آجاتی ہیں۔ اور یہ اسم الٰہ سے ماخوذ ہے یا لوہ سے جس کا معنیٰ درخشندگی اور رفعت کے ہیں۔ الٰہ سے اگر مأخذ ہو عبادت اور تعبد کے معنیٰ میں ہوگا۔ اصل الٰہ کا لاہ ہے جو مشتمل ہے تین معنوں پر اول معنیٰ مسخر کرنا ہے۔ دوسرا معنیٰ مشتاق ہونا اور دراصل یہ لفظ لاہ تھا حرف تالیف کے متصل ہونے کی وجہ سے لفظ اللہ ہوا اور اس مقدس نام کو کئی وجوہات کی بناء پر اسم اعظم کہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اگر اس کا کوئی ایک حرف حذف کر دیا جائے تو بھی اس کا معنی برقرار رہتا ہے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ یہ مشہور ترین اسم ہے تیسری وجہ یہ ہے کہ یہ تمام اسماء پر مقدم ہے۔ چوتھی وجہ یہ ہے کہ کلمہ توحید اور کلمہ شہادت اس کے ساتھ مختص ہے۔ غیر کی نفی اور اثبات الوہیت پر مخصوص ہے۔ پانچویں وجہ یہ ہے کہ تمام اسماء حسنیٰ سے زیادہ قرآنِ مجید میں مذکور ہے۔ کیونکہ اس کا ذکر دو ہزار آٹھ سو سات جگہ پر موجود ہے۔ چھٹی وجہ یہ ہے کہ عدد اللہ اسم مبارک کا اکثر زبانوں میں ۶۶ ہے۔ جیسا کہ عبرانی زبان میں۔ نظم

اسمِ اعظم کاں بود اصل وجود — می نگنجد زیر ایں چرخ کبود

در گرداب بالیش نہ فلک — میطپد چوں حلقہ گوش سمک

زیر ہر موجش ہزاراں گوہرست — زیر بر گوہر بحار دیگرست

سوئے گنجیش نکرہر دانا نرفت — کس بزورق ہر تہ دریا نرفت

بے نشاں از نقطہ میدانی چراست — تا بدانی بے نیاز از ما سواست

کر تو خوہی رہ بیابی سوئے آن — بے نشان شو بے نشاں شو بے نشاں

اس اسم کی شرح کے لیے دفتر درکار ہے۔ اس مختصر رسالہ میں گنجائش نہیں

فوائد:۔ علماء نے بیان کیا ہے کہ روزانہ چاشت کے وقت اور عصر کے بعد اور سحری کے وقت اس اسم معظم کو چھیاسٹھ بار پڑھنے سے حاجت روائی ہوتی ہے۔

دیگر اگر کوئی ان تمام اوقات میں ہزار بار پڑھے تو روزانہ کا تین ہزار ہو تو ذاکر صاحبِ توفیق ہو

دیگر اگر ایک سو دفعہ ہر وقت ان تمام اوقات میں پڑھے۔ صاحبِ کشف ہو اور باطن کی کشادگی نصیب ہو۔

فائدہ :۔ عدد کبیر اس اسم کے چھیاسٹھ ۶۶ اور متوسط ۱۲ اور صغیر تین ۳ ہیں بندے پر لازم ہے کہ تمام حاجت کا مشکل کشا ذاتِ کبریا کو جانے اور اسی سے مانگے۔

۲۔ اسم الواحد اس اسم کے تین معنی ہیں اول یکتا ومنفرد بالذات یعنی جس کے اجزاء نہ ہوں، دوسرا جس کا ثانی نہ ہو۔ حق تعالیٰ سبحانہٗ کی ذات لیس کمثلہ شیٔ ہے اس کا کوئی مثیل اور ثانی نہیں۔ تمام صفات اور اختیارات میں یکتا ہے تیسرا حضرت جواد فرماتے ہیں کہ واحد سے مراد وحدانیت ہے تمام کائنات جس کو اپنا خالق تسلیم کرے جیسے کہ اللہ تعالیٰ کے فرمان میں ہے ولئن سئلتھم من خلقھم لیقولن اللہ اور اس کی مداومت سے بیمار کو شفا نصیب ہو،

مسافر کورہ پر خطر میں امن ملے۔ حکام کے لیے قدرت کا انعام ہے۔ جب عامل اس کا ذکر کرتا ہے تو اس کی وحدانیت کے جلوے اسے اپنی آغوش میں لے لیتے ہیں۔ عدد کبیر اس کے ۱۹ ہیں۔ عدد وسط اور صغیر ایک ہے۔

اسم واحد:۔ احد بمعنی منفرد بالذات والمعنی ہے اور یہ عدد ضربی میں داخل نہیں ہوتا۔ ہر وقت اس اسم کا ذکر کرتے رہنے سے تجرد نصیب ہوتا ہے۔

خاصیت:۔ ہزار بار خلوت میں پڑھنے سے جماعت مؤکلات ہر وقت عامل کے ساتھ ہوتی ہے جسے خلوت میں خوف محسوس ہو تو ایک ہزار ایک[۱۰۰۱] بار یا واحد الاحد پڑھے تاکہ وحشت ختم ہو۔

خاصیت:۔ اگر نرینہ اولاد کا طالب ہو تو یا واحد الاحد لکھ کر اپنے پاس رکھے بفضلہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا اس کے عدد کبیر تیرہ[۱۳] ہیں اور عدد صغیر چار[۴] ہیں۔ بندے پر لازم ہے کہ اس ذات واحد الاحد کی بندگی و عبادت میں ایسا لگے کہ دنیا سے کٹ جائے اور اکیلا ہو جائے جیسے وہ اپنی ذات و صفات میں اکیلا ہے۔

اسمِ صمد:۔ صمد کے معنی بے پرواہ جو کہ کسی کا محتاج نہیں اور حق تعالیٰ کی ذات پر تین طرح اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ اول سید اور برتر کے معنیٰ میں استعمال ہوتا ہے۔ دوسرا قصد کرنے کے معنیٰ میں ہے۔ قضائے حوائج اور جملہ امور کی تکمیل میں جیسے مثل مشہور ہے۔ صمدت ھذا الامر یعنی میں نے اس کام کا ارادہ کیا۔ تیسرا معنی وہ ذات جو سب کائنات سے جداگانہ ہو اس لیے ارشاد باری تعالیٰ ہے

لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ۔

خاصیت:۔ اگر کوئی آدمی آدھی رات کے بعد دو نفل پڑھے اور ہر سجدہ میں ۱۱۵ دفعہ یا صمد پڑھے تو دشمن کے پنجہ میں گرفتار نہیں ہوگا اور اگر وضو کرتے وقت یا صمد پڑھے تو مخلوق سے بے نیاز ہو۔

فائدہ:۔ عامل کو لازم ہے اکل حلال اور صدق مقال اور ہر حاجت میں اللہ کی طرف رجوع تاکہ مخلوق سے بے نیاز رہے۔

خاصیت:۔ یا صمد کے ذکر پر مداومت کرنے والا فاقہ کی تکلیف سے محفوظ رہے اور رزق کی وسعت نصیب ہو۔ اس کے عدد کبیر ۱۳۴ اور عدد اوسط ۱۷ اور عدد صغیر ۸ ہیں۔

الاوّل:۔ اول کا معنی سب پر سبقت لے جانے والا اور دوسرا معنی تخلیق کائنات کی ابتداء کرنے والا۔ کسی کام کی ابتداء اور انتہا میں اس اسم کا ورد نہایت مؤثر ہے اس کا عدد کبیر ۳۷ اور اوسط ۱۰ اور صغیر ایک ہے اور اسم مبدء کے ہم معنی ہے:۔

خاصیت:۔ اگر حاملہ عورت کا حمل ساقط ہونے والا ہو تو اس کے پیٹ پر کلمہ والی انگلی رکھ کے ۵۶ دفعہ پڑھے تو حمل ساقط نہ ہوگا اس کے عدد کبیر ۵۶ اور عدد اوسط ۱۱ اور عدد صغیر ۲ اور اسم معبد کا عدد کبیر ۱۲۴ اور عدد اوسط ۱۶ اور صغیر ۷ ہیں۔

خاصیت:۔ اگر کسی کے ہاں نرینہ اولاد نہ ہو تو چالیس دن تک اسم ھذا کا ورد کرے مراد پوری ہو گی۔

خاصیت:۔ جس کی کوئی حاجت ہو چالیس رات تک ایک ہزار بار اسم ہذا کو پڑھا کرے اس کی مراد پوری ہو گی۔

اسم الآخر اور اس کے فوائد جلیلہ:۔ آخر کے معنیٰ سب سے پیچھے یعنی تمام اشیاء کی فنا کے بعد زندہ رہنے والا تکمیل امور کی اس اسم عجیب تاثیر ہے اس کے عدد کبیر ۸۰۱ اور عدد اوسط ۸۱ اور عدد صغیر ۹ ہیں۔

خاصیت:۔ اسم آخر کا ذکر دشمن پر غلبہ اور مخلوق میں بارعب بنا دیتا ہے

اسم معزّ اور مذلّ بھی یہی خواص رکھتے ہیں۔ معزّ کے عدد کبیر ۱۱۷ اور عدد اوسط ۱۸ اور عدد صغیر ۹ ہیں اور اسم مذلّ کے عدد کبیر ۷۷۰ اور عدد اوسط ۷۷ اور عدد صغیر ۱۴ ہیں۔

خاصیت :۔ ظالم کے شر کو دفع کرنے کے لیے ۷۵ دفعہ پڑھ کر سجدہ میں دعا کرے تو اللہ تعالیٰ ظالم کے شر سے محفوظ رکھے گا۔

خاصیت :۔ جو آدمی عمر کے آخری حصہ میں ہو تو اسم آخر کا ورد کرے تو اللہ تعالیٰ خاتمہ بالخیر کرے گا۔ بندہ کو چاہیے کہ اللہ کی اطاعت میں وقت صرف کرے۔

اسمِ سمیع اور اس کے خواص

:۔ اسمِ سمیع کے چار معنیٰ ہیں پہلا معنی آنِ واحد میں تمام مخلوق کی سننے والا، دوسرا معنی قبول کرنے والا دعا کا۔ تیسرا معنی اصول مسموعات کا سامع۔ چوتھا معنی ہر معلوم کا عالم۔

خاصیت :۔ بہرے پن کا مؤثر علاج ۱۰۰ دفعہ اس اسم کا پڑھنا اور اسی قدر چینی کے برتن پر لکھ کر کے گلِ روغن بہرے آدمی کے کان میں ٹپکانے سے بہرا آدمی ٹھیک ہو جاتا ہے۔

خاصیت :۔ بروز جمعرات بوقت چاشت ۵۰۰ بار پڑھ کر جو بھی دعا کریں قبولیت کو پہنچے گی۔ پڑھائی کے دوران کسی سے گفتگو نہ کرے۔

اسمِ بصیر کے خواص

:۔ بصیر کا معنی دیکھنے والا جو کہ بغیر بصر کے دیکھتا ہے اور جو چیز مثیل سے غائب ہے اس کا دیکھنے والا۔

خاصیت :۔ شب کوری اور امراضِ چشم کے لیے مفید عمل ہے۔ دل کے فساد کے دفیع کے لیے بھی کارگر ہے ۳۰۰ دفعہ ہر جمعہ کے دن پڑھنا جملہ معاملات کے لیے بہتر ہے۔ عدد کبیر اس کا ۳۰۲ ہے عدد اوسط ۲۲ ہے عدد صغیر ۵ ہے

دنیا اور آخرت کے لیے پڑھنا اس کا مجرب ہے۔

اسمِ قدیر اور اس کے فوائد

:۔ اسم قدیر اس کا معنیٰ قدرت والا یعنی کوئی مخلوق ایسی نہیں جو اس کے حکم سے انحراف کر سکے۔

خاصیت :۔ جو شخص وضو کرتے وقت اسمِ قادر کا ورد کرے ہمیشہ دشمن پر غالب رہے۔

خاصیت :۔ حل مشکلات کے لیے ۴۱ دفعہ پڑھنا نہایت مفید ہے۔ عدد کبیر اس کے ۳۱۴ عدد اوسط ۳۵ اور عدد صغیر ۸ ہیں۔

فائدہ :۔ بندہ کے لیے لازم ہے کہ اپنے نفس پر قادر رہے۔

اسمِ قاہر اور قہار

:۔ بمعنیٰ غالب کے ہیں۔ دشمنوں اور سرکشوں کے لیے اس کا ذکر نہایت مفید ہے اور اسم قاہر کے ذاکر کے دل سے دنیا کی محبت نکل جاتی ہے اور خاتمہ بالخیر ہوتا ہے اور حق تعالیٰ کی صحبت میں اس کا دل بے چین رہتا ہے ہر کام کے لیے ۱۰۰ دفعہ پڑھنا مفید ہے۔ دشمن پر غلبہ کے لیے ۳۰۶ دفعہ پڑھنا مفید ہے جب کسی ظالم حاکم کے پاس جانا ہو تو آیت کریمہ وھو القاھر آخر تک پڑھ کر جائے تو ظالم اس کو نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ چاند کی آخری راتوں میں یا قاھر یا قہّار یا ذاالبطش الشدید انت الذی لایطاق انتقامہ پڑھ کر دشمن پر بددعا کرے تو دشمن تباہ ہو گا۔ اگر فجر کی سنت اور فرض کے درمیان اس اسم کو اسمِ قہار کے ساتھ ۱۰۰ دفعہ پڑھنا دشمن کی مقہوریت کے لیے اکسیر ہے۔ عدد کبیر اس کے ۳۰۶ عدد اوسط ۳۶ اور عدد صغیر ۷ ہیں۔

اسمِ عالی کے خواص

:۔ عالی بمعنیٰ بلند مرتبہ، جو شخص کثرت سے اس کا ورد کرے اس کی ہر مشکل آسان ہو۔ بعض اہلِ فن نے کہا ہے۔ عورت اگر حالتِ حیض میں اس اسم کو اسم متعالی کے ساتھ ملا کر ورد کرے تو حیض کی تمام تکالیف سے محفوظ رہے

اور یہ اسم حصول مطلب رفعت شان حصولِ نعمت اور دولت اور سلطنت کے لیے اس کی مداومت مفید ہے۔

فائدہ: ۔ بندہ پر لازم ہے اپنے نفس کو اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری میں ذلیل کرے اور اس کی طاقت کو علم و عمل کے حصول میں صرف کرے تاکہ مراتبِ عالیہ حاصل ہوں۔ عدد کبیر اس کے ۱۱۱ عدد اوسط عدد صغیر ۲ ہیں۔ اس اسم کا نقش اپنے پاس رکھنا اور پڑھنا قرض اور غربت کے دفیع کے لیے مفید تر ہے۔

اسمِ اعلیٰ: ۔ بمعنی بلند مرتبہ اور ایک قول کے مطابق غالب جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰی اس اسم کے خواص وہی ہیں جو اسمِ علی کے ہیں اس کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھنا تسخیر خلائق کے لیے فائدہ مند ہے۔ اگر کوئی شخص اس اسم کو اسمِ علی کے ساتھ کثرت سے پڑھے یا اپنے پاس اس کا نقش رکھے۔ اگر بے قدر ہے تو عزت ملے گی اگر تنگ دست ہے تو مال و دولت میسر ہوگی۔ اگر مسافر ہے تو باسلامت واپس لوٹے گا۔ عدد کبیر ۱۱۱ عدد اوسط ۱۲ عدد صغیر ۳ ہیں۔

اسمِ باقی کے خواص: ۔ بیرزدہے فانی کی ہمیشہ زندہ اور پائیدہ یعنی وہ ذات جس کو فنا کا عارضہ لاحق نہ ہو اگر کوئی شخص عمر میں برکت کے لیے اور اولاد کے لیے ۱۱۳ دفعہ ہمیشہ پڑھے تو حاجت پوری ہو جو آدمی جمعہ کے دن یا باقی ۱۰۰ دفعہ پڑھے اس کے تمام اعمال اس کی برکت کی وجہ سے قبول ہوں اور کوئی رنج اور تکلیف نہ پہنچے۔ عدد کبیر اس کے ۱۱۳ اوسط ۱۴ اور صغیر ۵ ہیں۔

اسمِ بدیع کے خواص: ۔ بمعنی پیدا کرنے والا جہان کا، مداومت اس اسم کے ذکر پر تمام امور کے لیے اکسیر ہے جب کسی کو کسی طرح کی پریشانی لاحق ہو اس اسم کو ۷۰۰۰۰ بار پڑھ کر دعا کرے (ستر ہزار) تو انشاء اللہ آنِ واحد میں اس کی حاجت پوری ہو اور ایک قول کے مطابق یابدیع السموات والارض ایک ہزار بار

پڑھ کر دعا کرے اور قبلہ رُخ ہو کر سو جائے۔ اپنی مشکل کا حل خواب میں دیکھ لے گا عدد کبیر اس کا ستاسی ہے اور عدد اوسط ۱۴ اور صغیر عدد ۵ ہیں۔

اسمِ باری کے خواص: ۔ باری بمعنی پیدا کرنے والا اسم خالق کا ہم معنی ہے جیسے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے تُوْبُوْٓا اِلٰی بَارِئِکُمْ یہاں اس کو ہمزہ کے ساتھ پڑھا گیا ہے جو اس اسم کا ورد کثرت سے کرے گا اس کی لاش قبر میں تر و تازہ رہے گی۔ بعض نے کہا ہے جو کوئی ہفتہ میں ۱۰۰ بار اسمِ باری کو پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل کرے گا۔ اگر حکیم اس اسم پر مداومت کرے جس مریض کا علاج کرے گا اللہ اس کو شفا دے گا۔

اسمِ ظاہر اور اس کے فوائد: ۔ اسمِ ظاہر کے دو معنی ہیں۔ مصنوعات کے اعتبار سے ہویدہ اس کے شواہد اور علامات ثبوت ربوبیت پر صراحتاً دال ہیں اس کے بغیر کسی کو بقا نہیں کہ اِنَّہٗ وَاحِدٌ

کز عین خود نمائی باید بدیدہ فورش ‎ ‎ مخفی د آشکارا ہم آشکار و مخفی
نزدیک و دور باہم ہم غیبت حضورش ‎ ‎ لاشیئ شیئ اما لیس کمثلہ شیئ
اشیاء تمام یک فی از نور بی قصورش

دوسرے معنی غلبہ جو ماخوذ ظہر سے بمعنی پشت پناہ جیسے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے فَاَصْبَحُوْا ظٰھِرِیْنَ یعنی غالبین دشمن پر غلبہ کے لیے، جسمانی طاقت کیلیے اور قوتِ باہ کے لیے اس اسم کا ورد اکسیرِ اعظم کا حکم رکھتا ہے اور اس اسم کے ذکر پر مداومت گم شدہ چیز پر اطلاع اور پوشیدہ احوال پر مطلع ہونے کے لیے مجرب ہے اگر کوئی شخص نماز اشراق کے بعد یا ظاہر کو ۵۰۰ دفعہ پڑھے تو حق تعالیٰ اس کی آنکھیں روشن کر دے گا۔ اگر خوفزدہ اس کا ورد کرے تو امن پائے۔ اگر گھر کی دیواروں پر اس کو لکھ دیا جائے تو گھر کی دیواریں سلامت رہیں۔ عدد کبیر اس کا ۱۱۰۶ عدد

اوسط ۱۱۶ عدد صغیر ۸ ہیں ۔

اسم باطن کے خواص :- اس اسم کے دو معنیٰ ہیں ۔ حجاب اور ادراک ابصار و افکار سے پوشیدہ رہنا یہی معنیٰ اسم ظاہر کے بیان میں مذکور ہوئے کیونکہ اللہ تعالیٰ ظاہر دلائل مصنوعات کے ساتھ اور پوشیدہ ہے اپنی ذات کے ساتھ آیات کے ساتھ مخصوص اور ذات کے ساتھ محجوب اور باطن ہے ۔ دوسرا معنیٰ اللہ تعالیٰ پوشیدہ ہے ہر مخلوق کے باطن میں یعنی مطلق ہے ہر مخلوق کے قلوب کے احوال سے جیسے محاورہ ہے بطانۃ الرجل یہ جبکہ اس شخص پر بولا جاتا ہے جو اسرار مکنونہ سے آگاہ ہو اور مخفی امور میں اس سے مشورہ کیا جائے ایسے ہی حق تعالیٰ اپنی مخلوق سے واقف ہے غافل نہیں ۔ جو شخص ۶۳ بار اسم باطن کو ہر روز ۳۳ دن پڑھا کرے تو اسرار الٰہی سے مطلع ہو اور اگر کوئی شخص اس کے ذکر پر مداومت کرے تو جو شخص بھی اسے دیکھے محبت کرے گا ۔ عدد کبیر اس کے ۶۲ عدد اوسط اور صغیر ۸ ہیں ۔

اسم اکرم :- اس کا معنیٰ ہے مخلوق میں معزز ہونا باقی اس کے معارف اسم کریم میں ذکر کیے جائیں گے ۔

اسم حیّ کے خواص :- حیّ بمعنی حیات یعنی وہ ذات اپنی حیات میں محتاج نہیں اور اسم حی اس معنیٰ میں ذات احدیت کے ساتھ خاص ہر نماز کے بعد ۱۸ دفعہ پڑھنا اس کی حادثات سے حفاظت معاش اور رزق کی وسعت اور عمر کی برکت کیلیے نہایت مفید ہے ۔ جس شخص کو کوئی درد کی تکلیف ہر وقت ہو ۱۹ بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ شفا پائے گا اور کثرت سے اس اسم یا حی یا قیوم کا پڑھنا رزق کی زیادتی کے لیے عظیم تاثیر رکھتا ہے اگر کوئی بیمار کثرت سے یا حیّ پڑھے جلد شفایاب ہو یا کوئی عامل پڑھ کر مریض کو دم کرے تو شفا ہو اور اگر کوئی ۰، بار پڑھے تو عمر میں برکت اور قوت روحانیہ زیادہ ہو ۔

اسم حکیم کے خواص :- حکیم کا معنیٰ دانا سمجھ دار اور ایک قول کے مطابق حکیم کا معنیٰ علیم کا ہے ۔ یعنی ایسا سمجھ دار کہ تمام معلومات کو اس کا علم محیط ہو ، جیسے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے یُؤْتِی الْحِکْمَۃَ مَنْ یَّشَآءُ وسے علم مراد ہے ۔ اس اسم کی مداومت تمام معاملات کو درست کرنے کے لیے پر تاثیر ہے ۔ جس کو کوئی مشکل درپیش ہو اس کے لیے اس کا حل کرنا مشکل ہو تو اسم یا حکیم پر مداومت کرے وہ مشکل مہم بآسانی حل ہو گی ۔

فائدہ :- انسان کو لازم ہے کہ اپنے اندر اخلاق کریمہ پیدا کرے ۔ عدد کبیر اس اسم کے ۸، ہیں اور عدد اوسط پندرہ ۱۵ اور عدد صغیر ۶ ہیں ۔ حکم بھی اسماء الحسنیٰ میں سے ہے ۔ عدد اس کے اسم حکیم کے عدد میں دس کم ہیں اور وکیل کے ہم معنی ہے ۔

اسم علیم کے خواص :- علیم یعنی ظاہر و باطن کو جاننے والا ۔ یا بمعنی علّام یعنی دانا بتفصیل جو مخلوق کے سرائر و ضمائر سے واقف امور مخفیہ کے جاننے کے لیے اس میں عظیم نفع ہے ۔ اگر ہر نماز کے بعد اس کو دس بار پڑھا جائے تو مغیبات پر آگاہی ہو ۔ معرفت الٰہی کے لیے اس اسم یا علیم کو کثرت سے پڑھنا مذکور ہوا ہے اگر ہر نماز کے بعد سو دفعہ پڑھے اللہ تعالیٰ اسے صاحب کشف بنا دے ۔ اگر کوئی اپنے کام کا انجام و نتیجہ دیکھنا چاہے اسے لازم ہے کہ شب جمعہ کو بعد نماز عشاء سجدہ میں سو بار پڑھ کر سو جائے تو خواب میں انجام کار سے آگاہی ہو ۔

فائدہ :- بندہ پر لازم ہے کہ اللہ کی عطا پر اس کا شکر کرے ۔ بلاء پر صبر کرے اور اپنی خطا پر توبہ کرے ۔

اسم حلیم کے خواص :- حلیم کا معنی بردبار اور متحمل مہلت دینے والا جس کو متاثر نہ کرے جہل جاہل اور عصیان عاصی ۔ تاکہ توبہ کریں ۔ اگر کوئی شخص یا حلیم کو کاغذ پر لکھے اور دھو کر اس کا پانی کھیت یا درخت میں ڈال دے تو کھیت اور درخت ہم

آفت سے محفوظ مصئون رہے اور اس اسم کو جملہ مصائب اور حصول برکت کے لیے نارِ غضب کو بجھانے کے لیے سو دفعہ روزانہ پڑھنا مفید تر ہے۔

فائدہ :۔ انسان پر لازم ہے کہ زیر دستوں پر رحم کرے اور ایذاء نادانوں پر تحمل کرے۔ حلم کا کمال یہ ہے کہ برائی کرنے والوں سے بھلائی کرے۔ عدد کبیر اس کے اٹھاسی ہیں اور اس کے عدد اوسط سولہ ۱۶ اور عدد صغیر آٹھ ہیں۔

اسمِ حفیظ کے خواص :۔ فعیل کے وزن پر ہے بمعنی فاعل یعنی نگاہ بان خطرات سے پناہ دینے والا۔ تباہی و بربادی سے اس اسم کے ذکر پر مداومت حفاظت جان و مال غرق، حرق، سرق میں مفید تر ہے۔ اگر اسم یاحفیظ کو کوئی انسان لکھ کر اپنے بازو پر باندھے تو جلنے سے اور غرق ہونے سے دیو پری آسیب وغیرہ سے محفوظ رہے اور نظرِ بد سے اس کی حفاظت رہے اگر اس کے عدد کبیر نو سو اٹھانوے ۹۹۸ بار روزانہ تلاوت کرے تو ہر طرح کے خوف سے محفوظ رہے۔ نیز سریع التاثیر ہے اس کے عدد کبیر نو سو اٹھانوے ۹۹۸ اور عدد اوسط ایک سو سات ۱۰۷ ہیں اور عدد صغیر اس کے آٹھ ہیں۔

فائدہ :۔ انسان کو لازم ہے کہ اپنے آپ کو گناہوں سے محفوظ رکھے اور راضی رہے اللہ تعالیٰ کی قضا پر۔ ایک بزرگ کا قول ہے کہ جس نے اپنے آپ کو بچایا گناہوں سے اللہ تعالیٰ اس کے دل کو گناہوں کی رغبت سے محفوظ رکھتا ہے۔

اسمِ حق کے خواص :۔ حق کے تین معنی ہیں اول لائقِ ربوبیت و خدائی جیسے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے اور حق القول یعنی ثابت ہو گئی بات اس کے لیے۔ دوسرا معنی محقق الوجود جیسے (الجنۃ حق والنار حق۔ تیسرا معنی عبادت کا حق دار جس کا مال چوری ہو جائے یا غصب ہو جائے تو کاغذ کے چاروں کونوں پر یا حق لکھے اور درمیان میں مال کا نام لکھے اور نصف رات کو ہتھیلی پر لکھ کر آسمان کو اس پر شفیع بنائے

انشاء اللہ وہ مال اسے ملے گا۔ اگر قیدی آدھی رات کو ایک سو آٹھ بار پڑھے تو قید سے رہائی پائے اور اس کی دوسری خاصیات اسم شہید میں مذکور ہوں گی۔ اس کے عدد کبیر ایک سو آٹھ ۱۰۸ ہیں اور عدد اوسط اٹھارہ اور اس کے عدد صغیر ۹ ہیں۔

فائدہ :۔ جب معلوم ہوا کہ وہی ذات حق ہے تو انسان پر لازم ہے کہ مخلوق کی یاد سے غافل ہو کر یا حق تعالیٰ میں مشغول ہو۔

اسمِ حسیب کے خواص :۔ حسیب کا معنی ہے حساب کرنے والا جیسے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے لِكُلِّ شَيْءٍ حَسِيْبًا دوسرا معنی محاسب حساب لینے والا۔ جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے كَفٰى بِنَفْسِكَ (الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا) تیسرا معنی بہ حال ہیں کفایت کرنے والا جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اگر کوئی شخص تمام امور کے فیصلے درست حاصل کرنے کے لیے ہر روز اسی بار اس اسم معظم حسیب کو پڑھے تو فیصلے حسب منشا ہوں گے اگر کسی کو چور یا حاسد یا دشمن ہمسایہ سے خوف ہو تو اس اسم پر مداومت کر کے صبح و شام ستتر بار اس طرح پڑھے جیسے اللہ الحسیب مگر جمعرات سے شروع کرے تو اللہ تعالیٰ ان تمام کے شرور سے اسے محفوظ رکھے گا اور اگر کوئی شخص اس اسم کے ذکر کی کثرت کرے تو مخلوق اس سے ڈرے گی۔ عدد کبیر اس کے اسّی ہیں اور عدد اوسط اور صغیر آٹھ ہیں۔

فائدہ :۔ انسان پر لازم ہے کہ ہر وقت اپنے نفس کا محاسبہ کرے تاکہ قیامت کے محاسبے کے وقت آسانی رہے اور تمام امور میں اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرے۔

اسمِ حمید کے خواص :۔ حمید کا معنی اپنی ذات و صفات کی تعریف کرنیوالا یا فعیل بمعنی مفعول کے ہوگا یعنی حمد کیا ہوا۔ حمید حمد سے مشتق ہے۔ حمد اس تعریف کو کہتے ہیں جس کے مقابلہ میں نعمت کا ہونا ضروری نہیں۔ اس اسم شریف کا ذکر شہرت او

نیک نامی کے لیے مفید ہے۔

اگر کوئی شخص اپنے کردار اور گفتار کو اچھا بنانا چاہے تو اسم یا حمید کو ایک پیالہ میں لکھے اور اس پیالہ پر اسم حمید کو دس بار پڑھ کر دم کرے۔ ہمیشہ اسی پیالہ سے پانی پیا کرے۔ انشاءاللہ بدگوئی اور اخلاقِ رذیلہ سے امان پائے گا۔ عدد کبیر اس کے ۶۲ اور اوسط اور صغیر ۸ ہیں۔

فائدہ:۔ انسان کو لازم ہے ہمیشہ خدا کی حمد و ثناء کرے تاکہ اللہ والوں کے نزدیک محترم ہو۔

اسم حفی کے فوائد:۔ حفی کا معنیٰ دو مہملہ کے ساتھ عالم اور دانا کا ہے۔ حفا لحفی سے ماخوذ ہے جس کا معنیٰ احطا کا ہے جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے یَسْئَلُوْنَكَ كَاَنَّكَ حَفِیٌّ عَنْهَا اے محبط علمک بحیرہا کسی کے دل کو اگر اپنی طرف مائل کرنا ہو تو اس اسم کا ورد ۹۸ بار کرنا مفید ہے۔ عدد کبیر ۹۸ اور عدد اوسط ۷ اعدد صغیر ۸ ہیں۔

اسم رب کے خواص:۔ بعض علماء کے نزدیک یہ اسم اعظم ہے کیونکہ یہ جملہ دعائیہ ہے رَبَّنَا سے ماخوذ ہے۔ قرآن مجید میں ۲۱ جگہ پر اس کا ذکر ہے اللہ تعالیٰ نے بھی قبولیت دعا کی سند اسی اسم سے دی ہے جیسے اُدْعُوْا رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَهُمْ اس اسم کے بارہ معنی ہیں۔ پہلا معنیٰ جمع کرنے والا دوسرا معنی مدبر تیسرا معنی اصلاح کرنے والا، چوتھا معنی مالک، پانچواں معنی رفیق، چھٹا معنی سید، ساتواں معنی ثابت، آٹھواں معنی دائم، نواں معنی خالق، دسواں معنی تحویل میں لینے والا، گیارھواں معنی الہام کرنے والا، بارھواں معنی تربیت کرنے والا اور پالنے والا حصول وقاص اور حفاظت اولاد کے لیے اس اسم کی مداومت سریع التاثیر ہے عدد کبیر اس کے ۲۰۲ عدد اوسط ۲۰ عدد صغیر ۴ ہیں۔

اسم زاری کے خواص:۔ زاری بمعنی باری ہے اور جملہ خواص اس کے اسم باری والے ہیں اور مفرور کی واپسی کے لیے یَا زَارِیُ یَا مُعِیْدُ رَدِّ عَلٰی فُلَانٍ کو ۷۰ بار روزانہ ایک ہفتہ تک پڑھنا مفید ہے ایک ہفتہ کے اندر غیب واپس آجائے گا۔ عدد کبیر اس کے ۹۱۱ عدد اوسط ۱۹ عدد صغیر ۲ ہیں۔

اسم رزاق کے فوائد:۔ اسمِ رزاق کے معنیٰ روزی دینے والا، نیک اور بد کو مومن کو اور کافر کو، قوی اور ضعیف کو اور اس اسم کے ورد کی کثرت وسعتِ رزق کے لیے نہایت مفید ہے۔ عدد کبیر اس کے ۸ عدد اوسط ۳۸ عدد صغیر ۲ ہیں اور صبح صادق کے بعد اور نماز سے پہلے یا رزاق دس دس بار گھر کے چاروں کونوں میں پڑھنے سے رنج اور تنگ دستی اور مفلسی دور ہوجائے گی۔ دائیں طرف سے شروع کرے منہ اس کا قبلہ کی طرف رہے۔

اسم رحمٰن کے فوائد:۔ رحمٰن کے معنی بخشنے والا اور صاحبِ رحمت۔ اس کی رحمت تمام مخلوق کو شامل ہے چاہے مومن ہو یا کافر ناامیدی اور نسیان اور قساوتِ قلبی کو دور کرنے کے لیے یا رحمٰن یا رحیم کے ورد کی کثرت سریع التاثیر ہے۔ عدد کبیر اس کے ۲۹۸ عدد اوسط ۲۷ اور صغیر ایک ہے۔

فائدہ:۔ بندہ پر لازم ہے بندوں پر رحم کرے مظلوم کی مدد کرے ظالم کو ظلم سے روکے اور دیکھے گناہ گار کو نظر رحمت سے۔ اپنی طاقت کے مطابق محتاجوں کی مدد کرے۔

اسم رحیم کے خواص:۔ رحیم کا معنی مہربان ہیں۔ یہ صفت عام ہے اللہ تعالیٰ کے غیر پر بھی اس کا استعمال ہوسکتا ہے۔ رحمت اس کی خاص ہے مومنوں کے ساتھ۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے كَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا کتاب خزائن الانوار میں رحیم کے معنی عظیم کے ہیں۔ اسم رحمٰن اور رحیم کے ذکر پر ہمیشگی

انسان کے دل کی سختی کو دُور کرتی ہے۔ جب کوئی مشکل مہم پیش آجائے اور بندہ اس سے عاجز ہو۔ بروز جمعہ اور ادائے نماز عصر یا اللہ، یا رحمٰن یا رحیم، مغرب تک پڑھتا رہے۔ جب اذان شروع ہو سر سجدہ میں رکھ کر اپنے مطلب کے لیے خدا سے دعا مانگے حاجت روائی ہوگی اور یا اللہ اس قدر پڑھے کہ سانس منقطع ہو۔ اسی بار یا رحمٰن اور یا رحیم اس کے اور اپنا مطلب خدا سے مانگے۔ ہر ایک کام کے لیے سریع التاثیر ہے۔ اگر کوئی شخص اسم یا رحیم کو نوّے بار یا سو بار پڑھے تو محبوب خلائق ہوگا۔ عدد کبیر اس کے ۲۹ ہیں اور عدد اوسط ۳۳ اور عدد صغیر ۶ ہیں۔

اسم رقیب کے فوائد :۔ رقیب معنی نگاہ باقی دو آدمی اگر ایک آدمی کے طالب ہوں تو آپس میں رقیب کہلاتے ہیں۔ اس اسم کی مداومت غفلت ختم کرنے کے لیے اور یکسوئی کے لیے مفید تر ہے جو شخص یا رقیب کو سات بار اپنی بیوی یا اہل و عیال اور مال پر پڑھ کر دم کرے تو تمام دشمنوں کے شر اور جملہ آفات سے محفوظ رہیں گے اور اس اسم کے ساتھ اسم یحییٰ و یمیت کا ذکر کرے اور سوتے وقت سینہ پر ہاتھ رکھ کر ان اسماء کو پڑھ کر سو جائے تو نماز سونے کی وجہ قضا نہ ہوگی اور عبادت میں رغبت پیدا ہو۔ عدد کبیر اس کے ۳۱۲ اور اوسط ۳۳ اور عدد صغیر ۶ ہے۔

فائدہ :۔ بندہ پر لازم ہے اللہ پر بھروسہ کرے۔ اولیاء اللہ کے لیے یہی مراقبہ ہے اور یہ ذہن میں رکھے کہ اللہ تعالیٰ ہر حال میں میرا نگہبان ہے۔

اسم رؤف کے خواص :۔ رؤف کے معنی مہربان کے ہیں۔ رحمت اور رافت دونوں مترادف ہیں اور قول کے مطابق رافت خاص ہے رحمت عام ہے رافت کے فرد کامل کو رحمت کہتے ہیں۔ اس اسم کا ورد سخت دل کو نرم کرنے کے لیے مفید ہے یا حلیم یا رؤف یا منان کا ورد مظلوم کے لیے بہتر ہے یا رؤف کو

کثرت سے پڑھنے والا ہر خوف سے محفوظ رہے گا اور اسم کی مداومت کرنے والا مخلوق کے لیے مہربان محبوب خلائق ہوگا۔ عدد کبیر اس کے ۲۸۷ ہیں عدد اوسط بھی ہیں

اسم سلام کے خواص :۔ اسم سلام کے دو معنی ہیں پہلا معنی بے عیب اور عوارض سے جو مخلوق کو لاحق ہوتے ہیں ان سے پاک اور سلامت دوسرا معنی سلامتی دینے والا۔ اسم سلام کو ۱۱۱ بار پڑھ کر مریض کو دم کیا جائے تو اللہ تعالیٰ اس کو سلامتی اور شفا عطا کرتے ہیں۔ اگر اس اسم کے ذکر پر مداومت کی جائے تو ہر خوف سے ذاکر مامون رہتا ہے۔ عدد کبیر اس کے ۱۳۱ عدد اوسط ۱۴ اور عدد صغیر ۵ ہیں۔

فائدہ :۔ انسان پر لازم ہے کہ اخلاق رذیلہ سے بچے تاکہ اللہ تعالیٰ اس کا قصور معاف کرے۔

اسم مومن کے فوائد :۔ مومن کے تین معنی ہیں پہلا معنی تصدیق کرنے والا اور سچا، دوسرا معنی پناہ دینے والا مخلوق کو ظلم سے اور انھیں بے خوف کرنے والا عذاب سے۔ تیسرا معنی محقق یعنی ظاہر کرنے والا اپنی ذات اور وحدانیت کو ساتھ دلائل کے وحدانیت کے اور احسان دینے والا شر جن وانس سے۔ اگر کوئی شخص اسم مومن کا ورد ہمیشہ رکھے تو اللہ تعالیٰ اسے شیطان کے شر سے مامون رکھے۔ اسم مومن کے ذاکر کا ظاہر و باطن اللہ تعالیٰ کی امان میں ہوتا ہے۔ عدد کبیر اس کے ایک سو چھتیس ہیں اور عدد اوسط انیس ہیں اور عدد صغیر ایک ہے۔

فائدہ :۔ بندہ پر لازم ہے کہ اپنے دل کو برے عقیدوں سے بچائے اور برے امراض سے پاک کرنے کی کوشش کرے۔

اسم عزیز کے فوائد :۔ عزیز کے معنی غالب کے ہیں اس پر یہ مقولہ دال ہے۔ مَنْ عَزَّ بَزَّ یعنی جو جنگ میں غالب ہوگا لباس اسی کا اور حکام پر عزیز کا

لفظ استعمال ہوتا ہے۔ غلبہ کی وجہ سے اسی کے مطابق برادرانِ یُوسف علیہ السلام کا قول ہے۔ اَیُّھَا الْعَزِیْزُ .... اگر کوئی شخص علم کیمیا اور سیمیا پر مطلع ہونا چاہے تو اسے لازم ہے کہ بوقتِ صبح صادق اس اسم کا ننانوے ۹۹ بار پڑھنا نہایت مؤثر ہے اگر کوئی شخص روزانہ چالیس بار پڑھے تو دولتِ عظیم پائے۔ اگر کوئی شخص عزت اور غنیٰ حاصل کرنا چاہے تو اسے لازم ہے کہ یَا عَزِیْزُ اکتالیس بار بعد نماز فجر کے پڑھا کرے۔ یہ اسم فوائدِ کثیرہ کا مالک ہے۔ اس کے عدد کبیر ۹۴ ہیں اور عدد اوسط تیرہ ہیں اور عدد صغیر چار ہیں۔

فائدہ :۔ انسان پر لازم ہے کہ علم عمل میں بے مثل بنے اور مخلوق سے سوال نہ کرے اپنے خالق پر بھروسہ کرے اور اسی کی اطاعت کرے۔

اسمِ جبّار کے خواص

:۔ جبار کے دو معنی ہیں۔ اوّل تدارک کرنے والا فقیروں کے فقر کا غنیٰ اور تونگری کے ساتھ اور دستگیری کرنے والا شکستہ دلوں کی دفع ظلم کے ساتھ۔ اسی لیے اس چپڑی کو بھی جبیرہ کہتے ہیں جو زخم اور ٹوٹی ہوئی ہڈیوں پر باندھی جاتی ہے۔ دوسرا معنی قائم رکھنے والا مخلوق کا چاہے راضی ہو یا ناراض۔ ہر ایک اس کی تقدیر کے موافق عطا کر کے قائم رکھتا ہے۔ اگر کوئی شخص ۲۱ بار یا جبار پڑھے تو ظالموں کے ظلم سے محفوظ رہے اور اگر کوئی شخص یَا جَبَّارُ کی مداومت کرے، مخلوق کی غیبت اور بدگوئی سے محفوظ رہے اور دولت و سلطنت والا ہو۔ جو شخص انگوٹھی پر نقش اسمِ جبار کا کندہ کرا کر پہنے لوگوں میں بارعب و ہیبت ہو۔

فائدہ :۔ انسان پر لازم ہے کہ کمال و فضائل سے اپنے نفس کو مزیّن کرے کیونکہ وہی ہوتا ہے جو منظورِ خدا ہوتا ہے اس لیے اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی رہے۔

اسمِ متکبّر کے فوائد

:۔ متکبر کے دو معنی ہیں پہلا معنی نہایت ہی بزرگ و برتر، بزرگی تو صرف اسی ذاتِ اقدس کو سجتی ہے اس کا غیر بزرگی کا مستحق نہیں

کیونکہ اس بزرگی کی صفت کے ساتھ متصف وہ ہوگا جو کسی کا محتاج نہ ہو بلکہ کائنات اس کی محتاج ہو اور یہ معنیٰ سوائے اللہ کی ذات کے اور کسی میں نہیں پایا جاتا۔ اللہ کے علاوہ جو بھی اپنے آپ کو اس صفت کا مستحق جانے وہ مشرک ہے کیونکہ اس نے اپنے آپ کو اس صفت کا مستحق جانا اور حدیث شریف میں ہے لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ مَنْ کَانَ فِیْ قَلْبِہٖ مِثْقَالُ ذَرَّۃٍ مِّنْ خَرْدَلٍ مِّنَ الْکِبْرِ خدا کی ذات کے لیے یہ بہترین صفت ہے اور مخلوق کے لیے بدترین صفت ہے لیکن متکبرین کے سامنے تکبّر کرنا اچھی بات ہے جیسا کہ مقولہ ہے التکبر مع المتکبر عبادت دوسرا معنی خود کو بزرگ و برتر جاننا اور دوسروں کو حقیر جاننا عظمت اور بزرگی اپنے لیے مخصوص سمجھنا یہ صورت کبریائی کی طرف منسوب ہے جو کہ لوازماتِ ذاتِ الٰہی سے ہے۔ اس اسم کا ورد رفعت شان و شوکت کے لیے مفید اور مجرّب ہے۔ اگر کوئی آدمی یا متکبّر کو دس بار پڑھ کر اپنی بیوی کے پاس جائے تو اللہ تعالیٰ اس کو نیک اور صالح فرزند عطا کرے گا۔ اور ہر کام کی ابتداء میں اس کا ورد کرنے والا اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔ عدد کبیر اس کے ۶۶۲ عدد اوسط ۱۴ عدد اور عدد صغیر ۵ ہیں۔

فائدہ :۔ انسان کو لازم ہے پرہیز کرے تکبّر سے اور بُرے کام سے اور اخلاقِ رذیلہ سے اور عاجزی اختیار کرے۔

اسمِ سیّد

:۔ اسم سید کے دو معنیٰ ہیں پہلا معنیٰ بادشاہ اور بزرگ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کو سید العرب فرمایا۔ دوسرا معنی اجسام کا مالک ہر ایک کے جسم میں وہ متصرف ہو مثلاً تکلیف دہ چیز کو مخلوق سے دُور کرنا اور مخلوق کی مدد کرنا۔ دنیا اور آخرت کی بھلائی کے لیے اس کا ورد کرنا مفید ہے۔ عدد کبیر اس کے ۷۴، عدد اوسط ۱۱ عدد صغیر ۲ ہیں۔

اسمِ سبّوح کے فوائد:۔ سبوح کا معنی پاکیزہ الصفات سے جو شانِ ربوبیت کے خلاف ہیں اور شریکوں سے پاک ہیں۔ سبوح فعول کے وزن پر ہے۔ عربی اوزان میں کوئی اسم فعول کے وزن پر قاف کے پیش اور عین کی تشدید کے ساتھ نہیں ہے۔ سوائے اسمِ سبوح اور قدوس کے اور معنی میں بھی دونوں مماثل ہیں عیوب اور گناہوں سے بچنے کے لیے ان دونوں اسماء کا ذکر نہایت مفید ہے اگر کوئی آدمی اسم سبوح کو روٹی پر لکھ کر کھائے۔ فرشتوں کی صفات پیدا ہوں گی۔ باقی فوائد اسمِ قدوس کے بیان میں تحریر کریں گے۔ عدد کبیر اس کے ۷۶، عدد اوسط ۱۲ عدد صغیر ۴ ہیں۔

اسمِ شہد کے فوائد:۔ شہد کے دو معنی ہیں۔ پہلا معنی شاہد یعنے تمام اشیاء کے ظاہر باطن پر مطلع دوسرا معنی شہد بمعنی علیم اور عالم کے ہے شہد اللہ کا معنی علم اللہ کا ہے۔ گم شدہ اور غیب کی واپسی کے لیے کاغذ کے چاروں کونوں پر شہد الحق لکھے اور درمیان میں گمشدہ یا غیب کا نام لکھے اور آدھی رات کے وقت آسمان کے نیچے کھڑا ہو کر اسی کاغذ پر نظر کر کے دونوں اسموں کو ۷۰ بار پڑھے گم شدہ اور غیب تھوڑے عرصہ میں واپس آجائیں گے۔ اگر کسی کی اولاد نافرمان اور غیر صالح ہو تو صبح کے وقت ان کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے ۲۱ بار یاشہید کہے تو اللہ تعالیٰ ان کو ہدایت عطا کرے گا۔ عدد کبیر اس کے ۳۱۹ عدد اوسط ۴۰ عدد صغیر ۴ ہیں۔

فائدہ:۔ انسان کو لازم ہے کہ اللہ تعالیٰ کو حاضر جان کر اس سے اپنی حاجت مانگے۔ غیر سے حاجت روائی کی امید نہ رکھے۔

اسمِ صادق کے خواص:۔ صادق کا معنی سچا اور اچھائی پر پورا ثواب دینے والا، جھوٹ کی عادت ختم کرنے کے لیے اور وعدے کو پورا کرنے کے لیے

اس اسم کا ورد نہایت مفید ہے۔ عدد کبیر اس کے ۱۹۵، عدد اوسط ۲۴، عدد صغیر ۶ ہیں۔

اسمِ صانع کے خواص:۔ صانع بمعنی کاریگر یعنی بنانے والا ہر چیز کا ابنِ فہد عہد میں لکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی مصنوعات اس بات پر دال ہیں کہ اللہ تعالیٰ بے مثل بے مثال ہے۔ اس لیے کہ مصنوع چیز صانع سے مشابہت نہیں رکھتی معلوم ہوا کہ تمام کائنات اللہ تعالیٰ سے کوئی مشابہت نہیں رکھتی۔ کسی علم میں مہارت حاصل کرنے کے لیے اس اسم کا ورد نہایت مؤثر ہے۔ عدد کبیر اس کے ۲۱۱ عدد اوسط ۲۰ عدد صغیر ۴ ہیں۔

اسمِ عدل کے خواص:۔ عدل بمعنی عادل انصاف کرنے والا، جزا دینے والا، ظلم تعدی سے احتراز کرنے والا، ظلم تعدی سے حصول لطائف اور اسرارِ الٰہی کے لیے اس اسم کا ورد نہایت مفید ہے۔ اگر کوئی آدمی یاعدل کو روٹی کے بیس ٹکڑوں پر جمعہ کی رات لکھ کر کھائے تو اللہ تعالیٰ تمام مخلوق کو اس کا مطیع اور مسخر فرمائیں گے۔ عدد کبیر ۱۰۴ عدد اوسط ۱۴ عدد صغیر ۵ ہیں۔

فائدہ:۔ انسان کو لازم ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کی ذات عادل ہے تو اس کے ہر فیصلہ کو قبول کرے اور اس پر توکل اور بھروسہ کرے۔

اسمِ طاہر کے فوائد:۔ طاہر یعنی پاکیزہ، زوال اور شریک اور جملہ نقائص سے جو کہ مخلوق کے خواص سے ہیں اور اخلاقِ رذیلہ سے بچنے کے لیے اس اسم کا ورد نہایت مفید ہے۔ عدد کبیر اس کے ۲۱۵ عدد اوسط ۲۰ عدد صغیر ۸ ہیں۔

اسمِ لطیف کے خواص:۔ لطیف کا معنی نرمی کرنے والا اور نیکی کرنیوالا دوسرا معنی مخلوق کا پیدا کرنے والا۔ جس طرح بڑی مخلوق کے اعضا بنائے ہیں مصائب اور پریشانیوں سے جان چھڑانے کے لیے اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ سے آخر آیہ تک

پڑھنا نہایت مفید ہے۔ اگر فقیر اور مریض دو رکعت نماز پڑھ کر اس اسم کا ورد جاری رکھیں تو اللہ تعالیٰ فقر اور مرض سے نجات عطا فرمائے گا۔ اگر کوئی آدمی تنگدستی میں مبتلا ہو یا لاعلاج مرض میں گرفتار ہو یا بیٹی کے رشتے میں پریشان ہے تو اچھی طرح باوضو ہو کر دو رکعت نماز پڑھے اور یکصد دفعہ یالطیف کا ورد کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی مراد پوری کرے گا۔ پیران اخوانیہ کا معمول یہ ہے دین اور دنیاوی حاجات کے لیے یہ پڑھے سولہ ہزار تین سو اکتالیس بار خالی جگہ (تنہا مکان) میں بیٹھ کر پڑھے تو مراد پوری ہوگی۔

فائدہ:۔ انسان کے لیے لازم ہے کہ دین و دنیا کے حصول کے لیے لوگوں کو راہِ حق کی طرف نرمی سے بلاتا رہے۔

اسم عفو کے خاص:۔ عفو کے معنی درگزر کرنے والا کے ہیں اور شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے شرح اسماءِ حسنیٰ میں عفو کا معنی گناہوں کا مٹانے والا لکھا ہے۔ دونوں صورتوں میں محو کا معنی ہی نکلتا ہے۔ اس اسم کا ورد گناہوں کو مٹانے اور نیکیوں میں بدلنے کے لیے عجیب تاثیر رکھتا ہے۔ جو شخص یاعفو کو اپنا ورد بنا لے۔ اللہ تعالیٰ اس کو تمام گناہوں سے درگزر فرمائیں گے۔ اس کے عدد کبیر ۱۵۶ اور عدد اوسط ۲۱ اور عدد صغیر ۳ ہیں۔

فائدہ:۔ اس اسم کا فائدہ مثل اسم غفور کے ہے۔ انسان پر لازم ہے کہ گناہ گار کو نفرت کی نگاہ سے نہ دیکھے۔ بلکہ گناہ کو نفرت کی نگاہ سے دیکھے۔ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ معاف کرنے والا ہے اور لوگوں کی غلطیوں سے درگزر کرے۔

اسم غفور کے فوائد:۔ غفور بمعنی غافر یعنی معاف کرنے والا۔ یعنی چھپانے والا کے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اسی واسطے غفور ہے کہ بندوں کے گناہوں پر پردہ پوشی کر کے انھیں معاف کرتا ہے اور وساوس کو دُور کرنے کے لیے اس اسم کا ورد نہایت مفید ہے

اگر کوئی آدمی اپنے کسی کام کو مخفی رکھنا چاہتا ہے تو تین دن تک اس اسم کا ورد ستر بار کرے اور ریت کے ذرات پر دم کرے اور انھیں کنوئیں میں ڈال دیا کرے انشاء اللہ اس کا مقصد ضرور پورا ہوگا۔ بیماری اور پریشانی دور کرنے کے لیے یَاغَفُوْرُ کو کاغذ پر لکھ کر اس کی سیاہی کو روٹی پر جذب کر کے کھائے تو اللہ تعالیٰ اس کے دل کی مراد پوری فرمائے گا۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ اگر کوئی شخص سجدہ میں تین بار یَارَبِّ اغْفِرْلِیْ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے اگلے پچھلے گناہ معاف فرمائیں گے۔ اس کے عدد کبیر بارہ صد چھیاسی (۱۲۸۶) ہیں اور عدد اوسط ۱۲۴ ہیں اور عدد صغیر ۱۲ ہیں۔

فائدہ:۔ انسان کو لازم ہے کہ کسی شخص کو تکلیف نہ دے اور تکلیف دینے والے کو معاف کر دے۔

اسم غنی کے فوائد:۔ غنی بمعنی تونگری اور بے نیازی کے ہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ غنی بذات ہے اور مخلوق اس کی عطا سے غنی ہوتی ہے۔ جو آدمی ایک مجلس میں بارہ ہزار بار اس اسم کو پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کو مال و دولت عطا فرمائے گا۔ اگر دس ہفتوں میں ایک لاکھ مرتبہ پڑھے اور اس مدت میں پرہیز جلالی و جمالی رکھے اللہ تعالیٰ اس کو دولت کثیر عطا فرمائے گا۔ اس کے عدد کثیر ایک ہزار ساٹھ ہیں اور عدد اوسط یک صد چھ (۱۰۶) اور عدد صغیر سات (۷) ہیں۔

فائدہ:۔ انسان کے لیے لازم ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سامنے محتاجی اور مخلوق سے استغناء کا اظہار کرے۔

اسم غیاث کے فوائد:۔ غیاث کا معنی فریادرس ہے جو مخلوق کی اضطراری حالت میں فریاد رسی کرتا ہے۔ اگر کوئی سخت مشکل پیش آئے تو خلوت میں یَامُغِیْثُ اَغِثْنِیْ بحق بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یاصاحب الرائی اسمع بحق آل طٰہٰ و یٰسٓ ہزار بار پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کی مشکل آسان فرمائیں گے

اس کے عدد کبیر پندرہ صد گیارہ (۱۵۱۱) اور عدد اوسط ڈیڑھ صد (۱۵۰) عدد صغیر اس کے آٹھ ہیں۔

فائدہ :۔ انسان کو لازم ہے اللہ تعالیٰ ہی سے مدد طلب کرے اس لیے کہ اس کے علاوہ دوسرا کوئی حاجت روا نہ ہے۔

اسم فاطر کے فوائد :۔ فاطر کے دو معنی ہیں۔ پہلا معنی شگاف کنندہ یعنی ہر چیز کو پردہ ادب سے وجود میں لانے والا۔ دوسرا معنی پیدا کرنے والا تمام مخلوقات کا۔ حل المشکلات کے لیے اس کا ورد نہایت مفید ہے۔ عدد کبیر اس کے دو صد نوے ۲۹۰ اور عدد اوسط انتیس ۲۹ اور عدد صغیر ۲ ہے۔

اسم فرد :۔ اسم فرد کے دو معنی ہیں پہلا معنی ربوبیت میں یکتا۔ دوسرا معنی تمام مخلوقات کا آمر۔ عدد کبیر دو صد چوراسی ۲۸۴ اور عدد اوسط بتیس ۳۲ اور عدد صغیر پانچ ۵ ہیں۔

اسم فتاح کے خواص :۔ اس کے دو معنی ہیں۔ پہلا معنی حکم کرنے والا یعنی فیصلہ کرنے والا کے ہیں۔ دوسرا معنی کشادگی کرنے والا۔ یعنی رزق اور رحمت کے دروازے مخلوق کے لیے کھولنے والا کے ہیں۔ جو شخص صبح کی نماز کے بعد دونوں ہاتھ سینہ پر رکھ کر ستر بار یَا فَتَّاحُ روزانہ پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کے دل سے پردے ہٹا دے گا اور باطن کی صفائی نصیب ہو۔ رزق کی فراخی کے لیے اس اسم کا ورد نہایت مؤثر ہے۔ اس کے عدد کبیر چار صد نواسی (۴۸۹) اور عدد اوسط ستاون (۵۷) اور عدد صغیر تین (۳) ہیں۔

فائدہ :۔ انسان کیلیے لازم ہے کہ مظلوموں کی مدد کرے اور لوگوں کی حاجت روائی کرے۔

اسم فالق :۔ اس کا معنی دانوں کو چیرنے والا اور اگانے والا کے ہیں

دستہ بھولے ہوئے کے لیے اس کا ورد مناسب ہے اس کے عدد کبیر دو صد گیارہ ۲۱۱ اور عدد اوسط بائیس ۲۲ اور عدد صغیر چار ۴ ہیں۔

فائدہ :۔ انسان کو لازم ہے گمراہ کی رہبری کرے۔ پریشان حال کی دستگیری کرے۔

اسم قریب کے فوائد :۔ اس کے دو معنی ہیں۔ پہلا معنی اپنی مخلوق کے قریب اور دوسرا معنی آگاہ اور عالم ہونے کے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ہر چیز کے دلوں کے راز سے آگاہ اور قریب ہے تاکہ ان کی حاجت پوری کرے۔ اسی لیے حق تعالیٰ کا فرمان ہے نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ اور کبھی کبھی اسم قریب اسم مجیب کے معنی میں ہوتا ہے۔ جس آدمی پر غم اور پریشانیوں کا ہجوم ہو اسم قریب اور اسم مجیب کو ملا کر ورد کرے۔ اللہ تعالیٰ اسے نجات عطا فرمائیں گے۔ ظالم کے شر سے بچنے کے لیے بھی اسم قریب اور مجیب کا ذکر مفید ہے اگر کسی آدمی کی بینائی ختم ہو گئی ہو (یَا قَرِیْبُ یَا مُجِیْبُ یَا سَمِیْعُ یَا لَطِیْفُ لِمَا یَشَا رد علی بصری) عدد کبیر کے مطابق پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اس کی بینائی سلامت فرمائیں گے۔ اس کے عدد کبیر تین صد بارہ ۳۱۲ عدد اوسط تنتیس ۲۲ اور عدد صغیر ۶ ہیں۔

فائدہ :۔ انسان کے لیے ضروری ہے خلاف شرع کاموں سے پرہیز کرے اور برے کاموں سے بچے۔

اسم قدیم کے خواص :۔ قدیم کے معنی سبقت لے جانے والا اللہ تعالیٰ کی ذات ساری کائنات سے قدیم۔ جو شخص اس اسم کو کثرت سے پڑھے اور اس کا نقش اپنے پاس رکھے اللہ تعالیٰ اسے پریشانی سے محفوظ رکھے گا اور اگر اس کا ہمیشہ ورد رکھے تو اس کا نفس اطاعت الٰہی میں فرماں برداری کرے۔ عدد کبیر اس کے

یک صد چون ۱۵۴ اور عدد اوسط انیس ۱۹ اور عدد صغیر ایک ہے ۔

فائدہ :۔ انسان کو لازم ہے نیکیوں میں سبقت لے جانے کی کوشش کرے اور اللہ تعالیٰ سے بخشش کا امیدوار رہے ۔

اسم ملک کے خواص :۔ ملک کے دو معنی ہیں پہلا معنی بادشاہِ حقیقی یعنی جس کے قبضے اور قدرت میں تمام ملک و ملکوت ہوں ۔ دوسرا معنی تصرف کرنیوالا عزت اور دولت حکومت و بزرگی کے حصول کے لیے اس اسم ملک کا ورد مفید تر ہے اگر بادشاہ روزانہ اسم ملک کو ۴۶ بار پڑھے تو اس کی حکومت قائم رہے گی ۔ اگر کوئی شخص "یا ملک" کو "یا قدوس" کے ساتھ ملا کر ورد کرے ۔ اگر صاحبِ حکومت ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی حکومت کو قائم و دائم رکھے گا ۔ ورنہ اس کا نفس امّارہ تابع فرمان ہوگا ۔ جو شخص اس اسم کو حصولِ عزت کے لیے پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو عزت عطا فرما دے گا ۔ عبدالرحمٰن شاہ نے کہا ہے کہ جو شخص روزانہ ۹۰ بار اس اسم کا ورد رکھے اللہ تعالیٰ اس کے دل کو منور کرے گا اور حکّام مسخر ہوں گے ۔

فائدہ :۔ انسان کو لازم ہے کہ بارگاہ ربّ العزّت سے عزت مانگے اور مخلوق سے اپنی حاجت روائی کی امید نہ رکھے اور اللہ کی عبادت کرے اس کے عدد کبیر ۹۰ عدد اوسط ۹ عدد صغیر ۹ ہیں ۔

اسم قدّوس کے خواص :۔ قدوس کا معنی نہایت ہی پاکیزہ تمام نقائص سے گناہوں سے بچنے کے لیے اس اسم کا ورد مفید تر ہے ۔ جو شخص "یا قدوس" کو روزانہ زوال کے وقت روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھائے فرشتہ خصلت ہو جائے دشمن کے شر سے بچنے کے لیے اپنی طاقت کے موافق ورد رکھے ۔ اگر مسافر دورانِ سفر اس اسم کے ورد کا التزام کرے کبھی عاجز نہ ہو، دشمن کو مطیع کرنے کے لیے ۱۹ بار مٹھائی پر دم کر کے دشمن کو کھلائے ۔

اسم قوی کے خواص :۔ قوی کا معنی طاقت ور اور قادر کے معنی میں ہے ۔ اللہ تعالیٰ کی ذات بھی ہر طرح تمام کائنات پر قادر اور قوی ہے ۔ طاقتور دشمن پر قدرت حاصل کرنے کے لیے اس اسم کا ورد نہایت کارآمد ہے جو شخص جابر دشمن کے مقابلہ کی طاقت نہ رکھتا ہو ۔ آٹے کی ہزار گولیوں پر دم کر کے مرغ کو کھلائے اللہ تعالیٰ اس کے دشمن کو مقہور کرے گا ۔ عدد کبیر اس کے ۱۱۶ عدد اوسط ۱۷ اور عدد صغیر ۸ ہیں ۔

فائدہ :۔ انسان کے لیے لازم ہے اپنی نفسانی خواہشات پر غالب اور قوی رہے ۔

اسم قیوم کے فوائد :۔ قیوم کا معنی مخلوق کے کل امور کی خبر گیری کرنے والا اور ہر چیز کو قائم رکھنے والا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بارگاہ واحدیت میں عرض کیا اے پروردگار! کیا تجھے بھی نیند آتی ہے ۔ حکم ہوا کہ اے موسیٰ! دو شیشیوں میں پانی بھر کر اپنے ہاتھوں میں رکھو جب نیند کا غلبہ ہوا تو دونوں گر کر ٹوٹ گئے ۔ فرمایا اگر مجھے نیند آتی تو زمین آسمان کا نظام درہم برہم ہو جاتا ۔ اسم قیوم کا ورد دل کی صفائی کے لیے نہایت مفید ہے ۔ اگر کوئی شخص اسم حیّ قیوم کو انگوٹھی پر نقش کر کے پہنے تو دنیا میں عزّت کی زندگی بسر کرے گا ۔ مرنے کے بعد لوگ اسے اچھے لفظوں میں یاد کریں گے ۔ سحری کے وقت اسم قیوم کے ذاکر کو لوگوں کے دلوں پر تصرّف کی قدرت حاصل ہو ۔ عدد کبیر اس کے روزانہ ۲۰۰ دفعہ اس کا ذکر کرنا دل کو خوش رکھتا ہے ۔

اسم قابض کے فوائد :۔ قابض کا معنی روزی کو تنگ کرنے والا اس لیے کہ اللہ تعالیٰ فقیروں پر روزی تنگ کر دیتا ہے ۔ تاکہ اللہ تعالیٰ صبر پر ان کو ثواب عطا کرے اور تنگ کرنے والا مخلوق کے دلوں کو یعنی روح قبض کرنیوالا

دوسرا معنی تنگ باسط کے مقابلہ میں جیسے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْسُطُ تیسرا ملک جیسے مشہور ہے فلاں چیز فلاں کے قبضہ میں ہے۔ اسم قابض کو اسمِ حفیظ کے ساتھ روٹی کے ٹکڑوں پر چالیس دن لکھ کر کھائے۔ زندگی بھر بھوک کی تکلیف سے محفوظ رہے گا۔ جو شخص چالیس روز اسم قابض کو لکھ کر کھائے عذابِ قبر سے محفوظ رہے گا۔ جو شخص صبح شام اس اسم کا ورد رکھے ہر قسم کے جادو سے محفوظ رہے۔ عدد کبیر اس کے ۹۰۲ عدد اوسط ۹۰ عدد صغیر ۳ ہیں۔

اسمِ باسط کے فوائد :-

باسط کا معنی رزق کو وسیع کرنے والا دوسرا معنی حال مثال کی فراخی کرنے والا جو آدمی سحری کے وقت ۱۰ دفعہ "یا باسط" پڑھ کر ہاتھ پر دم کر کے منہ پر پھیرے اسے مخلوق سے سوال کرنے کی نوبت نہیں آئے گی جس عورت کا خاوند یا خاوند کی بیوی بدمزاج ہو وہ عورت یا مرد ۳۰۰ دفعہ کھانے کی چیز پر دم کر کے اسے کھلائے تو اس کے سامنے بھی بداخلاقی نہیں کرے گا۔ عدد کبیر ۷۲ اوسط ۹ اور عدد صغیر ۹ ہیں۔

فائدہ :- انسان پر لازم ہے تنگی اور فراخی کو اللہ کی طرف سے جانے رزق کی فراخی پر اس کا شکر ادا کرے اور تنگی پر صبر کرے۔ کیونکہ اللہ ہی قابض اور باسط ہے۔

اسمِ قاضی کے فوائد :-

قاضی کے تین معنی ہیں۔ پہلا معنی حاکم امر و نواہی کا قائم کرنے والا جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا دوسرا معنی خبر دینے والا جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے وَقَضَيْنَآ اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ فِى الْكِتٰبِ تیسرا معنی تکمیل کرنے والا جیسے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ۔ یا قاضی الحاجات کا ورد حصول مطالب کے لیے نہایت سریع التاثیر ہے۔ عدد کبیر اس کے ۹۱۱ عدد

اوسط ۱۵ عدد صغیر ۲ ہیں۔

اسمِ مجید کے خواص :-

مجید، ماجد کے معنی میں ہے اس کے دو معنی ہیں۔ پہلا معنی تمام مخلوق پر وسیع الکرم۔ یعنی سخی دوسرا کریم و عزیز ہے مہربان اور بزرگوار بمعنی مجد ہے یعنی تعظیم و تکریم کیا گیا۔ اس اسم کا ورد شفاء امراض کے لیے اکسیر چیز ہے۔ باد فرنگ، جذام، برص کا مریض اگر دن کو روزہ رکھے اور بوقت افطار پانی پر یا مجید کثرت سے پڑھ کر دم کر کے پیئے تو شفا پائے جس کو اپنی قوم اور احباب میں ذلّت کا سامنا ہو عزت نہ دی جاتی ہو اسے لازم ہے کہ اس اسم کو ننانوے ۹۹ بار صبح کی نماز کے بعد پڑھ کر اپنے جسم پر دم کرے۔ انشاء اللہ عزت ملے گی اور اس اسم کے ورد کی کثرت سے دل منور ہوا اور بزرگی نصیب ہو اس کے عدد کبیر ۵۷ ہیں اور عدد اوسط ۱۲ ہیں اور اس کے عدد صغیر ۴ ہیں۔

فوائد :- اس نام نے تین اسم اعظم کے ہیں۔

اسمِ مولیٰ کے خواص :-

بعض نسخوں میں ولی بھی آیا ہے جس کا معنی ہے ناصر اور مددگار اور ثواب عطا کرنے والا اور کبھی قسم کے معنی میں بھی مستعمل ہوتا ہے معنی نگہبان اور محافظ اور اللہ تعالیٰ اہلِ ایمان کے امور کا قیّم ہے اور ناصر ہے اولیائ کا۔ یہی وجہ ہے کہ بچے کے نگہبان کو ولی کہتے ہیں کہ وہ بچے کی نگاہ داشت رکھتا ہے اور تسخیر خلائق کے لیے اس اسم کی مداومت مفید تر ہے اور اسم مولیٰ یا ولی کا کثرت سے ورد کرنے والا لوگوں کے دلوں کے احوال پر مطلع ہوگا۔ اگر کسی کی اولاد یا غلام لونڈی کا کردار صحیح نہ ہو تو جب ان کے سامنے جائے اس اسم کی کثرت کرے اللہ تعالیٰ ان کی اصلاح فرمائے گا۔ اس کے عدد کبیر چھیالیس ۴۶ ہیں اور عدد اوسط دس ہیں اور صغیر ایک ہے۔

فائدہ :- انسان پر لازم ہے کہ اہلِ ایمان کو دوست رکھے اور دین کی حمایت

کرے اور مخلوق کی حاجت روائی کی کوشش کرے۔

اسمِ منّان کے فوائد :۔ منان مبالغہ کا صیغہ ہے بمعنی عطا اور بخشش کرنے والا۔ جیسے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ھٰذَا عَطَآءُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِکْ بِغَیْرِ حِسَابٍ یہ نعمت ہماری عطاء ہے بے شمار چاہتے عطا کرتے چاہے روک رکھے۔ نعمت عظیم کے حصول کے لیے اور دفع خوف کے لیے اس اسم کی مداومت سریع الاجابت ہے۔ بخار وغیرہ کے لیے اس اسم کو کاغذ کے تین ٹکڑوں پر لکھ کر نگل جائے چند روز میں شفا پائے گا۔ اگر لکھتے وقت یا غفور اسم کو بھی شامل کر لے تو اور زیادہ مفید ہوگا۔ اس کے عدد کبیر چالیس[۴۰] ہیں اور عدد اوسط پندرہ اور عدد صغیر چھ ہیں۔

فائدہ :۔ بندہ کو لازم ہے کہ انعاماتِ الٰہیہ کا شکر گزار رہے اور مخلوقِ خدا پر احسان کرے مگر اپنا احسان نہ جتائے تاکہ انھیں ذہنی اور قلبی تکلیف نہ ہو اور اس کا صدقہ اور احسان ضائع نہ ہو جائے۔

اسمِ محیط کے خواص :۔ محیط کا معنی گھیرنے والا، اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوق کو اپنے گھیرے میں لیا ہوا ہے چاہے وہ مخلوق آسمانی ہو یا زمینی۔ معلوم ہوا کہ کوئی چیز اس کے احاطہ قدرت سے باہر نہیں ہے۔ اس اسم کا ورد علم کی اشاعت اور ہر ایک پر غلبہ کے لیے اکسیر اثر چیز ہے اس کے عدد ستر سٹھ ہیں اور عدد اوسط تیرہ اور عدد صغیر چار ہیں۔ اور اسم محصی بھی اسی معنی پر مستعمل ہے۔ تمام مخلوق اس کے احاطہ علم میں ہے اور اس کے لیے مخلوق کی گنتی بھی مشکل نہیں ہے اور اسم محصی کی مداومت ہولِ قیامت کے لیے مفید ہے۔ اگر کوئی شخص عذابِ قبر اور عذابِ آخرت سے بچنا چاہے تو اسمِ محصی کو ہر شبِ جمعہ کو ہزار بار پڑھے۔

فائدہ :۔ انسان کو جب معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ کا علم تمام اشیاء کو محیط ہے

تو پھر اسے لازم ہے کہ اپنے ہر سانس کی حفاظت کرے تاکہ ذکر اللہ سے خالی نہ جائے اور اپنے گناہوں کا محاسبہ کرے تاکہ اپنے شمار سے زیادہ استغفار کرے۔

اسمِ مبین کے خواص :۔ مبین کے تین معنی ہیں۔ پہلا معنی ظاہر ہونا دلائل براہین سے کوئی چیز اس کے آثارِ قدرت سے مخفی نہ رہے۔ دوسرا معنی ظاہر اور معین کرنے والا اور تیسرا معنی حق و باطل کا جدا کنندہ۔ اس اسم کا ورد کسی کے دل کو اپنی طرف مائل کرنے کے لیے مفید ہے اور اس کے عدد کبیر ایک سو دو[۱۰۲] ہیں اور اس کے عدد اوسط بارہ[۱۲] اور عدد صغیر تین[۳] ہیں۔

اسمِ متین کے خواص :۔ متین کا معنی محکم کے ہیں یعنی تمام کاموں کو محکم کرنے والا۔ اس کے عدد کبیر پانچ صد ہیں اور عدد اوسط پچاس اور عدد صغیر پانچ ہیں اگر بچہ دودھ چھڑانے سے صبر نہ کرتا ہو بہت روتا ہو تو اسم متین لکھ کر اسے پلانا مفید ہے اگر عورت کے دودھ میں نقص ہو تو بھی لکھ کر عورت کو پلانا مفید تر ہے اگر کوئی شخص کسی منصب یا عہدے کا خواہاں ہو تو اسے چاہیے کہ ہر اتوار کے دن ساعت اول میں اس اسم کو تین سو ساٹھ بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔

فائدہ :۔ انسان پر لازم ہے کہ دین کے معاملات میں ہوشیار رہے اور احکامِ شرع کے اجراء میں غفلت کا مظاہرہ نہ کرے۔

اسمِ مغیث کے خواص :۔ مغیث کے تین معنی ہیں۔ پہلا معنی قدرت رکھنے والا۔ تمام اشیاء اس کے قبضہ قدرت میں ہیں۔ دوسرا معنی حاجت روائی کرنے والا۔ تیسرا معنی قوت و طاقت عطا کرنے والا۔ ہر محتاج کمزور کو طاقت عطاء کرنا اللہ تعالیٰ کا کام ہے اور وہی اس کا ناصر اور مددگار ہے اور اجسام کو ارواح کے ذریعہ قوت عطا کرنا قلب کو اعمالِ صالحہ کے ساتھ قوت دینا یہ تمام امور اللہ تعالیٰ کے بس میں ہیں۔ اس اسم کا ورد رکھنے والا ہر چیز پر قادر ہوتا ہے۔ تمام اشیاء اسکے

تحت ہوتی ہیں ۔ اور اس اسم کے ذکر کی کثرت وسعتِ رزق کے لیے اکسیر ہے ۔ جملہ مقاصد کے حصول کے لیے اس کا ورد مفید ہے ۔ اگر کوئی شخص تنگ دستی میں مبتلا ہو یا بچہ بُری عادت کا خوگر ہو تو خالی کوزہ لے کر اس پر سات بار یہ اسم پڑھ کر دَم کر کے اس میں پانی ڈال کر پیے ۔ انشاء اللہ مقصود حاصل ہوگا ۔ اگر روزہ دار کو جان کا خطرہ ہو تو گلاب کے پھول پر دم کر کے سونگھے تو قوت نصیب ہوگی اور روزہ مکمل کر سکے گا ۔

فائدہ :۔ انسان پر لازم ہے کہ اللہ تعالیٰ کی قوت و طاقت کے آگے اپنے آپ کو عاجز جان کر اس کا مطیع رہے ۔ بھوکے کو کھانا کھلا کر قوت دے اور گمراہ کو راہِ ہدایت کی تلقین کرے ۔ قوت دے اور خلقِ خدا کو نفع پہنچائے ۔

اسمِ مصوّر کے خواص :۔ مصوّر کا معنی صورت بنانے والا بغیر نمونہ کے جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاءُ ایک روایت میں ہے کہ جب حق تعالیٰ بچہ کو صورت عطا فرمانا چاہتا ہے تو اس کے والدین کی صورتوں کو جمع کرتا ہے پھر آباؤ اجداد کی صورتوں میں سے ایک صورت اس بچے کو عطا کی جاتی ہے جو انسان اپنی بیوی سے مقاربت کے وقت اسم مصوّر کو کثرت سے پڑھے ، اللہ تعالیٰ اس کو اولاد خوبصورت عطا فرمائے گا ۔ اگر بانجھ عورت سات روزے رکھے اور افطار کے وقت اکیس بار اسمِ مصوّر کا ورد کر کے پانی پر دم کرے اور پیے تو اللہ تعالیٰ اسے نیک بخت بیٹا عطا فرمائے گا ۔ اگر کوئی مشکل کام کرنے کا ارادہ رکھتا ہو تو اس اسم کا ذکر کثرت سے کرے اللہ تعالیٰ اس کے لیے مشکل آسان فرما دے گا ۔ اس کے عدد کبیر تین سو چھتیس ہیں اور عدد اوسط انتالیس اور عدد صغیر تین ہیں ۔

فائدہ :۔ اس اسم کا فائدہ مثل اسمِ خالق کے ہے ۔

اسمِ کریم کے خواص :۔ کریم کا معنی عطا کرنے والا اور سخی کے ہیں ، جیسے کہا جاتا ہے رجل کریم یعنی بڑا سخی ۔ اور کبھی عزیز کے معنی میں آتا ہے جیسے کہا جاتا ہے فلان اکرم علی من فلان یعنی فلاں میرے نزدیک فلاں سے زیادہ عزیز اور عزت والا ہے اگر کوئی شخص اس اسم کا ورد کرتے کرتے سو جائے تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے اس کی حفاظت کرتے ہیں اور اس کے لیے دُعا کرتے ہیں ۔ ملائکہ کہتے ہیں اے اللہ تعالیٰ کے بندے ! اللہ تعالیٰ نے تجھے عزت بخشی ہے ۔ حکایت ہے کہ حضرت علیؓ اس اسم کو کثرت سے پڑھنے کی وجہ سے کرم اللہ وجہہ کے خطاب سے موسوم ہوئے ۔ اس اسم کے ذکر کی کثرت ، عزت کے لیے مفید تر ہے ۔

فائدہ :۔ انسان کو چاہیے کہ بغیر گنتی کے اللہ کی راہ میں خرچ کرے اور بُرے افعال اور اخلاق سے بچے ۔

اسمِ ہادی کے خواص :۔ عقل الہام سے حکم کرنے والا اور راہِ ہدایت پر دلالت کرنے والا اول ہدایت بالذات ہے ۔ بغیر کسی وسیلہ کے یہ اللہ کے لیے عدل لزوم ہے ۔ دوسری وہ ہدایت ہے جو استعداد پر موقوف ہو ۔ اللہ تعالیٰ پر اس کا اضافہ لازم نہیں بلکہ یہ فضیلت ہے جس کو عطا کرے ۔ تیسری ہدایت خاص ہے اہلِ ایمان کے ساتھ اور چوتھی ہدایت خاص الخاص ہے ۔ جو کہ ذات مطہر و مقدس سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کتاب الخزائن الانوار میں درج ہے کہ جو شخص اسم یاھادی کو کثرت سے پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو صراطِ مستقیم پر قائم رکھتے ہیں اور اسے اہلِ معرفت کے درجات میں ترقی عطا فرماتے ہیں ۔ اس اسم یاھادی کی مداومت معرفت کی زیادتی کے لیے اور ترقی درجات کے لیے سریع الاثر ہے ۔

فائدہ :۔ انسان کے لیے لازم ہے کہ بندگانِ الٰہی کو راہِ حق کی ہدایت کرے ، چاہے وہ دنیا کی ہو یا آخرت کی ۔ پیغمبروں اور اولیاءِ کرام نے بھی راہِ حق کی

رہ نمائی کی ہے تاکہ مخلوقِ خدا کو فائدہ پہنچے۔

اسمِ کبیر کے فوائد:۔ اسم کبیر بمعنی سردار اور صاحب اختیار قوم کے سردار کو بھی بزرگ لشان کی بڑائی کی وجہ سے نہ کہ جسم کی بڑائی کی وجہ سے یہاں کبیر سے وہ بڑا مراد ہے جس سے بڑا کوئی نہیں اور اس کے لیے کبریائی ہے جو آدمی اسمِ کبیر کی مداومت کرے قوم میں اس کو عزت نصیب ہو۔ اگر کوئی حاکم اس اسم کا ورد کرے تو تمام رعایا پر اس کا رعب ہو اور لوگ اس کی عزت کریں اور تمام اس کے کام بہتر طریقہ سے ہوں گے۔ اس کے عدد کبیر ۲۳۲ عدد اوسط ۲۵ عدد صغیر ۷ ہیں۔ اگر کوئی آدمی دعا کی قبولیت چاہے۔ اسم کبیر کا ورد عدد کبیر کے موافق کرے۔

فائدہ:۔ انسان پر لازم ہے خدا کی کبریائی کو دل میں رکھ کر علم پر عمل کرے اپنے نفس کی اصلاح کرے۔ عاجزی اختیار کرے اور تکبر کو دل سے نکال دے۔

اسمِ کافی کے فوائد:۔ کافی کا معنی تمام مخلوق کی کفایت کرنے والا تاکہ مخلوق اس کے علاوہ کسی کی محتاج نہ رہے اور اس اسم کا ورد دشمن کو دفع کرنے لیے سریع الاثر ہے۔ اس کے عدد کبیر ۱۱۵ عدد اوسط ۱۲ عدد صغیر ۳ ہیں۔

اسمِ مذّل کے خواص:۔ جس کا معنی ہے ذلت دینے والا۔ اگر کوئی کسی ظالم یا حاسد سے ڈرتا ہو یا کسی مشکل میں پھنس گیا ہو تو اندھیری راتوں میں حضور قلب کے ساتھ سجدہ میں سر رکھ کے ۱۰۱ بار اس اسم کی عزیمت پڑھے اور عزیمت یہ ہے یا مذل جبارین دمبیر الظالمین ان فلونا اذلتی مخذلی حقی منہ تو دشمن مشکل میں پھنس جائے گا۔ یا کسی مشکل میں پھنس جائے گا۔ اگر کوئی آدمی یا مذّل کو ۷۵ بار پڑھے پڑھ کر سجدہ میں دعا کرے کہ یا الٰہی

مجھے فلاں ظالم سے بچا اللہ تعالیٰ امن دے گا اس کے عدد کبیر ۷۰۰ اور عدد اوسط ۷۷ اور عدد صغیر ۴ ہیں۔

فائدہ:۔ انسان کو لازم ہے تمام مہمات کا حل کرنے والا اللہ ہے اور اسی سے مدد حاصل کرے تاکہ ظالموں کے شر سے محفوظ رہے۔

اسمِ کاشف کے خواص:۔ کاشف کے معنی پردہ اٹھانے والا کے ہیں۔ اس اسم کا ورد مدد اور نصرت کے لیے نہایت مفید ہے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں لَوْ كَاشَفَ الْغِطَاءَ حَيًّا اَرْدَتَ يَقِيْنًا غم اور فکر اور بیماری سے بچنے کے لیے یا کاشف الصبر کا کثرت سے ورد کرے مفید تر ہے اس کے عدد کبیر ۱۰۴ عدد اوسط ۴۵ اور عدد صغیر ایک ہے۔

اسمِ وتر کے خواص:۔ وتر کا معنی یکتاء کے ہیں جو شخص یا وتر کو بہت پڑھے۔ مخلوق کی نظر میں بارعب ہو اور اس اسم کی کثرت حصولِ دولت کے لیے مفید ہے۔ اس کے عدد کبیر ۶۰۶ عدد اوسط ۶۶ عدد صغیر ۳ ہیں۔

اسمِ نور کے فوائد:۔ روشنی دینے کے معنی میں ہیں۔ اللہ تعالیٰ کو نور نہیں کہہ سکتے اس لیے کہ نور ایک کیفیتِ باصرہ کا نام ہے اللہ تعالیٰ نور کنندہ ہے۔ آسمان و زمین کا روشن کرنے والا ہے۔ اہلِ ایمان کے دل کو روشن کرنیوالا ہے۔ انبیاء کی تعلیمات کے نور سے اس اسم کے ذکر کی کثرت سے اسرار مخفی ظہور پذیر ہوتے ہیں۔ جمعہ کی رات اگر کوئی آدمی سورۃ نور سات بار پڑھے ایک ہزار بار یا نور پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کے دل کو نورِ ایمان سے منور کرے گا۔ عدد کبیر اس کے ۲۵۶ عدد اوسط ۲۱ عدد صغیر ۴ ہیں۔

فائدہ:۔ انسان پر لازم ہے کہ اپنے دل کو نورِ ایمان سے منور کرے۔

اسمِ وہاب کے خواص:۔ وہاب کا معنی بہت دینے والا۔ یہ اسم جمالی ہے اس اسم کا پڑھنے والا سخی اور نرم دل ہوتا ہے۔ اگر کوئی آدمی فاقہ اور تنگ دستی میں مبتلا ہو اس اسم کے ذکر سے فاقہ اور تنگ دستی سے اس کو نجات ملے گی۔ جو شخص دو ہزار بار اس اسم کو کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے اللہ تعالیٰ اسے رزق کی تنگی سے محفوظ فرمالے گا۔ جو شخص چاشت کی نماز کے بعد سر سجدہ میں رکھ کر یا وہاب پڑھے اللہ تعالیٰ اسے مخلوق سے بے پرواہ کر دے گا اور اس کا اثر عمل چھوڑنے کے بعد سات دن تک رہے گا۔ جو شخص رزق کی وسعت کے لیے چاشت کی نماز کے بعد سجدہ میں ۱۰۴ مرتبہ یا وھّاب پڑھے اور یہ عمل ہر ماہ میں سات دن کرے تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے پوری زندگی رزق کی تنگی سے محفوظ رہے گا۔ جو شخص کسی مشکل میں پھنس جائے گھر کے صحن میں یا مسجد کے صحن میں سجدہ کرے اور سجدہ میں ۱۰۴ دفعہ یَا وَھّاب پڑھے۔

فائدہ:۔ انسان پر لازم ہے کہ اللہ کی راہ میں اپنا جان مال خرچ کرے۔

اسمِ ناصر کے فوائد:۔ ناصر نُصرت سے مشتق ہے بمعنی دوست اور مددگار۔ کے اسمِ ناصر اور نصیر کو کثرت سے تنہائی میں پڑھنے والا دشمن کی سازشوں محفوظ رہے گا۔ اس کے عددکبیر کے موافق حصولِ مراد کے لیے پڑھنا نہایت مفید ہے۔ اس کے عدد کبیر ۳۴۱، ناصر کے ۳۵۰ ہیں دونوں کے عدد اوسط ۳۵ ہیں عدد صغیر ۸ ہیں۔

فائدہ:۔ انسان کو لازم ہے اپنا ناصر اور مددگار اللہ کی ذات کو سمجھے اور مظلوموں کی مدد کرے۔

اسمِ واسع کے خواص:۔ واسع کے تین معنی ہیں۔ پہلا معنی

اسبابِ معیشت کو فراخ کرنے والا۔ دوسرا معنی غنا و دولت کو دوام عطا کرنے والا۔ تیسرا معنی ہے علیحدہ اہتمام کنندہ۔ اور یہ تینوں معنی ذاتِ کبریا کے ساتھ مخصوص ہیں۔ کیونکہ علم اس کا وسیع اور نعمت اس کی غیر محدود ہے۔ اس اسم کے ذاکر کی روزی فراخ ہوتی ہے۔ جو شخص یا واسع کو کثرت سے پڑھے گا، اللہ تبارک و تعالیٰ اس کو قناعت اور اس کے رزق میں برکت عطا کرے گا۔ اس اسم کے ذکر پر مداومت کرنے والا کبھی کسی کا محتاج نہیں ہوگا۔ مسدود اسبابِ رزق ذاکر پر کھلیں گے۔ اس کے عدد کبیر ۱۲۷ ہیں اور عدد اوسط ۲۰ اور عدد صغیر ۲ ہیں عدد کبیر کے موافق اس اسم کا ذکر کرنے پر رزق فراخ ہوگا۔

فائدہ:۔ انسان کے لیے مناسب ہے کہ سخاوت اور اخلاقِ حسنہ کو عادت بنائے۔ علم و معیشت کے اسباب کی فراخی میں کوشش کرے۔

اسمِ ودود کے خواص:۔ ودود، ود سے مشتق ہے ود کا معنی دوستی کا ہے۔ اللہ تعالیٰ نیک بندوں کو دوست رکھتا ہے اور ان کے اعمالِ صالحہ کو قبول کرتا ہے اس وجہ سے وہ اللہ تعالیٰ سے راضی رہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان سے خوش ہوتے ہیں۔ اصل میں وہ ذاتِ کبریا محبوب ہے جملہ انبیاء اور اولیاء کی تمام انبیاء اور اولیاء اس کی رضا کے طالب ہیں۔ اگر خاوند بیوی میں خصومت ہو تو اسم یا ودود ایک ہزار ایک بار پڑھ کر کسی کھانے کی چیز پر دَم کر کے کھلانے سے خصومت محبّت سے تبدیل ہو جائے گی۔ اگر باہمی دشمنوں کو ایک ہزار بار اسم یَا ودود پڑھ کر کسی مأکول چیز پر دم کر کے کھلائیں تمام میں الفت اور محبت پیدا ہو جائے گی۔ اس کے عدد کبیر بیس۲ ہیں اور عدد اوسط دو۲ ہیں اور عدد صغیر بھی دو۲ ہیں۔

فائدہ:۔ انسان کے لیے لازم ہے کہ جو اپنے لیے پسند کرتا ہے مخلوقِ الٰہی کے لیے بھی وہی پسند کرے اور بقدرِ طاقت احسان کرے خلقت اور

اپنے وجود اور اہل وعیال سے زیادہ اللہ تعالیٰ کو محبوب رکھے ۔

اسمِ وفی کے خواص :۔ وفی کے معنی پورا کرنے والا جو اپنے وعدے کو پورا کرے اسے وفی کہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے زیادہ وعدہ پورا کرنے والا کوئی نہیں ۔ اس وجہ سے وفی کا اصل مصداق حق تعالیٰ جل جلالہ ہے ۔ جو شخص کثرت سے اس اسم کا ذکر کرے گا اس کو وعدہ وفا کرنے کی توفیق میسر ہوگی ۔ اس کے عدد کبیر چھیانوے ۹۶ ہیں اور عدد اوسط پندرہ ۱۵ اور عدد صغیر چھ ۶ ہیں ۔

فائدہ :۔ انسان کے لیے لازم ہے کہ اپنا وعدہ وفا کرے یہی تعلیم اسلام کی ہے ۔ تاکہ صفتِ باری تعالیٰ سے موصوف ہو اور عہد معاہدا اور وعدہ پورا نہ کرنا فعل غیر مسلموں کا ہے ۔

اسمِ وکیل کے خواص عجیبہ :۔ وکیل کا معنی کارساز ہے مخلوقات کا روزی رساں اور جملہ حاجات کا کارساز ہے ۔ مقامِ خوف میں اس اسم کا ذکر کیا جائے مفید ترین ہے ۔ رفع دشمن کے لیے بھی عظیم تر ہے ۔ بشرطیکہ کثرت سے اس اسم کا ذکر کیا جائے ۔ جو شخص اسم یَا وَکِیلُ کی کثرت کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے حال اور جان کی اور عزت و آبرو کی حفاظت فرمائیں گے ۔ عدد کبیر اس کے چھیاسٹھ ۶۶ ہیں اور عدد اوسط بارہ ۱۲ عدد صغیر تین ۳ ہیں ۔

فائدہ :۔ انسان کے لیے بہتر ہے کہ کمزوروں اور ضعیفوں کا مددگار رہے اور ان کی حاجات کو پورا کرے اور اپنے معاملات کو سپردِ خدا کرے ۔

اسمِ وارث کے فوائد :۔ وارث کا معنی ہے مملوکات کو بعد فنا مالک کے واپس لینے والا ۔ ہر چیز مالک کے فنا اور مر جانے کے بعد مالکِ حقیقی رب العزت کی طرف لوٹے گی ۔ اس اسم کا استعمال مخلوقات کے لیے مجازاً ہے اور اللہ تعالیٰ کے لیے حقیقتہً ۔ فرمانِ باری تعالیٰ ہے وَلِلّٰهِ مِيرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

جو شخص طلوعِ آفتاب کے وقت اسمِ وارث کو سو بار پڑھے تمام دن آفات سے محفوظ رہے گا ۔ اور جو شخص اس اسم کے ذکر کی مداومت کرے اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس کے تمام کام حسبِ منشاء انجام پذیر ہوں گے اور اس اسم کے ذکر پر مداومت کرنے والے کی اولاد کی عمر میں برکت ہوگی ۔ عدد کبیر اس اسم کے سات سو سات ۷۰۷ ہیں اور عدد اوسط ستتر ۷۷ اور عدد صغیر پانچ ۵ ہیں ۔

فائدہ :۔ عقل مند کے لیے لازم ہے کہ تحصیل علم اور صدقہ جاریہ کی کوشش کرے اور معارف علوم کو حاصل کرے تاکہ وارث انبیاء کی میراث کا ہو ۔ مال اور جائیداد کی حرص میں نہ پڑے یہ یہاں چھوڑ جانا ہے ۔

اسمِ بَرّ کے فوائد غریبہ :۔ بَرّ نیکی کے معنی میں ہے بمعنی اسمِ فاعل بار یعنی بھلائی کرنے والا مخلوقات سے دوسرا معنی صادق کے ہیں جیسے مقولہ ہے کہ برت یمین فلاں ۔ یعنی فلاں کی قسم پوری اور سچی ہوئی ۔ جو شخص آفات سے خوفزدہ رہتا ہو اس اسم بَرّ کا کثرت سے ذکر کرے آفات سے محفوظ رہے گا جس شخص کے ہاں فرزند پیدا ہوا اور وہ سات بار اسم بَرّ پڑھ کر اس بچہ کو اللہ کے سپرد کرے تو سنِ بلوغ تک وہ بچہ جملہ آفات سے محفوظ رہے گا ۔ بعض اہلِ فن کا قول ہے کہ جو شخص زنا کاری اور لواطت بازی میں مبتلا ہو ۔ روزانہ سات بار اسم بَرّ کا وِرد رکھے ۔ اللہ کے فضل سے جملہ برائیوں سے اس کا دل سرد پڑ جائے گا اور اسے نیک کاموں کی توفیق نصیب ہوگی ۔ اس کے عدد کبیر دو سو دو ۲۰۲ ہیں اور عدد اوسط بائیس ۲۲ اور عدد صغیر چار ۴ ہیں ۔

فائدہ :۔ انسان کے لیے مناسب ہے کہ والدین سے نیک سلوک کرے ۔ عزیز و اقارب سے حسن سلوک اور احسان کرے ۔

اسمِ باعث کے فوائد جلیلہ :۔ باعث کا معنی ہے مرنے کے بعد

زندہ کر کے اٹھانے والا۔ اور اٹھانے والا پیغمبروں کو مخلوق کی ہدایت کے لیے
جو شخص دل کی زندگی کا خواہاں ہو اُس اسمِ باعث کا ذکر روزانہ سو بار کرے۔
اللہ تعالیٰ اُس کے دل کو نورِ معرفت سے منور اور زندہ فرمائے گا۔ جملہ امور کے کرنے
کی ہمت بڑھانے کے لیے مفید تر ہے۔ عددِ کبیر پانچ سو تہتر ہیں اور عددِ اوسط
باسٹھ اور عددِ صغیر تین ہیں۔

فائدہ:۔ انسان کے لیے لازم ہے کہ اپنے نفس کو ترغیب دے
امورِ آخرت کی۔

اسمِ توّاب کے خواصِ عظیمہ:۔ توبہ قبول کرنے والا ہے۔ بندوں
کی توبہ کو رد نہیں کرتا۔ البتہ توبہ نہ کرنے والے پر ناراض ہوتا ہے۔ تائب پر اُس کی
رحمت جلوہ افگن ہوتی ہے اُس کے عددِ کبیر چار سو نو ہیں۔ اس اسم کی مداومت
عددِ کبیر کے خواص ترکِ معاصی کے لیے مفید ترین ہے۔ عددِ اوسط انچاس
اور عددِ صغیر چار ہیں۔

اسمِ صبور کے فوائدہ عجیبہ:۔ صبور کا معنی ہے بُردبار۔ گناہ گاروں
کی جلدی گرفت نہ کرنے والا جو شخص نصف رات کو یا دوپہر کو اسمِ صبور کا ورد کرے
گا چغل خوروں کی زبان بند ہوگی اور دشمن مسخر ہوں گے۔ حاکم راضی ہوگا۔ اس کے
عددِ کبیر دو سو اٹھانوے ہیں اور عددِ اوسط ستائیس ہیں۔ اور عددِ صغیر ایک ہے۔

فائدہ:۔ انسان کو لازم ہے کہ گناہ سے توبہ کرنے میں تاخیر نہ کرے
نیک امور کے انجام دینے میں بھی دیر نہ کرے کیونکہ زندگی کا بھروسہ نہیں نہ معلوم
کہاں زندگی کی شام ہو جائے

اسمِ جلیل کے فوائدِ عظیمہ:۔ جلیل کا معنی ہے عظمت و بزرگی والا
اللہ تعالیٰ کی بزرگی کے سامنے ہر ایک عاجز اور کمتر ہے اور حصولِ عزت و جاہ اور بلند

منصب کے لیے اسمِ جلیل کا ذکر اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔ تسخیرِ خلائق کے لیے اسم
یا جلیل کا ذکر مفید تر ہے۔ اس اسم کے ذاکر پر جب بھی نظر پڑتی ہے مخلوق
اس کی عزت و توقیر بجا لاتی ہے اور اسی طرح جو شخص اس اسم کو مشک و زعفران
سے لکھ کر کھائے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ اسے محبوبِ خلائق بنائے گا۔ اس کے عدد
کبیر تہتر اور عددِ اوسط دس اور عددِ صغیر ایک ہے۔

فائدہ:۔ انسان کو اخلاقِ حسنہ سے اپنے نفس کو مزین کرنا چاہیے۔

اسمِ جواد کے عظیم فوائد:۔ نعمتِ عظیمہ عطا کرنے والا ہر ایک پر نعمتوں
کو نچھاور کرنے والا چاہے اس کے اعمال اس قابل ہوں یا نہ ہوں اور جواد کے
تین معنی ہیں۔ اوّل معنی دقیق ہے اسی سے تجوید ہے یعنی جودتِ قراءت اور
جودتِ فکر۔ جیسے مقولہ ہے فلاں جواد الفکر۔ دوسرا معنی تیز رفتار کو بھی جوّاد
کہتے ہیں۔ تیسرا معنی نرم اور ملائم۔ اسی وجہ سے سخی کو جوّاد اور سخاوت کو جُود کہتے
ہیں کہ سخی کا دل نرم ہوتا ہے اور سخی اللہ تعالیٰ سے بھی قریب اور مخلوق سے بھی
قریب اور جنت سے بھی قریب اور جہنم سے دُور ہوتا ہے اور بخیل اللہ تعالیٰ سے
بھی دُور، مخلوق سے بھی دُور، جنت سے بھی دُور اور جہنم کے قریب ہوتا ہے
اور بخل اخلاقِ رذیلہ میں سے ہے اور اس کے علاج کے لیے اسم یَا جَوَّادُ کو ہر
نماز کے بعد ہزار بار پڑھنا مفید ترین ہے اس اسم کا ذاکر اگر بخیل کے پاس بھی کسی مقصد
کے لیے جائے گا تو وہ اس سے نرمی کا سلوک کرے گا۔ جبکہ اسم یَا کَرِیْمُ بھی جواد
کے ساتھ ملا کر ذکر کیا جائے تو مفید ترین ہو جائے گا۔

فائدہ:۔ انسان کو لازم ہے کہ اخلاقِ حسنہ اپنائے اور رذائل سے
اجتناب کرے۔ جملہ حوائج میں مفلسوں کی دست گیری کرے اور راہِ حق کی
طرف نرمی سے بلاتا رہے۔

اسمِ خبیر کے اسرارِ عجیبہ :۔ خبیر کے معنی ہیں واقف اور خبردار کے ہیں پوشیدہ امور اور دلوں کے راز کو جاننے والا اور واقف کار کو خبیر کہتے ہیں ۔ اور یہ صفت اتم سوا اللہ تعالیٰ کے کسی میں نہیں پائی جاتی۔ جو شخص نفس امارہ کی گرفت میں ہو اس اسم کا ذکر اس کے لیے فائدہ مند ہے اور جو شخص اس اسم کے ذکر پر مداومت کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو دلوں کے پوشیدہ امور سے مطلع فرمائے گا اس کے عدد کبیر آٹھ سو بارہ [۸۱۲] ہیں اور عدد اوسط ترانوے [۹۳] ہیں اور عدد صغیر دو [۲] ہیں ۔

فائدہ :۔ انسان کو لازم ہے کہ دین و دنیا کے امور سے خبردار رہے اور یقین جانے کہ اللہ تعالیٰ اس کے دل کے بھید سے خوب واقف ہے ، تاکہ گمراہیوں سے بچے ۔

اسمِ خالق کے رموزِ عظیمہ :۔ خالق کا معنی پیدا کرنے والا۔ اور خالق حقیقی ہر چیز کا اللہ تبارک و تعالیٰ ہے ۔ مخلوق کا فعل مشیتِ الٰہی کے تابع ہوتا ہے۔ جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا فرمان قرآنِ کریم میں مذکور ہے ۔ اَنِّیْ اَخْلُقُ لَکُمْ مِّنَ الطِّیْنِ کَھَیْئَۃِ الطَّیْرِ الآیۃ سے معلوم ہوتا ہے جو شخص اسمِ خالق کے ذکر پر مداومت کرے۔ اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ پیدا فرما کر اسے عبادت کا حکم فرماتے ہیں۔ تاکہ تاقیامت ذاکر کو عبادت کا ثواب ملتا رہے اور چہرہ اس کا نورِ ایمان سے منور ہو۔ عبدالرحمٰن شاہ کا قول ہے جو شخص اس اسم کو کثرت سے پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اسے قبر میں سکوت عطا فرمائیں گے اور دل اور چہرہ منور ہوں گے ۔ اس کے تمام کام بہتر طریقہ پر سرانجام ہوں گے۔ جو شخص سات سو اکتیس [۷۳۱] بار روزانہ اسمِ خالق کو پڑھے ۔ ضروریاتِ دین پر اس کا ایمان کامل ہو اس کے عدد کبیر سات سو اکتیس [۷۳۱] ہیں اور عدد اوسط چوہتر [۷۴] اور عدد صغیر دو [۲] ہیں۔

فائدہ :۔ انسان کو چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کے امور میں خاموشی اختیار

کرے اور راضی بقضاء رہے ۔

اسمِ خیر الناصرین کے فوائدِ جلیلہ :۔ خیر الناصرین کا معنی ہے بہتر مددگار جو شخص یا خیر الناصرین کو کثرت سے پڑھے ۔ اللہ تعالیٰ ہر معاملے میں اس کی نصرت فرمائے گا۔ اور اگر عدد کبیر ایک ہزار دو سو گیارہ [۱۲۱۱] اور دوسرے نسخہ کے مطابق ایک ہزار دو سو بیالیس [۱۲۴۲] ہیں اور عدد اوسط ایک سو چھبیس [۱۲۶] ہیں اور عدد صغیر نو [۹] ہیں۔

فائدہ :۔ انسان کے لیے بہتر ہے کہ دین کے معاملات میں دل و جان سے کوشش کر کے دینی امور میں دوسروں کی بھی مدد اور نصرت کرے ۔

اسمِ دیان کے خواص عجیبہ :۔ دیان کا لغوی معنی دین کا ہے یعنی برابر اور اصطلاحی معنی ۹ ہیں۔ (۱) جزاء (۲) خواندن (۳) توحید (۴) حساب (۵) عدل (۶) ملت (۷) اسلام (۸) ایمان (۹) مدد ۔ جیسے قرآن کریم میں ہے لکم دینکم ولی دین اور اتخذوا دینھم لھواً ولعباً ۔ عاقبت [۱۰] اور عید [۱۱] کے معنوں میں بھی استعمال ہوتا ہے ۔ شریعت [۱۲] حد شرعی [۱۳]، طاعت [۱۴] عادت [۱۵] ، فروتنی [۱۶] اور قہر [۱۷]۔ جو شخص اسمِ دیان کا کثرت سے ذکر کرے گا ۔ یہ تمام معانی اس کے نفس میں پیدا ہوں گے ۔ اس کے عدد کبیر پینسٹھ [۶۵] ہیں اور عدد اوسط گیارہ [۱۱] اور عدد صغیر ۲ ہیں ۔

فائدہ :۔ انسان کو ہر کام کو اعتدال کو مدنظر رکھنا چاہیے ۔ حد سے تجاوز غیر مناسب ہے ۔

اسمِ شکور کے فوائد جلیلہ :۔ بمعنی شکر کرنے والا شکر عبادت ہے اور معنی اس کا جزاء دینے والا کے ہیں۔ جو شخص شب کوری کے مرض میں مبتلا ہو چالیس بار "اسمِ یا شکور" کو پڑھ کر پانی پر دم کرے اور آنکھوں کو دھوئے شفا نصیب ہوگی

جو شخص تنگ دستی میں مبتلا ہو۔ اسمِ شکور کو کثرت سے پڑھے اللہ تعالیٰ اسے دولت واسعہ عطا فرمائیں گے۔ اس کے عدد کبیر پانچ سو چھبیس ۵۲۶ ہیں اور عدد اوسط اٹھاون ۵۸ ہیں اور عدد صغیر چار ۴ ہیں۔

فائدہ:۔ انسان کو لازم ہے کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے اور مخلوق سے اپنے محسن کا بھی شکریہ ادا کرے۔ حدیث شریف میں ہے لا یشکر اللہ من لا یشکر الناس

اسمِ عظیم کے اسرارِ غریبہ:۔ عظیم کا معنی ہے نہایت بڑا اور برتر۔ جو شخص اسم یا عظیم کو کثرت سے پڑھے گا مخلوق کی نظروں میں عظیم ہوگا جو شخص حکام اور رؤسا کے ہاں اپنی عزت و تکریم چاہے اسے لازم ہے کہ اس اسم یا عظیم کے ذکر پر مداومت کرے۔ اس کے عدد کبیر ایک ہزار بیس ۱۰۲۰ ہیں اور عدد اوسط ایک سو دو ۱۰۲ ہیں اور عدد صغیر تین ۳ ہیں۔

فائدہ:۔ بندہ کو لازم ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنے نفس کو ذلیل اور حقیر سمجھے اور ساری کائنات کو اللہ کی عظمت کے سامنے حقیر جانے۔

اسمِ شافی کے خواص:۔ شافی کے معنی مصیبت سے چھٹکارا دینے والا، جو شخص اسمِ شافی کو دواء پر تین سو اکانوے ۳۹۱ بار پڑھ کر مریض کو استعمال کرائے تو مریض صحت یاب ہو۔ جو شخص اسمِ شافی پر مداومت کرے گا۔ ظاہری باطنی امراض سے اللہ تعالیٰ اسے شفا عطا کرے گا۔ اسمِ شافی کو کثرت سے پڑھنے والا بیمار نہ ہوگا۔ اگر کھانے پر دم کرکے کھائے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس کھانے کے کھانے میں اسے نقصان نہ ہوگا۔ اس کے عدد کبیر تین سو اکانوے ہیں اور عدد اوسط چالیس اور عدد صغیر چار ہیں۔

فائدہ:۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کی ذات اقدس کو حقیقی شافی تصور کرے

کسی اور سے امیدِ شفا نہ رکھے۔

تتمۂ کتاب

اللہ تعالیٰ کے ننانوے ۹۹ اسماء جو کہ اسمائے حسنیٰ کے نام سے مشہور ہیں خواص اور معانی کے ساتھ تحریر کیے گئے ہیں۔ اگرچہ بعض نسخوں میں کچھ اسماء مقدس اور بھی ہیں مگر احقر مؤلف نے اصل نسخے کو مدنظر رکھا اسی وجہ سے کچھ اسماء احاطۂ تحریر میں نہیں آسکے اور وہ اسماء یہ ہیں:۔

مقتدر۔ متین۔ غفار۔ حافظ۔ محصی
معز۔ خافظ۔ مبدی۔ معید۔ محیی
ممیت۔ واجد۔ ماجد۔ مقدم۔ مؤخر
منتقم۔ مالک الملک۔ متعالی۔ ذوالجلال
والاکرام۔ مقسط۔ جامع۔ مغنی۔ قہار
رشید۔ عالم الغیب والشہادۃ

جو اسماء تحریر کیے گئے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک اسم کے عدد کبیر عدد اوسط اور عدد صغیر بھی تحریر کیے گئے ہیں۔ عدد کبیر سے مراد اسم کے جملہ حروف کے اعداد کا مجموعہ ہے۔ عدد اوسط سے مراد الوف میں عدد صغیر سے مراد تیسرا حصہ ہے مثلاً ہزار کا تیسرا حصہ ۳۳۳ ہے اور اسی طرح مات عشرات اور عدد صغیر سے مراد مجموعہ کے واحد ہیں۔ عامل کو لازم ہے کہ اعداد کے مراتب کو حفظ کرے تاکہ بوقت عمل اور تعویذ لکھنے کے وقت غلطی سرزد نہ ہو۔

باب دوم

درود شریف کے فضائل

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اسماء مطہرہ کے معانی اور خواص کا لکھنا موقع کے مناسب تھا۔ مگر کتاب دلائل الخیرات اس سلسلہ میں سمجھدار طالب کو کفایت کرتی ہے مگر تبرکاً درود تاج کے فضائل اور خواص اس کتاب میں مختصر درج کیے جاتے ہیں۔

درود تاج کے اسرار عجیبہ

اس درود شریف کے خواص تو بہت ہیں مگر اس کتاب میں مختصر درج کیے جاتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا عجیب عمل

جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہونا چاہیے اسے لازم ہے کہ کپڑے پاک صاف پہن کر جمعہ کی رات باوضو خوشبو لگا کر ایک سو ستر بار درود تاج شریف کو پڑھے۔ گیارہ راتیں ایسا کرنے سے رحمۃ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوگا اور صفائی باطن کے لیے روزانہ صبح کی نماز کے بعد سات بار پڑھنا کافی ہے۔

دفع سحر و دفع آسیب کا عظیم عمل

جادو اور جنات اور ارواح خبیثہ کے دفعیہ کے لیے گیارہ بار درود تاج پڑھ کر

دم کرنا مفید ترین ہے۔ جنات بھاگ جاتے ہیں اور نیز شیاطین انس و جن کے دفاع کے لیے بھی کار آمد عمل ہے۔

دفاع دشمن اور وسعت رزق کیلیے سریع التاثیر

جو شخص دشمن سے خوفزدہ ہو یا حاکم ظالم سے نقصان کا خطرہ ہو یا کسی مصیبت میں مبتلا ہو یا تنگ دستی کے آسیب نے اسے گرفتار کر رکھا ہو۔ اس درود شریف تاج کو روزانہ بعد نماز عشاء اکتالیس بار پڑھا کرے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے مقصود حاصل ہوگا اور درود تاج شریف یہ ہے:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللھم صلّ علی سیدنا محمد ومولانا محمد صاحب التاج
والمعراج والبراق والعلم دافع البلاء والوباء والقحط
والامراض والالم اسمه مکتوب مرفوع مشفوع منقوش
فی اللوح والقلم سید العرب والعجم جسمه مقدس مطهر
معطر منور فی البیت والحرم شمس الضحیٰ بدر الدجیٰ
صدر العلیٰ نور الهدیٰ کهف الوریٰ مصباح الظلم جمیل الشیم
شفیع الامم صاحب الجود والکرم والله عاصمه وجبریل
خادمه والبراق مرکبه والمعراج سفره وسدرة المنتهیٰ
مقامه وقاب قوسین مطلوبه والمطلوب مقصوده والمقصود
موجوده سید المرسلین خاتم النبیین شفیع المذنبین
انیس الغریبین رحمة للعالمین راحة العاشقین مراد المشتاقین
شمس العارفین سراج السالکین مصباح المقربین محب
الفقراء والغرباء والمساکین سید الثقلین نبی الحرمین

امام القبلتین وسیلتنا فی الدّارین صاحب قاب قوسین
محبوب رب المشرقین وربّ المغربین جدّ الحسن والحسین
ومولانا ومولی الثقلین ابی القاسم سیّدنا محمّد بن عبداللہ
نور من نور اللہ یا ایھا المشتاقون بنور جماله صلّوا
علیه وآله واصحابه وسلم تسلیما کثیرًا کثیرًا ۔

باب سوم

اسمائے روحانیہ اور تسخیرِ جنّات

جو شخص جنات کو دیکھنا چاہے اور ان کی گفتگو سننا چاہے ۔ ہرن کے دل یا بکرے کے دل پر اسماء رحانیہ کو لکھ کر جلائے اور ان کا سرمہ بنائے اور آنکھوں میں لگائے جس کے لگانے سے جنات اس کو نظر آئیں گے ۔ ان سے جو بھی گفتگو کرے گا اس کے سوال کا جواب دیں گے اور اس کا حکم مانیں گے اور ہر قسم کے خفیہ معاملات سے مطلع کریں گے لیکن اس کی شرط یہ ہے خلوت میں مکان اور لباس کی طہارت کے ساتھ ہر نماز کے بعد تین بار اسمائے رحانیہ کی تلاوت کرے ۔ تین روز کے بعد رحانیوں کی حاضری ہو گی ۔ ملائکہ کے آگے بزرگ جنات کی حاضری ہو گی ۔ اس کے علاوہ بھی اکثر عملیات میں کارآمد ہیں ۔ اللہ تعالیٰ نے اگر فرصت عطا فرمائی تو ہر ایک اسم کے علیحدہ علیحدہ خواص درج کیے جائیں گے اور اسمائے رحانیہ بمع مؤکلات کے اگر عامل کو درکار ہوں تو مطولات میں تلاش کرے اور اسمائے رحانیہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں ۔

یاکسفیائیل ۔ ومادعیل ۔ یاردقیائیل ۔ یا میکائیل
یامہیائیل ۔ یاکرودیائیل ۔ یاترموقیائیل ۔ یا ہریائیل
یاشرمطیائیل ۔ یاکرفیائیل ۔ یاالیائیل ۔ یا طوطیائیل
یاہشفیائیل ۔ یاقرطیائیل ۔ یاعشقریایل ۔ یاعصفریائیل
یادرخیایل ۔ یابدیائیل ۔ یاففقیائیل ۔ یاخلیائیل
یامقدیائیل ۔ یاعذریائیل ۔ یاتلدیائیل ۔ یا مدیائیل
یامنقریائیل ۔ یادرفیائیل ۔ یادرمیائیل ۔ یا ہرکیائیل
یاجبریائیل ۔ یاسمسائیل ۔ یاصوریائیل ۔ یا طرطیائیل
یاعجلیجیائیل ۔ یاعلہیائیل ۔ یا ہرقیائیل ۔ یاسعفیائیل

باب چہارم

اسمائے مجرّدہ

یہ سریانی زبان کے اسماء ہیں مثل سابقہ اسماء کے عاملین کے لیے مفید تر ہیں جس طرح اسمائے رحانیہ میں پاکیزگی وغیرہ کے شرائط ہیں ۔ ان میں بھی وہی شرائط ہیں اسمائے مجردہ یہ ہیں جن میں اکثر سریانی زبان کے ہیں ۔

یاشمخیثا ۔ یا ثمثیثا ۔ یا شمخویثا ۔ یا دہموتا
یاشلتیموثا ۔ یا شموثیثا ۔ یا رموطتف ۔ یانورشیث
یاکروجطب ۔ یا جتنی ۔ یا طف ۔ عاطف

یاشطیطشح النوار ۔ قطع النور ۔ شقهمات ۔ یفتح
یاطوبیح ۔ یاسوشتکیفائیل ۔ یا باقی ۔ یااللہ
یاادوناہی اصباؤ ۔ ال شدائی ۔ یاطہیرج ۔ یارکحطفیکا
یامہلتیج ۔ القوی ۔ المتین ۔ یاغیاث
من لاغیاث لہ ۔ بالشدی ۔ یامن لاشی مثلہ ۔ یاباری
یاواحد ۔ یااحد ۔ یاصمد ۔ یااللہ ۔ یاحیّ ۔ یاقیوم
یادائم ۔ یاابدالاباد ۔ یاطموثنۃ ۔ یاعلیططنیثا ۔ یاعطونہ
یاعلیططیثا ۔ یاشطیثا ۔ یامطیش ۔ یاطینہوج ۔ یاطبرہوج
یاعینج ۔ یاعیثیج ۔ یاملیطیا ۔ یاوہوثا ۔ یامتعجعوقی
یامرقیلا ۔ مرقودا ۔ لہورا ۔ یاسطتی ۔ یاطہرطیش
یامغروثا ۔ یالہوبہ وہو ۔ یاسمغیثا ۔ یانورثا ۔ یاعلیثا
یااللہ ۔ یامن یغنی الملوک ۔ وبقی ہو ۔ یامن لاالٰہ الا اللہ
یامن ہو ۔ الاول والآخر ۔ والظاہر ۔ والباطن
یاسطیتیع ۔ یااکوسیثا ۔ یاالمہریا ۔ یاواہ ثمود
یاشامالخ ۔ ملمنی ۔ لہلوخم ۔ بدوہ ۔ نود سایا
یاقخیا ۔ رشیح ۔ یاحیثا ۔ یالوتاری ۔ لوثا
اہنیثا ۔ لہیططیوثا ۔ یادربوثا ۔ طلمیثا ۔ لہیثا
مثوثا ۔ یاجہا ۔ یاشہشہیوث ۔ یافرشا ۔ یاشوشیثا
یاشربوثا ۔ یاشہدیوثا ۔ اشمخاد ۔ ملخاد ۔ تلوخالخ
لمیثا ۔ الوہیخا ۔ ونسیما ۔ خالدین ۔ عامن طیثا
غیاثا ۔ خاکلموثا ۔ الاشیثا لیکریثا ۔ مروامروشا

ثمخینا ۔ ثوربا ۔ آیہ بہ وہ ۔

پانچواں باب

اعمالِ متفرقہ

مختلف آیات اور اسماء کو اس باب میں جمع کیا گیا ہے ۔

حُب کے لیے بے نظیر عمل :۔ منگل کے دن نمک کی سات کنکریوں پر مع نام طالب اور مطلوب اور ان کی والدہ کے نام کے ساتھ آیت شریفہ کو سات بار پڑھ کر ہر کنکری پر پڑھ کر آگ میں ڈالے اور آیت یہ ہے :۔

قُلُ علیہا الذین توعدون

حب کیلیے مختلف و مجربہ :۔ کسی کو اگر مطیع کرنا مقصود ہو تو اکیس مرتبہ فلفل سیاہ پر مندرجہ ذیل دعا پڑھ کر دم کرے اور آگ میں ڈال دے ۔ ایک منگل سے دوسرے منگل تک یہ عمل کرے ۔ مطلوب حاضر ہوگا دعا یہ ہے :۔

واللہ علیٰ ذٰلک والشہید واللہ ذٰلک تشد ید فلاں
بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں

دیگر عمل :۔ مطلوب کو حاضر کرنے کا بہترین عمل یہ ہے ۔ یہ عمل چار جمعراتیں کرے جس کو بھی مطیع کرنا چاہے دل وجان تابع ہوگا ۔ اسم یہ ہے :۔

یامقلّب القلوب والابصار تقلیۃ البا ع

مطلوب کے عدد کے مطابق پڑھے ۔

دیگر :۔ تسخیر مطلوب کا بہترین عمل اگر کوئی شخص کسی عورت کو اپنے عشق میں مبتلا کرنا چاہے تو منگل یا اتوار کے دن انجیر کی لکڑی لے کر ایک کتیا کو مارے اور پھر اس لکڑی کو جلائے اور اس کی راکھ کو اپنے پیشاب میں ملا کر گولیاں بنائے اور ان ایام مذکورہ میں سے کسی ایک دن ایک گولی جس عورت کو مارے گا فریفتہ ہو گی

دیگر :۔ جو شخص کسی کو مسخر اور تابع فرمان کرنا چاہے تو چندی جمعرات کو عطر گلاب اور دیگر خوشبودار اشیاء کا استعمال کرے اور ایک سو ایک مرتبہ یہ دعا پڑھے پھر خوشبودار پھول پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے جس کو بھی سنگھائے گا وہ اس پر فریفتہ اور مہربان ہو جائے گا۔ اگر حاکم یا ظالم کے پاس جاتے ہوئے تین مرتبہ پڑھ کر پھونک مارے تو حاکم مہربان ہوگا اور اگر شیرینی پر دم کر کے کھلائے گا تو وہ اس پر فریفتہ ہو جائے گا۔ دعا یہ ہے :۔

اھیا اشراھیا عجیبونی واعینونی بامرکو بحق اٰلوھ وھج ھنکیور شاشین باذن اللہ اکرمنی بحق اکرمتی طنہ لی ملتھوجوگتی عواری عمارہی مشتاری ماسریو سلیمان کشمیری بحق اھمھ ادھمھ بحق التوریت والانجیل والزبور والفرقان مہر محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

دیگر :۔ حب کے لیے سریع التاثیر دعا۔ اگر کسی کے دل میں اپنی محبت کرنی مقصود ہو تو ایک پیر رات گزرنے کے بعد ایک سو ایک بار روزانہ دعا پڑھے اور اسی قدر لوبان کی دھونی دے تھوڑے دنوں میں محبت ظہور پذیر ہو گی۔ دعا اگلے صفحہ پر ہے :۔

یا حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ

درد زہ کے لیے مفید عمل :۔ اگر عورت درد زہ میں مبتلا ہو تو یہ دعا لکھ کر ریشم کے دھاگے سے عورت کی کمر میں باندھنے سے بغیر تکلیف کے بچہ پیدا ہوگا۔ لیکن بعد پیدائش کے فوراً یہ نقش اتار لینا چاہیے ورنہ جو کچھ پیٹ میں ہے سب کچھ باہر آجائے گا۔ دعا یہ ہے :۔

السکول والسکول لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم

ایک نادر عمل :۔ اگر کسی کی دیوار پھٹ گئی ہو یا دیوار گر جانے کا خطرہ ہو تو یہ دعا لکھ کر دیوار پر لگا دیں۔ جب تک یہ دعا دیوار پر رہے گی یہ دیوار نہ گرے گی۔ دعا یہ ہے :۔

بحق شاہ معروف کرخی بماند سالہا دیوار ترقی

مگر بعد اس کے کچھ صدقہ کرے۔ بانجھ عورت کے لیے عجیب علاج جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے۔ جس عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو۔ سورۃ نون زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے تو حاملہ ہو جائے گی۔

دیگر :۔ بانجھ عورت کے لیے سریع التاثیر دعا۔ جس عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو یا جس درخت کو پھل نہ لگتا ہو تو چندی جمعرات کو لکھ کر لوبان کی دھونی دے اپنے پاس رکھے یا درخت پر لٹکائے تو درخت کو بہت پھل لگے گا۔ دعا یہ ہے :۔

ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو اللہ اللہ
اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ حیّ حیّ حیّ حیّ حیّ
حیّ حیّ حیّ حیّ قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم
قیوم وصلی اللہ علیٰ خیر خلقہ محمد وآلہٖ وصحبہ
اجمعین

باب ششم

مختلف سورتوں کے مختلف خواص

اس باب میں دو فصل ہیں ۔ فصل اول میں سورتوں کے فوائد اور فصل دوم میں ایاتِ متفرقہ کے فوائد کا بیان کیا جائے گا ۔

فصل اول :۔

اگر کسی شخص کی بینائی کمزور ہوگئی ہو تو سورہ انبیاء چالیس یوم لکھ کر اسے پلائیں ۔ انشاءاللہ بینائی لوٹ آئے گی ۔

سورۂ نازعات کے فوائد :۔

سورۂ نازعات کو لکھ کر موم جامہ کر کے جو شخص اپنے پاس رکھے جملہ آفات سے مامون رہے گا اور اللہ تعالیٰ اس کے جملہ گناہوں سے درگزر فرمائے گا اور ہتھیار اس پر کارآمد نہ ہوں گے ۔

سورۂ تکویر کے خواص :۔

جو شخص کسی کا دل اپنے عشق میں بے قرار کرنا چاہے تو اسے لازم ہے کہ سورۂ تکویر کو مطلوب کے نام مع اس کی والدہ کے نام کے سات بار فلفل سیاہ یا نمک پر دم کر کے آگ میں ڈالے ۔ انشاءاللہ چند روز میں مطلوب طالب کا عاشق ہو کر حاضر ہوگا ۔

تسخیرِ مطلوب کا سریع الاجابت عمل :۔

اگر سورہ انفطار کو پانچ بار پڑھ کر شکر پر دم کر کے جس کو کھلائیں گے ۔ وہ

طالب کا عاشقِ زار ہوگا ۔

دیگر تسخیرِ مطلوب کا نادر عمل :۔

جو شخص سورہ مطففین کو سو بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس پانی سے آٹا گوندھ کر گولیاں بنائے ۔ اگر کسی کو مسخر کرنا مقصود ہو تو اس کی ماں کے نام ساتھ پڑھے اور مرغ کو کھلائے ۔ گولیاں کھلاتے ہی کام ہو جائے گا ۔

سورۂ بروج کے خواص :۔

اگر دشمن کو تباہ کرنا مقصود ہو تو اس سورۃ کو لکھ کر دشمن کی گزرگاہ میں دفن کر دے دشمن تباہ ہو جائے گا ۔

سورۂ طارق کے خواص :۔

حصولِ مقاصد کی اس سورۃ میں عجیب تاثیر ہے جو شخص سورۃ طارق کو آدھی رات کے وقت دریا کے کنارے پر پڑھے تو اس کا مقصد جلد حاصل ہوگا اور اگر مقصود حصولِ سلطنت ہے تو وہ بھی حاصل ہوگا ۔

سورۂ اعلیٰ کے فوائد :۔

مور کے پر کے اوپر ۷۰ بار پڑھ کر دم کر کے مریض کے بازو پر باندھے تو مریض جلد شفایاب ہوگا ۔

سورۂ غاشیہ کے فوائد :۔

اگر کسی کو زہر دیا گیا ہو تو سورۃ غاشیہ ۱۵ دفعہ نہر کے پانی پر دم کر کے مسموم کو پلائے

دودھ کی زیادتی کا نادر عمل :۔

عورت یا جانور کا دودھ کم ہو تو یہ آیات سات دفعہ ممسک پر دم کر کے عورت کو یا جانور کو غذا میں کھلائیں دودھ اس قدر زیادہ ہوگا کہ بچے سیر ہو جائیں گے ۔ (آگے)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ مَثَلُ الَّذِیۡنَ یُنۡفِقُوۡنَ اَمۡوَالَہُمۡ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ کَمَثَلِ حَبَّۃٍ اَنۡۢبَتَتۡ سَبۡعَ سَنَابِلَ فِیۡ کُلِّ سُنۡۢبُلَۃٍ مِّائَۃُ حَبَّۃٍ ؕ وَاللّٰہُ یُضٰعِفُ لِمَنۡ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیۡمٌ

دست غیب کا عمل :۔

آدھی رات کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم گیارہ مرتبہ یا عزیز گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر گیارہ دفعہ یا رحیم یا کریم پڑھے تو ایک چلّہ میں فتوحات کے دروازے کھل جائیں گے۔

وسعت رزق کا کامیاب عمل :۔

وسعت رزق کے لیے روزانہ عشاء کی نماز کے بعد یا غفور کو ہزار بار پڑھے۔ اکیس روز کے بعد اس کے اسرار ظاہر ہوں گے۔ آزمودہ ہے۔

جملہ حاجات کا سریع التاثیر عمل :۔

سوا پاؤ ماش کا آٹا گوندھ کر اپنے ہاتھ سے روٹی پکائے اور پاک رومال میں رکھ کر روٹی کے چار حصّے کرے۔ کنار سحرائی کے مطابق چار گولیاں بنائے اور ہر گولی پر یہ اسم ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ گولیاں بمعہ بقیہ روٹی کے دریا میں ڈالے اسم یہ ہے :۔

یا اسرافیل بحق یا اللہ

یہ عمل چالیس دن کرنے سے مراد پوری ہوگی۔

دردِ بدن کو ختم کرنے کا کامیاب عمل :۔

جہاں درد ہو وہاں ہاتھ رکھ ایک حرف پر کیل لگائے۔ درد ختم ہو جائے گا۔ کیل لگانے سے پہلے مریض سے ایک پھل نہ کھانے کا وعدہ لے لے۔ جب تک وہ پھل نہیں کھائے گا درد نہیں ہوگا۔ وہ اسم اگلے صفحہ پر دیکھیں۔

یا سمعلونی والمطانی یا سمعلون ۝

آنکھ میں درد ہو تو حرف عین پر کیل لگائے۔ سر میں درد ہو تو حرف "یا ی" پر نیم کے درخت میں کیل لگائے۔ دانت میں درد ہو تو حرف سین پر پیپل کی جڑ میں کیل لگائے بخار کے لیے حرف نون پر درخت برگد یا شہتوط کی جڑ میں کیل لگائے۔ مگر کیل لگانے سے پہلے یہ آیت پڑھ کر دم کرے :۔

اُفَوِّضُ اَمۡرِیۡۤ اِلَی اللّٰہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیۡرٌۢ بِالۡعِبَادِ

زہر کا اثر ختم ہو جائے گا

سورہ فجر کے خواص :۔

جو شخص مشک اور زعفران سے لکھ کر سورۃ فجر کو اپنے پاس رکھے۔ تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

سورہ بلد کے فوائد :۔

اگر مجنون کا علاج مقصود ہو تو سورۃ بلد کو کبوتر کے خون سے لکھ کر مجنون کے گلے میں ڈالیں۔ انشاءاللہ مریض صحت یاب ہوگا۔

سورہ شمس کے فوائد :۔

جو شخص کسی کو اپنے عشق میں مبتلا کرنا چاہے۔ سورۃ شمس کو اس آدمی کے نام کے ساتھ لکھ کر اپنے گھر میں دفن کرے۔ مطلوب حاضر ہو کر محبت کا اظہار کرے گا۔

سورۃ واللیل کے خواص :۔

جس شخص کو سخت مشکل پیش آجائے۔ آدھی رات کو نفل پڑھ کر اس سورۃ کو گیارہ دفعہ پڑھ کر سو جائے تو مشکل کے حل سے مطلع ہو۔

سورہ والضحٰے کے خواص :۔

جو شخص اس سورۃ کو دریا کے کنارے سات بار پڑھ کر حضور علیہ السلام اور

خضر علیہ السلام سے مدد طلب کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی مراد پوری کرے گا۔

سورۃ الم نشرح کے خواص :۔

جو شخص گھوڑے کے چمڑے پر اس سورۃ کو لکھ کر بازو پر باندھے جادو وغیرہ اس پر اثر نہیں کریگا۔

خاصیت ۲ جو شخص کسی کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا چاہتا ہو سات مرتبہ شکر پر دم کر کے مطلوب کو کھلائے تو مطلوب طالب کا عاشق ہو جائے گا۔

خاصیت ۳ :۔ پتھری کے لیے بارہ دفعہ سورۃ الم نشرح کو پڑھ کر مریض کو دم کرے تو گردے کی تکلیف سے مریض کو شفا ہو گی۔

خاصیت ۴ جس شخص کا کاروبار بند کر دیا گیا ہو ہر نماز کے بعد سورۃ الم نشرح سات بار پڑھے، کاروبار کھل جائے گا۔ بلکہ تمام مشکلات آسان ہوں گی۔

خاصیت ۵ :۔ غم ہموں کے دفعیہ کے لیے سورہ الم نشرح کو بلوری برتن میں لکھ کر پیئے۔ تمام پریشانی اور غم دور ہوں گے۔

سورہ تین کے خواص :۔

جو عورت دردِ زہ میں مبتلا ہو اس سورۃ کو مشک و زعفران سے لکھ کر اس کے بازو پر باندھیں۔ انشاء اللہ نہایت آسانی سے وضع حمل ہو۔

خاصیت :۔ سخت دشمنوں میں صلح کرانے کے لیے یہ سورۃ روٹی پر لکھ کر ان دونوں شخصوں کو کھلانے سے فوراً صلح ہو جائے گی لیکن لکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سَافِلِيْنَ کے بعد فلاں بن فلاں فی محبۃ فلاں بن فلاں لکھ کر کھلائیں۔

سورۃ اقراء کے خواص :۔

اگر کسی عورت کے پیٹ میں درد ہو تو سورۃ اقراء کو سفید بلغ کے چمڑے پر لکھ کر

مریضہ کے بازو پر باندھنے سے شفا نصیب ہو گی۔

سورہ بیّنہ کے خواص :۔

جس عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو جمعرات کو اپنی وسعت سے فقیروں کو کھانا کھلائے خصوصاً نوچندی جمعرات کو سات روز تک مشک اور زعفران سے اس سورۃ کو لکھ کر سات روز تک پیوے انشاء اللہ ضرور حاملہ ہو گی۔

سورۃ زلزال کے خواص :۔

جس عورت کو دردِ زہ کی تکلیف زیادہ ہوتی ہو نہر اور دریا کا پانی لا کر سات دفعہ اس سورۃ کو پڑھ کر دم کرے اور اس عورت کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسانی سے بچہ پیدا ہو گا۔

سورۃ عادیات کے خواص :۔

اگر کسی شخص کو سخت درد یا کوئی ایسی مرض پیدا ہو گئی ہو، جس کے علاج سے اطباء عاجز ہوں۔ سات روز تک پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور چینی کے برتن پر لکھ کر پیئے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو گی۔

سورہ القارعہ کے خواص :۔

اگر کسی مکان میں جنات کا سایہ ہو تو اس سورۃ کو مشک اور زعفران سے لکھ کر گھر میں لٹکا دیں انشاء اللہ جنات وغیرہ بھاگ جائیں گے۔

سورہ الحاقہ کے خواص :۔

اگر دو شخصوں کے درمیان میں نفرت یا عداوت کرانی مقصود ہو۔ عداوت کی نیت کر کے اس سورہ کو پڑھ پڑھ کر ان کو پھونکے اور لکھ کر کسی قصاب کی قبر میں دفن کرے۔

❖ ❖ ❖

سورۃ تکاثر کے خواص :۔

جو شخص چاہے کہ مفرور شخص واپس آئے تو اس سورۃ کو لکھ کر بکرے یا کبوتر کے گلے میں ڈالے تو انشاء اللہ گم گشتہ واپس آجائے گا۔

خاصیت :۔ اگر صبح کی نماز کے بعد آدھے سر کے درد یا پورے سر کے درد والے کو دم کریں تو شفا نصیب ہوگی۔ جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ دشمن کو دفع کرنے کے لیے جمعرات کو پڑھے تو دشمن دفع ہوگا۔ اگر منگل یا بدھ کی رات کو سورۃ کے عدد کے موافق پڑھے تو دشمن دفعہ ہو جائے گا۔ اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کے دشمن کے گھر میں پتھر پڑیں گے تو پرانے سفال پر لکھ کر اس کے گھر میں دفن کرے تو پتھر پڑیں گے۔

خاصیت :۔ اگر دشمن کا پیشاب بند کرنا مقصود ہو تو انڈے کے خالی پوست پر لکھ کر کپڑے میں لپیٹ کر آگ میں دفن کر دیں پیشاب بند ہو جائے گا۔

سورہ عصر کے خواص :۔

جس عورت کا دودھ کم ہو لکھ کر عورت کے گلے میں ڈال دیں، دودھ زیادہ ہو جائے گا۔

سورۃ ہمزۃ کے خواص :۔

جس شخص کو جنات کا سایہ ہو، یہ سورۃ لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دیں سایہ دفع ہو جائے گا۔

سورہ فیل کے خواص :۔

جو شخص یہ سورۃ لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے۔ دنیا کی محبت اس کے دل سے نکل جائے گی۔ روزانہ سات بار پڑھنے والا عذاب قبر سے محفوظ رہے گا۔

سورہ ماعون کے خواص :۔

جس آدمی کے جسم میں درد ہوتا ہو، نہر کے پانی پر دم کر کے پیئے۔ سات دن میں ٹھیک ہو جائے گا۔

سورہ کافرون کے فوائد :۔

جس آدمی کو بواسیر کی بیماری ہو مشک سے لکھ کر بازو پر باندھیں یا اکیس روز پلائیں۔ بواسیر کی بیماری ختم ہو جائے گی۔

سورہ نصر کے فوائد :۔

جو آدمی تنگ دستی میں مبتلا ہو چالیس روز تک وسعت رزق کے لیے چالیس بار پڑھا کرے تو رزق میں فراخی نصیب ہوگی۔

سورہ لہب کی خاصیت :۔

جس آدمی کو کوئی سخت تکلیف ہو سات بار پلانے سے شفا نصیب ہوگی

سورۃ اخلاص کے فوائد :۔

جو شخص قید خانہ میں محبوس ہو اس سورۃ کو چالیس دن میں ایک لاکھ بار پڑھے تو رہائی نصیب ہوگی۔

خاصیت :۔

اگر کسی کی قوت مردمی بند ہو تو ۷۰ بار درود شریف ۷۰ بار سورہ اخلاص ۷۰ بار لاحول ولا قوۃ الا باللہ اور ۷۰ بار تیسرا کلمہ پڑھ کر روٹی پر دم کر کے مریض کو کھلائیں مریض تندرست ہو جائے گا

سورہ فلق کے خواص :۔

اگر کسی آدمی کو چوری کی عادت ہو تو اس سورۃ کو کبوتر کے خون سے لکھ کر

اس کے بازو پر باندھیں یہ بُری عادت چھوٹ جائے گی ۔

سُورہ والناس کے خواص :۔

جو شخص صبح کی نماز کے بعد سورۃ والناس کو پڑھا کرے ۔ دین و دنیا میں بھلائی نصیب ہو ۔

وسعت رزق کا نادر عمل :۔

حضرت جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ اگر تنگ دست و نادار آدمی سورہ قدر پر مداومت کرے تو اس کے رزق میں برکت ہو گی ۔

بینائی لوٹانے کا عظیم عمل :۔

جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ انسان کی بینائی کمزور ہو تو سورۂ قدر اکیس بار پڑھ کر اپنی آنکھوں پر دم کرے انشاء اللہ فائدہ ہوگا ۔

ادائے قرض کیلیے سُورہ عادیات کا سریع التاثیر عمل :۔

اگر کوئی شخص مفلس اور تنگ دست ہو تو سورہ عادیات پر مداومت کرتے ہوئے تھوڑے عرصہ میں مفلسی سے نجات حاصل ہوگی ۔

خاصیت :۔

اگر بخار والے کو کورے سفال پر سورہ عادیات لکھ کر تین روز مسلسل پلانے سے تپ اور بخار سے نجات اور شفا نصیب ہوگی ۔

اگر طالع میزان میں جبکہ قمر میزان میں ہو ہاتھی کے دانت پر سُورہ عادیات لکھ کر گھوڑے کی گردن میں ڈالنے سے گھوڑا جملہ آفات و آسیب کے چکر سے محفوظ رہے گا ۔

فصل دوم

آیاتِ متفرقہ کے خواص

کلامِ پاک کے خواص تو بے شمار ہیں کئی دفتر لکھے جا سکتے ہیں ضخیم کتاب تیار کی جا سکتی ہے ۔ مگر اس کتاب میں میں نے چند سورتوں کے اور چند آیات کے خواص نمونے کے طور پر درج کیے ہیں تاکہ یہ کتاب بھی قرآن کریم کی برکت سے خالی نہ رہے ۔

پیشاب کھولنے کا عجیب عمل :۔

اگر کسی کا پیشاب بند ہو گیا ہو یا بند کر دیا گیا ہو تو یہ آیت مشک و زعفران سے لکھ کر مریض کو پلائیں ۔ انشاء اللہ پیشاب کھل جائے گا ۔ آیت شریفہ یہ ہے :۔

وَإِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْأَنْهَارُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَاءُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللَّهِ ۗ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ

بچوں کی بیماریوں کا علاج :۔

اگر کسی کا بچہ حد درجہ بیمار ہو اور کوئی دوا کارگر نہ ہو تو مندرجہ ذیل آیت شریفہ لکھ کر پلائیں اور پڑھ کر دم کریں ۔ انشاء اللہ بچہ شفا دیا جائے گا ۔ آیت یہ ہے :۔

وَإِنْ يَكَادُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَيُزْلِقُونَكَ بِأَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُولُونَ إِنَّهُ لَمَجْنُونٌ ۝ وَمَا هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِلْعَالَمِينَ ۝

بانجھ پن کا علاج :۔

اگر کسی عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو تو یہ آیت لکھ کر عورت اور مرد دونوں اپنے اپنے

بازو پر باندھ لیں انشاء اللہ تھوڑے دنوں میں حاملہ ہو جائے گی ۔ آیت یہ ہے :۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم وباللہ قادر خیر منھم خِیفَةً
قَالُوا لَا تَخَفْ وَبَشَّرُوهُ بِغُلَامٍ حَلِيمٍ فَأَقْبَلَتِ امْرَأَتُهُ فِي
صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوزٌ عَقِيمٌ قَالُوا كَذَلِكِ
قَالَ رَبُّكِ إِنَّهُ هُوَ الْحَكِيمُ الْعَلِيمُ ربنا اصلحا طویل العمر بحق
الحسن والحسین ومع اللہ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ
اجمعین

مرض کرنمول کا روحانی علاج :۔

یہ مرض کانوں کے نیچے ہوتی ہے یہ آیت دونوں پر کان کے نیچے اوپر لکھے انشاء اللہ جلد آرام ہوگا ۔

قوت مردمی کھولنے کا نادر عمل :۔

جس شخص کی قوتِ مردمی بند کر دی گئی ہو اور وہ اپنی عورت پر قدرت نہ رکھتا ہو تو یہ آیت مشک وزعفران سے لکھ کر بارش کے پانی سے پلائیں ۔ انشاء اللہ قوت مردمی پہلے سے بھی تیز ہو گی ۔ آیت یہ ہے :۔

وَمِنْ آيَاتِهِ خَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَثَّ فِيهِمَا مِنْ
دَابَّةٍ وَهُوَ عَلَى جَمْعِهِمْ إِذَا يَشَاءُ قَدِيرٌ

دو شخصوں میں جدائی کا مجرب عمل :۔

اگر دو آدمیوں کے درمیان دشمنی ڈالنا مقصود ہو تو آیت قلنا یا نار کونی برداً وسلاماً الخ کے جمیل کبیر سے عدد لے کر دونوں مطلوبوں کے نام معہ والدہ کے عدد لے کر تین تین کی طرح سے اس طلسم کے گرد لکھے اور آب رواں کے کنارے دفن کر دے بہت جلد جدائی اور نفرت پیدا ہو جائیگی طلسم یہ ہے ع ۲۲۴۴ و

حکایت :۔ بعض مشائخ کا طرزِ عمل یہ رہا ہے کہ ہر آنے والے مریض کو سورہ فاتحہ سورہ حشر کی آخری آیات لکھ کر دیتے تھے اور سورۂ اخلاص اور معوذتین پڑھ کر دم کرتے تھے اور یہ دعا بھی ساتھ پڑھتے تھے

اللھم رب الناس الہ الناس اذھب الناس واشف حامل
کتابی ھذا اشفاء لا یغادر سقما ولا دار بحولک وقوتک
انک علی من یشآء قدیر صلی اللہ علی سیدنا محمد وآلہ
واصحابہ وسلم تسلیما کثیرا کثیرا

اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہر مریض شفا پاتا ہے ۔ علماء کرام نے لکھا ہے کہ سورہ حشر کی آخری آیات میں شفا کی عجیب تاثیر ہے ۔

دفع تنائی کا مجرب عمل :۔

اس آیت کو اس مرض کے دفع کرنے میں خاص دخل ہے جس جگہ تکلیف ہو یہ لکھ کر باندھیں بہت جلد آرام ہوگا ۔ آیت یہ ہے :۔

وَاتَّبَعُوا مَا تَتْلُوا الشَّيَاطِينُ عَلَى مُلْكِ سُلَيْمَانَ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمَانُ
وَلَكِنَّ الشَّيَاطِينَ كَفَرُوا يُعَلِّمُونَ النَّاسَ السِّحْرَ وَمَا أُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ
بِبَابِلَ هَارُوتَ وَمَارُوتَ وَمَا يُعَلِّمَانِ مِنْ أَحَدٍ حَتَّى يَقُولَا
إِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ

دردِ زہ کے لیے نادر عمل :۔

دردِ زہ کے لیے اس آیت کو لکھ کر کچے دھاگے کے سات تار لیکر بائیں ران کے نیچے باندھیں انشاء اللہ فوراً بچہ باہر آجائے گا ۔ جب بچہ پیدا ہو جائے تو تعویذ فوراً کھول لیں اور پانی میں ٹھنڈا کریں یعنی دریا میں یا نہر میں یا تالاب میں ڈالدیں اگر تعویذ کھولنے میں دیر کی گئی تو عورت کے اندر کا سب مال باہر آجائے گا اور اسکی

جان خطرہ میں پڑ جائے گی ۔ آیت یہ ہے :۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۰ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۰ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۰ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۰ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ

ظالم حاکم کو معزول کرانے کا مجرب عمل :۔

حضرت جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ اگر ظالم حاکم کو معزول کرانا مقصود ہو تو سورۃ ص ایک سفال پر لکھ کر وہاں دفن کریں جہاں وہ حاکم بیٹھ کر حکم کرتا ہے انشاء اللہ تین روز میں معزول ہو جائے گا ۔

ظالم حکام کے لیے نادر عمل :۔

اگر ظالم افسر کو معزول کرانا ہے تو مندرجہ ذیل آیات سفال پر لکھ کر اس افسر کے دفتر کے دروازہ پر یا گھر کے دروازہ پر دفن کر دیں انشاء اللہ معزول ہو کر دفع ہو گا ۔

آیت یہ ہے :۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا الخ عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ سے بِغَيْرِ حِسَابٍ

تک لکھیں اور قدرت کا تماشہ دیکھیں ۔

ام الصبیان کا عمل :۔

جس بچہ کو ام الصبیان کا مرض لاحق ہو اور بہت روتا ہو تو یہ آیت بچہ کے کپڑے کا ٹکڑا لے کر اس پر یہ آیت لکھیں اور جھولے کے اوپر باندھ دیں ۔ انشاء اللہ بچہ تندرست ہو جائے گا ۔ آیت یہ ہے :۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۰ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۰

دودھ کی زیادتی کا عمل :۔

جس عورت کا دودھ کم ہو اور بچہ بھوکا رہتا ہو تو یہ آیت مشک و زعفران سے لکھ کر آبِ رواں سے دھو کر اس عورت کو پلائیں انشاء اللہ حیرت انگیز کامیابی ہو گی اور آیت یہ ہے :۔

مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا

کھانسی کے دفعیہ کا عمل :۔

جس کو کھانسی ہو اور آرام نہ آتا ہو تو یہ آیت لکھ کر پلانے سے آرام آ جائے گا شافی حقیقی اسے اپنے کلام کی برکت سے شفا بخشے گا ۔ آیت یہ ہے :۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ

فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ

آشوب چشم کا مناسب حل :۔

آنکھوں کے درد کیلئے صدقِ دل سے آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کرے شفا نصیب ہو گی

دیگر عجیب عمل :۔ ہر طرح کی آفات سے آنکھوں کی حفاظت کیلئے یہ آیت پڑھ کر دم کرنا مفید تر ہے فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا

دیگر مجرب عمل :۔ بینائی کی تیزی اور حفاظت کے لیے مندرجہ ذیل آیت کو سرمے کی سلائی پر دم کر کے آنکھوں میں ڈالے تو بینائی تیز ہو گی اور اگر پانی پر دم کر کے آنکھوں کو دھوئے تو جملہ آفاتِ نظر سے محفوظ رہے ۔ آیات یہ ہیں :۔

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۰ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ

درد دل و صدر کے لیے بہترین عمل :-

دل میں درد ہوتا ہو یا سینے میں تکلیف ہو تو یہ آیات بیّنات لکھ کر پینے سے شفا نصیب ہو گی۔ اللہ تعالیٰ کے کلام میں بڑی برکت ہے آیات یہ ہیں :-

لَئِنْ اَنْجٰیتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِیْنَ ۝ سَیُهْزَمُ الْجَمْعُ وَیُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ۝ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ ۝ اِنَّ اللّٰهَ یُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا ۝

مختصر خواص قرآن کریم کی بعض آیات یہاں درج کر دیے ہیں۔ طلسمات اور تعویذات کے باب میں بھی آیات مع خواص درج کی جائیں گی۔

حصہ اوّل مکمل ہوا۔

تمّت بالخیر

تحفۃ العاملین

معروف بہ

طلسمات نادرہ

نماز قضائے حاجت و بیان حصار و نوافل ہفتہ و قواعد وظیفہ و ادویات معالجہ وغیرہ

حصّہ دوم

مؤلّفہ
سیّد تفضّل حسین خداداد بن میر محمد حسین

ترتیب نو
محمد اسحاق ظفر

حصّہ دوم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

تمام حمد وثنا خالق کونین کے لیے اور نعت درود وانبیاء ہدایت رسول الثقلین حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے ۔ امّا بعد

قوائد وضوابط برائے عملیات

قاعدہ اول :۔

جب کوئی عامل عمل کرنا چاہے تو دل میں یہ خیال رکھے کہ میں ایسے مالک کے سامنے حاضر ہوں جس کو میری حاجت روائی کا مکمل اختیار ہے تو عمل نہایت ہی مؤثر ہوگا ۔

قاعدہ ۲ :۔

جو نماز یا وظیفہ کسی خاص مقصد کے لیے معین ایام میں پڑھا جاتا تو ان ایّام میں ترک حیوانات لازمی ہے ۔

قاعدہ ۳ :۔

عامل کو لازم ہے کہ اگر ترک حیوانات نہ کر سکے تو پھر بھی گوشت مچھلی ہنگ پیاز اور لہسن نہ کھائے کیونکہ ان کے کھانے سے تاثیر عمل کا نقصان ہے ۔

❖ ❖ ❖

قاعدہ نمبر ۴ :-

عمل پڑھنے کے لیے وقت اور جگہ کی تعین ضروری ہے - بغیر مجبوری کے اوقات کا اختلاف نقصان دہ ہے - مگر اختلاف مکان کے سلسلہ میں یہاں تک وسعت ہے کہ مکان اگر ایک نہیں رکھ سکتا تو مصلیٰ ایک رکھے -

قاعدہ نمبر ۵ :-

عاملین کے نزدیک سال کے تمام ماہ تین قسموں پر منقسم ہیں - ثابت ، منقلب ، ذوجہاتین - ثابت مہینوں میں اپنے مقصد کا وظیفہ اور نماز پڑھے اور منقلب مہینوں میں دشمن کو نقصان پہنچانے کے لیے پڑھے - ذوجہاتین میں تمام مقاصد کے لیے پڑھنا مفید ہے - اللہ تعالیٰ نے شمسی ماہ میں ستاروں کا بروج میں دنوں اور خروج مقرر فرمایا ہے - ثابت مہینے یہ ہیں - اگھن - پاگھن - جیٹھ بھادوں - اور منقلب مہینے یہ ہیں کاتک ، ماگھ ، بیساکھ ، ساون - ذوجہاتین مہینے یہ ہیں کنوار ، پوس ، چیت ، اساڑھ -

قاعدہ نمبر ۶ :-

عمل اور وظیفہ عروج میں شروع کرنا بہتر ہے بنسبت زوال ماہ کے -

قاعدہ نمبر ۷ :-

جس جگہ ماہ کی آخری رات لکھا ہے - اس جگہ ۲۹ کا دن اور رات مراد ہے - اس لیے اگر چاند ۲۹ کا ہو تو مقصد فوت نہ ہو - اگر ۳۰ کا ہو جائے تو بھی دوسرے دن بھی عمل کر لینا مفید ہے -

قاعدہ نمبر ۸ :-

اعمال میں اذن ، عامل پر لازم ہے - جن عملیات کی مجھے اجازت ہے وہ ان کی طالب کے لیے بھی اجازت عام ہے اس لیے کہ اس حصہ میں وظائف جلالیہ

نہیں ہیں - اس لیے خوفِ رجعت بھی نہیں -

قاعدہ نمبر ۹ :-

جس نماز کا نام درج ہے وہ نماز شروع کرتے وقت نیت میں بھی وہ نام شامل کر لیا جائے -

قاعدہ نمبر ۱۰ :-

ہر رکعت میں پہلے ایک دفعہ سورہ فاتحہ پڑھنا ضروری ہے -

قاعدہ نمبر ۱۱ :-

جس نماز میں صرف رکعتوں کی تعداد درج ہے اور سورۃ کی تعیین نہیں - تو فاتحہ کے بعد جو سورۃ جی چاہے پڑھے -

قاعدہ نمبر ۱۲ :-

جس نماز میں سورتوں کی تعیین کی گئی ہے - ان سورتوں کا پڑھنا لازم ہے :-

وظائفِ اربعہ

پہلا وظیفہ :-

اس میں چند نمازیں اور چند وظائف ایام کے درج ہیں -

صلوٰۃ خضر :-

امام نجم الدین رحمۃ اللہ علیہ نے خضر علیہ السلام کی تعلیم کے مطابق جملہ مشکلات کے حل کے لیے یہ نماز بیان فرمائی - جمعہ کی رات دو رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت میں سورۃ کافرون دس بار اور دوسری رکعت میں سورۃ اخلاص دس بار پڑھے سلام کے بعد سجدہ میں دس بار درود شریف اور تیسرا کلمہ دس بار اور رَبَّنَا

اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ دس بار پڑھے اور دس دفعہ یاغیاث المستغیثین اغثنا پڑھے اور ایک دفعہ اپنی حاجت بیان کرے۔ پھر ہزار دفعہ یارب کہہ کر سجدے سے سر اٹھائے اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری فرمائے گا۔

صلوٰۃ سیدہ فاطمۃ الزہرا :-

معتبر سند سے مروی ہے جب کوئی سخت مشکل پیش آئے تو دو رکعت نماز پڑھے اور نیت یوں کرے نویت ان اصلی تسبیح فاطمۃ الزھرا بنت خدیجۃ الکبریٰ لندبۃ وقربۃ الی اللہ تعالیٰ - اللہ اکبر۔ ہر رکعت میں تین بار سورۃ اخلاص پڑھے اور سلام کے بعد تین بار اللہ اکبر پڑھے ۳۴ بار سبحان اللہ، ۳۳ بار الحمدللہ اور ۳۴ بار اللہ اکبر پڑھے۔ اس کے بعد سجدہ میں ۱۰۰ دفعہ یہ الفاظ کہے یا مولای ویا مولای فاطمہ اغثنی پھر ہاتھ اٹھا کر خدا تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے۔

صلوٰۃ الاسرار :-

حضرت غوث ثقلین سید محی الدین اور حضرت شہاب الدین سہروردی سے مروی ہے مغرب کی نماز کے بعد تنہائی میں دو رکعت نماز پڑھے اور اس کی نیت یوں کرے

نویت اصلی اللہ تعالیٰ رکعتین صلوٰۃ الاسرار تقربا الی اللہ تعالیٰ وانقطاعا عن الغیر متوجھا الی القبلہ - اللہ اکبر

پہلی رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ واللیل اور والضحیٰ گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ دوسری رکعت میں سورۃ الم نشرح گیارہ دفعہ پڑھے۔ سلام کے بعد سجدہ میں سو دفعہ یہ الفاظ کہے ضعیفے بر درخوی پھر دایاں ہاتھ مصلے پر رکھے اور یہ الفاظ سو بار پڑھے "نیازمندی بر درے بے نیازی"۔ پھر بائیں کلائی مصلے پر رکھ کر سو دفعہ حاجت مندی

بر در حاجت روائی کہے۔ اس کے بعد مصلے کا ایک کونہ لپیٹ کر سو دفعہ کہے۔ "نہ گردم باز تا نہ کنی حاجتم روا" اور یہ الفاظ کہتا ہوا دس قدم قبلہ کی طرف چلے پھر سجدہ کرے اور سجدہ میں دعا مانگے۔

صلوٰۃ اولیاء :-

جس مقصد کی خاطر بھی پڑھی جائے گی۔ اللہ تعالیٰ اس کا مقصد پورا کرے گا امام زاہد احمد رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ میں نے یہ نماز خضر علیہ السلام سے سیکھی اور اس کے ذریعے میں نے اللہ تعالیٰ سے اللہ ہی کی ذات کو حاصل کیا اور حضرت ابوبکر ایازی مرحوم نے اس کو بغرض دولت پڑھا اور مالِ کثیر حاصل کیا۔ سحری کے وقت دو رکعت نماز ادا کرے۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ سات مرتبہ اور سورۃ کافرون ایک مرتبہ دوسری رکعت میں فاتحہ سات مرتبہ اور ایک مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ سلام کے بعد تیسرا کلمہ دس دفعہ پڑھے اور دس دفعہ یاغیاث المستغیثین پڑھے۔

صلوٰۃ قضائے حاجت :-

یہ نماز جملہ حوائج کے لیے نہایت مؤثر ہے چار رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ۝ دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ۝ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ۔ تیسری رکعت میں فاتحہ کے بعد حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ چوتھی رکعت میں رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ یہ چاروں آیات سو سو مرتبہ پڑھے۔ سلام کے بعد رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ سو مرتبہ پڑھے

صلوٰۃ قضائے حاجات :-

جمعہ کے دن چار رکعت نماز ادا کرے۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ دس مرتبہ

اور سورۃ القدر ایک مرتبہ پڑھے۔ دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ بیس مرتبہ اور سورہ اخلاص تین مرتبہ پڑھے۔ تیسری رکعت میں تیس مرتبہ سورۃ فاتحہ اور ایک مرتبہ سورۃ فلق پڑھے۔ چوتھی رکعت میں چالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ اور ایک مرتبہ سورہ ناس پڑھے سلام کے بعد ہاتھ اٹھا کر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے۔

جملہ حاجات کے لیے مجرب صلوٰۃ :۔

جمعہ کی رات بوقت سحری چار رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں پانچ مرتبہ سورۃ نصر پڑھے اور سلام کے بعد سجدے میں یا من لا یحتاج الی البیان والتفسیر ۔

صلوٰۃ قضائے حاجت :۔

چار رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں آیۃ الکرسی پانچ مرتبہ اور سورۃ اخلاص پچیس مرتبہ پڑھے اور سلام کے بعد ایک ہزار چار سو مرتبہ درود شریف پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت کے لیے دعا کرے۔

صلوٰۃ بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ :۔

یہ نماز جملہ حاجات کے لیے آزمودہ اور مجرب ہے دو رکعت نماز پڑھے اور اس کی نیت یہ ہے:۔ نویت ان اصلی اللہ تعالیٰ رکعتہ واحدۃ صلوٰۃ بایزید متوجھا الی القبلۃ ۔ اللہ اکبر۔ سورہ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص اکیس مرتبہ پڑھے اور سلام کے بعد دائیں کلائی زمین پر رکھ کر بیالیس مرتبہ یہ الفاظ کہے۔ "الٰہی بحرمتہ انکہ تو بودی وکسے نہ بود" پھر بائیں کلائی زمین پر رکھ کر بیالیس مرتبہ یہ الفاظ پڑھے "الٰہی بحرمتہ ان وقت کہ تو باشی وکسے نباشد" سلام کے بعد سجدے میں بیالیس مرتبہ یہ الفاظ پڑھے "الٰہی بحرمت انکہ تو طاق ونماز تو طاق" پھر اپنی حاجت طلب کرے۔ انشاءاللہ، اللہ تعالیٰ حاجت روائی فرمائیں گے۔ اگر پہلے دن حاجت پوری نہ ہو تو دوسرے دن یا تیسرے دن ضرور پوری ہو جائے گی۔

صلوٰۃ قضائے حاجت :۔

جو شخص اس نماز کے ساتھ مندرجہ ذیل نقش بھی لکھ کر اپنے بازو پر باندھے تو دین دنیا کی جملہ حاجات پوری ہوں گی۔ ستائیس رجب کی رات مغرب کی نماز کے بعد بارہ رکعت نماز پڑھے۔ یہ نماز دو دو رکعت کر کے پڑھے۔ اول رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ القدر تین بار پڑھے۔ دوسری رکعت میں سورۃ اخلاص تین بار پڑھے۔ آخر میں ستر بار یہ درود شریف پڑھے اللھم صل علی محمد النبی الامی وعلیٰ الہ واصحابہ اجمعین پھر سجدہ کرے اور سجدہ میں اپنی حاجت طلب کرے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ جو شخص یہ نماز ادا کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرمائے گا اور اس کی حاجت پوری فرمائے گا۔

۲۱	۲۴	۲۷	۱۴
۲۶	۱۵	۲۰	۲۵
۱۶	۲۹	۲۲	۱۹
۲۳	۱۸	۱۷	۲۸

اوراد و اذکار مجربہ

یہ اوراد پورے ہفتے کے ہیں طریقہ یہ ہے کہ نماز فرض کے بعد یہ پڑھے صبح کے وقت اتوار کے دن ہزار بار یا حی یا قیوم پڑھے اور پیر کے دن یا رحمٰن یا رحیم منگل کے دن یا مالک یوم الدّین بدھ کے دن یا علی یا عظیم جمعرات کے دن یا کبیر۔ یا متعال جمعہ کے دن یا کافی یا غنی ہفتہ کے دن یا فتاح یا رزاق پڑھے۔ ظہر کے وقت ہفتہ کے دن یا حیّ یا قیوم برحمتك استغیث پڑھے۔ پیر کے دن درود شریف اور منگل کے دن

لاحول ولاقوۃ الا باللہ اور بدھ کے دن استغفار، جمعرات کے دن کلمہ توحید جمعہ کے دن کلمہ تمجید پڑھے، ہفتہ کے دن کلمہ طیبہ پڑھے ۔ بروز جمعہ عصر کی نماز کے وقت سو مرتبہ آیت کریمہ پڑھے ۔ ہفتہ کے دن سو مرتبہ لا الہ الا اللہ الملک الحق المبین پڑھے ۔ اتوار کے دن لا الہ الا اللہ العزیز الجلیل یاعزیز یاجلیل پڑھے، پیر کے دن درود شریف، منگل کے دن لا الہ الا اللہ خالصًا ومخلصًا پڑھے ۔ بدھ کے دن لا الہ الا انت خالق کل شیئ وھو علی کل شیئ وکیل جمعرات کے دن کلمہ توحید ۔ نماز مغرب اسماء غیر منقوطہ ہفتہ کے دن لا الہ الا اللہ الملک السلام المصور ایک سو بار اتوار کے دن لا الہ الا اللہ الملک الحکم اور سو مرتبہ پیر کے دن لا الہ الا اللہ الواسع الودود پڑھے ۔ ایک سو بیس مرتبہ منگل کے دن لا الہ الا اللہ الواحد الاحد ایک سو تیس مرتبہ پڑھے بدھ کے دن لا الہ الا اللہ الملک الحمد ایک سو چالیس مرتبہ پڑھے جمعرات کے دن لا الہ الا اللہ الملک المالک ایک سو پچاس مرتبہ پڑھے جمعہ کے دن کلمہ طیبہ ایک سو ساٹھ مرتبہ پڑھے ۔ نماز عشاء فرض نماز کے بعد یا وتر سے پہلے ایک ہزار ایک مرتبہ جمعہ کے دن افوض امری الخ پڑھے ہفتہ کے دن لا الہ الا انت سبحانک الخ پڑھے ۔ اتوار کے دن الا لہ الخلق والامر الی اللہ تصیر الامور ۔ پیر کے دن واللہ غالب امرہ الخ منگل کے دن واللہ المستعان علی ما تصفون بدھ کے دن لا یجلیھا لوقتھا الا ھو جمعرات کے دن انما اشکو بثی وحزنی الی اللہ

ایضًا :۔

سراج الاولیاء سلطان المشائخ حضرت نظام الدین قدس سرہ فرماتے ہیں کہ اگر قبولیت کے آثار جلد دیکھنا منظور ہو تو ہزار مرتبہ ورنہ سو مرتبہ جمعہ کے روز صبح کی نماز کے

بعد لا الہ الا ھو پڑھے ۔ ہفتہ کے دن یارحمٰن یارحیم، اتوار کے دن یاواحد یااحد پیر کے دن یاصمد یافرد منگل کے دن یاحی یاقیوم بدھ کے دن یاحنان یامنان جمعرات کے دن یاذوالجلال والاکرام ۔

صلوٰۃ مقہوری اعداء دینی ودنیاوی :۔ دشمن کی بربادی کے لیے یہ نماز سریع التاثیر ہے ۔ دو رکعت نماز ادا کرے ۔ اول رکعت میں فاتحہ کے بعد سورۃ کافرون تین مرتبہ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۃ لہب تین مرتبہ پڑھے ۔ سلام کے بعد طریقہ یہ ہے کہ گیارہ کیل اپنے پاس رکھے اور ہزار بار یہ دعا پڑھے ہر سینکڑے پر ایک کیل لے کر اس پر دم کر کے دشمن کا تصور کر کے زمین میں کیل گاڑ دے اسی طرح تمام کیل زمین میں گاڑے ۔ دعا یہ ہے :۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اٰمنت باللہ العلی العظیم وتوکلت علی الحی القیوم

پڑھ کر اسی جگہ سو جائے اللہ تعالیٰ اس کے دشمن فورًا ہلاک کرے گا اور یہ جمعہ یا جمعرات کو کرنا زیادہ مناسب ہوگا ۔

صلوٰۃ حصولِ فرزند :۔

اگر فرزند درکار ہو تو جب عورت کو حاملہ ہوئے چار ماہ یا اس سے کم مدت گزر جائیں دونوں خاوند بیوی غسل کر کے دوگانہ دوگانہ نماز پڑھیں ۔ سلام کے بعد مرد اپنے دونوں ہاتھ حاملہ کے پیٹ پر رکھ کر یہ دعا پڑھے :۔

بسم اللہ الاحد الصمد الذی لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوًا احد سمیت ما فی البطن ھذہ الحاملہ احمد ومحمدً

پھر اپنی زبان میں یہی دعا کرے ۔ حدیث شریف میں یہی طریقہ اور دعا منقول ہے اور اگر یہ دعا مذکورہ ظہر کی نماز کے بعد لکھ کر حاملہ کے بائیں پہلو پر باندھے تو بھی

یہی اثر ظاہر ہوگا۔

حُبّ کے لیے سریع التاثیر عمل :۔

اگر کسی کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا مقصود ہو یا دو دشمنوں میں صلح کرانی مقصود ہو تو عشاء کی نماز کے بعد بروز اتوار دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص تین تین بار پڑھے سلام کے بعد چند کالی مرچیں لے کر یہ دعا پڑھ کر فلفل سیاہ پر دم کر کے آگ جلائے۔ دعا یہ ہے :۔

سوختم دل و جان فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں بحق محمد و کھیٰعص
حم عسق طسم یٰس والقرآن الحکیم المص ن والقلم وما یسطرون بحق ایاک
نعبد و ایاک نستعین

تو انشاء محب جانی ہوگا۔

جملہ حاجات کے لیے اکسیر دعا :۔

حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ سے یہ دعا منقول ہے روزانہ پڑھنے سے تمام مقاصد میں کامیابی ہوگی۔ مناجات یہ ہے :۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لا الٰہ الا اللہ بزرگی و جباری لا الٰہ الا اللہ رحیمی و غفاری لا الٰہ الا اللہ مدا لخلق نگاہ دلدی لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ الٰہی بحرمتہ یک صد چہاردہ سور قرآن الٰہی بحرمتہ و برکت شش ہزار و شش صد و شیش آیت قرآن الٰہی بحرمتہ و برکت ہفتاد و شش ہزار ہشتاد و شش کلمات قرآن الٰہی بحرمتہ و برکت حروف مقطعات قرآن الٰہی بحرمتہ و برکت سہ صد و لبست یک لکھ و یک ہزار شش صد و ننانوے حروف قرآنِ الٰہی بحرمتہ و برکت ننانوے نام باری تعالیٰ الٰہی بحرمتہ و برکت ملائکۃ المقربین الٰہی بحرمتہ و برکت اصحاب رسول اللہ الٰہی بحرمتہ و برکت سادات الٰہی بحرمتہ و برکت سہ صد مد دنقباء الٰہی بحرمتہ و برکت ہفتم دمدد

نجباء الٰہی بحرمتہ و برکت چہل مدد ابدال الٰہی بحرمتہ و برکت ہفتاد مدد اوتاد الٰہی بحرمتہ و برکت یک مدد غوث الٰہی بحرمتہ و برکت یک مدد قطب الٰہی بحرمتہ و برکت جمیع علماء و فقہاء الٰہی بحرمتہ و برکت زہاد و عباد رحمۃ اللہ علیہم اجمعین الٰہی بحرمتہ و برکت شہدائے امت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم الٰہی بحرمتہ و برکت جمیع مشائخاں طریقت رحمۃ اللہ علیہم اجمعین خداوندا لمکابا د شاہا مہمات دینی و دنیاوی من بندو را بنظرِ عنایت خود راست از ما جمیع مسلمانان آمین یا رب العٰلمین برحمتک یا ارحم الراحمین۔

تکبیر عاشقاں :۔

عبدالرحمٰن قلندرؒ سے منقول ہے کہ یہ وظیفہ دینی دنیاوی حاجات کے لیے مفید تر ہے۔ اس کو مغرب اور عشاء کے درمیان پڑھا جاتا ہے اور وہ یہ ہے :۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بسم اللہ خیر الاسماء انبیاء اولیاء را زہاد را عباد را ابدال را اوتاد را سالکان را ناسکان را محبان را محبوبان را مغلوبان را مجذوبان را مجذوب سالک را سالک مجذوب را اصحاب تمکین را ارباب تلوین را اہل سکر را اہل صحو را نشستگان گنج سلامت را روزرگان راہ ملامت را قلندران سرمست را صوفیان زبردست را سلسلہ طبقہ حیدریان را غلغلہ محبان را شاہان عرب را سروران عجم را بندگان زنگیان را اسیران خراسان را سلطانان ہند را خلفاء سند را سراندازان غزنویان را ظریفا تبت وچین را چابک سواران بدخشاں را عاشقان غور را مشتاقان ماوراء النہر و اصلان بر دبحر را شہیدان دشت کربلا را کہ در حیات ظاہری و باطنی بدرگاہ خدا شفیع می آرم برائے برآمدن حاجات و مہمات دینی و دنیاوی ہو کہ در آید برآید ہر کہ در افتد برافتد ہر کہ دگر کنند جگر خورد چون تکبیر

عاشقان بگوید اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ واللہ اکبر وللہ
الحمد ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول
اللہ یا قدیم یا دائم یا حی یا قیوم یا باقی یا منتقم یا قادر یا الہ الاولین
یا الہ الآخرین ہر کہ مارا بدخواہد و بدگوید ضربت لا الہ الا اللہ
برجان او ذوالفقار علی بر گردن او گرز ہمندہ بر پشت او عصای موسیٰ
کلیم اللہ بر جگر او ارۂ زکریا بر سر او کرم ایوب در بطن او تیغ رجال
الغیب در قتل او قہر خدا در مقہوری او بحق یا بدوح یا بدوح یا بدوح
گردش باد اشکستہ ہر کہ بدخواہ منست بازچیدہ باد ہر خاک کہ در راہ منست
اللّٰھم یا من تفرد بنصرت الضعفاء والخلق عجزوا عن ذلک اللّٰھم
سد لسان اعدائی ولا تشمت فی الاعداء واظفرنی علی جمیع الاعداء قال
مُوسٰی مَا جِئْتُم بِهِ السِّحْرُ إِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهُ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ
وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۔

تیسرا ورد :۔

ختم خواجگان بہاؤالدین نقشبند اور خواجہ عبدالخالق غجدوانی اور مقہوری حساد
کے لیے مفید ترین ہے ۔

ختم خواجگان نقشبندیہ :۔

حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند اور خواجہ عبدالخالق غجدوانی اور خواجہ یوسف
ہمدانی اور علی رامیتنی اور عارف ابوبکری ابوالحسن خرقانی بایزید بسطامی فرماتے ہیں
جو شخص تین روز متواتر پڑھے گا ۔ اللہ تعالیٰ اس کی ایک ہزار حاجت روا فرمائے گا
طریقہ یہ ہے کہ درود شریف کے سوا البقیہ ادعیاء کو بسملہ کے ساتھ پڑھے سورۃ فاتحہ
سات بار درود شریف سو بار سورۃ الم نشرح ۱۶۹ مرتبہ سورۃ اخلاص ہزار مرتبہ

سورۃ فاتحہ سات مرتبہ اور درود شریف سو مرتبہ آیت کریمہ پانچسو مرتبہ کسی شیرینی پر
پڑھ کر تقسیم کر دے ۔

ختم قادریہ :۔

اکثر پیران طریقت سے مروی ہے جملہ حاجات کے لیے عروج ماہ میں
جمعرات کو شروع کرنا چاہیے اور تین روز پڑھے ۔ طریقہ یہ ہے کہ سورۃ فاتحہ مع
تسمیہ اور کلمہ تمجید اور سورۃ اخلاص اور درود شریف ایک گیارہ مرتبہ پڑھے ۔ بعدہٗ شیرینی
پر فاتحہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم اور پیران طریقت کے لیے پڑھ کر شیرینی
تقسیم کر دے ۔

ختم غوثیہ :۔

دو رکعت نماز پڑھے ۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص گیارہ
مرتبہ پڑھے ، سلام کے بعد درود شریف ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے درود شریف یہ ہے
اللّٰھم صل علی محمد معدن الجود والکرم وعلی آل محمد وبارک وسلم
اس کے بعد گیارہ سو گیارہ مرتبہ یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ پھر درود
شریف ایک سو گیارہ دفعہ پھر غوث الثقلین شیخ عبدالقادر گیلانی کی فاتحہ پڑھ کر شیرینی
تقسیم کر دے ۔

ختم میراں محی الدین :۔

مروی ہے کہ میراں محی الدین رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا جملہ حاجات براری کے
لیے جمعہ کی رات مغرب اور عشاء کے درمیان اسے پڑھے ۔ ترتیب اس کی یہ ہے
سو دفعہ درود شریف اور سو دفعہ بسم اللہ شریف پھر سو دفعہ درود شریف سو دفعہ سورۃ
اخلاص پھر ایک ہزار دو سو دفعہ رب یسر وتمم بالخیر پھر تین بار صلوٰۃ آخر پڑھ کر
اس طرح دعا کرے ۔ دائیں گھٹنے کو بلند اور بائیں کو زمین پر رکھ کر عرض مطلب کرے

انشاءاللہ مقصد پورا ہوگا۔

ختم دوسرا واسطے ہر حاجت کے لیے :۔

جس شخص کو کوئی حاجت ہو اُس کو چاہیے کہ جمعہ کی رات کو سات دفعہ سورۃ یٰسٓ پڑھ کر سات سلطانوں کی روح کو بخشے۔ انشاءاللہ دوسرا جمعہ آنے سے پہلے مطلب پورا ہوجائے گا۔ سات سلطانوں کے نام یہ ہیں۔ سلطان محمود غزنوی، سلطان سنجر ماضی، سلطان ابراہیم ادہم، سلطان ابوسعید ابوالخیر، سلطان احمد خضرویہ، سلطان اسماعیل سامانی، سلطان بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ اجمعین۔

تیسرا ختم برائے قضائے حاجت :۔

جملہ حاجات کے لیے یہ ختم سریع التاثیر ہے دو رکعت نماز پڑھے۔ سلام کے بعد گیارہ دفعہ سُورۃ یٰسٓ پڑھے اور مندرجہ ذیل گیارہ اسمِ محمد درج ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سمیت تمام کو ایصالِ ثواب کرے اسماء یہ ہیں :۔

محمدؐ، محمد عبداللہ، محمد اسلم بلخی، سلطان محمد داوٗد، محمد بن فضل، محمد بن اسماعیل بخاری، محمد بادیان، محمد سوز نگر خارکش، محمد خبر الباح محمد عمر رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔

دستِ غیب کا مجرّب عمل :۔

اگر کوئی شخص دستِ غیب حاصل کرنا چاہے تو صدقِ یقین کے ساتھ باطہارت چالیس دن تک مندرجہ ذیل عمل انیس سَو (۱۹۰۰) دفعہ روزانہ پڑھے۔ آخری دن ایک باریش شخص حاضر ہوگا۔ صاحبِ دعوت کو ایک نی دے گا۔ عامل اس سے لے لے پھر مؤکل غائب ہوجائے گا اور اس نی میں ایک باریک لکڑی ہوگی۔ صبح کی نماز کے بعد خلوت میں عمل کو مذکورہ تعداد کے مطابق پڑھے اور اس لکڑی کو پھیر لے۔ ایک روپیہ اس سے نکلے گا۔ مگر یہ عمل کرنے سے پہلے کسی کامل کی اجازت ضروری ہے اور

جلالی جمالی پرہیز کے ساتھ یہ عمل پڑھے۔ عمل یہ ہے :۔

یا بدوح، یا قدوس، یا وھاب، یا شارث

قضائے حاجت کے لیے ایک نادر عمل :۔

معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جو آدمی یہ عمل روزانہ ہزار بار پڑھے پھر بھی اس کی حاجت پوری نہ ہو تو پھر قیامت کے دن میرا دامن گیر ہو کلمات یہ ہے :۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم امنت باللہ العلی العظیم توکلت علی الحی القیوم ٥

وُسعتِ رزق کے لیے وظیفہ :۔

فقیہ ابولیس ثمرقندی اپنی کتاب بستان میں تحریر فرماتے ہیں جمعرات پہلے کچھ صدقہ کرے پھر خلوت میں دو رکعت نماز وسعت رزق پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۃ تکاثر سو دفعہ پڑھے۔ سلام کے بعد وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ سے كِتَابٍ مُّبِيْنٍ تک ستر بار پڑھے اور سات مرتبہ سُورۃ زلزال پڑھے اور ستر مرتبہ فتاح یا وھاب پڑھے۔ اس نماز کو اپنا معمول رکھے تمام مُشکلات آسان ہونگی

وسعت رزق کا دوسرا عمل :۔

جمعہ کی رات چار رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں آیۃ الکرسی سو دفعہ پڑھے سلام کے بعد وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ سے كِتَابٌ مُّبِيْنٌ تک سو دفعہ پڑھے پھر سجدہ میں سر رکھ کر ایک ہزار مرتبہ لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَا پڑھے :۔

دیگر عمل :۔ مغرب کی نماز کے صلوٰۃ وسعت رزق پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص تین دفعہ پڑھے تو مالدار ہوجائے گا۔

دیگر عمل :۔ بہ نیت غنیٰ دو رکعت نماز پڑھے۔ فاتحہ کے بعد ہر رکعت میں سُورۃ کوثر سات دفعہ پڑھے سلام کے بعد اَللّٰهُمَّ اَغْنِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ

حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ گیارہ مرتبہ پڑھے ۔

دیگر عمل : ۔ قاضی عبدالکریم مرحوم فرماتے ہیں جو آدمی صبح کی نماز کے بعد ۲۵ دفعہ سورۃ نصر پڑھے اللہ تعالیٰ روزی میں فراخی عطا فرمائے گا ۔

دیگر عمل : ۔ وارث شاہ جونپوری فرماتے ہیں وہ آدمی کبھی محتاج نہیں ہوگا جو ان اسماء کو ہر نماز کے بعد سو دفعہ پڑھے یالطیف یالطیف الطف بلطفك یاحلیم یاکریم یاغفور نیز اس کی تمام مشکلات آسان ہوں گی ۔

دیگر عمل : ۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر روز ایک مرتبہ سورہ واقعہ اور سورہ مزمل اور سورۃ واللیل اور الم نشرح پڑھا کرے ۔ اللہ تعالیٰ اسے غنی کر دے گا ۔

دیگر عمل : ۔ حدیث شریف میں ہے جو شخص نماز جمعہ کے بعد سورہ اخلاص سو مرتبہ اور سو دفعہ درود شریف اور ستر دفعہ اللھم اکفنی بحلالك عن حرامك واغننی بفضلك عمن سواك پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے مال و دولت عطا کرے گا ۔

وسعت رزق کے لیے مفید وظیفہ : ۔

جو شخص نماز تہجد کے بعد سو دفعہ درود شریف پڑھ کر ہزار دفعہ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ اور یہ درود شریف سو دفعہ پڑھے : ۔

اللھم صل علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد بعدد کل معلوم لك

دشمن سے حفاظت کا مجرب عمل : ۔

نماز تہجد کے بعد اول آخر گیارہ دفعہ درود شریف اور درمیان میں ایک سو گیارہ دفعہ سورۃ قریش پڑھے ۔

جان و مال کی حفاظت کا عمل : ۔

روزانہ اول و آخر درود شریف دو کم ہزار دفعہ یا حفیظ پڑھے ۔ اگر دشمن سے حفاظت مقصود ہو تو اس اسم کا سوا لاکھ پورا کر لے ۔ شفاء مرض کے لیے یا سلام کا سوا لاکھ مرتبہ پڑھنا مفید ہے ۔

ادائے قرض کا ماثور عمل : ۔

قاضی عبدالکریم مرحوم فرماتے ہیں ۔ مقروض آدمی دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورہ الم نشرح تین سو دفعہ سورۂ نصر چار مرتبہ اور سورہ اخلاص سات مرتبہ پڑھے سلام کے بعد ایک ہزار مرتبہ یہ دعا پڑھے : ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّیْنِ وَشَمَاتَتِ الْاَعْدَاءِ ۔

دیگر عمل : ۔ مولانا عبدالھادی جو کہ خلیفہ ہیں مولانا ذوالفقار علی دیوبندی کے فرماتے ہیں بدھ کے روز روزہ رکھ کر صبح کی نماز یا ظہر کی نماز کے بعد سورہ فاتحہ ایک سو چالیس ۱۴۰ بار روزانہ پڑھا کرے تو اللہ تعالیٰ ادائے قرض کی صورت پیدا فرما دے گا ۔

تسخیر حاکم کا عمل : ۔

سلسلہ قلندریہ کا یہ مجرب عمل ہے ۔ تین دن تک یہ عمل کرے روزانہ غسل کر کے ہزار دانہ گندم پر یہ عمل پڑھے اور ہر دانے پر ایک دفعہ پڑھ کر دم کرے اور حاکم کا تصور رکھے پھر مٹی کے برتن میں ڈال کر اس میں پانی ڈالے ۔ سرپوش رکھ کر آگ پر جوش دے پھر ویران کنوئیں میں برتن سمیت ڈال دے کتنا ہی حاکم غضب ناک ہوگا مسخر اور مہربان ہو جائے گا ۔ عمل یہ ہے : ۔ یا رحمٰن کل شیئ وراحمہ یا رحمٰن

دیگر عمل : ۔ اکثر بزرگوں کے ملفوظات سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ اس [illegible] جو شخص سات مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے اپنے منہ پر پھیر لیا کرے تو [illegible]

امان میں رہے گا دعا یہ ہے :۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم الامان یاحنان الامان الامان
یامنان الامان الامان یادیان الامان الامان یا سبحان
الامان الامان من فتنۃ الزمان وجفاء الاخوان وشر
شیطان وظلم سلطان بفضلك یا رحیم یا رحمٰن یا ذوالجلال
والاکرام وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد وآلہ وصحبہ اجمعین
برحمتك یا ارحم الراحمین

دیگر عمل تسخیر حاکم :۔

قاضی عبدالکریم نگرامی مرحوم فرماتے ہیں کہٰیٰعٓصٓ کفایتنا ہر حرف کے پڑھنے پر ایک انگلی بند کرے۔ حاکم کے سامنے جا کے دونوں مٹھیاں کھولدے حاکم اخلاق کے ساتھ پیش آئے گا۔

دفعہ ظالم اور تسخیر حاکم :۔

شیخ بہاؤالدین ذکریا رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ حاکم ظالم یا دشمن کے سامنے جانا پڑے تو کہٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ کے ساتھ دونوں ہاتھوں کی مٹھیاں بند کر دے پھر سورۂ فیل کی تلاوت کرے اس کا تصور کر کے لفظ "ترمیھم" کو دس مرتبہ پڑھے اور ہر دفعہ ایک انگلی کھولدے اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

تسخیر حاکم کا ایک نادر عمل :۔

جب کبھی شریر حاکم کے پاس جانا ہو حروف تہجی پڑھ کر اس کو دم کرے مہربان ہو جائے گا۔

دیگر :۔ حروف تہجی پڑھ کر دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت پر دم کر کے سینہ سے بغل تک کھینچے تو مقبول القول ہوگا۔

دیگر :۔ تین بار درود شریف پڑھ کر بیس مرتبہ یا بدوح پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے منہ پر پھیر لے۔ مخاطب محبت سے پیش آئے گا۔

دیگر :۔ روزانہ سورۃ ہمزۃ اکیس دفعہ سورۃ کوثر سات دفعہ پڑھنے والا ہر دل عزیز ہوگا۔

دیگر :۔ جو شخص روزانہ اکیس دفعہ سورۃ تکاثر پڑھے گا ہر دل عزیز ہوگا۔

عمل حل المشکلات :۔

اکثر بزرگوں سے یہ بات مروی ہے کہ جو شخص عشاء کی نماز کے بعد اندھیرے مکان میں بیٹھ کر لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ سو دفعہ پڑھ کر اپنے دائیں ہاتھ پر دم کر کے پانی کے پیالہ میں ڈال کر اپنے چہرے پر پھیرے تو اللہ تعالیٰ اسے ہر مصیبت سے نجات دے گا۔ اول آخر تین تین دفعہ درود شریف اور درمیان میں ۲۶۰ دفعہ آیت کریمہ پڑھے۔

مقہوری دشمن کے لیے ایک نادر عمل :۔

مغرب اور عشاء کے درمیان ۴۱ دفعہ سورۃ قریش اور فیل بغیر تسمیہ کے پڑھے تو دشمن سرنگوں ہوگا۔

دیگر :۔ نماز فجر سے پہلے جو شخص دو رکعت نماز پڑھے فاتحہ کے بعد پہلی رکعت میں سورہ الم نشرح اور کافرون اور فلق پڑھے۔ دوسری رکعت میں فیل اور اخلاص اور والناس پڑھے۔ سلام کے بعد لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ۱۴۱ مرتبہ پڑھے دشمن سرنگوں رہے گا۔

دیگر :۔ جو شخص روزانہ سات دفعہ سورۃ نصر پڑھے گا۔ دشمن اس کا تباہ ہوگا۔

فصل حصاروں کا بیان :۔

شیاطین کے دفعیہ کے لیے عشاء کی نماز کے بعد آیۃ الکرسی تین مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے باہم دستک دے۔ شیاطین دفع ہوں گے۔

دیگر حصار :۔

اس حصار کو تین بار ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیرے :۔ یا حلیم یا کریم یا حافظ یا حفیظ یا ناصر یا نصیر یا رقیب یا وکیل یا اللہ یا اللہ یا اللہ بحق کھیعص حمعسق حرز کردم خود را بلا الہ الا اللہ حصار کردم خود را بمحمد رسول اللہ

حصار کا چلتا ہوا عمل :۔

گیارہ مرتبہ معوذتین پڑھے اور دونوں کے درمیان بسم اللہ نہ پڑھے پھر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیرے۔

نہایت مجرب حصار :۔

تین مرتبہ عشاء کے بعد اپنے ہاتھوں پر دم کر کے اپنے جسم پر پھیرے حصار یہ ہے
بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الہ الا اللہ حوالینا حصاراً محمد رسول اللہ قفلنا وسمارًا لا الہ الا اللہ صد ہزار گرد من و برد داستان من حصار باد محمد رسول اللہ بر من و بر دوستان من یار دو بستم دست و پائے وعقل مدہوش و چشم و گوش و زبان کسانیکہ دز ہو ہزار عالم انداز آدمیان و دیوان و پریان و ماران و کثر دمان و ناخدا ترسان و ناحقان و ناشکران و کسانیکہ مارا بدخواہند و بد گویند و بد اندیشند بحرمت لا الہ الا اللہ مہر کردم بنام محمد رسول اللہ قولاً و فعلاً اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيدٌ وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيطٌ بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَّجِيدٌ فِي لَوْحٍ مَّحْفُوظٍ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُونَ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُونَ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ

لَا يَتَكَلَّمُونَ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ وصلی اللہ علی خیر خلقہ سیدنا محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین الطاہرین برحمتک یا ارحم الراحمین

قوت حافظہ کا مجرب عمل :۔

سورہ یٰسٓ کو چینی کے برتن میں زعفران اور عرق گلاب سے لکھ کر جس کی یادداشت کمزور ہو ان شاء اللہ اس کا حافظہ تیز ہوگا۔

دیگر عمل :۔ کھانے کے وقت تین بار یہ دعا پڑھ لینے سے حافظہ تیز ہوگا بسم اللہ الرحمن الرحیم یا من ہو فی علوہ قائم یا من ہو فی علمہ محیط یا من ہوا فی عنہ لطیف یا من ہو فی لطفہ شریف یا من ہو فی فعلہ حمید یا من ہو فی ذاتہ قدیم یا من ہو فی مجدہ منیر برحمتک یا ارحم الراحمین

چوتھا باب

اس باب میں مختلف فصول ہیں جن میں نمازوں اور تمام سال کے معمولات درج ہیں۔ میں نے کتاب الاوراد سے کچھ اوراد و اعمال منتخب کیے ہیں۔ تاکہ طالبین کو آسانی رہے اور وسیلہ مغفرت بعد الممات ہو۔

فصل اشارات معینیہ :۔

بغرض اختصار سورتوں کے نام اور دو چار لفظوں پر اکتفا کیا۔ کلمہ طیبہ یہ ہے

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

کلمہ تمجید یہ ہے :۔

سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ

الا باللہ العلی العظیم

کلمہ توحید یہ ہے :۔

لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ و اشہد و ان محمدا

عبدہ و رسولہ اور حرف لا حول سے مراد لا حول ولا قوۃ

الا باللہ ہوگا ۔

ماہِ محرم کے نوافل :۔

کتاب الریاحین میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے جو شخص محرم کی پہلی رات آٹھ رکعت نماز ادا کرے ہر رکعت میں دس مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے تو اس کی اور اس کے گھر والوں کی شفاعت کا سبب ہوں گے ۔

دیگر :۔ جو شخص محرم کے پہلے دن دو رکعت نماز پڑھے اور سلام کے بعد ہاتھ اٹھا کر یہ دعا تین دفعہ پڑھے اللہ تعالیٰ اس کی نصرت کے لیے ایک فرشتہ مقرر فرمائے گا۔ دعا یہ ہے :۔

اللھم انت اللہ العبد القدیم وھذہ سنۃ جدیدۃ اسئلک

فی ھل عصمۃ من الشیطن والعون علی النفس الا مارۃ

بالسوء واسئلک الاشتغال بما تقربنی الیک یا کریم

یاذا الجلال والاکرام ۔

دیگر :۔ کتاب الارواح میں مرقوم ہے جو شخص یکم محرم کو دو رکعت نماز ادا کرے سلام کے بعد ہاتھ اٹھا کر یہ دعا تین بار پڑھے تو اللہ تعالیٰ تمام سال اسے آفات سے محفوظ رکھے گا ۔ دعا یہ ہے :۔

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ وَتَجَاوَزْ عَنِّیْ وَاحْفَظْہُ مِنْ کُلِّ اٰفَۃٍ وَّبَلِیَّۃٍ

دیگر :۔ شیخ بہاؤ الدین رقم طراز ہیں کہ جو شخص یکم محرم کو چھ رکعت نماز پڑھے

ہر رکعت میں گیارہ دفعہ سورۃ اخلاص پڑھے ۔ سلام کے بعد سبوح قدوس ربنا و رب الملٰئکۃ والروح پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے اجر عظیم عطا فرماوے گا ۔

دیگر :۔ جو شخص یکم محرم کو دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سات بار سورۃ اخلاص پڑھے تو بے انتہا ثواب پاوے گا ۔

دیگر :۔ اکثر بزرگوں سے مروی ہے کہ یکم محرم کی رات کلمہ توحید سو دفعہ پڑھنا ثوابِ عظیم کا حامل ہے ۔

فصل نوافلِ عاشورا

کتاب الاوراد میں مرقوم ہے جو شخص عاشورا کی رات سو رکعت نوافل پڑھے اور فاتحہ کے بعد ہر رکعت میں سورۃ اخلاص ستر بار پڑھے اور ستر بار کلمہ تمجید پڑھے تو اس کے تمام گناہ بخش دیے جائیں گے خواہ ریت کے ذرات کے برابر ہوں ۔

دیگر :۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں ۔ عاشورا کی رات کو جو شخص چار رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں آیۃ الکرسی اور سورۃ اخلاص تین تین بار پڑھے ۔ سلام کے بعد سو دفعہ سورۃ اخلاص پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہ معاف فرما دیں گے ۔

دیگر :۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جو شخص عاشورا کی رات آٹھ رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں ۲۵ دفعہ سورۃ اخلاص پڑھے اور سلام کے بعد ۷۰ بار درود شریف اور ۷۰ بار استغفار پڑھے ۔ اللہ تعالیٰ اس کی زبان پر علم و حکمت کے چشمے جاری فرمائے گا اور اس کی مغفرت فرمائے گا ۔

دیگر :۔ جو شخص چار رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۃ اخلاص پانچ مرتبہ پڑھے اور ستر مرتبہ کلمہ تمجید پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کی قبر کو نور سے منور فرمائے گا ۔

دیگر :۔ جو شخص چار رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں تین بار آیۃ الکرسی اور دس مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ سلام کے بعد سو دفعہ سورۃ اخلاص پڑھے ، تو اللہ تعالیٰ اسے جنت میں بے شمار نعمتیں عطا فرمائے گا۔

فصل ماہِ صفر کا آخری چہار شنبہ

اس بدھ کے دن صبح غسل کر کے اور چاشت کے وقت دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں گیارہ دفعہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ سلام کے بعد ۷۰ مرتبہ درود شریف پڑھے اور ایک بار دعا مانگے :۔

فصل جمادی الاول کی نماز :۔

ایک روایت میں ہے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اس ماہ کی ابتدائی ایام میں بیس رکعت نماز ادا کرتے تھے ۔ ہر رکعت ایک دفعہ سورۃ اخلاص پڑھتے تھے۔ سلام کے بعد سو دفعہ درود شریف پڑھتے تھے جس کا بہت زیادہ ثواب ہے۔

فصل جمادی الثانی کی نماز :۔

فضائل شہود میں احطب بن حسان سے مروی ہے کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اس ماہ کی پہلی رات میں بارہ رکعت نماز پڑھتے تھے اور اکثر صحابہ کرام کا اس پر اتفاق ہے ۔

دیگر :۔ آخری دس دن روزہ بھی رکھا کرتے تھے اور رجب کے استقبال کی خاطر روزانہ بیس رکعت نماز بھی پڑھا کرتے تھے ۔

فصل ماہِ رجب کے وظائف اور نماز

حضرت انس بن مالک سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رجب کا چاند دیکھتے تو یہ دُعا پڑھتے تھے ۔

اللھم بارک لنا فی رجبٍ وشعبان وبلغنا الیٰ شھر رمضان

دیگر :۔ خلاصۃ الاخبار میں ہے من ادرک شھر رجب فاغتسل فی اوّلہٖ واوسطہٖ واٰخرہٖ خرج من ذنوبہ کیوم ولدتہ امہ اس ماہ میں پانچ راتیں افضل ہیں ایک اول ایک درمیانی اور تین آخری ۔ جو شخص رجب کی پہلی رات مغرب کی نماز کے بعد بیس رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃ اخلاص ایک دفعہ پڑھے دونوں جہان کے فوائد کا حق دار ہوگا ۔

دیگر :۔ رجب کی پہلی رات عشاء کے بعد دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۃ الم نشرح اور اخلاص اور معوذتین ایک ایک بار پڑھے۔ سلام کے بعد ۲۲ دفعہ درود شریف پڑھ کر جو دعا مانگے قبول ہوگی ۔ اس ماہ میں جو شخص دس رکعت نماز پڑھے ۔ ہر رکعت میں سورۃ کافرون اور سورۃ اخلاص دس بار پڑھے تو اس کے تمام گناہ بخشے جائیں گے ۔

دیگر :۔ کتاب سحر الاسرار میں لکھا ہے رجب کے ہر جمعہ کے دن ظہر اور عصر کے درمیان چار رکعت نماز پڑھنا ۔ ہر رکعت میں آیۃ الکرسی سات مرتبہ اور سورۃ اخلاص پانچ مرتبہ سلام کے بعد ۲۵ دفعہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ الکبیر المتعال اور سو دفعہ استغفار اللھم صرف عنی سوء ھذا الیوم واعصمنی من سوئہ ونجنی عما اصاب فیہ من نحوساتہ وکرباتہ لفضلک یا دافع الشرور ویا مالک النشور یا ارحم الراحمین وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ محمدٍ

و آلہ واصحابہ اجمعین و بارک وسلم

دیگر عمل :۔ کتاب الاوراد میں مرقوم ہے کہ جو شخص صفر کے آخری چہار شنبہ میں سورہ الم نشرح اور والتین اور سورہ نصر اور اخلاص اسی اسی مرتبہ پڑھے تو اس کی عمر میں برکت ہوگی اور مال وافر نصیب ہوگا۔

دیگر :۔ علماء نے لکھا ہے کہ سات سلام لکھ کر پینے والا تمام آفات سے محفوظ رہے گا اور وہ یہ ہیں ۔

(۱) سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ

(۲) سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ

(۳) سَلَامٌ عَلٰی اِبْرٰهِیْمَ

(۴) سَلَامٌ عَلٰی مُوْسٰی وَهٰرُوْنَ

(۵) سَلَامٌ عَلٰی اِلْیَاسِیْنَ

(۶) سَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ

(۷) سَلَامٌ هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ

دیگر :۔ جو شخص طلوع آفتاب کے وقت مندرجہ ذیل تعویذ لکھ کر پانی میں دھوئے پھر اس پانی میں چاندی کا چھلا سات مرتبہ گرم کر کے بجھا دے۔ بواسیر والا اگر اس چھلے کو پہنے تو اسے شفا نصیب ہوگی اور اگر عورت درد زہ کے لیے اس تعویذ کو کمر میں باندھے تو بچہ آسانی سے پیدا ہو۔ تعویذ یہ ہے :۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ الٓمٓ الٓمٓصٓ ۔ الٓرٰ ۔ قٓ ۔
نٓ ۔ الٓمٓرٰ ۔ کٓهٰیٰعٓصٓ ۔ حٰمٓ ۔ طٰهٰ ۔ صٓ ۔ یٰسٓ ۔ طٰسٓمٓ ۔ طٰسٓ

فصل ربیع الاول کے نوافل :۔

کتاب شرح شہاب الاخبار میں لکھا ہے کہ تابعین اور تبع تابعین رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے دن یعنی بارہ ربیع الاول کو بیس رکعت نماز پڑھتے تھے۔ ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد اکیس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھتے تھے اور اس کا ثواب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی روح پر فتوح کو ایصال ثواب کرتے تھے۔ ان میں سے ایک کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی تو آپ نے ان سے فرمایا کہ میں تمہیں جنت ساتھ لے جاؤں گا۔

فصل ربیع الثانی کی نماز

فضائل شہور میں لکھا ہے کہ جو شخص یکم ربیع الثانی اور پندرہ اور آخری دن چار رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں پانچ دفعہ سورۂ اخلاص پڑھے اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت فرمائے گا اور بہشت میں داخل فرمائے گا اور سو دفعہ درود شریف پڑھنا حج اور عمرے کا ثواب رکھتا ہے ۔

دیگر :۔ جو شخص اس ماہ کے پہلے تین دن اور آخری تین دن روزہ رکھے اور افطار کے وقت دو رکعت نماز پڑھے۔ اوّل رکعت میں آیۃ الکرسی اور اخلاص ایک ایک بار اور دوسری رکعت میں سورۂ زلزال اخلاص اور والناس ایک ایک بار پڑھے ساٹھ برس کی عبادت کا ثواب ملے گا ۔

دیگر :۔ جو شخص اس ماہ میں تیس رکعت نماز پڑھے۔ دس پہلے دن دس پندرہویں دن دس آخری دن ہر رکعت میں سورۃ کافرون ایک مرتبہ اور سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھے پہلے روز نماز کے بعد ایک مرتبہ کلمہ توحید پڑھ کر یہ دعا پڑھے :۔

اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

پندرہویں دن یہ دعا پڑھے :۔

اِلٰهًا وَّاحِدًا لَمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا

اور آخری دن یہ دعا پڑھے:۔

اللھم صل علی محمد النبی الامی وعلی آلہ الامجاد

تو تمام آفات سے محفوظ اور جملہ حاجات پوری ہوں گی۔

دیگر:۔ جو شخص اس ماہ ہر دن استغفار پڑھے اس کی مغفرت ہو گی۔

استغفار یہ ہے:۔

استغفر اللہ ذوالجلال والاکرام من جمیع الذنوب والاٰثام

دیگر:۔ محققین نے لکھا کہ اویس قرنی سے مروی ہے کہ جو شخص تیسرے چوتھے پانچویں روز، چودھویں پندرھویں سولھویں روز تیئسویں چوبیسویں پچیسویں روز روزہ رکھے اور روزے کی حالت میں چاشت کے وقت غسل کرے اور بارہ رکعت نماز ادا کرے چار سلام سے۔ اول چار رکعتوں میں سورۃ قدر تین تین بار پھر ستر مرتبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ پڑھے اور دوسری چار میں سورۂ نصر پڑھے تین تین مرتبہ اور سلام کے بعد ستر مرتبہ انک قوی معین واحدی دلیل بحق ایاک نعبد وایاک نستعین پڑھے اور آخری چار رکعتوں میں سورہ اخلاص تین تین بار پڑھے۔ سلام کے بعد ستر مرتبہ سورۃ الم نشرح پڑھے پھر سینے پر ہاتھ رکھ کر ستر مرتبہ اپنی دینی اور دنیاوی حاجات اللہ تعالیٰ کی ذات سے طلب کرے۔ انشاء اللہ ضرور دعا قبول ہو گی۔

فصل لیلۃ الرغائب

یعنی رجب کی پہلی جمعرات مغرب کی نماز کے بعد بارہ رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۃ قدر تین بار اور سورہ اخلاص ۱۲ مرتبہ پڑھے۔ سلام کے بعد ۷۰ مرتبہ یہ درود شریف پڑھے اللھم صل علی محمد النبی الامی وعلی آلہ وصحبہ وسلم

پھر سجدہ میں جاکر ۷۰ مرتبہ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَالرُّوْحِ، پھر سجدہ سے سر اٹھا کر ۷۰ مرتبہ رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَتَجَاوَزْ عَمَّا تَعْلَمُ فَاِنَّکَ اَنْتَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ پڑھے۔ پھر دوسرے سجدہ میں جاکر دعا مذکورہ بالا ۷۰ مرتبہ پڑھے۔ پھر سجدہ سے سر اٹھا کر ۷۰ مرتبہ درود مذکورہ بالا پڑھے جو دعا مانگے گا قبول ہو گی۔

فصل شبِ استفتاح

یعنی رجب کی پندرہویں رات کتبِ احادیث میں مروی ہے جو شخص اس رات میں بیس رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ اخلاص ایک مرتبہ پڑھے۔ سونے اور چاندی کے پہاڑ خرچ کرنے کے برابر ثواب ملے گا۔

فصل یوم استفتاح:۔

کتاب الاوراد میں لکھا ہے جو شخص ۱۳، ۱۴، ۱۵ رجب کو روزے رکھے اور ۱۵ رجب کے روزے کو زوال کے وقت غسل کر کے آٹھ رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں تین تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے تو بہت ثواب ملے گا۔

دیگر:۔ آٹھ رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت میں سورۃ والضحیٰ اور دوسری میں الم نشرح تیسری میں سورۂ قدر، چوتھی میں سورۂ زلزال، پانچویں میں عادیات، چھٹی میں تکاثر، ساتویں رکعت میں سورۃ عصر اور آٹھویں میں ہمزہ پڑھے۔ اس کے بعد اللہ سے جو دعا مانگے گا قبول ہو گی۔

فصل شبِ معراج:۔

کتاب الاوراد میں مذکور ہے جو شخص بارہ رکعت نماز پڑھے۔ سلام کے بعد سو مرتبہ کلمہ تمجید، سو مرتبہ درود اور سو مرتبہ استغفار پڑھ کر دعا کرے قبول ہو گی

فصل شب برات کی نماز کے بیان میں :۔

شب برات کی رات میں جو شخص بارہ رکعت نماز پڑھے ۔ ہر رکعت میں ۱۵ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے پھر سحری کے وقت دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۃ اخلاص سو مرتبہ پڑھے اور رکوع اور سجود میں سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوحُ سبحان خالق النور سبحان مَنْ هُوَ قَائِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ پڑھے اللہ تعالیٰ اسے جہنم کے عذاب سے محفوظ رکھے گا اور جنت میں جگہ عطا کرے گا اور دعائیں اس کی قبول ہوں گی ۔

دیگر :۔ جو شخص شعبان کے آخری جمعہ مغرب اور عشاء کے درمیان دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں آیۃ الکرسی ایک مرتبہ اور سورۃ اخلاص دس مرتبہ اور معوذتین ایک مرتبہ پڑھے اگر رمضان کی دوسری تک مرگیا تو باایمان ہوگا ۔

دیگر :۔ جو شخص شعبان کی آخری رات دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۃ اخلاص سو مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول فرمائے گا ۔

شب برات کے اوراد :۔

جو شخص پندرھویں شعبان کے غروب آفتاب کے وقت چالیس مرتبہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ پڑھے گا ۔ اللہ تعالیٰ اس کے چالیس سال کے گناہ معاف فرمائے گا ۔ چالیس آدمیوں کو اس کی شفاعت سے جنت ملے گی اور چالیس حوریں ملیں گی ۔

دیگر عمل :۔ جو شخص مغرب کی نماز کے بعد دو رکعت نماز تحیۃ الوضوء پڑھے ہر رکعت میں بعد فاتحہ کے ھو اللہ الذی لا الہ الا ھو آخر سورۃ تک ایک مرتبہ پڑھے اور اخلاص تین مرتبہ پڑھے پھر آٹھ رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۃ اخلاص پانچ مرتبہ ۔ گناہوں سے نجات اور درگذر ہو ۔

دیگر وظیفہ :۔ جو شخص شب برات میں دو رکعت نماز پڑھے اور سورۃ اخلاص ہزار مرتبہ ہر رکعت میں پڑھے تاکہ رزق میں برکت ہو اور اطاعت خداوندی کی توفیق ملے ۔

وسعت رزق :۔

جو شخص دو رکعت نماز پڑھے فاتحہ کے بعد ایک بار آیۃ الکرسی اور ۱۵ دفعہ سورۃ اخلاص سلام کے بعد درود شریف پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو گناہوں سے نجات دے گا اور اس کے رزق میں برکت عطا فرمائے گا ۔

دیگر :۔ جو شخص اس رات کو سورۃ یٰس تین دفعہ پڑھے اس کو تین فوائد حاصل ہوں گے :۔

۱۔ عمر میں برکت ۲۔ مال و دولت

۳۔ مصائب سے نجات ۔

دیگر :۔ جو شخص اس رات کو چار رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص سو دفعہ پڑھے ۔ گناہوں سے ایسا پاک ہوگا جیسے ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ۔

فصل ۔ ماہ رمضان کے اعمال

رمضان کی پہلی رات عشاء کے فرض کے بعد سورۃ فتح پڑھے پورا سال آفات سے محفوظ رہے گا ۔

دیگر :۔ کتاب الاوراد میں مرقوم ہے جو شخص رمضان کے تمام روزے شعبان کے پکے ہوئے کھانے سے افطار کرے تمام پریشانیاں اور تکالیف دور ہوں گی ۔

فصل شب قدر کی نماز :-

ابوامامہ باہلی سے مروی ہے کہ رمضان کی ستائیسویں رات چار رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ قدر ایک دفعہ سورہ اخلاص ۲۷ دفعہ پڑھے تمام گناہ معاف ہوجائیں گے ۔

دیگر :- کتاب الریاحین میں لکھا ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے جو شخص رمضان کی ۲۷ ویں رات دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۂ قدر ایک دفعہ سورۂ اخلاص سو دفعہ سلام کے بعد سو دفعہ درود شریف پڑھے ، ثواب کثیر حاصل ہوگا ۔

فصل شوال کی نمازیں :-

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے جو شخص عید الفطر کی رات چوبیس رکعت نماز پڑھے ۔ ہر رکعت میں سورۂ شمس ، تکاثر ، کافرون اور اخلاص ایک ایک مرتبہ پڑھے سلام کے بعد استغفر اللہ لاحول ولاقوۃ الا باللہ واللہ اکبر پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہ معاف کردے گا ۔

دیگر :- حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے جو شخص عید کی نماز کے بعد مسجد سے باہر چار رکعت نماز پڑھے ۔ پہلی رکعت میں الاعلیٰ دوسری میں والشمس ، تیسری میں والضحیٰ ، چوتھی میں سورۂ اخلاص تین بار پڑھے ، ستر سال کے گناہ معاف ہوں گے ۔

دیگر :- حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ شوال کے اوّل دن آٹھ رکعت نماز پڑھے ۔ ہر رکعت میں سورۂ اخلاص ۲۵ دفعہ پڑھے سلام کے بعد کلمہ تمجید ۷۰ بار اور استغفار ۷۰ بار پڑھے ۔ اللہ تعالیٰ اس کی تمام حاجات پوری فرمائے گا ۔

فصل ماہ ذی قعدہ کی نماز :-

حضرت عبداللہ بن عباس رضؓ سے مروی ہے جو شخص ذی قعدہ کی پچیسویں رات ہزار رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ اخلاص دس مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے ستر ہزار گناہ معاف کرے گا اور شر شیطان سے محفوظ رکھے گا ۔

فصل ماہ ذی الحجہ کی نماز :-

کتاب ریاحین میں مرقوم ہے ذی الحجہ کی پہلی رات وتر کے بعد دو رکعت نماز جو شخص پڑھے اور ہر رکعت میں سورہ کوثر اور سورۂ اخلاص ایک ایک مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے ہر بال کے بدلے ستر ہزار دینار کے صدقہ کا ثواب عطا فرمائے گا ۔

دیگر :- حضرت انس سے مروی ہے کہ ذی الحجہ کے مہینہ میں جمعہ کی رات جو شخص چھ رکعت نماز پڑھے ، ور ہر رکعت میں سورۂ اخلاص پندرہ مرتبہ پڑھے سلام کے بعد لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ دس مرتبہ پڑھے اور درود شریف دس مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو نو غلام آزاد کرنے کا ثواب عطا فرمائے گا ۔

دیگر :- ذی الحجہ کے مہینہ میں جو شخص ہر روز دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے ۔ اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو معاف فرمائے گا ۔

فصل شب ترویہ کی نماز :-

جو شخص ساتویں آٹھویں ذی الحجہ کی رات سولہ رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں آیت الکرسی ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پندرہ مرتبہ پڑھے ۔ اللہ تعالیٰ اس کو پریشانیوں سے نجات عطا فرمائے گا ۔

فصل ترویہ کے ایام کی نماز :-

جو شخص ساتویں ، آٹھویں تاریخ ذی الحجہ کو چھ رکعت نماز پڑھے اور ہر اوّل رکعت میں اوّل سورۂ عصر ، دوسری میں سورہ قریش ، تیسری میں کافرون ، چوتھی

رکعت میں سورۃ نصر پڑھے ۔ پانچویں اور چھٹی رکعت میں سورہ اخلاص پڑھے تمام
مخلوق اس کا شمار نہ کر سکے گی ۔

شب و روز عرفہ کی نماز :۔

کتاب الاوراد میں ہے کہ جو شخص عرفہ کی رات سو رکعت نماز پڑھے ۔ ہر رکعت
میں سورۃ اخلاص ایک مرتبہ پڑھے تو ثواب عظیم پاوے گا ۔

دیگر :۔ جو شخص اس رات دو رکعت نماز پڑھے ۔ اول رکعت میں آیۃ الکرسی
سو مرتبہ دوسری رکعت میں سورۃ اخلاص سو مرتبہ پڑھے تو بہت ثواب پائے گا ۔

دیگر :۔ جو شخص عرفہ کے روز روزہ رکھے اور دس رکعت نماز پڑھے ہر
رکعت میں سورۃ قریش پانچ مرتبہ پڑھے ۔ اللہ تعالیٰ اسے جہنم سے آزاد فرمائے گا ۔

دیگر :۔ جو شخص عرفہ کے دن چار رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۃ قدر تین
اور سورۃ اخلاص اکیس مرتبہ پڑھے ۔ سلام کے بعد ستر مرتبہ درود اور ستر مرتبہ استغفار
پڑھے ۔ چالیس حج اور بارہ شب قدر اور بارہ رمضان کے روزوں کا ثواب ملے
گا ۔ جو شخص عرفہ کے دن ظہر اور عصر کے درمیان چار رکعت نماز پڑھے ہر رکعت
میں سورۃ اخلاص پچاس مرتبہ پڑھے تو اس کے تمام گناہ معاف ہو جائیں گے ۔

فصل عید الاضحیٰ کی رات کی نماز :۔

کتاب الریاحین میں ہے حضرت ابو ہریرہ سے مروی ہے جو شخص بارہ رکعت
نماز پڑھے اور ہر رکعت میں آیۃ الکرسی ایک مرتبہ اور سورۃ اخلاص پانچ مرتبہ پڑھے
تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف کرے گا اور جنت میں داخل کرے گا ۔

دیگر :۔ جو شخص چار رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃ اخلاص اور
معوذتین ایک ایک مرتبہ پڑھے اور سلام کے بعد ستر مرتبہ کلمہ تمجید پڑھے اور ایک
مرتبہ یہ دعا پڑھے اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ الہ

واحداً ولا نعبد الا ایاہ مخلصین لہ الدین ولو کرہ الکافرون

فصل عید الاضحیٰ کے دن کے نوافل :۔

دو رکعت نماز پڑھے ۔ ہر رکعت میں سورۃ شمس پانچ مرتبہ پڑھے
حج اور عمرہ کا ثواب ملے گا ۔

دیگر :۔ دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۃ کوثر تین مرتبہ
پڑھے قربانی کے برابر ثواب ملے گا ۔

فصل نفلی روزہ :۔

پانچ ایام کے روزے تمام سال کے روزوں سے افضل ہیں ۔ ۲۷ رجب کا
روزہ ۔ ۲۵ ویں ذی قعدہ کا روزہ ۔ اٹھارہویں ذی الحجہ کا روزہ ، بائیسویں محرم
کا روزہ ۔ بارہویں ربیع الاول کا روزہ ۔ اس لیے کہ ۱۲ ربیع الاول کو حضور صلی اللہ علیہ
وسلم کی وفات ہوئی تھی ۔ بائیسویں محرم کو رسول اللہ کو نبوت عطا ہوئی تھی اٹھارہویں
ذی الحجہ کو کعبہ تیار ہوا تھا ۔ ۲۵ ویں ذی قعدہ کو کعبہ کی بنیاد رکھی گئی تھی ۔ ۲۷ ویں رجب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معراج کا دن ہے ۔ اس لیے ان ایام کے
روزے اہمیت کے حامل ہیں ۔

ایام بیض کے روزے :۔

ہر ماہ کی ۱۳ ، ۱۴ اور ۱۵ کے روزے آدم علیہ السلام پر فرض کیے گئے تھے اور
تمام نبیوں نے یہ روزے رکھے تھے ۔ رجب کے ماہ سے شروع کرنا مستحب ہے
ہر ہفتہ میں پیر ، جمعرات اور جمعہ کا روزہ رکھنا افضل ہے ۔ ایام تشریق کے روزے
رکھنا حرام ہے ۔ ایام تشریق ذی الحجہ کے گیارہ بارہ تیرہ کو کہتے ہیں ۔ کل پانچ دن
کے روزے رکھنا حرام ہے ۔ دو دن عیدین ، تین ایام تشریق کے ۔

✣ ✣ ✣

فصل تمام ہفتہ کے شب و روز کے نوافل :۔

جمعہ کی رات دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۃ اخلاص ستر مرتبہ پڑھے سلام کے بعد ستر مرتبہ استغفار پڑھے۔ اس کا بہت ثواب ہے۔

دیگر:۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جو شخص شب جمعہ کو بارہ رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ بارہ سال کی عبادت کا ثواب ملے گا۔

فصل جمعہ کے دن کے نوافل :۔

احیاء العلوم میں ابن عمر سے مروی ہے جو شخص جمعہ کی نماز سے پہلے چار رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورہ اخلاص پچاس مرتبہ پڑھے تو جنت میں جگہ نصیب ہوگی

دیگر:۔ جمعہ کے دن جو آدمی چار رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں گیارہ دفعہ سورہ اخلاص پڑھے سلام کے بعد سو مرتبہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ پڑھے تو خاتمہ ایمان پر ہوگا۔

فصل ہفتہ کے رات کے نوافل :۔

انس بن مالک سے مروی ہے جو شخص ہفتہ کی رات مغرب اور عشاء کے درمیان بارہ رکعت نماز پڑھے۔ سلام کے بعد ایک سو گیارہ دفعہ درود شریف پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں ایک محل عطا فرمائے گا اور اس کے گناہ معاف کر دیگا۔

دیگر:۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جو شخص ہفتہ کی رات چار رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۃ کافرون تین مرتبہ پڑھے۔ سلام کے بعد ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے نامہ اعمال میں ایک سال کی عبادت کا ثواب درج فرماتے ہیں۔

فصل ہفتہ کے دن کے نوافل :۔

احیاء العلوم میں امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک روایت درج کی ہے کہ جو شخص ہفتہ کے دن چار رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں تین مرتبہ سورۃ کافرون پڑھے۔ سلام کے بعد آیۃ الکرسی ایک مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے ایک سال کی عبادت کا ثواب عطا فرمائے گا اور حج اور عمرے کا ثواب اور شہادت کا ثواب بھی عطا فرمائے گا۔

دیگر:۔ جو شخص چاشت کے وقت چار رکعت نماز پڑھے اللہ تعالیٰ سے جو مانگے گا عطاء کیا جائے گا، قیامت میں انبیاء کے ساتھ اس کا حشر ہوگا۔

اتوار کی رات کے نوافل :۔

احیاء العلوم میں ہے جو شخص اتوار کی رات بیس رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃ اخلاص پانچ مرتبہ اور معوذتین ایک مرتبہ پڑھے۔ سلام کے بعد سو مرتبہ درود شریف اور سو بار استغفار پڑھے اور لاحول ولا قوۃ الا باللہ اور اللھم اغفرلی پڑھے۔ قیامت میں بے خوف ہو کر اٹھایا جائے گا۔

دیگر:۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جو شخص دس رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں تیس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے، جہنم کی آگ سے نجات پائے۔

فصل اتوار کے دن کے نوافل :۔

اتوار کے دن کے نوافل کے متعلق حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جو شخص چار رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے آخر سورۃ تک ایک مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے ایک ہزار حج اور عمرے کا ثواب عطا فرمائے گا۔

دیگر :۔ جو شخص عصر کی نماز کے بعد چار رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃ اعلیٰ ایک مرتبہ پڑھے تو ختمِ قرآن کے برابر ثواب ملے گا ۔

فصل پیر کی رات کے نوافل :۔

احیاء العلوم میں ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جو شخص چار رکعت نماز پڑھے ۔ پہلی رکعت میں سورۃ اخلاص دس مرتبہ دوسری رکعت میں سورۃ اخلاص بیس بار پڑھے اور تیسری رکعت میں تیس مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اور چوتھی رکعت میں چالیس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اور سلام کے بعد ستر مرتبہ سورۃ اخلاص او پچھتر مرتبہ اللّٰھمّ اغفرلی آخر تک اور ستر مرتبہ درود شریف پڑھے تو اللہ تعالیٰ سے جو طلب کرے وہی پائے ۔

دیگر :۔ ابوامامہ باہلی سے مروی ہے کہ جو شخص دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں آیت الکرسی، سورہ اخلاص اور معوذتین ایک ایک مرتبہ پڑھے سلام کے بعد استغفار سو مرتبہ اور درود شریف سو مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کا نام جنتیوں میں لکھے گا ۔

پیر کے دن کے نوافل :۔

احیاء العلوم میں بروایت جابر مرقوم ہے کہ جو شخص طلوعِ آفتاب کے بعد دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت آیت الکرسی اور سورۃ اخلاص اور معوذتین تین تین بار پڑھے اور سلام کے بعد دس مرتبہ استغفار پڑھے تو اللہ تعالےٰ اس کے سارے گناہ معاف فرمائے گا ۔

دیگر :۔ حضرت انس سے مروی ہے جو شخص طلوعِ آفتاب کے بعد بارہ رکعت نماز پڑھے ۔ ہر رکعت میں آیۃ الکرسی ایک مرتبہ پڑھے سلام کے بعد سورۃ اخلاص بارہ مرتبہ اور استغفار بارہ مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن نور کا حصہ پہنچائیگا ۔

اور سو فرشتے اس کا استقبال کریں گے اور جنت میں اعلیٰ مقام ملے گا ۔

منگل کی رات کے نوافل :۔

کتاب الاوراد میں مذکور ہے کی منگل کی رات کو دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورہ اخلاص ، معوذتین پندرہ پندرہ مرتبہ پڑھے ۔

دیگر :۔ کتاب الاوراد میں ہے جو شخص ۱۲ رکعت نماز پڑھے ۔ ہر رکعت میں آیۃ الکرسی ایک مرتبہ اور سورۃ اخلاص تین مرتبہ پڑھے ، دنیا سے رخصت ہوتے ہی جنت میں جگہ پائے

فصل منگل کے دن کے نوافل :۔

بایزید رکاشی حضرت انس بن مالک سے روایت کرتے ہیں کہ جو شخص طلوعِ آفتاب کے بعد دس رکعت نماز پڑھے ۔ ہر رکعت میں آیۃ الکرسی ایک مرتبہ اور سورۃ اخلاص تین مرتبہ پڑھے ساٹھ برس کے اس کے گناہ معاف کر دیے جائیں گے اور درجۂ شہادت پائے گا ۔

فصل بدھ کی رات کے نوافل :۔

احیاء العلوم میں ہے جو شخص بدھ کی رات دو رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت میں دس مرتبہ سورۃ فلق ، دوسری رکعت میں دس مرتبہ سورۃ والناس پڑھے تو ستر فرشتے قیامت تک اس کے نامۂ اعمال میں ثواب لکھتے رہیں گے ۔

دیگر ۔ ہر کتاب الاوراد میں مذکور ہے کہ جو شخص چھ رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۔ تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِی الَّیْلِ وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ۔

ایک مرتبہ پڑھے اور سلام کے بعد جزی اللہ محمد اعنا ما ھو اھلہ و مستحقہ ۔

بُدھ کے دن کے نوافل :۔

احیاء العلوم میں ابوادریس نے معاذ بن جبل سے روایت کیا ہے کہ جو شخص بارہ رکعت طلوعِ آفتاب کے بعد ادا کرے اور ہر رکعت میں آیت الکرسی ایک مرتبہ اور سُورہ اخلاص اور معوذتین تین مرتبہ پڑھے فرشتے آواز دے کر کہتے ہیں کہ فلاں کے گناہ اللہ تعالیٰ نے معاف کر دیے ہیں اور قیامت کی پریشانی سے نجات اور انبیاء کے ساتھ اس کا حشر ہوگا ۔

فصل جمعرات کی رات کے نوافل :۔

احیاء العلوم میں حضرت ابوہریرہ رضؓ کے حوالہ سے مرقوم ہے ۔ مغرب اور عشاء کے درمیان جو شخص دو رکعت نماز پڑھے ۔ ہر رکعت میں ایک مرتبہ آیۃ الکرسی اور سورۃ اخلاص اور معوذتین پانچ مرتبہ پڑھے اور سلام کے بعد پندرہ مرتبہ استغفار پڑھے اور اس کا ثواب والدین کو بخشے تو اگرچہ والدین کا نافرمان بھی ہو تو صدیقوں میں اس کا شمار ہوگا ۔

جمعرات کے دن کے نوافل :۔

احیاء العلوم میں ابنِ عباس رضؓ سے مروی ہے کہ جو شخص ظہر اور عصر کے درمیان دو رکعت نماز پڑھے ۔ اول رکعت میں آیۃ الکرسی سو مرتبہ پڑھے اور دوسری رکعت میں سُورۃ اخلاص سو مرتبہ پڑھے اور سلام کے بعد درود شریف سو بار پڑھے ۔ اللہ تعالیٰ اسے پچاس ہزار رکعت کا ثواب عطا فرمائے گا

فصل مشہور نمازوں کے متعلق ، صلوٰۃ التسبیح

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

فرمایا : جو شخص یہ چار رکعت نماز پڑھے گا ۔ اللہ تعالیٰ اس کے عمر بھر کے گناہ معاف کرے گا ۔ طریقہ اس کا یہ ہے چار رکعت نماز پڑھے ۔ ثناء کے بعد پندرہ مرتبہ سُبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر پڑھے ۔ رکوع سے پہلے دس دفعہ یہ کلمہ دہرائے ۔ رکوع میں تسبیح کے بعد دس دفعہ اس کو پڑھے قومہ میں بھی دس دفعہ پڑھے ۔ دونوں سجدوں کی تسبیح کے بعد ان الفاظ کو دس دس دفعہ پڑھے ۔ دونوں سجدوں کے درمیان جلسہ میں بھی دس دس دفعہ پڑھے اور اسی طرح ہر رکعت میں ۷۵ مرتبہ پڑھا جائے گا ۔ اس نماز کو اگر ہر روز پڑھے تو بہتر ہے ورنہ ہفتہ میں ایک مرتبہ ورنہ مہینے میں ایک مرتبہ ورنہ سال میں ایک مرتبہ ۔ اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو زندگی میں ایک مرتبہ ضرور پڑھے ۔

فصل نمازِ اشراق :۔

حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص صبح کی نماز کے بعد اسی جگہ بیٹھ کر عبادت میں مشغول رہے ، طلوعِ آفتاب کے بعد چار رکعت نماز پڑھے تو اس کو حج اور عُمرے کا ثواب ملے گا ۔

دیگر :۔ حدیث شریف میں ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اے ابنِ آدم ! تو میرے لیے دن کے اوّل حصہ میں چار رکعت نماز پڑھ میں تیرے سب کاموں کو آخر دن میں کفایت کروں گا ۔

دیگر :۔ جب سورج ایک نیزہ کے برابر بلند ہو جو شخص دس رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں تین دفعہ سورۃ اخلاص پڑھے ہر رکعت کے بدلے دس سال کی عبادت کا ثواب ملے گا اور اس کی قبر روشن ہوگی ۔

فصل نمازِ چاشت کی فضیلت :۔

جو شخص دس بجے کے قریب ۱۲ رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں آیۃ الکرسی

ایک دفعہ سورہ اخلاص تین دفعہ پڑھے، سلام کے بعد اللھم اغفرلی وارحمنی وتب علی انک انت التواب الرحیم سو دفعہ پڑھے۔ اس کے صغیرہ کبیرہ گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔

فصل نماز زوال :۔

جب سورج ڈھل جائے چار رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں اکیس دفعہ سورۃ اخلاص پڑھے تو اس کے لیے جنت میں محل تیار کیا جائے گا۔

فصل صلوٰۃ اوابین :۔

جو شخص مغرب کی نماز کے بعد چھ رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں تین دفعہ سورۃ اخلاص پڑھے، سلام کے بعد سو دفعہ درود شریف اور سو دفعہ استغفار پڑھے تو اس کی قبر روشن ہو گی۔

دیگر :۔ ایک روایت میں ہے جو شخص مغرب کی نماز کے بعد دو رکعت اوابین کی نیت سے پڑھے۔ ہر رکعت میں آیۃ الکرسی اور ایک مرتبہ شَہِدَ اللّٰہُ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ الخ اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ اور چار مرتبہ سورۃ اخلاص اور معوذتین ایک مرتبہ پڑھے۔ قیامت میں جنت کے دروازے اوآب سے داخل کیا جائے گا۔

فصل نماز تہجد :۔

سحری کے وقت اٹھ کر دو رکعت نماز پڑھنا۔ اوّل رکعت میں آیۃ الکرسی اور دوسری رکعت میں 'اٰمَنَ الرَّسُوْلُ' سے آخر تک پڑھے۔ اس کے بعد بارہ رکعت نماز پڑھے اور ہر دوگانہ کے بعد تسبیح اور استغفار پڑھے اور قراءت زیادہ کرے "نصیحت المومنین" میں لکھا ہے جو کہ نماز پڑھے گا قبر کی تنگی سے محفوظ رہے گا۔ اور رزق فراخ ہو گا اور روز قیامت میں ستر ہزار انسانوں کی شفاعت کرے گا اور

چہرہ آفتاب سے زیادہ روشن ہوگا۔

دیگر :۔ جو شخص بارہ رکعت پڑھے اول رکعت میں سورۃ اخلاص ایک مرتبہ دوسری میں دو مرتبہ۔

فائدہ :۔ صلوات مشہورہ کو نوافل خمسہ کہتے ہیں۔

فصل نماز رضائے والدین :۔

کیمیائے سعادت میں امام محمد غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر فرمایا ہے دو رکعت نماز کا ثواب اپنے والدین کو بخشنا ان کی رضا حاصل کرنے کے برابر ہے۔ خلاصۃ الادوار میں اس کا طریقہ یہ لکھا ہے کہ دو رکعت نماز رضاء والدین کی نیت سے پڑھے۔ ہر رکعت میں آیۃ الکرسی ایک مرتبہ سورۃ اخلاص تین مرتبہ پڑھے سلام کے بعد ہاتھ اٹھا کر ان الفاظ میں دعا مانگے اللھم انی صلیت ھذہ الصلوٰۃ قد جعلت ثوابھا اوالدی یا علیم یا قدیر اغفرلی ولوالدی وارضاھما منی انک علی کل شیءٍ قدیر

فصل قضا شدہ نمازوں کا کفارہ اور قضا عمری :۔

جمعہ کی نماز کے بعد چار رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں آیۃ الکرسی ایک مرتبہ سورۃ کوثر پندرہ مرتبہ سلام کے بعد دس مرتبہ درود شریف اور دس دفعہ استغفار پڑھے یہ فوت شدہ نمازوں کا کفارہ ہو جائے گا۔

فائدہ :۔ فوت شدہ نمازیں بغیر ادا کیے ذمہ سے ساقط نہیں ہوتیں، جب تک ادا نہ کی جائیں۔ نماز کے کفارہ کا مطلب یہ ہے کہ اس غلطی کا ازالہ کرنا جس کی وجہ سے نمازیں قضا ہوئیں۔ نماز کے کفارہ سے قضا شدہ نمازیں ادا نہیں ہو جاتیں جب تک انھیں پڑھا نہ جائے۔

❖ ❖ ❖

نماز کسوف :-

کسوف سورج گرہن کو کہتے ہیں۔ خسوف چاند گرہن کو کہتے ہیں۔ جب شمس و قمر کا نور زوال پذیر ہونا شروع ہو جائے دو رکعت یا چار رکعت نماز پڑھے۔ اگر جماعت کے ساتھ پڑھے تو قراءت لمبی کرے۔ اگر سورۂ اخلاص پڑھے تو گیارہ دفعہ پڑھے۔

فائدہ :- خسوف میں تنہا نماز پڑھے اور کسوف میں جماعت کیساتھ۔

فصل مسبعات عشر :-

قوت القلوب میں ہے کہ حضرت خضر علیہ السلام نے ابراہیم تیمی کو تحفۃً یہ مسبعات عشر دیں اور فرمایا کہ یہ امتِ محمدیہ کے لیے تحفہ ہے۔ دینی دنیاوی آفات سے محفوظ رہے گا اس کے دس مؤکل اس کی جان و مال کی حفاظت کرتے ہیں۔ صبح طلوعِ آفتاب سے قبل اور شام کو غروبِ آفتاب سے قبل اس کے پڑھنے کا وقت ہے

(۱) سورۂ فاتحہ مع تسمیہ (۲) سورۂ کافرون مع تسمیہ (۳) سورۂ والناس بمع تسمیہ (۴) سورہ اخلاص مع تسمیہ (۵) سورہ فلق مع تسمیہ (۶) آیۃ الکرسی بمع تسمیہ (۷) کلمہ تمجید مع تسمیہ (۸) درود شریف اللھم صل علی محمد عبدک وحبیبک ونبیک ورسولک النبی الامی وعلیٰ آل محمد وبارک وسلم (۹) اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَاءِ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّکَ مُجِیْبُ الدَّعْوَاتِ وَرَافِعُ الدَّرَجَاتِ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ (۱۰) اَللّٰھُمَّ صَلِّ یَا رَبِّ اِفْعَلْ بِیْ وَبِھِمْ عَاجِلًا وَّاٰجِلًا فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اِفْعَلْ بِنَا مَا اَنْتَ لَہٗ اَھْلٌ وَلَا تَفْعَلْ بِنَا مَا نَحْنُ لَہٗ اَھْلٌ اِنَّکَ غَفُوْرٌ جَوَادٌ کَرِیْمٌ مَلِکٌ بَرٌّ رَّؤُفٌ الرَّحِیْمُ۔

دیگر عمل :-

قطب عالم سید جلال الدین رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ جسے مسبعات عشر پڑھنے کی فرصت نہ ہو تو اس دعا کو سات بار پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاَنْتَ رَبِّیْ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ مَا شَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَآءْ لَمْ یَکُنْ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَعْلَمُ اَنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا وَّاَحْصٰی کُلَّ شَیْءٍ عَدَدًا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ دَآبَّۃٍ اَنْتَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۔

باب پنجم

ادعیہ ماثورہ اور ادعیہ مجربہ

فصل اول ادعیہ مجربہ :-

وہ دعائیں جو اکثر سفر میں کام آتی ہیں۔ امراض اور دردوں میں مقصد نوعِ انسان کو فائدہ پہنچانا ہے تاکہ ہر شخص استعداد کے مطابق مقصد حاصل کر سکے۔

سفر کے وقت کی دعا :-

جو شخص سفر کرنا چاہے اپنے اہل وعیال کو جمع کرلے دو رکعت نماز پڑھے اس کے بعد یہ دعا مانگے اور سب گھر والے آمین کہیں۔

اللھم انی استودعک الساعۃ نفسی ومالی ودینی ودنیائی

واخری وامانتی وخاتمته عملی اللھم احفظ شاھد منا
والغائب اللھم احفظنا فی جوارك اللھم لا تسلبنا نعمتك
ولا تغیر ما بنا من عافیتك وفضلك
جو چاہے گا ملے گا۔ اس کے بعد کہے :۔
انقطع الرجاء الا منك وجابت الامال الا فیك اسئلك
انی بحق من حق واجب علیك فیمن جعلت له الحق عندك
ان تصلی علی محمد واٰله وان تقضی حاجتی
انشاء اللہ تعالیٰ سفر سے کامیاب ہو کر صحت اور سلامتی کے ساتھ جلد واپس آئے گا۔

خرید و فروخت کے وقت کی دعا :۔

جانوروں کو خرید کرتے وقت یہ دعا پڑھے تاکہ تجارت سے فائدہ حاصل کر سکے دعا یہ ہے :۔
اللھم ارزقنی اطولها وافضلها رزقا وخیر ما عافیة اللھم
ان کانت عظیم البرکت فاضلة المنفقه میمونة الناصیة
فیسر لی شرائها وان کانت غیر ذلك فاصرفنی عنها
الی الذی ھو خیر منها فانك تعلم ولا اعلم وتقدر ولا اقدر
وانت علام الغیوب۔

سواری پر سوار ہونے کی دعا :۔

جب سواری پر سوار ہونا چاہے تو یہ دعا پڑھے چاہے سواری جانور کی ہو یا غیر جاندار کی۔ دعا یہ ہے :۔
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بسم اللہ وباللہ واللہ اکبر

جب سوار ہو جائے تو یہ پڑھے :۔
الحمد للہ ھدانا اللہ السلام ومن علینا محمد سبحان الذی
سخر لنا ھذا وما کنا له مقرنین وانا الی ربنا لمنقلبون
والحمد للہ رب العالمین اللھم انت الحامل علی الاظھر
والمستعان علی الامر۔
اگر جانور سرکشی کرے تو اس کے کان میں یہ الفاظ پڑھ کر سوار ہو، مطیع ہو گا :۔
اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰہِ یَبْغُوْنَ الخ پڑھے۔ دعا یہ ہے :۔
مغیصا علیکم ما قصد ثم من اعتی تنهج سلکم فی
فنون الاسباب وبحیثیت اللھم بنا عد تکم سلا متدو عنکم
الرحمن من کل جانب
منزل مقصود پر پہنچ کر یہ دعا پڑھے :۔
اَللّٰھُمَّ اَسْئَلُكَ خَیْرَھَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّھَا
گھر سے باہر جاتے ہوئے یہ سلام کہے :۔
السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین ورحمة اللہ وبرکاته

گھر سے باہر جانے کی دعا :۔

گھر سے نکلتے وقت یہ دعا پڑھے۔ طریقہ اس کا یہ ہے جب گھر کے دروازے سے نکلنے لگے تو سورۃ فاتحہ اور آیۃ الکرسی کو پڑھ کر جہات ستتہ کی طرف دم کرے یعنی سامنے پیچھے دائیں بائیں اوپر نیچے اور دعا یہ ہے :۔
اللھم احفظنی واحفظ ما معی وسلمنی وسلم ما معی
وبلغنی وبلغ ما معی ببلاغك الحسن الجمیل برحمتك یا
ارحم الراحمین اللھم استعذ نا بجعذہ الحوبة وامددنا

بالیمن والبرکة وقنا سواء الحصر واکفنا مھمات السفر
قربنا البعید والنامی وسھل علینا الستر والستری ووقفنا
الطی المراحل وانزلنا خیر المنازل واحفظ علینا و اجمع
بیننا وبینھم ماحسن امالنا واملنا سالمین غائبین
تائبین آئبین برحمتك یا ارحم الراحمین ۔

دعا عصا :۔

جب چوب بادام ہاتھ میں رکھنا مقصود ہو تو یہ آیت پڑھے اللہ تعالیٰ چوروں
قزاقوں اور سرکشوں کے شر سے محفوظ رکھے گا ۔ لیکن یہ نقش کاغذ پر لکھ کر اپنے
پاس ضرور رکھے ۔ نقش یہ ہے :۔

سلیعس ولانہ باان ابندے نادمہ صاف ھے بہ لصانہ ھے

آیت جو پڑھنی ہے یہ ہے لما توجہ تلقاء مدین ۔۔۔ ما نقول وکیل

سواری کی رکاب میں پاؤں رکھتے وقت کی دعا :۔

دعا یہ ہے :۔
اللّٰھم خل سبیلنا واحسن سبیلنا واحسن مصیرنا واحسن عاقبتنا
دیگر عمل :۔ رکاب میں پاؤں رکھتے وقت یہ دعا پڑھے :۔
اللھم انی صرت فی سفری ھذا بلا ثقة منی بغیرك
ولا رجاك لسواك فارزقنی فی ذلك شکرك وعافیتك
ووفقنی بطاعتك

سفر میں پڑھنے کی دعا :۔

دوران سفر یہ دعا پڑھنا مفید ہے :۔
بسم اللہ توکلت علی اللہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ اعوذ

باللہ کل ذی شر ومن شر ما اخاف واحذر ومن شر
فسقة الجن والانس والشیاطین والابلیس وجنودہ
واتباعہ واشیاعہ ومن شر کل سقم وغم وآفة وندم
ومن شر ما فی اللیل والنھار والبر والبحر ومن شر
الفساق والفجار والدغاء والبحار والاشرار ومن شر
ما انزل من السماء وما یعرج فیھا ومن شر ما یلج فی
الارض وما یخرج فیھا ومن شر کل دابة ھو اخذ بنا
صیتھا ان ربی علی صراط مستقیم واعوذ باللہ العظیم من
الغرق لا الحرق والھدیو والخسف والسخط والمسخ والزلزال
والصواعق والبر والبحر والجنون والبرص والجزام واکل
السبع ومنھم سوء وسائر الامراض والاستقام والآفات
والعاھات

اس کے بعد درود شریف پڑھے اور روانہ ہو جائے ۔

بلندی پر چڑھنے کی دعا :۔

بلندی پر چڑھنے کی دعا ۔ جو شخص بلندی پر چڑھنا چاہے یہ دعا پڑھے ۔
اللھم ادخرعنی الشیطان الرجیم جب چڑھ جائے تو اللہ اکبر
لا الہ الا اللہ واللہ اکبر والحمد للہ رب العالمین لك
الشرف علی کل شیء ۔ جب اُترے تو مذکورہ بالا دعا پڑھے ۔

درندوں سے بچنے کے لیے :۔

درندوں سے بچنے کے لیے اور محفوظ رہنے کے لیے یہ دعا پڑھے امن میں رہے گا
یا ذاریٔ ما فی الارض فیھا لعلمك بما یکون مما ذوات

لك السلطان علی کل من دونك انی اعوذ بقدرتك علی
کل شیٔ من الضرر فی بدن من السبع او هامة او عارض
من سائر الدواب یا خالقها بفطرته اوراها عنی والحجر
هادة تسلطها علی واقتی من شرها و باسمتها یا الله
یا ذا العلم العظیم احفظنی بحفظك من مخافی وادخلنی یا رحیم

اگر کسی درندے سے سامنا ہو جائے تو یہ دعا پڑھ کر اس کو دم کرے۔

عزمت علیك بعزیمة محمد ن المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم
ولعزیمة سلیمان بن داؤد علیہ السلام ولعزیمة علی ابن ابی طالب
الانجیت عن طریقتنا وثم توذونا

چوروں سے حفاظت کے لیے:۔

یا اخذ نواسی خلقه والنا فح بها الی فخدة والمنقذ فیها
حکمه وخالقه وجاعل قضائه لها غالب الی مکیله بضعفی
والقوتدق الی من قاد فی تعرضت بك فائن خلت بینی وبینهم
فذالك ارجومنك وان اسلمتنی الیهم غیر وامالی
من نعمتك یا خیر المنعمین لا تجعل مغیر منعمك عنی
احدًا سواك ولا تغیرها انت بی قدری الذی هرادلی
فحل بینی وبین شرهم بحق علمك الذی به تستجیب الدعاء

دوسری دعا:۔

لا اله الا انت صل علی محمد و آله الطاهرین الائمة
الهداء لا الطاهرین واصحابه مرضیین وکن لفلان ابن
فلاں ذرعًا حصنًا منیعًا یا رب العلمین۔

وحشت اور خوف کے وقت کی دعا:۔

اگر کوئی شخص وحشت اور خوف میں مبتلا ہو جائے اس دعا کو پڑھے خوف اور وحشت ختم ہو جائے گی۔

سبحان ربی الملك القدوس رب الملئکة والروح خالق
السموات والارض والعزة والجبروت اللهم انی اعوذبك
من وعثاء السفر وسوء المنظر فی النفس والاهل والمال
والولد برحمتك یا ارحم الراحمین۔

سفر سے باسلامت لوٹنے کی دعا:۔

گھر سے جاتے ہوئے اگر یہ دعا پڑھے سفر سے صحیح سلامت لوٹے گا

دعا یہ ہے:۔

یا جامع بین اهل الجنة علی تئلف بین القلوب وشدة
توخذ منهم بالممیت ویا جامع بین طاعته وبین من
خلقه بها ومخرجًا عن کل مکروب ویا من هلا کل غریب
ویا راحم فی قربة بحسن الحفظ وکلائه وملعونة لی ویا
مفرجلی من ضیق والحزن بالجمع بینی وبین الحبتی ویا
مؤلفا بین الاحباء ولا تفجعنی بالقطل رؤیة اهلی ولا تفجع
علی بانقطاع رؤیت منهم بکل سائلك ادعوك فاستجب لی
دعائی ایاك یا ارحم الراحمین

تو سفر سے تندرستی کے ساتھ واپس آئے گا۔

گم کردہ راہ کے لیے:۔

اگر کوئی راستہ بھول جائے تو راستہ کی دائیں طرف کھڑا ہو کر یہ دعا پڑھے

انشاءاللہ راستہ مل جائے گا۔ دعا یہ ہے :۔

بِسْمِ اللّٰہِ ذِی الشَّانِ الْعَظِیْمِ الْبُرْھَانِ الشَّدِیْدِ السُّلْطَانِ
کُلَّ یَوْمٍ ھُوَ فِیْ شَاْنٍ مَاشَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَالَمْ یَشَاءُ لَمْ یَکُنْ
ولا حول ولا قوۃ الا باللہ یا صالح یا ابا الصالح ارشد الی الطریق

تنہائی کی وحشت ختم کرنے کے لیے۔

اگر کوئی آدمی تنہائی سے گھبرائے تو یہ دعا پڑھے گھبراہٹ ختم ہو جائے گی۔

یا ارض ربی وربک اعوذ باللہ من شرک وشر ما فیک
ومن شر ما خلق فیک ومن شر ما یحا ذر علیک اعوذ باللہ
من شر کل اسد واسود وحیۃ وعقرب من ساکن البلد
ومن شر والد وولد افغیر دین اللہ یبغون آخر تک الحمد
للہ نعمتہ وحسن بلائہ علینا اللھم صاحبیک

کشتی پر سوار ہونے کی دعا :۔

اگر کوئی شخص کشتی میں سوار ہونے لگے تو اس دعا کو پڑھے۔ اللہ کے فضل سے صحیح سلامت کنارہ پر پہنچے گا۔

بسم اللہ الملک الرحمٰن وَمَا قَدَرُوا اللّٰہَ حَقَّ قَدْرِہٖٓ اِذْ
قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ عَلٰی بَشَرٍ مِّنْ شَیْءٍ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْکِتٰبَ
الَّذِیْ جَآءَ بِہٖ مُوْسٰی نُوْرًا وَّھُدًی لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَہٗ قَرَاطِیْسَ
تُبْدُوْنَھَا وَتُخْفُوْنَ کَثِیْرًا وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَلَآ
اٰبَآؤُکُمْ قُلِ اللّٰہُ ثُمَّ ذَرْھُمْ فِیْ خَوْضِھِمْ یَلْعَبُوْنَ بِسْمِ اللّٰہِ
مَجْرٖھَا وَمُرْسٰھَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ

❖ ❖ ❖

غرق اور حرق سے حفاظت کی دعا :۔

جو شخص غرق اور حرق سے بچنا چاہے تو یونس علیہ السلام کی دعا پڑھے :۔

اِنَّ وَلِیِّ َۧ اللّٰہُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتٰبَ وَھُوَ یَتَوَلَّی الصّٰلِحِیْنَ وَمَا
قَدَرُوا اللّٰہَ حَقَّ قَدْرِہٖ وَالْاَرْضُ جَمِیْعًا قَبْضَتُہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ
وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِیّٰتٌ بِیَمِیْنِہٖ سُبْحٰنَہٗ وَتَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِکُوْنَ

دشمن سے پوشیدہ رہنے کیلیے مجرب دعا :۔

جو شخص انسان اور جناتی دشمن سے محفوظ رہنا چاہے تو سوتے وقت پانچ دانے ریت کے اٹھائے۔ حرفوں کے مطابق سرہانے دفن کرے پھر پانچ دانے اٹھائے انبیاء کے نام کے پہلا دانہ اٹھائے تو کہے نوح علیہ السلام، دوسرا اٹھائے وقت ابراہیم علیہ السلام کا نام لے، تیسرا اٹھائے وقت موسیٰ علیہ السلام کا نام لے چوتھا اٹھائے وقت عیسیٰ علیہ السلام کا نام لے۔ پانچواں اٹھائے وقت حضور علیہ السلام کا نام لے۔ ایک دانہ قبلہ کی طرف پھینکتے وقت کہے قولہ، دوسرا مشرق کی طرف ڈالتے وقت کہے الحق۔ تیسرا شمال کی طرف ڈالتے وقت کہے ولہ، چوتھا جنوب کی طرف ڈالے کہے حولہ۔ پانچواں مغرب کی طرف ڈالے کہے فقعوا ولا ترجعوا فَضُرِبَ بَیْنَھُمْ بِسُوْرٍ لَّہٗ بَابٌ بَاطِنُہٗ فِیْہِ الرَّحْمَۃُ وَظَاھِرُہٗ مِنْ قِبَلِہِ الْعَذَابُ پھر چالیس دانے اور اٹھا کر اپنے نیچے دفن کرے تو شر شیطان جن وانس سے محفوظ رہے گا۔

جنگ سے بچنے کے لیے عمل :۔

جو شخص جنگ سے بچنا چاہے۔ حروفِ مجذومہ کی تعداد کے مطابق تین دانے ریت کے بائیں ہاتھ سے اٹھائے اور حروف منصوبہ کے عمل کے مطابق چار دانے دائیں ہاتھ سے اٹھائے اور ان چار میں سے ایک کو دائیں جانب پھینکے اور پڑھے

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ

دوسرا دانہ دائیں طرف ڈالے اور پڑھے :۔

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا
مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا

تیسرا دانہ پیچھے ڈالے اور پڑھے :۔

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ

چوتھا دانہ آگے ڈالے اور کہے :۔

وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ
فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ

باقی تین مجذومہ کو اپنی پگڑی میں محفوظ رکھے۔ میدانِ جنگ کی تکالیف سے محفوظ رہے گا۔

لشکر کو شکست دینے کے لیے :۔

اپنے لشکر کے آگے سے چار کنکر اٹھا دے۔ ایک کو اپنی دائیں طرف ڈالے دوسرے کو بائیں طرف، تیسرے کو سر کے اوپر پیچھے ڈالے چوتھے کو آگے ڈالے۔ ڈالتے وقت یہ الفاظ کہے :۔ قولہ الحق ولہ الملک فی الصور۔ دشمن کا لشکر شکست کھا جائے گا۔ اگر شکست نہ کھائے تو دوبارہ یہ عمل کرے تو بھاگ جائے گا۔

کسی مکان میں داخل ہونے کی دعا :۔

جب کوئی شخص کسی جگہ پڑاؤ کرے یا نئے مکان میں داخل ہو تو یہ دعا پڑھے تاکہ ہر آفت سے محفوظ رہے۔ دعا یہ ہے :۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ رَبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ
خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ

پھر ایسی جگہ ٹھہرے جہاں کی زمین نرم ہو وہاں دو رکعت نماز اور یہ دعا پڑھے :۔

اللهم ارزقنا خیر هذه البقعة واغذنا من حی واغذنا من وبائها وحببنا الی اهلها وحبب الیٰ صالحی اهلها الینا والسلام۔

شہر اور بستی میں داخلہ کی دعا :۔

جب کسی بستی یا شہر میں داخل ہو تو یہ دعا پڑھے تاکہ اس کے شر اور فتنے سے محفوظ رہے۔ دعا یہ ہے :۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظْلَلْنَ وَرَبَّ الْاَرَضِيْنَ السَّبْعِ وَمَا اَقْلَلْنَ وَرَبَّ الشَّيٰطِيْنِ وَمَا اَضْلَلْنَ وَرَبَّ الرِّيَاحِ وَمَا ذَرَيْنَ وَرَبَّ الْاَنْهَارِ وَمَا اَخْرَجْنَ عَرِّفْنَا خَيْرَ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ وَخَيْرَ اَهْلِهَا وَاَعِذْنَا مِنْ شَرِّهَا وَمِنْ شَرِّ اَهْلِهَا اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ لِيْ مَكَانًا فِيْهَا مِنْ خَيْرٍ وَاَعِنِّيْ عَلٰى حَاجَتِيْ يَا كَافِيَ الْحَاجَاتِ يَا مُجِيْبَ الدَّعَوَاتِ رَبِّ اَدْخِلْنِيْ الخ۔ تو ہر مصیبت سے مامون رہے گا۔

رؤیت شہر اور بستی کی دعا :۔

جب کسی بستی یا شہر پر نظر پڑے تو یہ دعا پڑھے تاکہ ان کے شر سے محفوظ رہے۔ دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ خَيْرَهَا وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ لِيْ اَهْلَهَا وَحَبِّبْ صَالِحَ اَهْلِهَا اِلَيَّ الخ۔

سواری کی حفاظت کے لیے :-

جانوروں کی حفاظت کے لیے اس دعا کو لکھ کر ان کے گلے میں ڈالنے چاہییں

اللھم احفظ علی ما لو حفظہ غیرک لقاء و استر علی ما لو
سترہ غیرک لشاع و اجعل علی ما لو جعلہ غیرک مضاع
واجعل ظلا ظلیلا اتو نی بک کل من اماء منی سوء او نصب
لی مکروھا حتی یجوز وھو غیر کافر لی ولا قادر علی اللھم
احفظنی بما حفظت لہ کتاب المنزل علی کل نبیک المرسل
اللھم انک قلت وقولک الحق انا نحن نزلنا الذکر و انا لہ
لحافظون -

اگر جانور بیمار ہے تو اس طریقے سے دعاء استعمال کرتے ہوئے جانور کی پیٹھ پر ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھے - دعا یہ ہے :-

اقسمت علیک ایھا العلۃ و بالعزۃ اللہ و بعظمۃ عظمۃ
اللہ و بجلال جلال اللہ و بقدرۃ قدرۃ اللہ و بسلطان
سلطان اللہ وجلالہ الا اللہ و بما جری بالقلم من عند
اللہ و بلا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم لا نصروا -

سفر سے لوٹنے کی دعا :-

سفر سے واپسی پر یہ دعا پڑھے انشاء اللہ صحت و سلامتی سے واپس آئیگا

دعا یہ ہے :- آئبون تائبون انشاء اللہ تعالی عابدون راکعون ساجدون لربنا
حامدون اللھم لک الحمد علی حفظک ایای فی سفری وحضری اللھم اجعل اوبتی
ھذہ مبارکۃ میمونۃ مقدونتہ بتوبۃ نصوحا توجیہ السعادۃ یا ارحم
الراحمین

دوسری فصل - ادعیہ ماثورہ اور نمازوں میں

ہر ایک مرض کے علاج کے لیے علیحدہ علیحدہ دعائیں اور نمازیں -

دردِ سر کے لیے :-

سر کے جس مقام میں درد ہو وہاں ہاتھ رکھ کر سات بار یہ دعا پڑھیں ا

اعوذ باللہ الذی ماسکن لہ ما فی البر والبحر وما فی السموٰت
وما فی الارض وھو السمیع العلیم

کان میں درد کا علاج مجربہ :-

پانی کے پیالے پر دم کر کے پیئے :-

اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا
فَفَتَقْنٰهُمَا وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ

انشاء اللہ شفا نصیب ہوگی -

دیگر :- دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۃ اخلاص تین بار پڑھے اور تین بار یہ آیت بھی پڑھے :-

رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا الخ

پھر دعا مانگے انشاء اللہ شفا نصیب ہوگی -

آنکھ کے درد کے لیے سریع الاثر علاج :-

اگر آنکھ میں درد ہو تو یہ دعا پڑھے

اعوذ نور بصری بنور اللہ الذی لا یطفی اور آیت الکرسی مکمل پڑھیں

انشاء اللہ آنکھیں ٹھیک ہو جائیں گی درد ختم ہو جائے گا -

دیگر عمل :- فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ

نَطْمَسْنَا عَلٰٓی اَعْیُنِہِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰی یُبْصِرُوْنَ۔ پاک پانی پر تین بار پڑھ کر دم کر کے اپنا منہ دھوئے۔

دیگر عمل:۔ صبح کی نماز کے بعد اس دعا کو پڑھے انشاءاللہ آنکھ کی بیماری سے محفوظ رہے گا۔ دعا یہ ہے:۔

اللھم انی اسئلک بحق محمد و ال محمد ان تصلی علی محمد وال محمد وان تجعل النور فی بصری والبصیرۃ فی دینی والیقین فی قلبی والاخلاص فی عملی والسلامۃ فی دینی واسعۃ فی رزقی واشکر لک ابدا ما بقیتنی۔

دیگر:۔ دو رکعت نماز پڑھے نماز کے بعد یہ دعا پڑھے:۔

یامحمد انی ان اتوجہ بک الی اللہ ربک وربی یرد بک علی نور بصری۔

دردِ شقیقہ کا مجرب علاج:۔

درد والے کی کنپٹی پہ ہاتھ رکھ کر تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے دعا یہ ہے:۔

اللھم یا ظاھرا موجودًا موجودًا ویا باطنا غیر مفقود اردنا علی عبدک الضعیف بادیک عندہ واذھب عندما بہ من اذی من عندک رحیم قدیر

دیگر عمل:۔ درد شقیقہ کے علاج کے لیے چنے کے آٹے پر سورہ اخلاص تین مرتبہ پڑھے درد ختم ہو جائے گا۔ نیز یہ دعا بھی پڑھے:۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ ھَدَیْتَنَا ۔(الآیہ)

مُنہ کے درد کا علاج:۔

اگر کسی کے منہ میں درد ہو تو یہ دعا پڑھے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ دَاءٌ وَاَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَھَا شَیْءٌ قُدُّوْسٌ قُدُّوْسٌ اَسْئَلُکَ بِہٖ اَعْطَیْتَہٗ وَمَنْ دَعَاکَ بِہٖ اَجَبْتَہٗ اَسْئَلُکَ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَنْ تُعَافِیَنِیْ مِمَّا اَجِدُنِیْ فِیْ رَاْسِیْ وَفِیْ سَمْعِیْ وَفِیْ بَصَرِیْ وَفِیْ بَطْنِیْ وَفِیْ ظَھْرِیْ وَفِیْ رِجْلِیْ وَفِیْ جَوَارِیْ

زکام کے لیے روحانی علاج:۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:۔

الذکام جند من جنود اللہ عزوجل بعثہ علی الدواء

حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ:۔ تاخذ دھنہ ینفتم فی قطنہ فاحتملہ فی سفلیک عید مستابک فانہ نافع لذکام زکام کی وجہ سے نسیان شروع ہو جاتا ہے اس لیے زکام کو ام الامراض بھی کہتے ہیں۔

دردِ ناف کے لیے مجرب عمل:۔

اگر ناف میں درد ہو تو مریض کی ناف پر اپنا ہاتھ رکھ کر یہ آیت کریمہ تین مرتبہ پڑھیں وَاِنَّہٗ لَکِتٰبٌ عَزِیْزٌ لَّا یَاْتِیْہِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْہِ وَلَا مِنْ خَلْفِہٖ الخ

انشاءاللہ مریض فورًا ٹھیک ہو جائے گا۔

داڑھ کے درد کے لیے ایک نایاب عمل:۔

درد والی داڑھ کو انگلی سے پکڑے اور سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص اور سورۃ قدر پڑھے اور یہ آیت۔ وَتَرَی الْجِبَالَ تَحْسَبُھَا جَامِدَۃً وَّھِیَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ

تفعلون تک پڑھ کر دم کرے تو درد ختم ہو جائے گا۔

دیگر عمل:۔ ایک کاغذ کے ٹکڑے پر انار کی لکڑی کے قلم سے یہ حرف لکھے الطعمف پھر چھوٹی کیل لے کر پہلے حرف پر لگائے۔ اگر درد ختم نہ ہو تو دوسرے حرف پر لگائے پھر تیسرے حرف پر اسی طرح لگاتا جائے درد ختم ہو جائے گا۔

دیگر عمل:۔ آیت کریمہ اولم یر الانسان سے آخر آیت تک پڑھے اگر آیت کریمہ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ مکمل لکھ کر درد والا اپنے پاس رکھے تو شفا نصیب ہو گی۔

بہرے پن کا علاج:۔

جس آدمی کو کم سنائی دیتا ہو تو اس کے کان پر ہاتھ رکھ کر یہ آیت کریمہ پڑھے اور کان پہ دم کرے انشاءاللہ تعالیٰ درد ختم ہو جائے گا آیت یہ ہے:۔
لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ سے يَتَفَكَّرُوْنَ تک۔

کان کے درد کا علاج:۔

اگر کسی کے کان میں درد ہو تو سورۃ فاتحہ چینی کے برتن میں لکھ کر عرق گلاب سے دھو کر اس کو کان میں ٹپکائیں درد رک جائے گا۔

دیگر علاج:۔ روغن چنبیلی پر یہ آیت سات مرتبہ پڑھ کر کان میں ٹپکائیں درد ختم ہو جائے گا آیت یہ ہے:۔ كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ سے مسئول تک۔

درد سر کا علاج:۔

سینہ کے درد کے لیے اس آیت کا ورد نہایت مفید ہے آیت یہ ہے:۔
اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ

دیگر عمل:۔ چار رکعت نماز پڑھے اول رکعت میں سورۃ الم نشرح دوسری رکعت میں سورہ اخلاص تین مرتبہ تیسری رکعت میں سورۃ والضحیٰ ایک مرتبہ چوتھی رکعت میں يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ پڑھے درد رک جائے گا۔

نکسیر روکنے کا عمل:۔

اگر کسی شخص کی نکسیر جاری ہو اور خون نہ رکتا ہو تو یہ آیت لکھ کر پلائے اور دم کرے آیت یہ ہے:۔ مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ سے اِلَّا هَمْسًا تک۔

دیگر عمل:۔ جس کی نکسیر بند نہ ہوتی ہو تو یہ آیت اس کی پیشانی پر لکھیں انشاءاللہ خون رک جائے گا۔ آیت یہ ہے:۔ وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ سے ظٰلِمِيْنَ تک مرض نکسیر سے شفا نصیب ہو گی۔

پیٹ کے درد کا علاج:۔

گرم پانی پر سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کریں اور شہد ملا کر پلائیں۔ انشاءاللہ درد رک جائے گا۔

دیگر علاج:۔ گرم پانی پر یہ دعا دم کر کے مریض کو پلائیں۔ انشاءاللہ شفا نصیب ہو گی۔ دعا یہ ہے:۔

یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا رب الارباب
یا الٰہ العصر یا مالک الملک یا سید السادات اشفنی بشفائک
من کل داء و سقم کا فی عبدک و عن عبیدک فی قبضتک

درد شکم ختم ہو جائے گا اور اگر دل کا درد شروع ہو جائے تو یہ آیت کریمہ پڑھ کر دم کرے
لَئِنْ اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔

شفا نصیب ہوگی۔

لبول علی الفراش کا علاج :۔

اگر بستر پر پیشاب کرنے کی عادت ہو تو اس کا علاج یہ ہے۔ سعد کوفی دو جز زعفران ۲ تولہ خوب باریک پیس کر کپڑ چھان کر لیں۔ شہد کی مدد سے گولیاں بنائیں نیز زعفران سے یہ تعویذ لکھ کر دھو کر اسے پلائیں۔

نیز سورۃ فاتحہ، سورۃ اخلاص تین تین مرتبہ اور معوذتین، آیت الکرسی، سورہ حشر کی آخری آیات اور سورہ بنی اسرائیل کی آخری آیت تعویذ بنا کر اگر مریض عورت ہو تو ران پر باندھیں۔ مرد ہو تو پیٹ پر باندھیں اور سونے سے پہلے ایک گولی پانی سے کھائیں۔ چند دن میں یہ عادت چھوٹ جائے گی۔

مقام بول کے درد کا علاج :۔

اگر کسی کو مقام بول میں درد ہو تو بایاں ہاتھ اس پر رکھ کر تین مرتبہ یہ دعا پڑھے :۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ باللہ بَلٰی مَنْ اَسْلَمَ وَجْھَهٗ لِلّٰہِ وَھُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ وَلَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْلَمْتُ وَجْھِیْ اِلَیْكَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْكَ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَاَ مِنْكَ اِلَّا اِلَیْكَ۔ اگر مریض خود عمل کرے تو بہتر ہے :۔

پیشاب بند ہونے کا علاج :۔

اگر کسی شخص کا پیشاب بند ہو جائے تو مریض کی بائیں ٹانگ کی پنڈلی خوب پاک کریں اور یہ آیت لکھیں

فَفَتَحْنَا اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْھَمِرٍ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُیُوْنًا فَالْتَقَی الْمَآءُ عَلٰٓی اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ وَحَمَلْنٰهُ عَلٰی ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ

تَجْرِیْ بِاَعْیُنِنَا جَزَآءً لِّمَنْ کَانَ کُفِرَ۔

کلام باری سے فوراً پیشاب کھل جائے گا۔

باری کے بخار کا علاج :۔

جس کو چوتھے دن کا بخار ہوتا ہو تو یہ آیت لکھ کر بازو پر باندھے اور اس شکل کو لکھ کر بائیں پنڈلی پر باندھے اور باندھتے وقت یہ الفاظ کہے :۔

عقدت علی اسم اللہ حمی فلاں بن فلاں

دیگر علاج :۔ تین بادام لے کر ان پر یہ آیت لکھیں اور تین لکڑیوں پر یہ اسماء لکھیں۔ جمجر جمجر بر جمرو فرعون شداد نمرود ایک لکڑی کو مریض کے سر کے پاس جلائیں تاکہ مریض تک اس کا دھواں پہنچے۔ دوسری لکڑی کو اس کی کمر کے پاس جلائیں۔ تیسری کو اس کے پاؤں کے جلائیں۔ تین دن میں مریض ٹھیک ہو جائے گا۔

بواسیر کا علاج :۔

جس کو بواسیر کی بیماری ہو سورۃ یٰسین لکھ کر شہد سے دھو کر اس کو پلائیں۔

دیگر علاج :۔ اس دعا کو پڑھے دعا یہ ہے :۔

یا جواد یا ماجد یا رحیم یا کریم یا قریب یا مجیب یا بادی یا راحم صل علی محمد و آلہ اردد علی نعمتک اکفنی

درد زہ کے لیے مجرب عمل :۔

اگر عورت کو بچہ جننے میں سخت تکلیف ہو تو پانی کے گلاس پر دم کر کے پلائیں اور تھوڑا سا سینہ پر ڈالیں اور تھوڑا کنپٹی پر، تو بچہ آسانی سے پیدا ہوگا۔

دیگر :۔ گزشتہ دعا اس آیت کے ساتھ لکھ کر عورت کی داہنی ران کے ساتھ باندھیں تو بچہ آسانی سے پیدا ہوگا۔ آیت یہ ہے :۔

بِسْمِ اللّٰہِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ رَبِّ الْعَرْشِ

الْعَظِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ
لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ بَلٰغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ
كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا

نیز یہ آیت بھی لکھیں۔ حاملہ کی ران کے ساتھ باندھیں آیت یہ ہے:۔
اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّيْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ سے آخر تک

درد مثانہ کا علاج :۔

جس کے مثانہ میں درد ہو سوتے وقت تین مرتبہ بیدار ہوتے وقت ایک مرتبہ پڑھنا درد مثانہ سے کلی شفا نصیب ہوگی آیت یہ ہے :۔
اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ

پہلو کے درد کا علاج :۔

جس کے پہلو میں درد ہو تو نماز سے فارغ ہو کر درد کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر یہ آیت پڑھے :۔
اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ فَتَعٰلَى
اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ سے آخر سورۃ تک

پیٹھ میں درد کا علاج :۔

اگر پیٹھ درد کرتی ہو تو یہ دعا درد کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھے اور اس کے ساتھ سورۃ قدر سات مرتبہ پڑھے دعا یہ ہے :۔
وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ سے وَسَنَجْزِي الشّٰكِرِيْنَ تک

خصیتین کے درد کا علاج :۔

اگر خصیتین میں ورم ہو یا درد ہو تو دھاگہ لے کر اس پر سات گرہ دیوے اور یہ

دعا پڑھے :۔ خرج عیسٰی علی حمارا قحولم یدحس ولم یرحق انا ارقیک واللہ عزوجل پڑھے تو درد ختم ہو جائے گا۔

فالج اور درد قولنج کا علاج :۔

فالج اور درد قولنج والے کے لیے سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص اور معوذتین اس دعا کے ساتھ لکھے :۔

اعوذ بوجہ اللہ العظیم وبعزۃ التی لا نزام لقدرۃ التی لا
یمتنع منہا شیئ من شر ھذہ الوجہ ومن شر ما فیہ مومن
شرھا اجد منہ تحتی

مونڈھے ہڈی بنائے اور اس پر لکھے اور بارش کے پانی سے دھو کر نہار منہ پئے یا شربت پر دم کر کے پیئے
فَلَوْلَا اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ لَلَبِثَ فِيْ بَطْنِهٖ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ لکھ کر دھو کر پیئے۔ دو رکعت نماز پڑھے فَفَتَحْنَا اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ آخر تک ایک بار لکھے فالج ختم ہوگا۔ اگر عورت ایام حیض میں پئے تو اسکو بھی فائدہ ہوگا۔

دردِ سر کا علاج :۔

دردِ سر کے لیے اس آیت کو پڑھے :۔
وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ
الْمَوْتٰى بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ
الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ
خَلْفِهِمْ سَدًّا سے يُبْصِرُوْنَ تک۔

دیگر عمل :۔ اس آیت کریمہ کو پڑھ کر دم کرے۔ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ
يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ الخ عَلٰى نَفْسِهٖ تک۔ اسکن سکنک بوجہ الانسی

بِالَّذِیْ لَهٗ مَا سَکَنَ فِی الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝

دیگر عمل :۔ درد سر کے لیے سر پر ہاتھ رکھ کر سورۃ فاتحہ اور آیت الکرسی اور یہ کلمات پڑھے ۔

اللّٰہ اکبر لا الہ الا اللّٰہ واللّٰہ اکبر اجل واعز مما اخاف واحذر اعوذ باللّٰہ من عرق النار واعوذ باللّٰہ من النار

گرم بخار اور غب کے بخار کے لیے :۔

اس دعا کو چینی کے برتن پر لکھ کر چند روز مریض کو پلائیں اگر مریض خود پڑھ کر دم کر لیا کرے تو بہت جلد شفایاب ہو۔ دعا یہ ہے :۔

اللّٰھم ارحم جلد الرقیق وعظمی الدقیق واعوذبک من فورۃ الحریق یا ام ملدم ان کنت امنت باللّٰہ فلا تاکل اللحم ولا تشرب الدم ولا تفوری من الفم وان تقلی الا من یزعم ان مع اللّٰہ الٰھا اخر فانی اشھد ان لا الہ الا اللّٰہ وحدہ لا شریک لہ واشھد ان محمدا عبدہ ورسولہ

دیگر عمل :۔ کاغذ کے تین ٹکڑے لے کر ایک ٹکڑے پر بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم لَا تَخَفْ اِنَّکَ اَنْتَ الْاَعْلٰی دوسرے ٹکڑے پر لَا تَخَفْ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ تیسرے ٹکڑے پر اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبَارَکَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ اور ہر ٹکڑے پر تین تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے پھر روزانہ ایک ٹکڑا کھا لیا کرے انشاء اللّٰہ مریض ٹھیک ہو جائے گا ۔

قوت مردمی کھولنے کا عمل :۔ جس آدمی کی قوت مردمی بند کر دی گئی ہو تو اسے چاہیے کہ یہ آیات لکھ کر اپنی کمر میں باندھے پہلی آیت سورۃ فتح کی اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ سے عَزِیْزًا تک ۔ دوسری آیت میں وَفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُیُوْنًا سے

آخر تک ۔ تیسری آیت وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا سے آخر تک پھر تین مرتبہ یہ کلمات پڑھے :۔

حَتّٰیٓ اِذَا رَکِبَا فِی السَّفِیْنَةِ خَرَقَهَا قَالَ اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا

اللّٰھم انی اسئلک بحق المکتوب بین الکاف والنون وبحق محمد واھل بیتہ الطاھرین ان یحل ذکر فلاں بن فلاں بہ کٓھٰیٰعٓصٓ وبہ حٰمٓ عٓسٓقٓ وبہ قل ھو اللّٰہ احد وانت الوجیہ علی العظیم تک ۔

دیگر عمل :۔ تین انڈے لے کر ان کا چھلکا اتارے پہلے انڈے پر یہ آیت لکھے :۔ حَتّٰیٓ اِذَا رَکِبَا فِی السَّفِیْنَةِ

دوسرے انڈے پر اِنَّا فَتَحْنَا سے عَزِیْزًا تک لکھے ۔

تیسرے انڈے پر فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰی عَلٰی سُوْقِهٖ سے آخر تک روزانہ ایک انڈہ کھلائے انشاء اللّٰہ مردمی کھل جائے گی ۔

دل کے وسوسے کا علاج :۔

جس آدمی کے دل میں زیادہ وسوسے آتے ہوں تو چھاتی پہ ہاتھ رکھ کر تین مرتبہ یہ کلمات پڑھے ۔ کلمات یہ ہیں :۔

بسم اللّٰہ وباللّٰہ محمد رسول اللّٰہ ولا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم اللّٰھم امسح عنی ما احذر یہ دعا تین مرتبہ پڑھے ۔

دیگر عمل :۔ تَوَکَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ اَبَدًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَکُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَکَبِّرْهُ تَکْبِیْرًا ۝

تجارت کے لیے عمل :۔

تین دن روزے رکھے۔ آخری دن زوال کے وقت غسل کرکے چار رکعت نماز پڑھے۔ صرف چادر باندھ کر اور کپڑے اتار دے سجدے میں یہ دعا پڑھے :۔

یاواحد یا احد یا صمد یا کریم ویاجبار یا قریب یا مجیب یا ارحم الراحمین صل علی محمد وآل محمد وکشف ما بی من ضرر والنبی العافیة الشافیہ الکافیہ فی الدنیا والاخرة وھن علی وتمام۔

زخم اور پھوڑے کا علاج :۔

بستر پر لیٹتے وقت جو شخص یہ دعا پڑھ کر سوئے تو جلد آرام آجائے گا اور اگر طاعون کی بیماری بھی ظاہر ہو گئی تو اس دعا کی کرم برکت سے محفوظ رہے گا۔

دعا یہ ہے :۔

اَعُوْذُ بِوَجْہِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَکَلِمَاتِ التَّامَّاتِ الَّتِیْ لَا یُجَاوِزُھُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ مِّنْ شَرِّ کُلِّ ذِیْ شَرٍّ

ناسور کے لیے :۔

جس آدمی کو گندہ پھوڑا نکلے اور اس کا رسنا بند نہ ہو جو کا دانہ لے اس پر سورۃ واقعہ کو وَیَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ یَنْسِفُھَا سے اَمْتًا تک سات مرتبہ پڑھ کر ایک جو کے دانہ پر دم کرے اور ان کو گرم ریت کے اندر رکھ کر سینکے اور یہ عمل آخر ماہ میں کرے ورنہ کار آمد نہ ہوگا۔

دیگر :۔ مہینہ کے آخری سات دنوں میں یہ آیت پڑھ کر پھوڑے پر دم کرے آیت یہ ہے وَمَثَلُ کَلِمَةٍ خَبِیْثَةٍ کَشَجَرَةٍ خَبِیْثَةِ اِجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْاَرْضِ مَالَھَا مِنْ قَرَارٍ وثبت الجبال بثاھبا ان ممن ثنا۔

خنازیر کا علاج :۔

خنازیر کی تعریف یہ ہے گردن کے پاس مواد فاسد اکٹھا ہو جاتا ہے۔ اس دعا کو پڑھنے پر رفتہ رفتہ ختم ہو جائے گا۔ دعا یہ ہے :۔

یارؤف یا رحیم یارب یاسیدی

برص کا علاج :۔

برص والا وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھے اس کے بعد یہ دعا پڑھے۔

یااللہ یا رحمن یا رحیم یاسامع الاصوات اذھب عنی الدنیا والاخرة واذھب عزم ما اجد فقد اطنی واخرنی

پیٹ کے درد کا علاج :۔

جس شخص کے پیٹ میں درد ہو اس کو چاہیے کہ سورہ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ کو مَا فِیْھَا وَتَخَلَّتْ تک پڑھے۔

دیگر عمل :۔ پیٹ کے درد کے لیے یہ آیتیں تین دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پینے سے درد ختم ہو جائے گی آیتیں یہ ہیں :۔

یُرِیْدُ اللّٰہُ بِکُمُ الْیُسْرَ وَلَا یُرِیْدُ بِکُمُ الْعُسْرَ۔ اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا اَنَّ السَّمٰوٰتِ سے لے کر یُؤْمِنُوْنَ تک پڑھیں۔

مرگی کا مؤثر علاج :۔

پیالہ میں پانی لے کر سورۃ فاتحہ اور معوذتین پڑھ کر دم کریں اور وہ پانی مریض کو پلائیں شفا ہو گی اور ایک طریقہ یہ ہے کہ مریض کو کھڑا کر کے یہ عزیمت پڑھیں مریض کو دم بھی کریں اور پلائیں بھی۔ عزیمت یہ ہے :۔

عزمت علیك یارب یاعزیز ہمة الی حزم بھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعلی ابن ابی طالب علی جن واواء السفر

فاء طابوا واطاغوا لما اجبت داطعت وخرجت عن فلان ابن

فلاں بجائے فلاں ابن فلاں ۔

دیگر عمل :۔ سورہ جن سات بار پڑھ کر مریض کو دم کریں ٹھیک ہوگا ۔

دیگر عمل :۔ مرگی والے مریض کی انگلیوں کو پکڑ کر سورہ بقرہ پڑھ کر دم کریں ۔

نزلہ کا علاج :۔

اگر کسی کو نزلہ شروع ہوجائے تو سورۃ فاتحہ سات مرتبہ زعفران اور مشک سے لکھ کر ایک ماہ تک مریض کو پلائیں ٹھیک ہوجائے گا ۔

دفع ریح :۔

اگر گیس کی وجہ سے کسی کا پیٹ پھول جائے یا پیچش لگ جائیں تو اس کو چاہیے کہ اس دعا کو پڑھے دعا یہ ہے ۔

یااللہ یارحمٰن یارب یارب الارباب ویاسید السادات
اشفنی وعافنی من کل داءٍ وسقم ما انی عبدک ابن
عبدک انقلب فی قبضتک

دیگر عمل :۔ ریح کی وجہ سے جس کو دل کا درد شروع ہوجائے اس کو چاہیے کہ اس دعا کو پڑھے دعا یہ ہے :۔

بسم اللہ الذی اتخذ ابراہیم خلیلا وکلم موسیٰ تکلیما
وبعث محمد نبیا یاریح اخرجی باذن اللہ تعالیٰ

سل کا علاج :۔

سل کے لیے یہ دعا تین بار پڑھے

یااللہ یارب الارباب یاسید السادات ویااله الالٰہیہ دیا

ملک الملوک ویاجبار السمٰوٰت ومرض اشفی دعافنی من
والی ھذا فانی عبدک التقلب فی قبضتک وناجنی بدلک

پھوڑے کا عمل :۔

مات کے آبلہ کی طرح ہوتا ہے اس مربع چادر کو ایک نقش لکھیں اور دائیں بازو پر باندھیں ۔ انشاء اللہ شفا ہوگی ۔ نقش یہ ہے ۔

١٣	٢	٣	١٤
٨	١١	١٠	٥
١٢	٧	٦	٩
١	١٤	١٥	٤

پیٹ کی خرابی کا علاج :۔

یہ بیماری دو قسم کی ہوتی ہے ایک یہ کہ پیچش شروع ہوجاتے ہیں اس کے لیے یہ دعا پڑھے :۔

اَعُوْذُ بِوَجْہِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَعِزَّتِہِ الَّتِیْ لَا تَمْتَنِعُ مِنْھَا شَیْءٌ مِّنْ
شَرِّ ھٰذَا الْوَجَعِ وَمِنْ شَرِّ مَافِیْہِ وَمِنْ شَرِّ اٰخَرَ زَمَنِہٖ

دوسری قسم یہ ہے کہ پاخانے شروع ہوجاتے ہیں اس کی دعا یہ ہے :۔

اللھم ما کان لی من خیر فمنک لا حمد لی فیہ وما عملت من سوء

عرق النساء کا علاج :۔

عرق النساء کے درد کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھے ۔ دعا یہ ہے :۔

بسم اللہ وباللہ فاعوذ باللہ العظیم من شر کل عرق نفار
من شر حر النار پڑھے تو شفا پائے گا ۔

شب کوری کا علاج :-

جس شخص کو رات کے وقت نظر نہ آتا ہو یا کم نظر آتا ہو تو یہ آیت شیشہ کے برتن میں لکھ کر بارش یا نہر کے پانی سے دھوکر پلائیں تو شفا ہو گی۔ آیت یہ ہے :-

اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ آخر تک

نیند نہ آنے کا علاج :-

جس آدمی کو رات کے وقت نیند نہ آتی ہو تو پانی کے گلاس پر اس آیت کو پڑھ کر دم کر کے مریض کو پلائیں اور تھوڑا سا پانی سر اور آنکھوں پر ملیں خوب نیند آئے گی آیت یہ ہے :-

وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰى لِمِيْقَاتِنَا سے لیکر اَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ تک پڑھے

بچوں کے ڈر کے لیے :-

اگر کوئی بچہ ڈر جائے تو سورہ زلزال کے ساتھ یہ آیت لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور دم کریں آیت یہ ہے :-

وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ سے آخر تک۔

دیگر عمل :- اگر کوئی بچہ ڈرتا ہو تو اصحاب کہف کے نام لکھ کر اس کے سرہانے کے نیچے رکھیں۔ اصحاب کہف کا واقعہ قرآن مجید میں موجود ہے۔ ایک روایت کے مطابق اصحاب کہف کے نام یہ ہیں :- تملیخی - مکسلمینا یتسلمنیا مربوش - دبریوش - شادربوس۔ دوسری روایت کے مطابق آخری چار نام یہ ہیں داوالئس - مرطانس - فلیوس - کتیوطوس اور تیسری روایت کے مطابق آخری تین نام یہ ہیں :- سوتس - قدیرنوس - سارقوس اور ان کے کتے کا نام قطمیر ہے۔ اس کتے کے مالک کا نام مرطاوس یعنی شبان ہے ان ناموں کی برکات یہ ہیں کہ جنون، دفع جنات اور درندوں کے دفع کرنے کیلیے مؤثر ہیں

نیز حرق اور غرق سے حفاظت کے لیے بھی، حفاظت مال و اولاد، سفر و حضر کے تمام خطرات کے لیے مفید ہیں۔

خرید و فروخت کے لیے :-

جس آدمی کو خرید و فروخت میں خسارے کا خطرہ ہو تو یہ دعا پڑھ کر خرید و فروخت کرے نفع ہو گا دعا یہ ہے :-

اللهم انی اشترك واستخيرك اللهم قدر الحولهن حياة
واكرهن نفعة وخيرهن عاقبة

چیز خرید کرنے کے بعد اس جانور یا غلام کی پیشانی کے بال پکڑ کر سورہ فاتحہ سورہ اخلاص، معوذتین اور سورہ حشر کی آخری آیات اور بنی اسرائیل کی آخری آیات پڑھے۔

سحر کا علاج :-

اگر کسی پر جادو کر دیا گیا ہو تو مسحور پر پڑھ کر چند یوم دم کرے اور چینی کے برتن میں زعفران اور مشک سے لکھ کر مریض کو پلائے اور ایک تعویذ بنا کر مریض کے بازو پر باندھے، عمل یہ ہے :-

اللهم موسى خاصة بكلوم وهازم من كاده السحر ومعيده
بعد العود ثعيانا وملقفها افك اهل الافك ومفسد عمل
الساحرين ومبطل كيد اهل الفساد من كاد فى السحر وتصر
عامدًا او غير عامد اولوا علم اضافة اولوا فاضة فاقطع
اسباب السموات عمله عنى غير نافذا ولا نافذا ولا ضار
شامت انى اورع بعظمتك فى الجور الاعداء فكن لى منهم ملفعا
احسن مدافعة واتمها يا كريم واكفنى بقدرتك ما اخافه يا دافع

البلیات والعاہات مبطل والسحریات یاقاضی الحاجات ادفع ادفع الساعہ الساعہ الساعہ

جادو کا شافی علاج ہے، مجرب ہے۔

دعاءِ مریض:۔

یہ دعا مریض خود پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ دعا یہ ہے:۔

بسم اللہ وباللہ کم من نعمت اللہ فی عرق ساکن وغیر ساکن

ہر نماز کے بعد پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرکے اپنے جسم کے اوپر پھیرے نیز یہ دعا پڑھے

اللھم فرج قربتی وعجل عافیتی واکشف ضری

پڑھتے وقت نہایت صدقِ دل سے پڑھے۔

دیگر عمل:۔ بستر پر سیدھا لیٹ کر ایک صاع گندم پیٹ اور سینہ پر ڈالے اور یہ دعا پڑھے:۔

اللھم انی اسئلک باسمک الذی اذا اسئلک لعبد المضطر کشفت ما بہ من ضر ومکنت لہ فی الارض وجعلت لا خلیفتک علی خلقک انت صل علی محمد وآل محمد وانت عافنی فی من علتی

پھر گندم کو جمع کرکے پھر پیٹ پر ڈالے پھر غریبوں میں تقسیم کر دے۔

مفرور اور گمشدہ کے لیے:۔

گم شدہ اور مفرور کی واپسی کے لیے اس دعا کو پڑھے:۔

اللھم سمائک والارض لک وما بین ھما لک فاجعل ما بینھما اضیق علی فلان اور کہے من جلد جمل حتی تردہ علی و تقطری

اور اسے لکھ کر بھاگنے والے کی سونے کی جگہ پر وزن کے نیچے رکھے۔

غم اور پریشانی کے دفع کرنے کے لیے:۔

غمزدہ اس دعا کو پڑھے

اللھم انی عبدک وبن عبدک وابن امتک یا صیمی بیدک ماض فی حکمک عدل فی قضائک اسئالک بکل اسم ھو لک سمیت به نفسک او انزلته فی کتابک او علمته احد من خلقک او استاثرت به فی علم الغیب عندک ان تجعل القرآن ربیع قلبی نور بصری وجلاء حزنی وذهاب ھمتی بحق محمد و اله محمد برحمتک یا ارحم الراحمین غم غلط ہو جائیں گے۔

غصہ ختم کرنے کی دعا:۔

غصے میں یہ دعا پڑھے:۔

اللھم اذھب عنی غیظًا قلبی واجرنی من مضلات الیقین اسئالک رضائک واعوذبک من سخطک واسئلک جنتک واعوذبک من شر کل اللھم اثبتی علی الھدی والصواب وجعله راضیا مرضیا غیر ضالا ومضل ومش راحم۔

انشاءاللہ تعالیٰ اس کا غصہ ختم ہو جائے گا۔

حیرت زدہ کے لیے:۔

جب کوئی ایسی پریشانی میں مبتلا ہو کہ پریشانی کا حل سمجھ نہ آتا ہو تو یہ دعا پڑھے

بسم اللہ الرحمن الرحیم لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم اللھم ایاک نعبد وایاک نستعین نیز کہے الحمد للہ الذی عافانی به ابتلاک به ولو فعل بی۔

ماہ نیساں :-

ماہ رومی یعنی ماہ نیساں میں بارش کا پانی جمع کرے۔ اس پر سورہ فاتحہ
آیت الکرسی، معوذتین، سورۃ قدر، سورہ اخلاص، سورۃ جمعہ، تکبیر و تہلیل اور درود
شریف ستر مرتبہ پڑھیں۔ یہ پانی ہر مرض میں کام آئے گا۔
نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں :-

والذی بعثنی بالحق نبیا انّ اللہ یرفع علی الذی یشرب ھذا
الماء کلّ داء فی جرۃ ولیا فیہ ویخرج من عروقہ وجسدہ
عظمہ وجمیع اعضائہ ویمحوا ذلک من اللوح المحفوظ ومن
تقرھذہ الکلمات فی ھذہ الماء ملاء اللہ قلبہ نوراً وّ
ضیاء وملقی الالھام فی قلبہ ویجری الحکمۃ علی لسانہ ویخشوا
قلبہ من الفھم والبصیرۃ واللہ اعلم بالصواب۔

دفع نسیاں :-

جس کی یادداشت کمزور ہو گئی ہو پیشانی پر ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھے :-
اللھم یا مذکر الخیر والفاعلہ والامر بہ ان تصلی علی محمد وآلِ
محمد وتذکر فی ما الناصہ الشیطان الرجیم حافظہ تیز ہو جائے گا۔

وُسعت رزق کا نادر موقع :-

تنگ دستی کے لیے مجرب دعا ہر نماز کے بعد پڑھے :-
اللّٰھم ان کان رزقی فی السماء وانزلہ وان کان رزقی فی الارض
فاخرج بہ وان کان رزقی بعیدۃ فقربہ وان کان رزقی قریبا
فاعطیتہ وان کان اعطیتہ فبارک لی وجنب لی علیہ
المعاصی والرد۔

اداءِ قرض کے لیے مجرب عمل :-

مقروض اداءِ قرض کے لیے اس دعا کو پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کی برکت
سے ادائیگی کے لیے اسباب پیدا فرما دے گا۔
اللّٰھم انی اسئلک ویا لا الہ الّا انت ان ترحمنی بلا الہ الا
انت اللھم انی اسئلک بلا الہ الا انت بحق لا الہ الا انت
ان تغفرلی بلا الہ الا انت
اس دعا کو ہر نماز کے بعد تین بار پڑھے انشاء اللہ قرض سے نجات مل جائے گی۔

گردن کے درد کے لیے نادر عمل :-

جس شخص کی گردن میں درد ہو تو دو رکعت نماز پڑھے ہر ایک رکعت میں فاتحہ کے
بعد سورۃ زلزال تین تین بار پڑھے۔ سلام کے بعد درد والی جگہ پر ہاتھ رکھ کر تین
دفعہ درود شریف پڑھے پھر دعا مانگے انشاء اللہ شفا پائے گا۔

دردِ رگ کے لیے بہترین عمل :-

جس آدمی کے جسم کی کسی بھی رگ میں درد ہو تو اس کو چاہیے کہ ریشم کا دھاگہ
لے کر اس کو گرہ لگائے۔ ہر گرہ پر تین دفعہ سورۃ فاتحہ اور تین دفعہ یہ دعا پڑھے
انشاء اللہ شفا ہو گی دُعا یہ ہے :-
بسم اللہ الاید المحصور الا العدد والتقریب لما بعد الطاھر
عن الولد العالی عن یولد المنجر لما وعد العزیز بلا عدد القوی
بلا مدح لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد یا خالق الخلیقت
یا عالم الشر والخلیفہ یا من السموات بقدرت مدحیہ یا من
الارض بعذتہ مدحوتہ یا من الجبال یا بازاتہ برضات یا من تجربہ
صاحب عزمن کل آفتہ وطیبۃ وصل علی خیر خلقہ واشف اللھم

فلاں بن فلاں بشا فائک و دواۃ ید وائک واقتہ بلاؤک انک
قادر علی ما تشاء وانت یا ارحم الراحمین ۔

درد ران کے لیے بہترین عمل :۔

جس شخص کی رانوں میں درد ہوتا ہو تو اس کو چاہیے کہ ایک ٹب گرم پانی سے بھر کر اس میں بیٹھ جائے درد والی جگہ پر ہاتھ رکھ کر یہ آیت پڑھے انشاء اللہ شفا ہوگی۔

آیت یہ ہے :۔

اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ کَانَتَا رَتْقًا سے اَفَلَا یُؤْمِنُوْنَ تک ۔

گھٹنوں کے درد کا نادر علاج :۔

جس شخص کے گھٹنے درد کرتے ہوں اس کو چاہیے کہ واجب نماز کے فوراً بعد اس دعا کو پڑھے ۔ اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ شفا ہوگی ۔ دعاء یہ ہے :۔

یا اجود من اعطٰی ویا خیر من سئل ویا ارحم من استرحم
ضعفی وقلۃ حیلتی وعافنی من وجعی

پنڈلی کے درد کا بہترین علاج :۔

جس شخص کی پنڈلیوں میں درد ہوتا ہو اس کو چاہیے اس آیت کریمہ کو پڑھے، انشاء اللہ شفا پائے گا، آیت یہ ہے :۔

اتل ما اوحی الیک سے من دونہ ملتحدًا تک

دیگر عمل :۔ پنڈلیوں کے درد کیلئے یہ دعا بھی نہایت مفید ہے، دعا یہ ہے :۔

اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شِفَاءَ اِلَّا
شِفَاؤُکَ شِفَاءً لَا یُغَادِرُ سَقَمًا ۔ اللھم القلب والجسد

واشف السقم واجب الدعوۃ بحق خیر خلقک محمد وآلہ
الطاہرین واصحابہ المرضیین برحمتک یا ارحم الراحمین ۔

اس دعا کے پڑھنے سے ضرور شفا ہوگی ۔

قضائے حاجت کے لیے :۔

سجدہ میں سات بار یا ارحم الراحمین پڑھے فوراً مطلب پورا ہوگا۔

دیگر :۔ وضو کرے تین بار آسمان کی طرف منہ کر کے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے دلی مراد پوری ہوگی اس لیے کہ اس میں تین اسمائے الٰہی موجود ہیں ۔

نظر بد کے لیے علاج :۔

نظر بد سے بچنے کے لیے یہ دعا روزانہ پڑھ لیا کریں :۔

بسم اللہ عظیم الشان القوی السلطان الشدید الارکان حبس
حابس وحجر یابس وشہاب قابس ذلیل دامس وماء فارس فی عین
العادین وفی احب خلق اللہ تعالیٰ وفی کبدہ وکلیتہ فارجع البصر ھل
تری من فطور وھو خبیر تک ۔

نیز اسے انڈے پر لکھ کر جس کی نظر بد لگی ہو اس کے سامنے توڑ دے، شفا پائے ۔

دیگر عمل :۔ جس انسان کو یا جانور کو نظر بد لگی ہو یہ دعا لکھ کر اس کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ شفا نصیب ہوگی ۔

بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِیْکَ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ یُؤْذِیْکَ وَمِنْ کُلِّ عَیْنٍ حَاسِدٍ
یَشْفِیْکَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِیْکَ

انشاء اللہ شفا پائے گا اور اگر کوئی شخص نظر بد سے ڈرتا ہو فرصت کے وقت لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم پڑھے اور محفوظ رہے گا ۔

٭ ٭ ٭

مریض کے لیے دعا :۔

مریض اس دعا کو سات بار سورۃ فاتحہ کے سات بار پڑھے اگر شفاء نہ پائے تو ستر مرتبہ یہ دعا پڑھے :۔

اللھم ازل عنہ الغلق والداء واعدہ الی الصحتہ والشفاء وامدہ بحسن الوقایۃ وردہ الی احسن العافیۃ واجعل ما نالہ فی مرضہ ھذا مادۃ الحیوتہ وکفارتہ للسیئاتہ اللھم صل علی محمد وآلہ واصحابہ وسلم۔

دیگر عمل :۔ یہ دعا لکھ کر مریض کو پلائیں شفا جلد نصیب ہوگی :۔

اللھم انت قلت فی کتابک المنزل علی نبیک المرسل وَمَا اَصَابَکُمْ مِنْ مُّصِیْبَۃٍ فَبِمَا کَسَبَتْ اَیْدِیْکُمْ وَیَعْفُوْ عَنْ کَثِیْرٍ۔ اللھم اشفہ صل علی محمد وعلی آل محمد واصحاب محمد واجعل ھذا مریض من الکثیر الذی یعفوا وترای منہ ایھا الوجع وارتحل ساعتہ من العبد الضعیف اسکن ارحلتک بالذی لہ ما سکن فی اللیل والنھار وھو السمیع العلیم۔

حفاظت کا تعویذ :۔

یہ تعویذ حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام نے اپنے بھتیجوں کو دیا تھا :۔

اعیذ نفسی وذریتی واھل بیتی بکلمات اللہ التامات من شر کل شیطان ھامۃ ومن کل عین لامۃ

رسول کریم افضل الصلوٰۃ والتسلیم نے حضرات حسنین کریمین کو لکھ کر دیا تھا :۔

اللھم یا ذا السلطان العظیم والمن القدیم والوجہ الکریم والکلمات التامات والدعوات المستجابات عافات فلاں من اعین

الجن والانس

سانپ بچھو اور عفاریت الجن کے شر سے حفاظت کیلیے :۔

سانپ بچھو کے اور عفریت کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے یہ آیت کریمہ پڑھا کریں :۔

سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ سے عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِیْنَ تک

دیگر مجرب عمل :۔ یہ عمل پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور دروازے پر لٹکاوے تاکہ کل موذیات سے پناہ رہے۔ دعا یہ ہے :۔

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ الَّتِیْ لَا یُجَاوِزُھُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا ذَرَءَ وَمِنْ شَرِّ مَا بَرَءَ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ دَآبَّۃٍ ھُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۔

دیگر عمل :۔ صبح شام یہ دعا پڑھنے سے سانپ اور بچھو اور چور کے شر سے محفوظ رہے گا۔

اللھم عقد زبان عقرب ولسان الحیۃ وید السارق اشھد ان لا الہ الا اللہ واشھد ان محمد رسول اللہ

مچھر اور پسو سے بچنے کا عمل :۔

اگر مچھروں کی زیادتی ہوجائے یا بستروں میں پسو پیدا ہوجائیں تو یہ دعا پڑھنے والا ان کے شر سے محفوظ رہے گا۔ دعا یہ ہے :۔

ایھا الاسود لوثاب الذین لا ینالون علقا ولعابا عزمت علیکم بام الکتاب ان لا توذونی واصحابی الا ان یذھب اللیل ویوب الصبح بما

پسو کے لیے پانی کے پیالہ پر یہ آیت کریمہ پڑھ کر گھر میں چھڑکے :۔

وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَکَّلَ عَلَی اللّٰہِ آخر آیت تک ۔

پھر پڑھے :۔ ان کنتم اٰمنتم باللّٰہ فکفوا شر لکعنا

بازار جانے کی دعا :۔

بازار جانا ہو تو دخول شہر کے وقت یہ دعا پڑھے : تاکہ ہر فتنے سے محفوظ رہے

اشہد ان لا الٰہ الا اللّٰہ وحدہ لا شریک لہ واشہد ان محمدا

عبدہٗ ورسولہ اللھم صل علی محمد واٰل محمد

تو ہر شر کے شیطان سے محفوظ رہے گا ۔

کھیت کی حفاظت کے لیے :۔

کھیتی کو کیڑوں اور چوہے سے بچانے سے کے لیے یہ دعا لکھ کر چاروں کونوں

پر دفن کر دے انشاء اللہ غلہ زیادہ ہوگا اور تمام موذیات کے شر سے بھی محفوظ رہے

گا ۔ دعا یہ ہے :۔

ایھا الدواب الدیدان والحیوانات اخرجوا من ھذا الارض

والزرع کما خرج ابن مستی بطن الجن ان لم یخرجوا ارسلت

علیکم شیبوا ابحا من نار ولا تنصرون اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِیَارِھِمْ

وَھُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَھُمُ اللّٰہُ مُوْتُوْا اُخْرُجْ مِنْھَا فَاِنَّکَ رَجِیْمٌ

فَخَرَجَ مِنْھَا خَائِفًا یَّتَرَقَّبُ سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ

آخر آیت تک ۔ کَاَنَّھُمْ یَوْمَ یَرَوْنَھَا لَمْ یَلْبَثُوْا اِلَّا عَشِیَّۃً اَوْ

ضُحٰھَا فَاَخْرَجْنٰھُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ وَّزُرُوْعٍ وَّمَقَامٍ کَرِیْمٍ

وَّنَعْمَۃٍ کَانُوْا فِیْھَا فٰکِھِیْنَ فَمَا بَکَتْ عَلَیْھِمُ السَّمَآءُ وَالْاَرْضُ

وَمَا کَانُوْا مُنْظَرِیْنَ اُخْرُجْ مِنْھَا مَذْءُوْمًا مَّدْحُوْرًا فلما بینھم

بجنود ولا قبل لھم بھا وَلَنُخْرِجَنَّھُمْ مِّنْھَا اَذِلَّۃً وَّھُمْ صٰغِرُوْنَ ۔

چھینکنے کی دعا :۔

چھینکنے والے کو لازم ہے کہ انگشت سبابہ دماغ پر رکھ کر یہ دعا پڑھے :۔

الحمد للّٰہ ربّ العالمین صلوات اللّٰہ علی محمد واٰلہ الطاہرین

واصحابہ المرسلین رغم اللّٰہ انفی رغما واخراجا عن غیر

مستنکف ولا مستکبر ولا متجیرا ۔

سننے والا یہ پڑھے :۔

الحمد للّٰہ علی کل حال ما کان من احد الدنیا والآخرۃ وصل

اللّٰہ علی محمد واٰلِ محمد

فصل :۔ مقاصد مختلفہ کے لیے نماز

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان عالی شان ہے کہ تمھیں کوئی بھی مصیبت یا ضرورت پہنچے تو نماز کی طرف متوجہ ہو جاؤ ۔ حتیٰ کہ اگر جوتے کا تسمہ بھی ٹوٹ جائے تو نماز پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے مانگو ۔ صحابہ کو جب بھی کوئی پریشانی لاحق ہوتی تھی تو نماز پڑھتے تھے ۔

دردِ سر کی نماز :۔

جس کے سر میں درد ہو دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں تین بار سورہ اخلاص پڑھے ۔ سلام کے بعد رب انی وھن العظم منی واشتعل الرأس شیبا ۔ سر پر ہاتھ رکھ کر پڑھے انشاء اللہ آرام آجائے گا ۔

تمام امراض کے لیے نماز :۔

پاک برتن میں زعفران کے ساتھ اعوذ بکلمات اللّٰہ تامہ واسمائہٖ کلھا عامۃ من شر السامۃ والھامۃ والعین اللامۃ ومن شر حاسد اذا حسد

اور سورہ فاتحہ، معوذتین، سورۃ اخلاص تین آیات سورۃ بقرہ کی والھکم الہ واحد سے یفعلون تک اور آیت الکرسی اور امن الرسول سے آخر تک دس اول آیات آل عمران کی اور آخر آیت آل عمران کی اور سورہ نساء کی اول آیات سورہ انعام، اعراف اور آیت سخرہ اور قال موسٰی ماجئتم بہ السحر سے ما صنعوا تک سورہ صافات کی دس آیات لازب تک لکھ کر پانی سے دھو کر اس سے وضو کرے مگر پانی زمین پر نہ جائے تاکہ بے ادبی نہ ہو، دفن کر دینا مناسب ہے اس پانی سے تھوڑا لے کر مریض کے سر اور چہرہ پر ملیں شفاء ہوگی۔

صلوٰۃ مرض ولد:۔

بچہ اگر بیمار ہو جائے تو والدین دو رکعت نماز پڑھیں اور سجدہ میں تسبیح کے بعد یہ دعا پڑھیں:۔

اللّٰھم انك وھبت لی ولم یك شیئا وھبته لی ھبة جدیدً

انشاء اللہ بچہ جلد شفایاب ہوگا۔

صلوٰۃ اللقوع:۔

اگر کسی کو لقوہ کا مرض ہو جائے تو دو رکعت نماز پڑھے سلام کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اہل بیت الطہار اور اصحاب کو شفیع بنا کر بارگاہ ایزدی میں پیش کرے اور یہ دعا پڑھے:۔

بسم اللہ اخرج علیك ارجع من عین انس وجن الانس والجن واخرج علیك بالذی اتخذ ابراھیم خلیلا وکلم موسٰی تکلیما وخلق عیسٰی من روح القدس بذات وطفتك کما طفئت نار ابراھیم علیه السلام

انشاء اللہ مریض تندرست ہوگا۔

صلوٰۃ الضالہ:۔

یعنی گمشدہ خواہ انسان ہو یا جانور دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورہ یٰس پڑھے سلام کے بعد ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھے:۔

اللھم راد الضالة والھادی من الضلالة صل علی محمد وآل محمد واحفظه علی ضالتی واردُدھا الیّ سالمة یا ارحم الراحمین فانھا من فضلك وعطائك یا عباد اللہ فی الارض ویا سیارة اللہ فی الارض ردوا علی ضالتی فانھا من فضل اللہ وعطائه۔

صلوٰۃ لحفظ کلام اللہ:۔

نماز حفظ کلام اللہ کے لیے جمعہ کی رات چار رکعت نماز پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورہ یٰس، دوسری رکعت میں سورۃ دخان، تیسری رکعت میں سورہ لقمان، چوتھی رکعت میں سورۃ ملک پڑھے۔ سلام کے بعد پڑھے:۔

اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِیْ اَبَدًا مَّا اَبْقَیْتَنِیْ وَارْحَمْنِیْ اَنْ اَتَكَلَّفَ مَا لَا یَعْنِیْنِیْ وَارْزُقْنِیْ حُسْنَ النَّظْرِ فِیْمَا یُرْضِیْكَ عَنِّیْ اَللّٰھُمَّ بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ اَسْئَلُكَ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُلْزِمَ قَلْبِیْ حِفْظَ كِتَابِكَ كَمَا عَلَّمْتَنِیْ وَارْزُقْنِیْ اَنْ اَتْلُوَهٗ عَلَی النَّحْوِ الَّذِیْ یُرْضِیْكَ عَنِّیْ اَللّٰھُمَّ بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ اَسْئَلُكَ یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ بَصَرِیْ وَاَنْ تُطْلِقَ بِهٖ لِسَانِیْ وَاَنْ تُفَرِّجَ بِهٖ عَنْ قَلْبِیْ وَاَنْ تَشْرَحَ بِهٖ صَدْرِیْ وَاَنْ تَغْسِلَ بِهٖ بَدَنِیْ فَاِنَّهٗ لَا یُعِیْنُنِیْ عَلَی الْحَقِّ غَیْرُكَ وَلَا یُؤْتِیْهِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

نماز کفایہ:۔

یہ نماز ہر مقصد کی خاطر پڑھی جاتی ہے۔ جب کو مقصد رکا ہوا ہو جمعہ کی رات

دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں ایاک نعبد وایاک نستعین کو سو دفعہ تکرار کرے پھر فاتحہ مکمل کر کے سورۃ اخلاص ایک مرتبہ پڑھے۔ رکوع میں تسبیح کے بعد اور سجدہ میں سات مرتبہ پڑھے سلام کے بعد پڑھے:۔

اللھم اطعتک فی المحبۃ لک فان عصیتک فالحجۃ لک منک الروح ومنک الفرج سبحان من انعم وشکر سبحان من قدر وغفر الٰھی ان کنت قد عطیتک فانی قد اطعتک فی احب الاشیاء الیک وھو الایمان بک لم اتخذ لک ولدا ولم ادع لک شریکا منا نعک بہ علی ولا منافی بہ علیک وقد الیک یا الٰھی غیر وجہ المکابرۃ ولا المخرج عن عبودیتک ولا الجحود ربوبیتک ولکن اطعتک ھوای واولس الشیطان فلک الحجۃ علیک البیان لا بعین علی الخیر غیرک ولا توفیق لہ الا انت۔

نابینا کی نماز:۔

دو رکعت نماز پڑھے سلام کے بعد یہ دعا پڑھے:۔

اللھم انی اسئلک وارغب الیک واتوجہ بہ نبیک نبی الرحمۃ یا محمد انی اتوجہ الی اللہ ربی وربک ان برد علی بصری

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک نابینا کو تعلیم فرمائی اور اس نے پڑھا تو اللہ تعالیٰ نے اسے بینائی لوٹا دی نہایت ہی مجرب ہے۔

صلوٰۃ الخوف:۔ جب کسی ظالم کا خوف ہو تو غسل کر کے دو رکعت نماز دفع شر ظالم ادا کرے اور دو زانو سر برہنہ ایک سو دفعہ پڑھے:۔

یاحی یا قیوم لا الہ الا اللہ برحمتک استغیث صل علی محمد

وآل محمد واکشف الساعۃ الساعۃ پھر یہ پڑھے:۔

اسئلک ان تصلی علی محمد وآل محمد وان یتلطف لی ان تقلب لی وان تمکر لی وان اتخذت لی مؤنۃ فلاں بن فلاں وفلاں بن فلاں یہاں اس ظالم کا نام لے۔

نماز ظالم کو مقہور کرنے کے لیے:۔

جب کوئی ظالم ظلم کی انتہا کرے تو دو رکعت نماز پڑھے، سلام کے بعد یہ دعا پڑھے:۔

اللھم ان لک یوما تنتقم فیہ المظلوم من الظالم لکن ابلغی وحزنی لا یبلغان الی الصبرا علی بابک وحلمک وقد علمت ان فلانا۔ ظالم کا نام لے۔ ظلمنی واعتدی علی علی متحقی فاسئلک یا رب العزۃ قاصم الجبابرۃ وناصر المظلومین قد زنک اقسمت علیک یا رب العزۃ الساعۃ الساعۃ

ظالم اپنے انجام کو پہنچے گا۔

صلوٰۃ دین:۔

مقروض قرض ادا کرنے سے جب قاصر ہو تو دو رکعت نماز پڑھے۔ بعد نماز عشاء پڑھے پہلی رکعت میں سورہ ملک پڑھے، دوسری رکعت میں سورہ تنزیل پڑھے سلام کے بعد یہ دعا پڑھے:۔

اللھم یا رب ما قدمت العیون ویا رب النجوم وانت الحی القیوم لا تاخذہ سنۃ ولا نوم لن یواری عنک للیل داج ولا سما ذات ابراج والارض ذات مھاد ولا بحر ولا ظلمات بعضھا فوق بعض یا صریخ الابرار ویا غیث المستغیثین برحمتک

استغیث فصلی علی محمد وعلیٰ آل محمد واصحابہ واقضیٰ لی حاجۃ کذا وکذا قرضہ کا نام لے اور پڑھے ولا تردنی خائبا ولا محمد وما یا ارحم الراحمین

انشاء اللہ تعالیٰ اداءِ قرض کے لیے اللہ تعالیٰ اسباب مہیا فرمائے گا۔

نماز بھوک وفاقہ :۔

جو شخص فاقے میں مبتلا ہو کھانے کو کچھ نہ ملے تو دو رکعت نماز ادا کرے اور اسلام کے بعد یہ دعا پڑھے :۔ رب اطعمنی خانی جائع۔ نیز دوسری روایت میں یہ دعا ہے :۔

اللھم انی جائع فاطعمنی انت الخالق والرزق

فی الفور انشاء اللہ رزق حلال نصیب ہوگا۔

صلوٰۃ غناء :۔

دولت کے حصول کے لیے جو شخص دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں دس بار قُلِ اللّٰھُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ الآیہ سلام کے بعد دس مرتبہ یَا رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرَّاحِمِیْنَ پڑھے اور درود شریف دس مرتبہ پڑھے۔ پھر سجدہ میں یہ دعا پڑھے :۔

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَھَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ مُلْکًا لا ینبغی لاحد من بعدی انت الوھاب

صلوٰۃ مغفرت والدین کے لیے :۔

اولاد نیک بخت کو لازم ہے کہ والدین کی مغفرت کے لیے دو رکعت نماز پڑھے۔ اول رکعت میں یَا رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ دس مرتبہ پڑھے۔ دوسری رکعت میں رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ

دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ سلام کے بعد رَبِّ ارْحَمْھُمَا کَمَا رَبَّیٰنِیْ صَغِیْرًا پڑھے :

صلوٰۃ دفع فقر وضرر :۔

اگر کوئی شخص دو رکعت دفع فقر فاقہ اور تنگی پڑھے۔ سجدہ کی تسبیح کے بعد یہ دعا پڑھے :۔

یا ماجد یا واحد یا احد یا کریم یا اتوجہ الیک وبیتک نبی الرحمۃ یا رسول انی اتوجہ بک ربک الی اللہ ربی وربک کل شیئ اسئلک یا اللہ ان تصلی علی محمد وعلیٰ آل محمد واسئلک نفحۃ نفخاتک فتحا لیسیرا ورزقا واسعا لم بہ شیئ اقض بہ دینی واستعین بہ عیالی

والدین کی نماز اولاد کے لیے :۔

والدین کو اگر اولاد کی بہتری درکار ہو اور نیکوکار دیکھنا چاہتے ہوں تو چار رکعت نماز پڑھیں۔ اول رکعت میں دس مرتبہ یہ آیت پڑھے :۔

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَیْنِ لَکَ وَمِنْ ذُرِّیَّتِنَا اُمَّۃً مُّسْلِمَۃً لَّکَ وَاَرِنَا مَنَاسِکَنَا وَتُبْ عَلَیْنَا اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ

دوسری رکعت میں یہ آیت دس مرتبہ پڑھے :۔

رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوۃِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ

تیسری رکعت میں یہ آیت دس مرتبہ پڑھے :۔

رَبَّنَا ھَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّۃَ اَعْیُنٍ

چوتھی رکعت میں یہ آیت دس مرتبہ پڑھے :۔

رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَکَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰہُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْکَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۔

سلام کے بعد یہ آیت دس مرتبہ پڑھے :۔

رَبَّنَا وَتُبْ عَلَیْنَا اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ

نماز وسعت رزق :۔

جو شخص تنگ دستی میں مبتلا ہو۔ بدھ، جمعرات، جمعہ روزہ رکھے اور جمعہ کے دن چاشت کی نماز کے بعد دو رکعت نماز ادا کرے۔ سلام کے بعد دائیں ہاتھ سے بائیں زانو اور بائیں ہاتھ سے دائیں زانو پکڑے۔ اس طرح سے کہ دائیں ہاتھ بائیں ہاتھ کے اوپر ہو پھر یہ دعا پڑھے :۔

اللھم یا فارج الھم و غم یا کاشف الضر مجیب الدعوۃ المضطرین یا رحمٰن الدنیا والاخرۃ صل علی محمد و اٰل محمد وارحمنی رحمۃ تطفی بہا عنی غضبک اسخطک و یعینی بہا من رحمۃ من سواک

اور چہرہ کا دایاں حصہ زمین پر رکھ کر یہ پڑھے :۔

یا مذل کل جبار عنید و یا معز کل ذلیل بلغ المجہود منی فی امد کذا و فرج عنی

صلوٰۃ استغفار :۔

اگر کوئی شخص اپنے معاش میں تنگی محسوس کرے تو یہ نماز شروع کرے ترک کرے۔ کچھ عرصہ میں رزق کی فراوانی ہو جائے گی۔ دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۃ قدر ایک مرتبہ اور استغفار پندرہ مرتبہ پڑھے اور رکوع میں تسبیح کے بعد

دس بار پڑھے۔ نماز کے بعد چہرہ زمین پر رکھ کر یہ دعا پڑھے :۔

اللھم ان یونس بن متی عبدک دعاک فی بطن الحوت واجب لہ وانا عبدک ادعوک واستجب لی ۔

نماز استطاعت :۔

چاشت کے وقت چار رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۃ الم نشرح تین مرتبہ اور سورۃ اخلاص اور معوذتین ایک ایک مرتبہ پڑھے اور صلوٰۃ ستر مرتبہ پڑھے وہ یہ ہے

اللھم لک الحمد وشکرًا ولک المن فضلاً وانت ربی حقًا ونحن عبدک رقا وانت لذلک اھل اللھم یا میسر و یا جار کل اسیر و یا مونس کل وحید و یا صاحب کل غریب یسر علینا کل عسیر فان تیسیر العسیر علیک سھل یسیر وانت علی کل شیئ قدیر حسبنا اللہ ونعم الوکیل

پھر سات مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھے۔

نماز ہر مطلب کے لیے :۔

یہ نماز جملہ حاجات کے لیے نہایت مفید ترین چیز ہے۔ جب کو سخت حاجت درپیش ہو تو بدھ، جمعرات، جمعہ روزہ رکھے۔ جمعہ کے دن غسل کر کے پاکیزہ لباس پہنے۔ مکان کے بالاخانے پر دو رکعت نماز ادا کرے۔ سلام کے بعد دونوں ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھے :۔

اللھم انی احللت ساحتک لمعرفتی لوحدانیتک وصمدیتک وانہ لا قادر علی حاجتی غیرک فقد علمت یا رب انہ کلما تظاہرت نعمتک علی اشتدت فاقتی الیک وقد طرقنی اھم کذا

یہاں اپنی حاجت کا نام لے پھر یہ الفاظ کہے :۔

انت قادر و عالم غیر متعلم واسع غیر متکلف واسئلك
باسمك المکنون الذی وضعته علی الجبال فنسفت وعلی
السماء فانشقت وعلی النجوم فانتشرت وعلی الارض فطحت
واسئلك بحق الذی جعلته عند محمد وعترته ان تصلی علی
محمد وآله وان تقضی حاجتی وان تیسر لی عسرها وتکفینی
مهمها فان فعلت فلك محمد غیر جابر فی حکمك ولا متهم
قضائك ولا خائف فی عدلك یا ارحم الراحمین ۔

یہ عمل جس مقصد کے لیے پڑھے گا کامیابی ہوگی ۔

نماز وسعت فراخی انعامات الٰہیہ :۔

جب کوئی شخص تنگی محسوس کرے اپنے حالات سے تو یہ نماز پڑھے تھوڑے عرصہ میں وسعت و فراخی ملاحظہ کرے گا۔ نماز یہ ہے :۔ دو رکعت نماز پڑھے دوسری میں ایک مرتبہ سلام کے بعد یہ دعا پڑھے :۔

اللھم یا من لا تراہ العیون ولا تخالطه الظنون الخ

انشاء اللہ فراخی اور کشادگی نصیب ہوگی ۔ تمام مقاصد میں اللہ تعالیٰ اس کتاب کو مخلوق کے لیے فائدہ مند بنائے آمین یا رب العالمین بجاہ سید المرسلین محمد وآلہٖ واصحابہٖ اجمعین

فصل ادویہ مجربہ سریع التاثیر

اعضأ کی بیماریوں کے متعلق ادویات جو اکثر اوقات سفر میں بہت کارآمد اور ضروری ہیں ارادہ تھا کہ چوتھی جلد میں حکمت کے شاہپارے تحریر کروں چونکہ ادعیہ سفر اس مقام پر درج ہیں اس لیے لازم ہے کہ ادویہ سفر بھی اسی مقام پر تحریر کی جائیں تاکہ عاملوں کو بسہولت دستیاب ہوں تاکہ بوقت ضرورت دقت نہ ہو بوجہ ضرورت عاملین اس جگہ ادویات درج کی جا رہی ہیں ۔

درد سر کی ادویات

درد سر دموی :

درد سر خونی جو کہ سر کے اگلے حصہ میں ہوتا ہے اس کا علاج یہ ہے کہ حجامت کرائے یعنی فصد کھلوائے خون کے نکلنے سے درد ختم ہو جائے گا مریض تندرست ہو جائے گا اور مصر کی افیون کا سونگھنا اور ناک میں ان ادویہ کا ڈالنا اور اسی طرح درد شقیقہ کے لیے کنپٹیوں پر مالش کرنا اور شربت عناب کے ساتھ عناب کا کھانا اور آب عدس اور سرکہ خشک تسکین کا موجب ہے اور بارہا کا مجرب ہے ۔

درد سر صفراوی

جو کہ درمیان سر میں ہوتا ہے پارچہ کتان کو گل روغن اور سرکہ اور

جوان لڑکی کے دودھ سے تر کر کے سر پر رکھیں۔ اور روغن بنفشہ ساتھ
نمک طعام کے ہاتھ کی تلیوں پر اور پاؤں کی تلیوں مالش کریں اسی
طرح خرفہ کا طلاء کرنا یعنی پیشانی پر روغن خرفہ سے مالش کرنا اسی طرح
نیلوفر کا سونگھنا اور تخم خیارین کا کھانا یہ سب مفید و مناسب ہیں۔

تیسرا صداع بلغمی

بلغمی صداع بھی دموی کی طرح اگلے حصہ پر ہوتا ہے علاج اس کا
یہ ہے سکنجبین اور تربت ہے اور پانی پینا چاہیئے۔

زکام :

رطوبات فضلیہ جو دماغ میں منجمد ہو جاتے ہیں ناک کی نالی کے آگے
علاج اس کا یہ ہے کہ یا فوخ سر پر گرم پانی ڈالنے سے آرام ہوگا
یا فوخ سر کا فرق کے ساتھ والا حصہ ہے کھانا کھانے کے وقت اس
جگہ کو حرکت ہوتی ہے۔ مراد اس سے تالو کی جگہ ہے۔

دوسرا علاج :

دستمال کتانی کو بار بار آگ پر گرم کر کے یا فوخ سر پر باندھیں حرارت
کے احساس تک درد ختم ہو جائے گا اور زکام سے نجات ملے گی۔ اور
گرم پانی کا ڈالنا نہایت نفع بخش ہے۔

تیسرا علاج :

کاغذ کو شکر طبرزد کے ساتھ آگ میں ڈالیں اور دھواں ناک میں

پس زکام دفع ہو جائے گا اور بخور اصطرس اور سموات وغیرہ کا ضماد
کرنا مفید تر ہے۔

چند حکیمانہ نکات

دائمی نزلہ و زکام کے مریض کو بلغم کے تنضیج اور اعتدال قوام بلغم
کی بے سود کوشش کرنا چنداں مفید نہیں بلکہ اس کو مقوی دماغ ادویہ کی
ضرورت ہوتی ہے۔

۲۔ ابتداء زکام میں چھینک آور ادویات کا استعمال مضر ثابت ہوتا ہے
البتہ مادہ کے پک جانے پر مفید ثابت ہو سکتی ہیں۔

۳۔ جو حکیم نزلہ اور زکام کے مریض کو کھانا کھانے کے فوراً بعد سونے
سے منع نہیں کرتا وہ کبھی مریض کا کامیاب علاج نہیں کر سکتا۔

۴۔ مریض کو کثرت جماع اور بدہضمی کا علاج اولاً لازم ہے ورنہ
صحت مشکل ہے۔

۵۔ نزلہ زکام کے مواد کو خارج کیے بغیر روکنا مضر ہے۔

خیرگی چشم

دھوپ میں چلنے سے اور اس کے عکس سے یہ مرض پیدا ہوتا ہے
علاج اس کا افیون مصری طلاء کرنا ہے یعنی آنکھ پر طلا کرے آگ کے
پاس بیٹھ کر اور اسی دواء کا سونگھنا بھی مفید تر ہے۔ اگر پھر بھی یہ
مرض باقی رہے تو صفراوی اشیاء کا کھانا نفع بخش ہے اور تلی اہلیلہ کابلی
کے ساتھ استعمال کرنا نہایت فائدہ مند ہے اور اگر مرض برف سے

ہو تو زنجبیل کے ساتھ دو شاب پیس کر آنکھوں پہ لگائیں نہایت کار آمد ہے۔

دردِ شقیقہ

جسے آدھے سر کا درد کہا جاتا ہے اس کا علاج کتے کی ہڈیوں کا دھواں ہے۔ (۲) اسطخودوس اور فلفل سیاہ بھی مفید تر ہے۔

دیگر علاج :

ایک لپ جو لے کر کسی نمناک جگہ پر رکھیں جب نرم ہو جائیں تو ان کا دودھ نکالیں اور بقدر نصف رطل گرم کر کے ایک دانق اُشق اور ایک دانک جوشیر ملا کر ناک میں ٹپکائیں مگر کل دواء ۲ دانق سے زائد نہ ہو اگر پھر بھی درد ہو تو سر پہ ٹھنڈا پانی ڈالے خواہ موسم خریف ہو یا ربیع۔

کانوں کا دبہ

کسی کا کان بھاری ہو گیا ہو کم سنائی دیتا ہو تو اُس کا علاج کرے۔

علاج :

لوز مقشر بیس دانہ بورق افیون اور کندر اور بادا ور روزن سب ادویہ کو سرکہ میں خوب تر کرے اور سرکہ اس دواء میں جذب ہو پھر ۲ و ٹکیاں بنائیں اور ہر ایک ٹکی ۱½ دانق ہو اور بوقت گرانی سماع کے گل روغن میں اس کا خساندہ بنائیں اور کان میں ٹپکائیں اور اگر کان سے میل اور پیپ نکلتی ہو تو قرص کو سرکہ میں گھس کر کان میں ٹپکائیں اگر درد بھی نہ ہو اور نہ پیپ ہو تو بھی سرکہ سے گھسا کر کان میں ڈالنا

مفید ثابت ہو گا۔

فی الطنین

کان کی گرانی سے وہ آواز مراد ہے جو بہرے پن والے سُنا کرتے ہیں وہ ایک ایسی آواز ہے جیسے کوئی پکار رہا ہو۔

علاج :

افیون جوی کو پانی میں ڈال کر حل کرلیں پھر تھوڑا سا کان میں ٹپکائیں اور روغن بادام تلخ بھی مفید ہے یہ دونوں نسخے مجرب ہیں بارھا کے مسافروں کے لیے یہ نسخے گویا کہ اکسیر اعظم ہیں۔

کان کا درد

جس کے کان میں درد سرد ہوا کی وجہ سے ہو یا بھاری پن ہو علاج اس کا یہ ہے کہ روغن زیتون کان میں ٹپکائیں فوراً آرام ہو گا۔ مگر اس روغن زیت میں سداب پکایا گیا ہو۔

۲۔ گری کا تیل اور الغار مقشر کے ساتھ کان میں ڈالیں۔ یا اس روغن میں اقحوان یا فرفیون یا جند بدستر یا روغن بلسان یا وہ پانی جس میں بابونج اور اکلیل الملک اور بنفشہ اور حرمل اور ورق الغار کے پتوں کو جوش دیا گیا ہو کان میں ڈالیں درد رُک جائے گا۔ اور درد کان سرخی اور سنگینی کان کی حرارت کی وجہ سے ہو خصوصاً گرمی کے موسم میں جنوبی ہوا کے چلنے کے سبب تو اس کا علاج بیاالبیض مقشر کا ساتھ روغن اور پانی کی کزبرہ کے اور ساتھ آب کنیج کے اور روغن زیتون کے اور

خرطین جو صدف بحری کے ساتھ جوش دیئے گئے ہوں نہایت مفید اور موثر ہے اور اگر کان میں کیڑے پڑ گئے ہوں تو روغن بادام شیریں اثمدہ طینین کے ساتھ کان میں ٹپکائیں۔ نہایت فائدہ مند ہے۔

دانتوں کا درد

دانتوں کے درد کے لیے علاج یہ ہے کہ ایک دانہ یا دو دانہ مویزج پر روئی لپیٹ کر کوٹ لیں پھر مریض کے دانتوں پر پھیریں درد رک جائے گا اور چھالیہ اور قطران بھی دانت پر رکھنے سے مریض شفا پاتا ہے۔

آنکھ کا درد

آنکھ کے درد کے علاج کا طریقہ یہ ہے کہ مریض کو لازم ہے پسینہ سے اور غبار اور گرمی سے آنکھوں کو بچائے گندم کا نشاستہ چودہ درہم صمغ عربی دو درہم اور اسپ اسفیداج۔ رصاص۔ اقلیمیا سنگ سرمہ۔ اثمد تمام ادویہ ایک ایک درہم تمام ادویہ کو خوب باریک پیس کر باریک کپڑے میں چھان لیں اور یاقوتی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں بوقت ضرورت کام میں لائیں نہایت اعلیٰ درجے کی چیز ہے۔

دیگر نسخہ:

جو کہ حدقہ کو طاقت دیتا ہے اور رطوبت اور آنکھوں سے بہنے والا پانی ختم ہو جاتا ہے۔ نزول کے لیے اکسیر ہے۔ صدف سوختہ۔ مرواریہ۔ نشاستہ گندم ہر ایک دو درہم اور اثمد بوزن ایک دانق کوٹ کر حریرکے

کپڑے سے چھان کر بوقت ضرورت کام میں لائیں۔

آنکھوں کی جلن کو ختم کرنے کا علاج

یہ نسخہ آنکھوں کی جلن کے لیے مفید تر ہے اسفناج۔ رصاص پانچ درہم اور شامدان ہندی۔ مرقشیش۔ مرواریر۔ اسپند ہر ایک تین تین درہم صمغ ایک درہم کاس مخروط چار درہم اور مشک دو دانہ تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر کام میں لائیں نہایت کار آمد چیز ہے۔

جوڑوں کا درد

جوڑوں کے درد کے مختلف اسباب ہوتے ہیں مثلاً چوٹ لگنے سے یا بلند مقام سے گرنے سے یا حیوان کے مارنے سے بعض دفعہ درد کی جگہ نیلی ہو جاتی ہے تو اس کا علاج اس طرح کریں کہ تھوڑا سا اقاقیا اور مصبر اور ماش اور طین ارضی تھوڑے تھوڑے تمام دواء لیکر پیس لیں پھر ماء الاس سے تر کریں اور مرغ کے پر سے اس عضو پر مالش کریں فوراً درد ختم ہو جائے گا اور خمیرا آٹا باندھنے سے بھی فائدہ ہوتا ہے۔ نیز بھوسے کا باندھنا بھی نفع بخش ہے۔

آگ میں جلے ہوئے کا علاج

اگر کوئی شخص آگ میں جل جائے تو اس کا علاج اس طرح سے کریں کہ مردار سنگ اصفہانی اور فورہ اور درد مطحون اور حنا ہر ایک تھوڑا تھوڑا لے کر باریک پیس لیں اور گل روغن سے تر کرکے زخم

محروق پر چھڑکیں تھوڑی دیر بعد سکون ہو جائے گا اور زخم کے لیے صرف سرداسنگ بھی نافع ہے۔ مگر اس دواء کا وقفے سے چھڑکنا نافع ہے۔

نزلے اور سعال کا بیان

دیکھنا یہ ہوگا کہ نزلہ یا زکام کا سبب سوء مزاج حار ہے یا یابس اس کا فوری علاج مقصود ہو تو بزرالبنج بارہ۱۲ درہم حب صنوبر چھ درہم شہد ملا کر معجون بنائیں صبح نہار منہ اور رات کو سونے کے وقت کھایا کریں۔

ترکیب استعمال: صبح وشام ایک درہم کے برابر گرم پانی سے استعمال کریں مرض رفع ہوگا، مریض کو آرام و سکون میسر ہوگا۔

دوسرا نسخہ:

شہد دس درہم۔ اصل السوس دس درہم اور زوفا اور انجیر اور صنوبر۔ اصل السوس کو ۲ رطل پانی میں پکائیں اور برابر وزن شہد ملا کر قوام دیں لبدہ اتار کر رکھیں اور تھوڑا تھوڑا استعمال کریں کھانسی اور نزلہ زکام کو بھی مفید تر ہے۔

مرض خناق کا علاج

خوانیق جمع ہے خناق کی۔ خناق حلق کے درد کے اقسام میں سے ایک قسم ہے اس کا علاج اگر مقصود ہو تو مریض کو غرغرہ کرائیں رب توت

جس قدر ہو سکے حلق تک غرغرہ سے تھوڑا سا پہنچائیں نہایت مفید ہے اسی وقت آن واحد میں درد ساکن ہو جاتا ہے۔ مریض سکون کا سانس لیتا ہے یہ علاج بارہا مجرب ہے۔

خناق کی تعریف

خناق کا لغوی معنی گلا گھٹنا ہے لیکن اصطلاح طب میں شدید قسم کا ورم ہے جو اعضاء حلق کے عضلات میں واقع ہوتا ہے جس سے مریض کو کھانا پینا بلکہ سانس لینا بھی دشوار ہو جاتا ہے۔

اسباب خناق

نزلہ زکام کا بگڑنا ہے جب نزلہ یا زکام بگڑ کر کوا اگر کر یا کسی خلط کی زیادتی سے یہ مرض پیدا ہوتا ہے۔

علامات خناق

مریض کے حلق میں بوجھ اور درد خراش ہو کر بار بار کھانسی اٹھتی ہے اور مریض کو کچھ حلق میں اٹکا ہوا معلوم ہوتا ہے اس لیے اسے نگلنے کی کوشش کرتا ہے اور نگلنے میں تکلیف معلوم ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ بعض مریض اس مرض میں اچانک دم بند ہونے سے راہی عدم ہوتے ہیں۔

اقسام خناق

اطباء کے نزدیک اس کی کئی اقسام ہیں۔ خناق مطلق۔ ذبحہ خانقہ کلبی

وغیرہ خناق کلبی بڑا سخت ہی خناق ہے۔ جس میں بشدت ورم سے مریض کی زبان ہانپتے ہوئے کتے کی طرح باہر نکل آتی ہے اسی لیے اس کا نام خناق کلبی ہے۔ نیز بعض اطباء کا خیال ہے کہ یہ مرض کُتے کو ہونے کی وجہ سے اس کا نام خناق کلبی رکھا گیا ہے اس کے چند نسخہ جات درج ذیل ہیں خناق کے لیے املتاس اکیلا ہی ایک ایسی دواء ہے جس کے پلانے سے اور غرغرہ کرانے سے اور لیپ کرانے سے تقریباً ننانوے فی صد کامیابی ہوتی ہے اور بارہا اس کے استعمال سے مایوس مریض اچھے ہوگئے ہیں جن کے بچنے کی امید تک نہ تھی۔ نیز چند طریقہ علاج درج کیے جاتے ہیں

۱۔ مغز املتاس چار تولہ گرم پانی میں بھگو کر مل چھان کر روغن بادام چھ ماشہ مصری تین تولہ ڈال کر پلائیں۔

۲۔ مغز املتاس پانچ تولہ کو سیر بھر گرم پانی میں بھگو کر مل چھان لیں اور نیم گرم پانی سے غرغرے کرائیں۔

۳۔ مغز املتاس کو قدرے گرم پانی میں گھوٹ گھوٹ کر لکور کریں اور پھر اُوپر لیپ کریں انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

طلاء آنکھوں کے لیے

آنکھوں کی مفید ترین دواء مدکلی۔ صبر عصارہ۔ مامیثا۔ خضوض۔ زعفران۔ افیمون۔ اقاقیا۔ طین ارمنی برابر برابر دواء لے کر باریک کوٹ لیں اور روغن عذب الثعلب میں بھگو دیں جب خوب خیساندہ ہو جائے تو آنکھوں پر ملیں۔ مفید ترین ہے۔

دوسرا علاج

مدکلی۔ زعفران۔ افیون۔ بزرا لبنج۔ کندر ہموزن لیکر سحق کریں پھر لیپ بنا کر کنپٹیوں پر لیپ کریں۔ عجیب دواء ہے۔

زحیر الحلقہ کے علاج کا بیان

یہ ایک ایسی مرض ہے جو قصر معدہ میں ہوتی ہے اس کا سبب منعف کا لاحق ہونا ہے اس کا علاج اس طرح کریں کہ صندل۔ کافور۔ آب شہقوج یعنی ریحان پیٹ پر طلاء کریں نیز زحیر کے لیے حب الرشاد ایک مثقال اور کمونی کرمانی بھی ملائیں پیس کر خمیر بنائیں گائے کے پرانے گھی سے مریض کو کھلائیں مفید ترین ثابت ہوگا۔

دانت نکلوانا

دانت نکالنے کے لیے مفید طریقے درج کیے جاتے ہیں عصارہ شہتوت صیفی آب جامن کے ساتھ خیساندہ دھوپ میں رکھ کر بنائیں پھر تھوڑا سا دانت پر لگائیں جیسے چاہیں دانت نکالیں درد نہ ہوگا۔ اور دانت نکل آئے گا۔ نیز عقرقرہ کو بھگو کر رکھیں اور خیساندہ سا بن جائے گا ایک ماہ کی مدت دیں اس سے تھوڑا سا دواء دانت پر لگا کر آرام سے دانت نکالیں درد نہ ہوگا۔

سے کم نہیں ہوتی ریاح پیٹ میں بھری رہتی ہے قبض حد درجہ رہتی ہے بدن ہر وقت ٹوٹتا رہتا ہے ہاضمہ خراب اور بھوک کم ہوتی ہے چہرے اور بدن کی رنگت پھیکی پڑ جاتی ہے چونکہ یہ مرض نہایت مشکل سے جانے والا ہے لہذا نہایت اطمینان سے علاج کرتے رہیں اور مضر اشیائے سے پرہیز لازمی کریں اِنشاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی۔

چند نسخہ جات

بواسیر کے علاج کے لیے سیاہ گولیاں جو کہ نہایت مفید ترین چیز ہیں۔ رسونت عمدہ خالص قلمی شورہ برابر وزن لیکر سولہ گنا زیادہ مولی کا پانی ملا کر آگ پر پکائیں جب پانی خشک ہو جائے تو ۲ دو رتی کی گولیاں بنالیں۔

خوراک : ایک گولی صبح ایک گولی شام کو تازہ پانی سے دیا کریں کریں نہایت مختصر اور فوری اثر علاج ہے۔

دوسرا نسخہ

ٹوٹک بوٹی ایک تولہ دانہ گندم دس عدد رات کو پاؤ بھر پانی میں بھگو کر علی الصبح رتی رتی کی گولیاں بنائیں صبح شام ایک ایک گولی تازے پانی سے کھلایا کریں

درد قولنج کا علاج

درد قولنج کے لیے فتیلہ بنائیں شکر اور نمک اور شحم حنظل تھوڑا تھوڑا لے کر کھلائیں نیز تمر ہندی پیس کر چھ تولے پانی میں جوش دیکر سنا مکی سات ماشہ پسی ہوئی چھڑک کر پلا دیں۔ درد قولنج فوراً ختم ہو جائے گا۔

خارش کا علاج

اگر خارش گرمی کے موسم میں ہو تو ٹھنڈے پانی سے غسل کرے اگر سردی کے موسم میں خارش ہو تو خوب گرم پانی کر کے اس میں ایک لپ نمک ڈال کر اس میں ہاتھ اور پاؤں اس میں ڈبوئے رکھیں اگر اس خارش کے دانے نکلیں یا رطوبت ظاہر ہو تو گندھک اور حنا دنبہ کے روغن میں ملا کر مسلیں نہایت مجرب اور مفید ہیں، نیز گرمی میں کنجال اور سبز ریشوں جو پانی کے تالاب میں ہوتی ہے بدن پر لگائیں تھوڑی دیر کے بعد غُسل کریں۔ مفید تر ہیں۔

مرگی کا علاج

یہ مرض نہایت موذی ہے اس کا علاج یہ ہے کہ افتیموں عقرقرہ اور اسطخودوس اور بسفایج اِن تمام ادویہ کو ہم وزن لیکر خوب کوٹ کر چھان لیں پھر مویز طایفی کے ساتھ خمیر کریں ایک جَو کی مقدار کھلائیں ایک ہفتہ کے بعد ایسی شفاء پائے گا یہ مرض کا شافی علاج ہے۔

تشخیص مرض :

یہ مرض ایسا ہے جس میں انسان بے ہوش ہو کر گر پڑتا ہے۔ منہ اور ہاتھ پاؤں میں تشنج ہو لگتا ہے اور بیقرار ہو کر مضطربانہ حرکات کرتا ہے اس مرض میں سر کی گرانی اور زبان کے نیچے کی رگوں کا سبز ہونا لازمی امر ہے۔ یہ مرض باری سے ہوتا ہے اگر اس کے دورے زیادہ تیز رفتار سے شروع ہو جائیں تو یہ مرض نہایت مہلک ہے۔ لیکن جب بچہ کو جو مرگی پیدا ہوتی ہے وہ اکثر ایک دن میں کئی بار دورہ کرتی ہے پھر ایسی زائل اور ختم ہوتی ہے دوبارہ نہیں ہوتی۔

علاج : بے ہوشی کے وقت وہ تدابیر کریں جو غشی کے وقت کام آتی ہیں اور کپڑے کا گیند بنا کر منہ میں رکھیں تاکہ زبان نہ چبائے ہاتھ پاؤں باندھ دیں تاکہ اضطراب نہ کرے افاقہ کے وقت خلط کے موافق تنقیہ کریں اور تر میوہ جات، بکری کا گوشت، دودھ جیسی اشیاء سے پرہیز کرائیں عود صلیب کو دھاگے میں باندھ کر مریض کے گلے میں لٹکائیں۔

خروج مقعد کا علاج

مقعد کے باہر آنے کا علاج کرنا نہایت ضروری ہے۔ اس کا اگر علاج کرنا مقصود ہو تو بکری کے سینگ اور کھُر جلا کر کوٹ لیں اور نرم آگ پر پکائیں اور فرزے جفت، حلیلہ، زاج، عفص، گل سرخ

اور مطون اور قشوریاں داس کھجور، ہر ایک دواء تھوڑی تھوڑی لیکر پانی میں پکائیں اس دواء کی طاقت اس پانی میں چلی جائے گی مریض کو اس پانی بیٹھائیں اِنشاء اللہ چند روز میں افاقہ ہوگا اور اس موذی مرض سے افاقہ حاصل ہوگا۔ اگر پھر کبھی اس مرض میں مبتلا ہونے کا اتفاق ہو تو دوبارہ یہی علاج کریں شفایاب ہوں گے۔

جوڑوں کا درد اور اُس کا علاج

اگر گرمی کے موسم میں جوڑوں کا درد شروع ہو تو گھٹنوں تک ٹھنڈے پانی میں بیٹھ جایا کرے اور اگر سردی کا موسم ہو تو رانوں تک گرم پانی میں کھڑا ہوا کرے اور درد والے اعضاء کو پانی میں ڈبوئے رکھے صحت نصیب ہوگی۔

جوڑ کی تعریف

عرف عام میں جوڑوں کا اطلاق ان مقامات پر ہوتا ہے جہاں دو ہڈیاں ملتی ہیں تمام چھوٹے بڑے جوڑ جسم انسانی میں ایک صد اسی ہیں نمبر ۲ جوڑوں کی دو قسم ہیں ایک متحرک اور دوسرا غیر متحرک جیسے کھوپڑی کی چھت کی ہڈیوں کے جوڑ۔

وجع المفاصل

مشہور نام جوڑوں کا درد ہے نیز گنٹھیا بھی کہا جاتا ہے۔ اگر بڑے جوڑوں میں درد ہو تو وجع المفاصل کہتے ہیں اور چھوٹے

جوڑوں کے درد کو نقرس کہا جاتا ہے جب یہ مرض پرانا ہو جائے
مشکل سے ٹھیک ہوتا ہے اور چونکہ یہ مرض چاروں اخلاط سے پیدا
ہوتا ہے اس لیے اس کا علاج مشکل ہو جاتا ہے کیونکہ ایسے
نسخے کم ہیں جو ہر ایک کی طبیعت کو مفید ہوں چند نسخہ جات درج
کیے ہیں جو دردوں کو مفید ثابت ہوں۔ اس مرض میں بیرونی طور پر
گرم روغنیات کی مالش کریں مفید تر ثابت ہو گی۔

مگر یہ بات ذہن میں رہے کہ اس مرض کا علاج کرنے سے قبل
جلاب لازمی دیں اس لیے مفید قبض کشا نسخہ درج کیا جاتا ہے۔

معجون عشبہ ہر ایک قسم کے درد کو مفید اور لاثانی ہے۔

برگ سنا تین تولہ عشبہ تین تولہ تربد تین تولہ کیور کیجری گل سرخ
سونٹھ سفائج لاجورد افتیمون ہر ایک ساڑھے چار چار تولہ مویزنجاں
شیریں ایک تولہ دس تولہ شہد اور تیس تولہ مصری میں معجون بنائیں۔

ترکیب استعمال: صرف ایک تولہ صبح و شام گرم دودھ سے دیا
کریں اور ہر تیسرے چوتھے روز رات کو سوتے وقت چار تولہ گرم دودھ
سے کھلا دیا کریں صبح چند اسہال آیا کریں گے۔ اور مادہ خارج ہوگا۔

کھانسی کا بے نظیر علاج

اصل السوس مقشر۔ زوفاء خشک۔ فلفل سیاہ
۶ ماشہ ۶ ماشہ ۲ ماشہ

باریک پیس کر سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں بوقت ضرورت
منہ میں رکھ کر چوسیں سینے پر جما ہوا بلغم بآسانی خارج ہو جائیگا

اور کھانسی ختم ہو جائے گی۔

جوشاندہ سے کھانسی کا علاج

گل بنفشہ۔ گاؤزبان۔ بادیان۔ تخم خطمی۔ اصل السوس
۳ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ

مویز منقیٰ۔ سپستان۔ پرسیاؤشاں
سات عدد ۹ دانہ ۲ ماشہ

ترکیب ساخت: رات کو تازہ پانی میں بھگو دیں صبح کو چھان کر
شربت بنفشہ دو تولہ یا شکر دو تولہ ملائیں بہت جلد کھانسی سے چھٹکارہ
نصیب ہوگا بخار۔ بلغمی نزلہ زکام درد بدن وغیرہ سے مکمل نجات
نصیب ہوگی۔

درد سر اور مقوی دماغ ادویہ

قرنفل۔ زنجبیل۔ تخم خرفہ۔ جوز الطیب۔ سنبل۔ شونیز
۲ ماشہ ۲ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ ۲ ماشہ ۱۰ ماشہ

تمام ادویہ کو پیس کر سفوف تیار کریں سہ چند خالص کا قوام
کریں اور جب قوام تیاری پر آئے تو اس میں عرق لیموں ڈال لیں
بعدہ سفوف شامل کریں معجون تیار ہوگا۔

ترکیب استعمال: صبح و شام ۲ ماشہ سے ۵ ماشہ تک ہمراہ
عرق گاؤزبان ۵ تولہ پانی ملا کر استعمال کریں۔

فائدہ: یہ معجون بے حد مقوی دماغ ہے پرانے درد سر کے لیے

بھی مفید ترین دواء ہے۔

پیٹ کے کیڑوں کا علاج

شاہترہ ۔ بابڑنگ ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ادھ پاؤ پانی
۵ ماشہ ۵ ماشہ ۵ ماشہ میں جوش دیں
جب ۵ تولے باقی رہے چھان کر شکر بقدرے ضرورت شامل کریں
سات روز تک استعمال کریں مکمل کورس ہے۔

حب شفاء

تخم جوزماشل ۔ سونٹھ ۔ ریوند چینی ۔ گوندھ ببول
۱ تولہ ۲ تولہ ۸ ماشہ ۱ تولہ
باریک پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں اوپر چاندی کے ورق
لگائیں بوقت ضرورت استعمال میں لائیں۔

نسخہ قبض کشاء

یہ نسخہ حضرت بابا فریدالدین مسعود گنج شکر رحمتہ اللہ علیہ کا بنایا
ہوا ہے۔ سنائے مکی ۔ سونٹھ ۔ کالی مرچ ۔ لائچی کلاں ۔ نمک لاہوری
۲ تولہ ۲ تولہ ۲½ تولہ ۶ ماشہ ۳ تولہ
غذا کے بعد ۳ ماشہ سفوف تازہ پانی سے استعمال کریں۔

درویشی نسخہ دافع جریان ولیکوریا

موصلی سیاہ ۔ موصلی سفید ۔ ثعلب مصری ۔ ثقاقل مصری ۔ تالمکھانہ
۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ
بنسوچن ۔ ہرڑ خورد ۔ ہرڑ کلاں ۔ ستاور ۔ کمرکس ۔ گوکھرو خورد
۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ
الائچی کلاں ۔ الائچی خورد ۔ زیرہ سفید ۔ زیرہ سیاہ ۔ چینا گوندھ
۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ
پودینہ خشک ۔ اجوائن دیسی ۔ مصری
۱ تولہ ۱ تولہ ۲۰ تولہ
سفوف تیار کریں صبح نہار منہ ہمراہ آدھ پاؤ دودھ استعمال کریں
ایک گھنٹہ بعد ناشتہ کریں۔

ماہواری جاری کرنے کا علاج

باءبڑنگ ۔ باءکھمبہ ۔ تخم گزرا ۔ نرکچور ۔ سونٹھ
۲ تولہ ۲ تولہ ۱ تولہ ۱½ تولہ ۱ تولہ
تمام دواء کو پیس کر تین حصے کریں ایک حصہ ۱½ پاؤ پانی میں
پکا کر قدرے شکر ملا کر پلائیں تین یوم میں شفاء نصیب ہوگی۔

خارش کا علاج

شاہترہ ۔ چرائیتہ ۔ سربھوکا ۔ منڈی ۔ ہلیلہ سیاہ ۔ صندل سرخ
۷ ماشہ ۷ ماشہ ۷ ماشہ ۱ تولہ ۶ ماشہ ۵ ماشہ

رات کو گرم پانی میں بھگو دیں تین چھٹانک میں۔ صبح کو چھان کر شربت عناب ۲ تولہ ملا کر گیارہ روز پلائیں ورنہ اکیس ۲۱ یوم میں مکمل شفاء ہوگی۔

نسخہ برائے بواسیر

جس کو بواسیر ہو ایک دانہ لاکھ کا سوراخ دار لیکر ۳ بار اول و آخر درود شریف ۲۱ بار صم بکم عمی فھم لا یرجعون تک پڑھ کر دم کریں اور وہ دانہ لاکھ صبح نماز کے بعد کمر میں باندھیں خدا کے فضل و کرم سے شفاء نصیب ہوگی۔

کثرت حیض کا علاج

یہ خون جب حد سے گزر جائے تو بدن کمزور ہونا شروع ہو جاتا ہے نبض تیز چلتی ہے۔ پیاس شدت اختیار کر جاتی ہے چہرے کا رنگ زرد پڑ جاتا ہے۔

طریقہ علاج یہ ہے کہ لعاب بہیدانہ۔ شیرہ عناب۔ شیرہ تخم کاہو۔ شیرہ تخم تربوز۔ شیرہ بیخ الجبار۔ شیرہ تخم خرفہ سیاہ تمام کو پیس چھان کر شربت نیلوفر میں ملا کر ۲ تولہ روزانہ پلائیں مکمل کورس سات یوم کا ہے۔ ایک گولی روزانہ استعمال کرے انشاء اللہ اس موذی مرض کی جڑ کٹ جائے گی۔

سفوف جگر

جس کا جگر خراب ہو قبض رہتی ہوں قوت ہاضمہ جواب دے چکی

ہو جس میں سستی رہتی ہو۔ جسم موٹا ہو گیا ہو یا پیٹ میں سختی پیدا ہو گئی ہو تو یہ دواء استعمال کرنے سے جملہ امراض رفع ہو جائیں گی۔ فقیر کا بارہا کا آزمودہ ہے۔

نسخہ: ریوند چینی۔ قلمی شورہ۔ نوشادر۔ سنا مکی اول تین ادویہ ہم وزن لیں چوتھی دواء کم لیں مثلاً اگر تمام ادویہ مذکورہ ایک ایک تولہ ہوں تو چوتھی دواء نصف تولہ لیں سفوف تیار کریں روٹی کے بعد ۴ چار ماشہ تازہ پانی سے استعمال کریں اور دعا کریں۔

اکسیر معدہ

قبض اپھارہ کھٹی ڈکاروں کے لیے پیٹ کی سختی کے لیے جگر کی رطوبت اور جملہ ریاحی امراض کے لیے اکسیر ہے۔

جدوار خطائی۔ عود صلیب۔ ایلوا۔ مغز جمال گھوٹا جملہ ادویہ ہم وزن لیں باریک پیس کر گھیگوار کے عرق لیں تر کر کے خشک کریں اور مسور کے دانہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

ترکیب استعمال: بچوں کو کھانے کے بعد ایک گولی، بڑوں کو ۲ دو گولیاں تازہ پانی سے کھلائیں۔ فائدہ اٹھائیں اور فقیر کو دعاء میں یاد فرمائیں۔

سفوف استقرا حمل

اگر حمل قرار نہ پکڑتا ہو تو خاوند بیوی دونوں استعمال کریں۔ طریقہ یہ ہے کہ ایام حیض سے فراغت کے بعد خاوند بیوی تین روز

استعمال کریں اور ہم بستر ہوں بفضل تعالیٰ بانجھ پن دور ہوگا اور صاحب اولاد ہوں گے۔

نسخہ۔ زعفران۔ کمر کس۔ ناگ کیسر۔ الائچی خورد۔ برادہ دندان فیل
ا ماشہ ا تولہ ا تولہ ا تولہ ا تولہ

طباشیر۔ ریش برگد
ا تولہ ا تولہ سفوف تیار کرکے صبح شام مکھن میں رکھ کر کھلائیں۔

اکسیر معدہ

دار چینی۔ ادرک خشک۔ دانہ الائچی کلاں۔ ثیر املی۔ زیرہ سفید۔
۵ تولہ ۵ تولہ جملہ ادویہ ہم وزن لیں خود ہی گولیاں بنائیں فائدہ اُٹھائیں۔

ھوالشافی: پیج۔ فلفل دراز۔ ناگر موتھ۔ دانہ الائچی کلاں۔ کاکڑا سنگی
ا تولہ ا تولہ ا تولہ ا تولہ ا تولہ ا تولہ

بنانے کی ترکیب: تمام ادویہ کو کوٹ کر چھان لیں شہد کی مدد سے گولیاں بنائیں مٹر کے دانہ کے برابر۔

ترکیب استعمال: عورتوں کو صبح و شام ایک ایک گولی دودھ سے دیں یہ تین ماہ کا کورس ہے انشاء اللہ حمل قرار پکڑے گا۔

فائدہ: جو عورتیں ام الصبیان یا مسان خام و پختہ کے عارضہ میں مبتلاء ہوں یا بانجھ ہوں ان کو یہ گولیاں تین ماہ تک صبح شام ایک گولی لگاتار استعمال کرنی لازم ہے۔ خدائے واحد قہار ستار کے فضل سے تین ماہ میں عورت حاملہ ہو جائے گی یہ نسخہ مجرب ہے۔

نسخہ نمبر ۲: آنار دانہ۔ نوشادر۔ نمک سیاہ۔ فلفل سیاہ۔ پودینہ۔ پیپلاں
۲ تولہ ۲ تولہ ۲ تولہ ا تولہ ا تولہ ا تولہ

ان تمام ادویہ کو پیس کر سفوف تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال: قبض کو رفع کرتا ہے اور حاملہ کو اپھارہ نہیں ہونے دیتا اور بچّہ کو تندرست رکھتا ہے۔ اور حاملہ جملہ عوارض سے محفوظ رہتی ہے۔

پیشاب کی جلن کا علاج

اگر کسی کو پیشاب آنا بند ہو جائے یا جلن شروع ہو جائے تو تازہ پانی سے ۶ ماشہ استعمال کرائیں فوراً پیشاب کی بندش ختم ہو جائے گی اور پیشاب کھل کر آئے گا اور جلن ختم ہو جائے گی اور یہ نسخہ مثانہ کی دیگر امراض کے لیے بھی مفید تر ہے ادویہ یہ ہیں۔
قلمی شورہ۔ تخم الائچی کلاں۔ میٹھا سوڈھا جملہ ادویہ کو ہم وزن لیکر سفوف تیار کریں ۶ + ۶ ماشہ صبح و شام استعمال کرائیں۔
فائدہ اٹھائیں اور بندہ ناچیز کو دعا میں یاد فرمائیں۔

مسان پختہ و خام کا علاج

جس عورت کو مسان کا عارضہ ہو بچّہ پیدا ہو کر مر جاتا ہو یا کچا گر جاتا ہو نو۹ ماہ یہ دواء استعمال کرے اللہ کے فضل و کرم سے صاحب اولاد ہو گی۔

ادویہ یہ ہیں: بگندھک آملہ سار۔ ٹاٹری ست لیموں
۱۰ تولہ ا تولہ

مٹی چولھا سوختہ ۔ ادرک خشک ۔ شہد ۔ عرق گھاس بیل
۵ تولہ ۱ تولہ ۳ ماشہ

تمام ادویہ کو پیس کر چنے کے دانہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔ صبح و شام تازہ پانی سے ایک گولی دیں حاملہ اول ماہ سے کھانا شروع کرے اور بچہ کی پیدائش کے بعد چھ سال تک لگاتار کھاتی رہے۔ انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

تحفۃ العاملین

معروف بہ

طلسمات نادرہ

بیان خواص آیات و اعمال قضائے حوائج و عمل دافع اذیت آبلہ
و خواص دعائے حبیب و دعائے سریانی وغیرہ

حصہ سوم

مؤلفہ

سید تفضل حسین خداداد بن میر محمد حسین

ترتیب نو

محمد اسحاق ظفر

حصّہ سوم

الحمد للہ رب العالمین والعاقبۃ للمتقین والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین وخاتم النبیین محمد وآلہ واصحابہ اجمعین ۔ اما بعد

اس کتاب کو مختلف حصوں میں تقسیم کرنے کا مقصد یہ ہے کہ طالب صادق راغب کو بآسانی دستیاب ہو۔ مکمل کتاب نہ بھی خرید سکے تو کوئی ایک حصہ خرید کر اپنا مقصد پورا کرے۔ بعض سورتوں کے خواص بھی درج ہیں۔ اس وجہ سے تمام اعمال ودعوات ونقشہ جات درج کیے ہیں۔ لہٰذا ان سے جائز اور اچھے مقاصد حاصل کرے۔ کتاب اللہ کے احکام کا احاطہ کرنا مشکل ہے۔ چند ایک بطور نمونہ درج کیے جاتے ہیں اللہ تعالیٰ قبولیت سے نوازے آمین۔

بسم اللہ کے خواص وفضائل :۔

مناوی ؒ نے شرح کبیر میں لکھا ہے بسم اللہ کو لکھ کر اپنے پاس رکھنے والے کو آگ نہیں جلاتی۔ بسم اللہ پڑھنے والا جہنم کی آگ میں داخل نہ کیا جائے گا۔ بسم اللہ کے انیس حرف ہیں اور جہنم کے انیس داروغے ہیں اور اسی وجہ سے بسم اللہ کا پڑھنے والا جہنم میں نہ جلایا جائے گا۔ جو شخص کثرت سے بسم اللہ کا ذکر کرے گا عالم علوی اور سفلی میں باعظمت اور رعب والا ہوگا اور یہی پہلی تحریر ہے جو لوحِ محفوظ پر لکھی گئی۔ بسم اللہ سے ہی سلیمان علیہ السلام کی حکومت قائم تھی

موسیٰ رضا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بسم اللہ اسم اعظم سے اس طرح قریب ہے جس طرح آنکھ کی سفیدی سیاہی سے ۔

فائدہ :۔ جو شخص چھ سو مرتبہ بسم اللہ لکھ کر اپنے پاس رکھے گا ، محبوبِ خلائق ہوگا ۔

دیگر عمل :۔ بعض بزرگوں سے مروی ہے کہ جو شخص بسم اللہ چھ سو پچیس مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے خلائق میں باعظمت ہوگا ۔

مصائب سے بچنے کے لیے مفید عمل :۔

بعض علماء کا قول ہے جو شخص یکم محرم کو ۱۱۳ مرتبہ بسم اللہ لکھ کر اپنے پاس رکھے تو تمام عمر مصائب سے محفوظ رہے ۔

قضاء حاجت کا مجرب عمل :۔

جو شخص بسم اللہ کو بارہ ہزار مرتبہ پڑھے ۔ ہر ہزار کے بعد دو رکعت نماز پڑھے اور سلام کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے تو ان شاء اللہ بہت جلد اس کے دل کی مراد پوری ہوگی ۔

جملہ حاجات کے لیے مؤثر عمل :۔

جو شخص سات سو چھیاسی مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر اپنے مقصد کے لیے دعا کرے تو سات دن کے عرصہ میں خواہ کتنا ہی مشکل معاملہ ہو اللہ تعالیٰ آسان فرما دے گا ۔

قضاءِ حاجت کا نادر عمل :۔

جو شخص سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھ کر چھ رکعت نماز ادا کرے اور ہر رکعت میں پندرہ مرتبہ سورہ الم نشرح پڑھے سلام کے بعد یہ دعا پڑھے :۔

اللھم انی اسئلک بفضل بسم اللہ الرحمن الرحیم واسألک لعظمة بسم اللہ الرحمن الرحیم واسألک بجلال وثناء

بسم اللہ الرحمن الرحیم وجبروت وملکوت کبریاء بسم اللہ الرحمن الرحیم واسألک بہیبة بسم اللہ الرحمن الرحیم وبحرمة بسم اللہ الرحمن الرحیم ارفع قدری ولیسر امری واجبر کسری واغن فقری واطل عمری بفضلک وکرمک واحسانک یا من ھو کھیعص حمعسق الم الر بسر اسم اللہ الاعظم اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم العلی العظیم الکریم ذوالجلال والاکرام واسألک بجلال الہیبة وبعزة العزة واسألک بکبریاء العظمة وبجبروت القدرة ان تجعلنی من الذین لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون واسألک بدوام البقاء وضیاء النور ان تجعلنی من الصلحین واسألک بحسن البہاء وبالشراق وجھک الکریم ان تدخلنی برحمتک فی جنة النعیم یا رب العالمین وصل اللہ علیٰ سیدنا محمد وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم ۔ **بہت جلد مقصود حاصل ہوگا ۔**

بعض کتب میں مرقوم ہے جو شخص دعا بسم اللہ کو ایک سو اٹھارہ مرتبہ پڑھے اس کی دلی مراد پوری ہوگی اور حاجت روائی ہوگی ۔ دعا یہ ہے :۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم انی اسئلک بفضل بسم اللہ الرحمن الرحیم وبحق بسم اللہ الرحمن الرحیم وبہیبة بسم اللہ الرحمن الرحیم وبمنزلة بسم اللہ الرحمن الرحیم ارفع قدری ویسر امری واشرح صدری یا من ھو کھیعص حمعسق ۔ الم المص المر ۔ حم ۔ اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم وبسر الہیبة والقدرة وبسر الجبروت والعظمة اجعلنی من عبادک المتقین واھل طاعتک

المحبین وافعل لی کذا یارب العالمین وصل اللہ علی سیدنا
محمد وآلہ واصحابہ اجمعین ۔

خطیب بغدادیؒ نے تحریر فرمایا کہ حضرت آدم صفی اللہ علیہ السلام نے بسم اللہ
پڑھی تو توبہ قبول ہوئی اور حضرت نوح علیہ السلام کے کثرت سے بسم اللہ پڑھنے کی
وجہ سے ان کی کشتی کنارے لگی ۔ اسی طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام پر نارِ نمرود بسم اللہ کی
برکت سے گلزار ہوئی ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرعون کے مقابلہ میں غلبہ بسم اللہ
کے پڑھنے کی وجہ سے ہوا اور اسی طرح سلیمان علیہ السلام کی حکومت بسم اللہ کی برکت
سے قائم ہوئی ۔ جن وانس چرند وپرند مطیع ومنقاد رہے ۔ اسی طرح بسم اللہ کی برکت
سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے برص، جذام اور احیاءِ موتیٰ کا معجزہ ظہور پذیر ہوا
اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح عظیم ومبین بسم اللہ کی برکت سے حاصل کی
اور اللہ رب العزت نے فرمایا کہ بسم اللہ کے وسیلہ سے امتِ مسلمہ کے افراد جو بھی
مجھ سے مانگیں گے عطا کروں گا اور اسی سے جملہ انبیاء و مرسلین کی کتب و صحائف
کی ابتداء ہوئی ۔

خواص بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شرِ شیاطین سے حفاظت کا عمل :۔

جو شخص بسم اللہ انیس مرتبہ پڑھ کر سوئے تو اللہ تعالیٰ اسے شیاطین کے
ہر طرح کے شر سے مامون رکھے گا ۔

دفعِ شرِ ظالم کے لیے :۔

جو شخص ظالم کے شر سے بچنا چاہے اسے لازم ہے کہ پچاس مرتبہ بسم اللہ

صبح نماز کے بعد پڑھے ۔

دردِ جسمانی کا روحانی علاج :۔

جس شخص کے جسم میں درد ہو۔ ایک سو ایک بار بسم اللہ پڑھ کر دم کرے
انشاء اللہ تندرستی نصیب ہوگی

محبت زوجین کے لیے عظیم عمل :۔

جو شخص حُبِ زوجین کے لیے بسم اللہ سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھ کر کھانے
پینے والی چیز پر دم کر کے زوجین میں سے یا کسی بھی مطلوب کو کھلائے پلائے گا وہ
اس کا محبِ جانی ہوگا بشرطیکہ دن اور ساعت کا خیال کر کے لکھے ۔

کند ذہن بچے کے لیے مؤثر علاج :۔

اگر کسی کے بچے کا ذہن کند ہو اور یاد کچھ نہ کر سکتا ہو تو سات روز تک روزانہ
بسم اللہ شریف پانی پر دم کر کے پلائے سے ذہن تیز ہوگا اور حافظہ صحیح ہو جائیگا ۔

تسخیر حکام وزراء :۔

جو شخص حکام اور وزراءِ مملکت سے مطلب برآری چاہتا ہو اس طریقے سے
عمل کرے کہ جمعرات کو روزہ رکھے کشمش سے یا کھجور سے افطار کرے ۔ مغرب
کی نماز کے فرض ادا کرنے کے بعد بسم اللہ شریف ایک سو اکیس بار پڑھے ۔ عشاء کی
نماز پڑھ کر پھر بسم اللہ لا تعداد پڑھے حتیٰ کہ نیند آجائے پھر صبح نماز پڑھ کر ایک سو
اکیس بار پڑھے اور ایک سو اکیس بار لکھ کر اپنے پاس رکھے، خلائق میں باعظمت
ہوگا اور ہر مطلب پورا ہوگا یہ عمل فوراً اثر انداز ہوتا ہے، مجرب ہے ۔

تسخیر خلائق کے لیے عمل :۔

جو شخص چاہے کہ تمام کائنات مسخر ہو تو بسم اللہ کی تکسیر حرفی کر کے لکھ کر
اپنے پاس رکھے انشاء اللہ محبوبِ خلائق ہوگا ۔

حفاظت زراعت کا مجرب عمل :-

جو شخص اپنے کھیت کی ہر آفت سے حفاظت چاہتا ہو بسم اللہ کو تکبیر کر کے اپنے کھیت میں دفن کرے انشاء اللہ خوب منافع بخش کھیتی ہو۔

مچھلی کے شکار کے لیے مجرب عمل :-

جو شخص تانبے کی تختی پر بسم اللہ کا نقش کندہ کر کے مچھلی کے جال میں لگائے تو ہر طرف سے مچھلیاں جمع ہوں گی اور خوب پھنسیں گی ۔

ظالم حاکم کے شر سے حفاظت کیلیے مناسب عمل :-

جو شخص حاکم ظالم کے شر سے حفاظت اور مقصود حاصل کرنے کے لیے الرحمٰن الرحیم کو پانچ سو مرتبہ لکھے اور ایک سو پچاس بار بسم اللہ لکھ کر اپنے پاس رکھے تو مقصد میں کامیابی ہو گی ۔

میدان جنگ کی تکلیف کی حفاظت کے لیے عمل :-

جو شخص میدانِ جنگ میں جانا چاہے تو الرحیم کو ایک صد نوے بار لکھ کر میدان کارزار میں جائے تو فاتح بن کر لوٹے گا اور زخموں سے بھی محفوظ رہے گا ۔

دردِ سر کا تعویذ :-

اگر اکیس بار لکھ کر سر پر باندھے تو دردِ سر ختم ہو گا ۔

جملہ حاجات کے لیے مجرب اور سریع التاثیر عمل :-

حضرت عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں اگر کسی شخص کو سخت ترین مشکل پیش آئے تو بدھ، جمعرات، جمعہ روزہ رکھے ۔ جمعہ کے دن نمازِ جمعہ کے بعد سات سو مرتبہ یہ دعا پڑھے انشاء اللہ کیسی ہی مشکل ہو گی فوراً حل ہو جائے گی۔ دعا یہ ہے :-

اللھم انی اسئلک باسمک بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الذی لآ
الہ الا ھو عالم الغیب والشھادۃ ھو الرحمن الرحیم

واسئلک باسمک بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الذی لا الہ
الا ھو الحی القیوم لا تاخذہ سنۃ ولا نوم سے علی العظیم
تک ملأت عظمت السمٰوات والارض واسئالک باسمک
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الذی ثم اخلفھم الذی عنت لہ
الوجوہ وخشعت لہ الاصوات ووجلت لہ القلوب من خشیۃ
اسئلک ان تصلی و تسلم علیٰ سیدنا محمد وآلہ وصحبہ ان
تقضی حاجتی وان تعطینی مسئلتی

اپنی حاجت کا نام لے انشاء اللہ فوراً مقصد حاصل ہو گا ۔

ہلاکت ظالم کا نادر عمل :-

اگر ظالم کا ہلاک کرنا مقصود ہو تو بسم اللہ کا یہ تعویذ بنائے اور آگ میں دفن کرے۔ تھوڑے عرصے میں ظالم اپنے انجام کو پہنچے اور یہ دعا بھی ساتھ پڑھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم انی اسئلک باسمک العظیم الاعظم
وھو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الذی عنت لہ الوجوہ وخشعت
لہ الاصوات ووجلت من خشیتہ القلوب ان تصلی و تسلم
علیٰ سیدنا محمد وآلہ واصحابہ وان تقضی حاجتی فی فلاں اللھم
ان کنت تعلم انہ یرجع فانزل علیہ بلائک وسخطت وغضبک
واھلکہ یا قاھر یا قھار یا قادر یا مقتدر یا اللہ

سات بار پڑھے اس دعا کے پڑھنے سے یا ظالم ظلم سے باز آجائے گا ورنہ ہلاک ہو گا یہی لکھا شیخ احمد بونی نے بھی ۔

تعویذ اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں :-

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم	فلاں
اللہ	الرحمن	الرحیم	فلاں	بسم
الرحمن	الرحیم	فلاں	بسم	اللہ
الرحیم	فلاں	بسم	اللہ	الرحمٰن
فلاں	بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم

قتلِ ظالم کا عجیب عمل :-

اگر مقصود ہلاکت ظالم یا فاسق ہو تو یہ نقش تانبے یا سکے کی تختی پر لکھ کر نرم آگ میں دفن کرے تاکہ رصاص پگھل نہ جائے ورنہ ہلاکت رونما ہوگی۔ دعا سے قتل اور تلوار سے قتل برابر ہیں۔ خوفِ خدا لازم ہے ورنہ اللہ تعالیٰ کی ذات انتقام لینے والی ہے۔ فلاں کی جگہ ظالم کا نام لکھے مجرب ہے۔ نیز اگر تدمیر ظالم یا فاسق مقصود ہو تو اسم خانم کو تانبے کی تختی پر لکھے اور دھونی ہینگ کی دے یا زرنیخ احمر کی اور آگ کے قریب دفن کرے۔ ظالم یا فاسق ہلاک ہوگا مگر یہ ذہن میں رہے کہ اللہ تعالیٰ حساب لینے والا ہے۔ تعویذ کے بعد نیچے دعا بھی ہے یہ بھی پڑھے :-

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم	فلاں
اللہ	الرحمٰن	الرحیم	فلاں	بسم
الرحمٰن	الرحیم	فلاں	بسم	اللہ
الرحیم	فلاں	بسم	اللہ	الرحمٰن
فلاں	بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم

اللّٰھم انی اسئلک باسمک بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الذی لا الٰہ الا ھو عالم الغیب والشھادۃ ھو الرحمٰن الرحیم واسئلک باسمک

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم لا تاخذہ سنۃ ولا نوم الذی ملاٴت عظمۃ السموات والارض واسئلک باسمک بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الذی عنت لہ الوجوہ وخشعت الاصوات ووجلت منہ القلوب ان تصلی وتسلم علیٰ سیدنا محمد وعلیٰ اٰلہ واصحابہ ان تقضی حاجتی فی ھلاکت فلاں یا قاھر یا قھار یا قادر یا مقتدر یا اللہ یا اللہ یا اللہ

سات بار پڑھے اور یہ دعا سات صد بار یہ اہل محفوظ رکھیں نقش مذکورہ بالا ہے۔

سُورۃ فاتحہ کے فضائل وخواص

جو شخص رات کو سوتے وقت سورۃ فاتحہ اور سورہ اخلاص پڑھ کر سوئے تو تمام آفات سے محفوظ رہے گا سوائے موت کے۔

ہر مرض کا شافی علاج :-

حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ حضرت حسن بن علیؓ بیمار ہوگئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہایت غمزدہ ہوئے تو آپ وحی نازل ہوئی کہ سورۃ شفا کو پڑھیں اس میں تمام امراض کا علاج موجود ہے۔ طریقہ یہ بیان کیا گیا ہے کہ کسی برتن میں پانی ڈال کر چالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اس پر دم کریں۔ سر اور پاؤں اور چہرہ دھوئے پھر غسل کرے ان شاء اللہ شفا نصیب ہوگی۔

حضرت جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ مریض پر سات دفعہ سورہ اُم القرآن پڑھ کر دم کریں اگر شفا نہ ہو تو ستر مرتبہ پڑھ کر دم کریں ان شاء اللہ ضرور شفا نصیب ہوگی۔

فائدہ:۔ سورۃ فاتحہ کو چینی کے برتن میں لکھ کر دھو کر مریض کو پلائے طریقہ یہ ہے کہ سورۃ فاتحہ دائرے میں لکھے درمیان میں حروف مقطعات لکھے اور مریض کو پلائے شفا نصیب ہوگی۔

نسیان کا علاج:۔

علماء نے لکھا ہے کہ سورہ فاتحہ کو لکھ کر اگر نسیان کے مریض کو مسلسل چند روز پلائیں تو نسیان دور ہو۔ ہر پڑھی سنی ہوئی یاد رہے۔

آشوبِ چشم:۔

اگر آنکھوں میں درد ہو تو صبح کی نماز فرض و سنت کے درمیان اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کرے تو آنکھوں کی تکلیف دُور ہوگی شفا نصیب ہوگی۔

جسم میں درد کا علاج:۔

جس شخص کے جسم میں درد ہو سورۃ فاتحہ کو اس دعا سمیت پڑھے، انشاءاللہ شفا نصیب ہوگی۔ طریقہ یہ ہے سورۃ فاتحہ پڑھتے وقت درد کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر پڑھے اور دعا یہ ہے:۔

اللھم اذھب عنی سوء ما اجد . . . بدعوۃ نبیک المبارک

الامین المکین عندک

یہ دعا سورۃ فاتحہ کے ساتھ سات بار پڑھے تو شفا نصیب ہوگی۔

بچھو کے کاٹے کا علاج:۔

اگر کسی شخص کو بچھو کاٹ لے تو پاک برتن میں پانی ڈال کر سات مرتبہ سورۃ فاتحہ دم کرے اور اس میں تھوڑا سا نمک ڈال کر مالش کریں تھوڑی دیر میں درد ختم ہو جائے گا اور شفا نصیب ہوگی۔

⁘ ⁘ ⁘

دردِ دنداں:۔

دانتوں کے درد کے لیے ان حروف کو کاغذ پر لکھ کر اوپر کیل رکھیں۔ جس حرف پر عدد ختم ہو جائے وہاں کیل گاڑ دیں ساتھ ساتھ سورۃ فاتحہ بھی پڑھتے جائیں درد ختم ہو جائے گی۔

حُب کے لیے مجرب تعویذ:۔

اگر کسی کا دل اپنی طرف کرنا مقصود ہو۔ طالب اور مطلوب کے ناموں کو حروف ناریہ میں امتزاج کرے حروف ناریہ یہ ہیں:۔ ا ہ ط م ش ف ذ طریقہ امتزاج یہ ہے:۔ کہ ایک حرف ناریہ کا لے اور ایک حرف اسما کا، حتیٰ کہ آخری حرف حروف ناریہ میں سے ہو، اکیس تعویذ تیار کریں ہر تعویذ پر لوبان اور تفاح الجان رکھ کر آگ میں ڈالے جب تک دھواں نکلتا رہے سورہ فاتحہ پڑھتا رہے اور ساتھ یہ الفاظ بھی پڑھے توکلوا یاخدام الحروف النارۃ بقضاء حاجتی من فلان والقاء المحبتی و مودتی او محبت فلاں فی قلبہ بحق ما ملکونۃ علیکم مطلوب پر محبت ایسی آئے گی کہ طالب بن کر حاضر ہوگا۔ مگر حسن اعتقاد شرط ہے۔

محبت کے لیے مجرب ترین عمل:۔

شیخ احمد بن رواد کہتے ہیں جو شخص زوجین میں محبت کرانا چاہے یا دو بھائیوں میں صلح مقصود ہو تو اس عمل کو استعمال میں لائے وہ عمل یہ ہے۔ سورۃ فاتحہ کو مشک اور زعفران اور گلاب کے ساتھ پاک کاغذ پر تحریر کرے اور لکھتے وقت عود اور لوبان کی دھونی دے۔ طریقہ تحریر یہ ہے:۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العالمین بحمد

فلاں بن فلانۃ لفلاں بن فلانۃ طاعۃ اللہ وافاتحۃ الکتاب

الشریفۃ الرحمن الرحیم برحم فلاں بن فلانۃ لفلاں بن فلانۃ

طاعته الله تعالیٰ وفاتحة الکتاب الشریفه مالک یوم الدین
امنالک فلاں الخ طاعته الله تعالیٰ ولفاتحة الکتاب الشریفة
عبودیت ورفتة ورحمة وشفقة ایاک نعبد نعبد فلاں بن
فلانہ لفلاں طاعته الله تعالیٰ والفاتحة الکتاب الشریفة
وایاک نستعین استعان فلاں بالله تعالیٰ وفاتحه الکتاب الشریفه
علی فلاں بن فلانة لیکون اطاع وعاله وتحت ارادة فی الاقوال
والافعال طاعته الله تعالیٰ ولفاتحة الکتاب الشریفه اهدنا
الصراط المستقیم اهتدی واستقام لفلاں بن فلانة لفلاں
بن فلانة استقامت محبة وسماع قول طاعته الله تعالیٰ والفاتحة
الکتاب الشریفه صراط الذین انعمت علیهم انعم فلاں الخ
بجمیع ما یطلب منه فلانا دبیرم طاعته الله تعالیٰ والفاتحة
الکتاب الشریفه بمحبة وشفقته ومودة ورأفة ورحمة غیر
المغضوب علیهم ولا الضالین ضل فلاں الخ فی محبة فلاں
طاعة الله تعالیٰ والفاتحه الکتاب الشریفه الخ آمین ونزعنا
ما فی صدورهم من غل سے متقابلین تک لو انفقت ما فی
الارض جمیعاً الخ

لکھ کر سوئی میں دھاگہ ڈال کر ایسی جگہ میں لٹکائے تاکہ ہوا سے خوب ہلتا رہے تاکہ
مطلب جلد حاصل ہو یہی دعا جملہ حاجات کے لیے بھی مفید ہے۔ سورہ فاتحہ کو سو مرتبہ
اور اس دعا کو سات مرتبہ پڑھا جائے تاکہ دلی مراد حاصل ہو۔

⁂ ⁂ ⁂

سورۂ بقرہ اور آلِ عمران کے فضائل وخواص

حضرت جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ جو شخص سورۂ بقرہ اور آلِ عمران
کو کثرت سے پڑھے۔ قیامت کے دن دونوں سورتیں اس پر بادل کی طرح سایہ
کریں گی۔ حضرت علی ابن حسین سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
جو شخص سورۂ بقرہ کی پہلی چار آیات اور آیۃ الکرسی خالدون تک اور آخری تین آیات کثرت
سے پڑھے۔ شر شیطان سمیت ہر فتنے اور آفت سے محفوظ رہے۔ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم
یہ آیات تیری امت کے لیے عرش معلی کے خزانوں میں سے عظیم خزانہ ہیں۔ آیۃ الکرسی
کے فضائل اور خواص احاطہ تحریر سے باہر ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
آیۃ الکرسی کے نزول کے وقت ستر ہزار ملائکہ نازل ہوئے ابوذر غفاری رضی اللہ
عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا۔ قرآن پاک میں عظیم ترین
آیت کون سی ہے۔ فرمایا آیۃ الکرسی۔ جو شخص ہر نماز کے بعد اسے پڑھے تو کوئی چیز
اسے جنت سے نہیں روک سکتی۔ جو شخص رات کو سوتے وقت آیۃ الکرسی کو اس کے
حروف کے موافق ایک سو ستر بار یا کلمات کے موافق پچاس بار یا فصول کے مطابق
سات یا سترہ بار پڑھے تو اس رات اللہ تعالیٰ کی امان میں رہے گا۔ شرِ سلطان
شرِ شیطان سے۔

فائدہ :- جو شخص رات کو درمیانی آواز سے ۲۱۳ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے
اپنی عمر کی تعداد کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم مبارک کا وسیلہ
پیش کر کے دعا کرے تو حاجت پوری ہو گی۔

بلغم کا علاج :۔

نمک کے سات ٹکڑے لے کر ہر ایک پر سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر نہار منہ کھائے تو بلغم کی شدت ختم ہو جائے گی۔ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ بنی کعب میں سے ایک شخص نے کہا کہ میں بصرہ گیا میں نے ایک مکان کو دیکھا جس پر مکڑیوں کے جالے تھے۔ کہا اس مکان کو آباد کوئی نہیں کرتا انھوں نے کہا جو اس مکان میں رات گزارتا ہے وہ صبح کو مردہ حالت میں پایا جاتا ہے۔ تو میں نے کہا کہ میں اس مکان کے مالک سے خرید کرنا چاہتا ہوں۔ انھوں نے کہا اس مکان میں عفریت ہے جو اس میں رات گزارنے والے کو ہلاک کر دیتا ہے تو میں نے اس مکان کو خرید کیا رات کو جب میں سویا تو ایک شخص سیاہ رنگ کا میرے سامنے آیا تو میں نے آیت الکرسی پڑھنی شروع کی تو وہ بھی میرے ساتھ پڑھتا گیا حتیٰ کہ وہ ولا یؤدہٗ حفظھما تک پہنچا لیکن وہ یہ جملہ ادا نہ کر سکا اور میں اس کو بار بار پڑھتا رہا تو وہ گم ہو گیا تو میں نے اس کلمہ کو پڑھ کر مکان کے چاروں کونوں میں دم کیا اور سو گیا صبح جب اٹھا تو مکان میں کوئی چیز جلی ہوئی دیکھی کہنے والے نے کہا کہ رات وہ بڑا عفریت جل گیا تو میں نے کہا کس چیز نے جلا دیا تو اس نے کہا ولا یؤدہ والی آیت نے۔

فائدہ :۔ بعض دفعہ آدمی سوئے ہوئے ڈر جاتا ہے تو شیخ طریقت نے کہا ہے کہ جو شخص سونے سے پہلے تعوذ تین مرتبہ اور آیۃ الکرسی بھی تین مرتبہ پڑھے اور آخری آیت ولا یؤدہٗ کو تین تین مرتبہ تکرار کر کے پڑھے تو ساری رات سکون سے سوئے گا۔

مرگی کا علاج :۔

مریض کے سر پر گیارہ مرتبہ چند روز پڑھ کر دم کرنے سے یہ عارضہ ختم ہو جائے گا۔

آسیب زدہ کا علاج :۔

اگر جن انسان کے بدن کو جلاتا ہو تو اس کے دائیں کان میں سورۃ شفاء اور معوذتین اور آیۃ الکرسی اور سورۃ صافات مکمل اور سورۃ حشر کی آخری آیات اور سورۃ طارق پڑھ کر دم کرنے سے آسیب جل جائے گا۔

حجاب اعظم :۔

تمام فتنوں اور شرور سے محفوظ رہنے کے لیے آیات حفظ کریں اور وہ یہ ہیں۔

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ۝ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ۝ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ۝ وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ۝ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ۝ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ۝ وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ۝ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝ وَحِفْظًا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ۝ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ۝ اَللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ وَمَا اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ۝ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

اور سورۂ اخلاص اور معوذتین بھی تحریر کرے یہ حجاب عظیم ہے۔

خفقان کے لیے :۔

اگر خفقان کی مرض کا علاج مقصود ہو تو آیت الکرسی کو پاک برتن میں تین بار لکھ کر دھو کر پلائیں ان شاء اللہ اس آیت الکرسی کی برکت سے مریض شفا پائے گا۔

حفظِ آفات کے لیے :۔

جو شخص یکم محرم کو مع تسمیہ آیت الکرسی تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے پھر اللھم
یا محول الاحوال حول حالی الی احسن الاحوال بحولک وقوتک یا عزیز المتعال
وصلی اللہ علی سیدنا محمد وآلہ واصحابہ وسلم تمام سال آفات بلیات سے
محفوظ رہے۔

ہر دلعزیز بننے کا عمل :۔

جو شخص خلائق میں عزیز ہونا چاہیے دسویں محرم کی رات دو رکعت نماز پڑھے
اور دو رکعت میں آیۃ الکرسی مع تسمیہ تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے۔ سلام کے بعد یہ دعا
چوراسی بار پڑھے :۔

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ

پھر یہ دعا بارہ مرتبہ پڑھے۔

اللھم ھذہ اللیلۃ جدیدۃ وشھر جدید وسنۃ جدید فاعطنی
اللھم خیرھا وخیر ما فیھا واصرف عنی شرھا وشر ما فیھا
وشر فتنتھا وحدثاتھا وشر النفس والھوٰی والشیطان الرجیم

انشاء اللہ عزیز جہاں ہوگا وہ تمام مصائب سے محفوظ رہے گا۔

آشوب چشم کے لیے :۔

آشوب چشم کے لیے آیت الکرسی اس دعا کے ساتھ تین مرتبہ لکھیں اور گلے
میں ڈالیں شفا نصیب ہوگی، دعا یہ ہے :۔ اللہ نور السموات والارض سے علیم
تک پھر سورہ اخلاص لکھے۔ پھر یہ دعا اللھم انا فی عین رمد رحمہ ارنی یا ص
حسبی اللہ الصمد یا غیاثی فی الشدائد اللہ باعتزازک عن ولی لم یلد ولم
یولد ولم یکن لہ کفوًا احد اقسمت علیک ایھا الرمد المرمود المتمسک

بعروق الراس والجلود اقسمت علیک بیوسف بن یعقوب علیھما السلام
وقمیصہ المقدود وبحق توراۃ موسیٰ علیہ السلام وانجیل وعیسیٰ علیہ السلام
وزبور داؤد علیہ السلام وبحق القرآن العظیم وبمحمد صلی اللہ علیہ وسلم
سراج الوجود ورسول الرب المعبود اذھب ایھا الرمد عن حامل کتابی
ھذا بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ وبالف لا حول ولا قوۃ الا باللہ
العلی العظیم۔

حفاظت مکان کے لیے عمل :۔

اگر کسی مکان میں شیاطین وجنات کا غلبہ ہو۔ مکان ویران ہوگیا ہو تو زمین پر
بیٹھ کر اپنے گرد حصار کھینچے اور آیت الکرسی سات بار پڑھ کر وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا
وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ وَحِفْظًا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ
الْعَلِيْمِ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ
لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ
وَمَا اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۔ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ
فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۔ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ
رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ پھر یا حفیظ تین بار پڑھے یا حافظنا احفظنا اللھم
احرسنا بعینک التی لا تنام واکنفنا بکنفک الذی لا یرام یا اللہ تین بار
یا رب العلمین پڑھ کر خاموش بیٹھ جائیں۔ قبیلہ مفرور ربیعہ کی طرح تمام جنات
شیاطین جمع ہوں گے مگر تمھیں نقصان نہ پہنچا سکے گے تمھاری حفاظت رہے گی
مجرب ہے۔

دفع شر دشمن اور بادشاہ :۔

ظالم حاکم یا دشمن کے ہاں جانا ہو تو آیت الکرسی پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔

یاحی یا قیوم یا بدیع السمٰوات والارض یاذوالجلال والاکرام
اسئلك بحق هذه الاٰیة الکریمته وما فیها من الاسماء العظیمة
ان تلجم فاه عنی و تخرس لسانه حتی لاینطق الا بخیر الیصمت
خیرك یا هذا بین یدیك وشراك تحت خدمیك تو حاکم مہربان ہوگا۔

دفع مضرت اعداء کے لیے:۔

اگر کسی دشمن سے جان کا خوف ہو تو مغرب کی نماز کے بعد دو رکعت نماز پڑھے
فاتحہ کے بعد آیت الکرسی پڑھے پھر سجدہ میں بھی تسبیح کے بعد آیت الکرسی پڑھے
ولا یؤدہٗ حفظہما الخ کو تین بار تکرار کرے قرادت کے دوران یہ کلمات بھی کہے
اللھم حل بین وبینی فلاں بن فلانہ کما حلت بین السماء والارض والجم
فاہ عنی کما الجمت السباع عن دانیال علیه السلام بحق هذه الاسماء الشریفه
تو اللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ رکھے گا۔

زبان بندی اور تسخیر دشمن کے لیے:۔

اگر کسی دشمن سے خوف دشمنوں کا غلبہ ہو تو آیت الکرسی گیارہ مرتبہ پڑھے اور
یہ دعا پڑھے:۔

اللھم احرسنی بعینك التی لاتنام واکفنی بکنفك الذی لایرام
واغفرلی بقدرتك علی حتی لااهلاك وانت رجائی امسینا فی
خزائن الله مسلمات بذکر الله بابها ولا اله الا الله سورها
محمد رسول الله سماءها لاحول ولاقوة الا بالله باسم الله نور
وبالله السرور و آیت الکرسی علینا ترود کما دار السور علی محمد
الرسول الله لیس لها قفل ولا مفتاح من العشاء الی الصباح باذن
الملك الفتاح فالق الاصباح بالف لاحول ولاقوة الا بالله العلی

العظیم انت الذی ذلت لعزة السملك الرقاب فتزلزلت من
الهیبتك الجبال الشوامخ لك السلطان السامخ والملك البازخ
والملك والملکوت والعزة والجبروت تردیت بالنعماء وانقادت
لعزة عظمتك جمیع المخلوقات ووجلت منك الملٰئکة المقربون
والروحانیون والکروبیون، رب الاولین والاٰخرین الٰهی اسئلك
ان تحفظنی وتحرسنی وترعانی وتنظر الی نظر رحمتك انت
ارحم الراحمین خفیت عن اعدائی بالله وتوکلت علی الله
ودخلت فی کنفسك الله تردیت برداء الله من ورائهم محیط
بل هو قران مجید فی لوح محفوظ۔

ہلاکت دشمن کے لیے:۔

اگر دشمن کی ہلاکت اور خانہ ویرانی مقصود ہو تو اس کے نام کے عدد نکال کر موافق
اعداد کے آیۃ الکرسی پڑھے اور ان الفاظ کا اضافہ کرے یا قاھر یا ذالبطش
الشدید اس کے بعد یہ دعا پڑھے:۔

اللھم کما لطفت بما فوق عرشك وکانت وساوس الصدور
کالاعلانیة عندك وعلانیة القول کالسر فی علمك والقاد کل شیئ
لعظمتك وخضع کل ذی سلطان لسلطانك وصار امر الدنیا
والاٰخرة بیدك اللھم اجعل لی من کل هم اصبحت وامسیت
فیه فرجا ومخرجا اللھم ان عفوك عن ذنوبی وتجاوزك عن
خطیئتی مما قصرت فیها ادعوك اضا واسئلك مستانك نسٔ
وانت المحسن الی ربی وانا المسیئ الی نفسی فیما بینی وبینك
تتودد الی الله النعمہ ونبغض الیك بالمعاصی ولکن الثقة

بلك حملتني على الجراة عليك نخر على فضلك واحسانك وتب
عليّ انت على كل شيئ قدير وانت التواب الرحيم

برائے ہلاکت دشمن :۔

ظالم دشمن کی ہلاکت مقصود ہو جبکہ شرعاً بھی اس کی ہلاکت جائز ہو تو جمعہ کی رات بوقت سحر دو رکعت نماز ادا کرے بہ نیت تدمیر دشمن ہر رکعت میں آیۃ الکرسی نو مرتبہ سلام کے بعد بھی آیۃ الکرسی پڑھ کر یہ دعا پڑھے

الٰهي انت الشديد البطش الاليم الاخذ ذو القهر المتعالي من
الاضداد والانداد والمنزه عن الصاحبة والاولاد واسئلك
لقهرك الاعداء وقمع الجبابرين تمكر بمن تشاء وانت خير
الماكرين اللهم اني اسئلك باسمك الذي خضعت له النور
حي وقذفت به الرعب في قلوب الاعداء واشقيت به اهل
الشقاء اسئلك عن تمدني برقيقة من رقائق هذه الاسم
تسري في اعضاء الكلية والجزية حتى تمكن من فعل ما اريد
فلا يصل الى ظالم بسوء ولا سيطرة على متكبر بجور جبار واجعل
غضبي لك اوفيك مقرونا غضبك واطمس على الجبابر اعدائي
واشدد على قلوبهم واضرب بيني وبينهم حجاب مستورا
باطنه فيه الرحمة وظاهره من قبله العذاب انك شديد البطش
الاليم عقاب وكذلك اخذ ربك اذا اخذ القرىٰ وهي ظالمة
ان اخذه اليم شديد وبناسبه من الى القرآن العظيم فاخذهم
الله بذنوبهم وما كان لهم من الله من واق ان بطش ربك
لشديد فاخذهم اخذة الرابية فقطع دابر القوم الذين ظلموا

والحمد لله رب العالمين اللهم اني اسئلك ببركت هٰذه
الآية وسر ما دعوتك به تقهر اعدائي ومن يردني بسوء وهو
القاهر فوق عباده اللهم اقهر فلاں بن فلانة اللهم اجعلك نحرہ
فاكفني شره واصرف عني عنده ومكره يا رب العٰلمين ۔

علامہ شیخ احمد دیربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ہلاکت دشمن کے لیے یہ عمل ہفتہ کے دن پہلی ساعت میں کرنا چاہیے کبھی خطا نہیں جاتا۔

دشمن کی ایذا رسانی کے لیے :۔

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے، آیۃ الکرسی سو مرتبہ پڑھے اور یہ پانچ اسماء اس میں شامل کرے یا اللہ یا حی یا قیوم یا علی یا عظیم ۱۲۷۰ مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد یہ الفاظ کہے

اسئلك بنور عرشك وبروح محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان ترسل
خادم هذه آية الشريفه لفلان ابن فلانة في صفتي وحيلتي
لتهب من سمن وخراب منار

جمعہ کی رات سے یہ عمل شروع کرے سات جمعے کرے ان شاء اللہ مقصود حاصل ہوگا۔

انجام کار سے خوف زدہ کے لیے :۔

عشاء کے بعد دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں آیۃ الکرسی پر سلام کے بعد آیۃ الکرسی ۲۱ مرتبہ پڑھے۔ سورۃ قدر ایک مرتبہ سورۃ اخلاص تین مرتبہ پڑھے اور معوذتین تین مرتبہ پڑھ کر یہ دعا پڑھے :۔

اللهم اني تقالت بكلامك القديم فارني ما هو المكنون و
المخبا في ليلتي هٰذه ما سألت عنه وما لم اسأل وبين لي الخروج
من هذا الامر الذي اخافه واحذره اللهم ان كان خيرا

فار لی بیاضا اوخضرۃ وان کان شدا فأرنی سواد اوحمرۃ
وارسل خادمًا من خدام ھذہ الآیۃ الشریفہ

پھر حضور علیہ السلام پر درود پڑھ کر سو جائے۔ خواب میں آیت کے مؤکلوں میں ایک مؤکل حاضر ہو کر انجام کار کے اچھے ہونے یا برا ہونے کی خبر دے گا۔

فصل سورۃ نسآء کے فضائل

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں جو شخص سورۃ نساء کو ہر جمعہ کے دن پڑھے قبر کے عذاب سے محفوظ رہے گا اور مروی ہے کہ العزّۃ للہ جمیعا کا نقش حضرت علی کی انگوٹھی میں تھا۔

سورہ مائدہ کے فضائل

حضرت محمد باقر رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے جو شخص سورۃ مائدہ ہر جمعرات کو پڑھے اس کا ایمان شرک سے آلودہ نہ ہوگا اور حضرت جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے کہ جو شخص سورہ مائدہ کو لکھ کر سامان میں رکھے چوروں اور ڈاکوؤں سے محفوظ رہے گا۔

سورۃ انعام کے فضائل

حضرت جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے سورۃ انعام جب نازل ہوئی تو ستّر ہزار فرشتے اس کے ساتھ نازل ہوئے نہایت عظمت والی سورۃ ہے اس میں ستر مقام پر اسم اعظم واقع ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جو شخص سورۃ انعام کو روزانہ رات کے وقت تلاوت کرے قیامت کے

احوال سے بے خوف رہے۔ حضرت محمد باقر رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں جو شخص لاعلاج مرض میں مبتلا ہو، اس کی تلاوت کرے شفا پائے گا۔ حضرت جعفر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جو شخص رمضان کی پہلی رات دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورۃ انعام کی تلاوت کرے تو دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔ نیز فرماتے ہیں جو آدمی کسی مشکل کے حل میں پریشان ہو دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورہ انعام کی تلاوت کرے اس کے بعد یہ دعا پڑھے

یاکریم یاکریم یاکریم یاعظیم یاعظیم یاعظیم یا اعظم من کل العظیم یا سمیع الدعا دیا من لا یغیرہ اللیالی والایام وصل علی محمد وعلی اٰلہ محمد وصحابہ وارحم ضعفی وفقری فاقتی ومسکنۃ فانک اعظم بہا منی واعلم بہا جیستی یا من رحم شیخ یعقوب حین رد علیہ یوسف قرۃ اعینہٖ یا من رحم ایوب بعد طول بلائہ یا من رحم محمد صلی اللہ علیہ وسلم واٰلہ واصحابہ اوی ونصرہ علی جبابرۃ قریش وطواغیتھا وامسکن فھم یامغیث یامغیث یامغیث

اس نماز کو چند ایام پڑھے اس کی حاجت روا ہوگی۔ شیخ احمد دیربی اپنی مجربات میں لکھتے ہیں سورۃ انعام نہایت جلیل القدر سورۃ ہے جس کی فضیلت ظاہر ہے جس کی برکت مشہور ہے۔ دشمن کی ہلاکت اور دشمنوں پر فتح میں نہایت مفید ہے۔ جو شخص دشمن پر فتح چاہے کثرت سے اس سورۃ کی تلاوت کرے اور یہ دعا پڑھے :۔

اللّٰھم من الذی دعاک فلم تجبہ ومن الذی سئلک فلم تعطہ ومن الذی استحصا دبک فلم تجرہ ومن الذی استعان بک فلم تعنہ ومن الذی استغاث بک فلم تغثہ

ومن الذی توکل علیک فلم تکفه واغوثاه تین بار اغثنا یا مغیث افعل بنا ما انت لولا تفعل بنا ما نحن اهله فانک اهل التقوٰی واهل المغفرة یا سریع الحساب یا شدید العقاب یا غفور یا رحیم یا فالق الحب والنوای یا مفتح یا مغیث الاثرات یا ولی الحسنات یا قاضی الحاجات اقضی حوائجنها واشفع مرضانا وارحم موتنا واستجب دعاءنا وتب علیٰ احیانا اللهم اغفرلنا ولربنا وامهاتنا ولجمد المسلمین والمسلمات والمؤمنین والمؤمنات برحمتک یا ارحم الراحمین

اور سلام کے بعد یہ دعاء ہے :-

بسم الله الرحمن الرحیم الحمد لله رب العالمین وصل الله علیٰ سیدنا محمد وعلیٰ آله واصحابه وسلم اجمعین اللهم یا سریع الحساب یا شدید العقاب یا غفور یا رحیم یا فالق الاصباح یا مفتح الابواب یا مسبب الاسباب یا غافر الخطایا یا ساتر العورات یا ما نح البلیات یا مقیل الاثرات یا محی الاموات یا اقضی حاجتی ولی کذا وکذا یا اله الاولین والاخرین وصلی الله علیٰ سیدنا محمد وآله واصحابه اجمعین -

دشمن کی خانہ بربادی کے لیے :-

دشمن میں تفرقہ ڈالنے اور خانہ خرابی کے لیے جو شخص دشمن قوم میں تفرقہ ڈالنا چاہے اس آیت کو اونٹ کی ہڈی پر لکھے اور باریک کر کے دشمن کے گھر میں ڈالے اس کا خانہ خراب ہو گا تفرقہ پڑ جائے گا آیت یہ ہے :- فلما نسوا ما ذکروا الخ اور آیت فتحنا علیهم ابواب کل شیئٍ سے علی العالمین تک پڑھے -

فصل سورۃ اعراف کے فضائل

حضرت جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص ہر ماہ سورۃ اعراف پڑھے قیامت کے دن اولیاء کرام کی جماعت میں شمار ہو گا - جو شخص غرق ہونے سے حفاظت چاہے وہ یہ آیت ان ولی اللہ الذی نزل الکتاب، وھو یتولی الصالحین وما قدر اللہ حق قدرہ سے عما یشرکون تک پڑھے تو حرق اور غرق سے محفوظ رہے گا -

ایک شخص نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا میری سواری کا جانور سرکشی کرتا ہے میں اس سے پریشان ہوں - آپ نے یہ آیت پڑھنے کے لیے بتائی - آپ نے فرمایا پڑھ کر جانور کے کان میں پھونکیے : آیت یہ ہے وله اسلم من فی السمٰوات والارض طوعًا وکرهًا والیه ترجعون تو اس کا جانور صحیح اور مطیع ہو گا - ایک شخص نے عرض کیا امیر المومنین جس جگہ میں درندوں کا قبضہ ہے وہ کافی نقصان کرتے ہیں تو آپ نے فرمایا کہ یہ آیات پڑھ کر سویا کرو آیات یہ ہیں لقد جاءکم رسول من انفسکم سے عرش العظیم تک - اس شخص نے ایک مرتبہ یہ آیات پڑھیں تو اس گھر میں دوبارہ درندے داخل نہیں ہوئے -

فائدہ :- ایک شخص نے عرض کیا اے امیر المومنین میرے پیٹ میں گیس کی وجہ سے درد ہوتی ہے تو آپ نے فرمایا لکھ کر پانی سے دھو کر پیا کر اس سے شفا ہو گی اس نے ایسا ہی کیا تو ٹھیک ہو گیا -

گمشدہ اور مفرور کی واپسی کا مجرب عمل :-

ایک شخص نے عرض کیا امیر المؤمنین گم شدہ چیز کی واپسی کے لیے کچھ ارشاد فرمائیں تو آپ نے فرمایا کہ دو رکعت نماز پڑھ اور ہر رکعت میں سورۃ یٰس پڑھ کر سلام کے بعد یہ الفاظ کہے :- یا هادی الضالت رد علی ضالتی تو اس شخص کو گمشدہ

چیز مل گئی۔

دیگر عمل:۔ ایک شخص نے عرض کیا امیرالمومنین! میرا غلام بھاگ گیا ہے فرمایا یہ آیات پڑھا کر۔ آیات یہ ہیں:۔ (اوکظلمت فی بحر لجی یغشاہ سے لے کر فماله من نور تک۔ اس شخص نے ان آیات کو پڑھا تو اس کا بھاگا ہوا غلام واپس آگیا۔

چور سے حفاظت کا عمل:۔

ایک شخص نے عرض کیا امیرالمومنین چور ہمیشہ میرا مال لے جاتا ہے۔ اس کی حفاظت کے لیے کچھ ارشاد فرمائیں قل ادعوا اللہ او ادعوا الرحمٰن سے آخر سورۃ تک پڑھ کر سویا کر۔

ہر موذی سے حفاظت کے لیے عمل:۔

ایک شخص نے عرض کیا امیرالمومنین ایک شخص جنگل میں رات گزارتا تھا اس کی حفاظت کے لیے کچھ ارشاد فرمائیں فرمایا کہ آیت سخرہ تلاوت کیا کریں ان ربکم اللہ الذی سے للہ رب العالمین تک تو فرشتے اس شخص کی حفاظت فرمائیں گے درندوں سے۔ تو اس مضمون کو ایک شخص نے سنا تو جنگل میں اس شخص نے رات بسر کی لیکن آیت پڑھنا بھول گیا جب سویا تو دو شیطان اس کے پاس آئے ایک نے اس کا منہ دبا لیا۔ دوسرے نے کہا کہ ابھی اسے چھوڑ دے تو اس شخص نے فوراً آیت سخرہ پڑھی تو منہ پکڑنے والے شیطان نے اپنے ساتھی سے کہا خدا تجھے ذلیل کرے اب تو صبح تک اس کی حفاظت کر تو اس شخص نے صبح آکر کہا کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اپنا واردات کا واقعہ بیان کر۔

سورۃ انفال اور سورہ توبہ کے فضائل

حضرت جعفر صادقؑ سے مروی ہے جو شخص سورۃ انفال اور سورہ توبہ کو ہر ماہ تلاوت کرے اللہ تعالیٰ ایسے نفاق سے محفوظ رکھے گا۔ صحیح ایمان دار اور کامل مسلمان ہوگا۔

سورۂ یونس کے فضائل

حضرت جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ جو شخص سورۂ یونس کو ہر تین ماہ بعد تلاوت کرے گا جاہلوں کی جماعت سے اللہ تعالیٰ اسے دور رکھے گا اور مقربین میں اس کا شمار ہوگا۔

سورہ ہود کے فضائل وفوائد

محمد باقرؑ سے مروی ہے جو شخص ہر جمعہ کے دن سورہ ہود کی تلاوت کرے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کا حشر انبیاءؑ کے ساتھ فرمائے گا اور اس کے گناہوں سے درگزر فرمائے گا حضرت علی سے مروی ہے جو شخص ان آیات کو پڑھ کر کشتی یا بحری جہاز پر سوار ہوگا غرق ہونے سے محفوظ رہے گا آیات یہ ہیں:۔

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ۔ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۔

میدان جہاد میں فتح کے لیے :۔

علماء نے تحریر کیا ہے کہ جو شخص سورہ ہود کو اس طرح لکھے کہ کوئی حرف اس کا نہ مٹے اور اپنے پاس رکھ کر میدانِ جہاد میں جائے تو لڑائی کے زخموں سے محفوظ رہے اور فاتح بن کر لوٹے اور محبوبِ خلائق ہو۔

سورہ یوسف کے فوائد و فضائل

حضرت جعفر صادق سے مروی ہے جو شخص رات اور دن میں روزانہ سورۃ یوسف کی تلاوت کرے گا قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اسے اس حال میں میدانِ محشر میں لائے گا کہ اس کا حسن وجمال یوسف علیہ السلام کے حسن وجمال کی طرح ہوگا۔ اور ہول قیامت سے بے خوف ہوگا۔

اولاد کے لیے بہترین عمل :۔

اگر کسی عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو تو سورۃ یوسف کو سفید کاغذ پر تحریر کرا کر اپنے گلے میں بطور تعویذ باندھے تو اللہ تعالیٰ اسے اولادِ صالح عطا فرمائے گا جو کہ نیک بخت اور صالح ہوگی۔

قید سے رہائی کے لیے مجرب عمل :۔

جو شخص قید میں ہو اور ضمانت نہ ہوتی ہو یا خطرناک مقدمے میں پھنس گیا ہو تو یہ آیات لکھ کر بازو پر باندھے اور اس آیت کو کثرت سے تلاوت کرے بفضل تعالیٰ جلد رہائی نصیب ہو آیات یہ ہیں :۔

فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰی یُوْسُفَ اٰوٰٓی اِلَیْهِ اَبَوَیْهِ سے اَلْحَکِیْمُ تک ان من طال الیہ سبحنہ وھو مظلوم ولہ عدو

فصل فضائل و خواص سورۃ رعد

جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص سورۃ رعد کی کثرت سے تلاوت کرے گا اللہ تعالیٰ اسے ہر آفت سے محفوظ رکھے گا اور حشر میں حساب وکتاب آسان فرمائے گا اور اس کی شفاعت اہلِ ایمان کے متعلق قبول فرمائے گا

ہلاکتِ ظالم کے لیے :۔

اگر ہلاکت ظالم فاسق منظور ہو تو سات یوم روزے رکھے۔ اتوار سے روزے شروع کرے پھر اتوار کو ایک روٹی لے کر اس کے پانچ حصے کرے اور ان ٹکڑوں پر ان حروف میں سے ایک ایک حرف لکھے حروف یہ ہیں :۔ ا۔ ج۔ ھ۔ ز۔ ط جس پر الف لکھے اس پہ ہزار الف اور لکھے اور پھر سورہ رعد ایک مرتبہ پڑھ کر یہ لکھے یا حرف الف تاخذ فلاں بن فلانہ تمام حروف پر اس طرح لکھے پھر صبح کو پیر کے دن روزہ رکھے اور منگل کے دن دوسرا حصہ لے کر حرف جیم لکھے اور سورہ رعد تین مرتبہ پڑھے۔ جمعرات کے دن تیسرا حصہ لے کر حرف ھ لکھے اور پڑھے۔ سورہ رعد اس پر پانچ مرتبہ پڑھے۔ پھر ہفتہ کے دن چوتھا حصہ لے اس پر بھی حرف ز لکھے۔ اس پر سورہ رعد سات بار پڑھے۔ پیر کے دن روزہ رکھے اور حرف طاء لکھے اور سورۃ رعد نو مرتبہ پڑھے لیکن یہ ٹکڑے کالے کتے کو کھلائیں انشاء اللہ ظالم کے جسم پر آبلے پڑیں گے اور ہلاک ہوگا۔

وسعتِ تجارت کے لیے :۔

سورہ رعد ابتداء سے تفکرون تک لکھ کر اپنے گھر کے چاروں کونوں میں دفن کرے اور دکان کے بھی چاروں کونوں میں بھی دفن کرے انشاء اللہ اس کی تجارت میں برکت ہوگی اور ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

تدمیرِ ظالم کے لیے :۔

اگر دشمن کی بربادی اور ویرانی اور ہلاکت مقصود ہو تو اٹھائیسویں تاریخ کی رات کو نصف رات کو اٹھے جب کہ خوب تاریکی ہو اگر دن ہفتہ کا ہو تو خوب تر ہے۔ پھر خالی مکان میں بیٹھ کر ان آیات کو سات مرتبہ تلاوت کرے اور ہر مرتبہ یہ دعا ساتھ آیات تو انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی نسل قطع ہو گی۔ خانہ ویرانی ہو گی۔ انجام کار ہلاک ہو گا، آیات یہ ہیں :۔

وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ سے بِئْسَ الْمِهَادُ تک اور وَ الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ سے سُوْٓءُ الدَّارِ تک اور ساتھ یہ دعا پڑھے :۔

اللھم اعکس امرہ وخذ نظرہ ولا تثبت قدمہ واحلل بہ ما احللت بکل جبار عنید انشاء اللہ ظالم دشمن اپنے کیفر کردار کو پہنچے گا۔

سورۃ ابراہیم اور سورۃ الحجر کے فضائل و خواص

حضرت جعفر صادق رحؒ سے مروی ہے کہ جو شخص سورۃ ابراہیم اور حجر کو جُمعہ کے دن دو رکعت میں تلاوت کرے تو فقر و فاقہ اور جنون و دیوانگی اور دیگر بلیّات کُبرای سے محفوظ رہے گا۔

تنگی معاش کا علاج :۔

جو شخص تنگ دستی اور فاقے میں مبتلاء ہو سورہ حجر لکھ کر اپنے پاس رکھے تو وسعتِ رزق نصیب ہو گا۔ تجارت میں نفع ہو۔

❁ ❁ ❁

سورہ نحل کے فضائل اور فوائد

جعفر صادق رحؒ سے مروی ہے کہ جو شخص ہر ماہ سورہ نحل کی تلاوت کرے دنیا میں کسی کا مقروض نہ ہو گا دینی اور دنیاوی آفات سے محفوظ رہے گا۔

فصل سورہ بنی اسرائیل کے فضائل و خواص

حضرت جعفر صادق رحؒ سے مروی ہے کہ جو شخص ہر جمعرات کو سورۃ بنی اسرائیل تلاوت کرے جملہ آفات سماوی اور ارضی سے محفوظ رہے گا۔ عومیر بن حنظلہ نے جعفر صادق سے دردِ سر کی شکایت کی۔ آپ نے فرمایا کہ اپنے سر پر ہاتھ رکھ کر یہ دونوں آیات تلاوت کریں۔ قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗۤ اٰلِهَةٌ سے حَلِيْمًا غَفُوْرًا ۝ تک پڑھیں۔

سورہ کہف کے فضائل و خواص

جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص ہر جمعہ کی شب پڑھے قیامت میں اس کا حشر شہداء کے ساتھ ہو گا۔ آنحضرت علیہ السلام سے مروی ہے جو شخص سورہ کہف کو ہر جمعہ کی شب تلاوت کرے۔ اس کے تمام گناہوں کا کفارہ ہو گی۔ ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک جو شخص قُلْ اِنَّمَاۤ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ الخ ہمیشہ پڑھے گا ہر رات کے بدلے اللہ تعالیٰ فرشتے پیدا فرماتا ہے جو ساری رات پڑھنے والے کیلیے استغفار کرتے ہیں۔

سورہ مریم کے فضائل

حضرت جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ جو شخص سورۃ مریم کو

مداومت سے پڑھے گا ہمیشہ بامراد ہوگا اس کی ہر مراد پوری ہوگی خواہ دینی ہو یا دنیاوی۔ اگر اولاد کی نیت سے پڑھے گا تو آخرت میں مثل سلیمان علیہ السلام کے عطاء ہوگا۔

فضائل سورہ طٰہٰ

حضرت جعفر صادق سے مروی ہے جو شخص ہمیشہ سورہ طٰہٰ پر مداومت کرے اللہ تعالیٰ اسے اپنا دوست رکھے گا اور قیامت کے دن نامہ اعمال اسے دائیں ہاتھ میں عطا کرے گا اور اس سے درگزر فرمائے گا اور اسے اپنی رضا کا سرٹیفکیٹ عطا فرمائے گا۔

سورہ انبیاء کے فضائل

حضرت جعفر صادقؒ سے مروی ہے کہ جو شخص سورہ انبیاء کو پوری توجہ اور رغبت سے پڑھے تو اس کا حشر انبیاء کے ساتھ ہوگا اور جنت میں داخل ہوگا۔ مخلوقات میں بارعب ہوگا۔

فضائل سورہ حج

حضرت جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص روزانہ سورۂ حج کو تین بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے حج بیت اللہ کی توفیق عطا فرمائے گا اور اگر دنیا سے رخصت ہو گیا تو جنت الفردوس میں جگہ پائے گا۔

سورۂ مومنون کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص ہر جمعہ کے دن سورہ مومنون کی تلاوت کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کا خاتمہ ایمان پر فرمائے گا۔ جنت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قرب میں جگہ پائے گا۔

سورۃ نور کے فضائل

حضرت جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص اس سورۃ کو تلاوت کرے مال اور شرمگاہ کی حفاظت سے رہے گا اور اس سے زنا سرزد نہیں ہوگا اور مال بھی حفاظت سے رہے گا۔ اگر فوت ہو گیا تو ستر ہزار فرشتے قبر تک اس کے ساتھ جائیں گے اور دعاء مغفرت کریں گے۔ ایک شخص نے حضرت موسیٰ رضا رحمۃ اللہ علیہ سے آنکھوں کے درد کی شکایت کی۔ انھوں نے کہا آیت نور کو شیشہ کے برتن میں لکھ کر پانی سے دھو کر پئیں۔ اس نے ایسے کیا تو اس کی بینائی تیز ہو گئی۔

سورۂ فرقان کے فضائل

امام موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے جو شخص سورۂ فرقان کو ہمیشہ تلاوت کرے اللہ تعالیٰ اس سے حساب نہیں فرمائے گا اور جنت میں جگہ نصیب فرمائے گا۔

فصل فضائل طواسین

جعفر صادق سے مروی ہے جو شخص طواسین کو جمعرات کو پڑھے اس کا شمار اولیاء کرام میں ہوگا دنیا میں فقر و فاقہ سے محفوظ رہے گا۔

سورۂ نمل کے خواص

جو شخص نمل کو لکھ کر باغ کی دیوار میں رکھے اس کے باغ کا پھل ضائع نہیں ہوگا۔

سورۂ عنکبوت اور روم کے فضائل

حضرت جعفر صادق سے مروی ہے جو شخص عنکبوت اور سورہ روم کو ۲۳ رمضان کو تلاوت کرے اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل کرے گا۔ اس کے نامہ اعمال میں کوئی گناہ نہیں لکھا جائے گا۔

سورۂ روم کے خواص

جو شخص اس سورۃ کو لکھ کر کے شیشہ میں بند کر کے کسی گھر میں بیماری کے ارادے سے رکھے تو اس گھر کا ہر شخص بیمار پڑ جائے گا اور اگر مٹی کے برتن میں جس شخص کو دھو کر پلائے گا وہ بیمار ہوگا۔

سورہ لقمان کے فضائل

محمد باقر سے مروی ہے جو شخص ہر رات سورہ لقمان کی تلاوت کرے گا ساری رات فرشتے اس کی حفاظت کرتے ہیں۔ اگر دن کو پڑھے گا تو رات تک اس کی حفاظت کریں گے۔

سورۂ سجدہ کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے جو شخص جمعہ کی رات کو پڑھے قیامت کے دن

نامہ اعمال اس کے دائیں ہاتھ میں ہوگا اور حساب کتاب سے محفوظ رہے گا۔

سورۂ احزاب کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے جو شخص سورۃ احزاب کو کثرت سے پڑھے گا قیامت کے دن جوارِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں جگہ پائے گا۔

سورۂ فاطر اور سورہ سبا کے فضائل

جو شخص سورہ سبا اور فاطر کو رات کو پڑھے گا تو صبح تک اللہ کی پناہ میں رہے گا اگر صبح کو پڑھے گا تو شام تک اللہ کی پناہ میں رہے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے دین اور دنیا کی بھلائیوں عطا فرمائے گا۔ امام موسیٰ سے مروی ہے جو شخص سوتے وقت اس کو پڑھ کر سوئے تو ساری رات آفات سے محفوظ رہے گا۔ آیت یہ ہے:
إِنَّ اللَّهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ سے حَلِيمًا غَفُورًا تک۔ جعفر صادق سے کسی نے درد سر کی شکایت کی تو آپ نے فرمایا کہ مذکورہ آیت سر پر ہاتھ رکھ کے پڑھے تو شفا نصیب ہوگی۔

سورۂ یٰسٓ کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے ہر چیز کا ایک دل ہے قرآن کریم کا دل سورۂ یٰسٓ ہے۔ محمد باقر سے مروی ہے کہ جو شخص روزانہ ایک بار سورۃ یٰسٓ کی تلاوت کرے دو ہزار نیکیاں اس کے نامۂ اعمال میں لکھی جاتی ہیں اور دو ہزار گناہ معاف ہوتے ہیں۔ فقر و فاقہ سے محفوظ رہے گا نیز قرض سے آزاد رہے گا۔

شیخ احمد دیربی کی مجربات میں مرقوم ہے کہ یہ سورۃ نہایت جلیل القدر ہے

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی سے فرمایا کہ سورۂ یٰسٓ میں بیس برکات ہیں بھوکا پڑھے گا تو سیراب کر دیا جائے گا ننگا پڑھے تو کپڑے پہنایا جائیگا۔

جملہ حاجات کے لیے اکسیر :۔

جب کوئی مشکل پیش آئے تو پچیس مرتبہ سورۂ یٰسٓ پڑھے تو انشاء اللہ جیسی بھی حاجت ہوگی فوری پوری کرے گا۔

دشمن کے شر سے بچنے کے لیے

شاہ ولی اللہ سے مروی ہے کہ اگر کوئی شخص ظالم اور جبّار دشمن سے خائف ہو تو سورۂ یٰسٓ پڑھے آخر میں یہ الفاظ کہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم یا اسم اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحیّ القیّوم باسم اللہ الذی لا الٰہ الا ھو ذو الجلال والاکرام باسم اللہ الذی لا یضرّ مع اسمہ شیئ فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم اللھم انی اعوذ بک من شر فلاں بن فلاں۔ تو اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

حل المشکلات :۔

جب کوئی سخت مشکل پیش آجائے تو دو رکعت نماز پڑھے۔ پھر اکتالیس مرتبہ سورۂ یٰسٓ پڑھے ہر دفعہ سورۂ یٰسٓ کے بعد یہ دعا پڑھے :۔ یا من یقول للشیئ کن فیکون افعل لی کذا وکذا اسی طرح سورۂ یٰسٓ ۴۱ بار پڑھے۔ انشاء اللہ مراد پوری ہوگی

مخلوق سے مستغنی ہونے کا عمل :۔

شعبان کی پندرھویں رات تین بار سورہ یٰسٓ کی تلاوت کرے۔ اول بار طول عمر کی نیت سے پڑھے۔ ثانی بار رفع مصائب کی نیت سے پڑھے۔ تیسری بار استغنا

عن الخلق کی نیت سے پڑھے۔ انشاء اللہ مقصود حاصل ہوگا۔ ساتھ یہ دعا پڑھے۔

الٰھی بجودک دلّنی علیک واحسانک قرّبنی الیک اشکو ما لا یخفی علیک واسئلک ما لا یعسر علیک اذ علمک بحالی یکفنی عن سؤالی یا مفرّج کرب المکروبین فرّج عنّی ما انا فیہ لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظّٰلمین فاستجبنا لہ ونجّیناہ من الغمّ وکذالک ننجی المؤمنین اللھم یا ذا المنّ والایمان علیہ یا ذا الجلال والاکرام ویا ذا الطول والانعام لا الٰہ الا انت ظھر اللاجین وجار المستجیرین وما من الخائفین وکنز الطالبین اللھم ان کنت کتبتنی عندک فی ام الکتاب شقیا او محروما ومطرودا فی الرزق فامح اللھم بفضلک شقاوتی وحرمانی وتطرادی واقتار رزقی واثبتنی عندک فی ام الکتاب سعیدا مرزوقا موافقا للخیرات فانک قلت وقولک الحق فی کتابک المنزل علی لسان نبیک المرسل یمحوا اللہ ما یشاء ویثبت وعندہ ام الکتاب امنا لک اللھم بحق التجلی الاعظم فی لیلۃ نصف من شھر شعبان المکرم التی یفرق فیھا کل امر حکیم ویبرم ان تکشف عنا من البلاء ما انت بہ اعلم انک انت الاعز الاکرم وصلی اللہ علی سیدنا محمد وآلہ واصحابہ وسلم۔

دیگر عمل قضائے حاجت :۔

سورۂ یٰسٓ کو پڑھے ہر لفظ رحمٰن پر انگلیاں بند کرتا جائے اور دوسری بار پھر انگلیاں کھولتا جائے۔ پھر دو رکعت نماز پڑھے سلام کے بعد درود شریف

سومرتبہ پڑھے پھر اسی طرح سورۃ لیٰسٓ پڑھے اور انگلیاں بند کرے۔ پھر سورۃ ملک تلاوت کرے اور ہر لفظ رحمٰن پر انگلیاں کھولتا جائے اس کے بعد دعا کرے، انشاء اللہ تعالیٰ حاجت جلد پوری ہوگی۔

قید سے رہائی کے لیے:۔

جو شخص اسیر یا مدیون و مقروض ہو تو سورۃ لیٰسٓ تین مرتبہ پڑھے رہائی پائے گا۔ اگر مقروض پڑھے تو قرض سے نجات پائے گا۔ جملہ مہمات میں سورہ لیٰسٓ کا سات بار پڑھنا مفید ہے مگر سات بار یہ دعا بھی پڑھے

ایھا الجماعۃ المسخرون المطیعون لھذہ السورۃ المبارکۃ بحق انبیاء اللہ تعالیٰ واولیاءہ و بحق خالقکم اجعلونی کلمتی ساریۃ وقوله مسموعا مقبولا وکفونی مھماتی و اعینونی فی الامور کلھا الکلیۃ والجزیۃ بحق انه من سلیمان وانه بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اوحا العجل الساعۃ

دست غیب کا عمل:۔

جو شخص سورہ لیٰسٓ پڑھے چالیس بار، درمیان میں کلام نہ کرے کسی سے، پھر یہ دعا پڑھ کر سو جائے تو جب اٹھے گا اپنا خرچہ سرہانے کے نیچے پائے گا۔

دعا یہ ہے:۔

اللھم ان کان رزقی فی السماء فانزله وان کان رزقی فی الارض فاخرجه وان کان رزقی فی البحر فاطلعه وان کان رزقی بعید فقربه وان کان قریبا فیسرہ وان کان قلیلا فکثرہ وان کان کثیرا فھونه وبارک لی فیه وارزقنی من حیث لا احتسب رزقا حلالا طیبا عرقا سحا جبقاما کافیه

حتیٰ لا یکون لاحد من خلقک علی فیه منۃ واجعل فی یدی علیا بالاعطاء ولا تجعل یدی سفلی بالاستبطاء انک علی کل شیء قدیر۔

بخار کے ازالہ کے لیے:۔

اگر بخار جان نہ چھوڑتا ہو تو سورہ لیٰسٓ پڑھے ہر مبین پر دھاگے کو گرہ لگاتا جائے پھر وہ دھاگہ مریض کے گلے میں ڈالیں شفا ہوگی۔

حاجت ضروریہ کے لیے:۔

جب کوئی اہم مشکل مہم درپیش ہو تو چار مرتبہ سورہ لیٰسٓ پڑھے۔ دورانِ تلاوت کسی سے کلام نہ کرے پھر یہ دعا پڑھے:۔

سبحان المنفس عن کل مدیون سبحان المفرج علی عن کل محزون سبحان من جعل خزائنه بین الکاف والنون سبحان من اذا اراد شیئا ان یقول له کن فیکون یا مفرج فرج عنی ھمی وغمی فرجا عاجلا برحمتک یا ارحم الراحمین وصلی اللہ علی سیدنا محمد وعلیٰ اٰله واصحابه وسلم۔

دیگر عمل:۔

حاجت درپیش ہو تو سورہ لیٰسٓ ۲۵ مرتبہ پڑھے اور ہر مبین پر یہ دعا پڑھے:۔

اللھم ارزقنی رزقا طیبا بلا کد واستجب دعائی بلا رد واعوذ بک من الفضیحتین الفقر والدین ومن شماتۃ الاعداء سبحان النفس علی کل مدیون سبحان المفرج عن کل محزون سبحان المخلص لکل مسجون سبحان العالم بکل مکنون سبحان مجری الماء فی البحار والعیون سبحان من جعل

خزائنه بین الکاف والنون واذا قضٰی امرا فانما یقول له کن
فیکون فسبحان الذی بیده ملکوت کل شیئ والیه ترجعون
سبحان ربك رب العزة عما یصفون وسلام علی المرسلین
والحمد لله رب العالمین

تدمیرِ ظالم وہلاکت دشمن کے لیے :۔

اگر ہلاکت ظالم مقصود ہو تو کچی اینٹ لے کر سامنے رکھے سورہ یٰسٓ اکتالیس بار
پڑھے اور ہر بار اینٹ پر لکیر چھڑی سے لگاتا جائے پھر اینٹ کو دشمن سمجھ کر اس
کا جنازہ پڑھے اور پانی میں ڈال دے۔ دشمن کچھ دیر کے بعد ہلاک ہو جائے گا
یہ نہایت سریع الاثر عمل ہے۔

فوائد آیات :۔

سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ جملہ حاجات دینی و دنیاوی کے لیے مجرب
ہے طریقہ یہ ہے کہ چودہ سو پچاس بار پڑھے
نیز
اس آیت کو پانچ مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے تو جملہ آفات سے محفوظ رہے۔

خاصیت :۔

حاضری شاہ جنات کے لیے اور جنات سے حفاظت کے لیے یہ آیت پڑھے
اور لکھے وَنُفِخَ فِی الصُّوۡرِ فَاِذَا ھُمۡ مِّنَ الۡاَجۡدَاثِ سے مُحۡضَرُوۡنَ تک نیز ان
ان آیات کا اضافہ کرے وَلَقَدۡ عَلِمَتِ الۡجِنَّۃُ اِنَّھُمۡ لَمُحۡضَرُوۡنَ

دفع مصائب کے لیے :۔

مصیبت زدہ اور مصروع کی پیشانی پر یہ آیت لکھنے سے مصیبت دفع اور
مرگی ختم ہو جائے گی آیت یہ ہے ھٰذِہٖ جَھَنَّمُ الَّتِیۡ سے تَکۡفُرُوۡنَ تک۔

زبان بندی کے لیے عمل :۔

اَلۡیَوۡمَ نَخۡتِمُ عَلٰۤی اَفۡوَاھِھِمۡ سے وَلَا یَرۡجِعُوۡنَ تک لکھ کر اپنے پاس
رکھنے سے بدگو حاسدوں کی زبان بند رہے گی۔

مفرور کی واپسی کے لیے عمل :۔

سورۃ یٰسٓ اوّل سے مُضِیًّا وَّلَا یَرۡجِعُوۡنَ تک پڑھ کر یہ آیت پڑھے او
کظلمات فی بحر لجی الخ اس کے بعد انه علی رجعه لقادر تین مرتبہ پڑھے
تو مفرور واپس آجائے گا۔

جملہ مہمات کے لیے خاص دعوت :۔

سورۃ یٰسٓ جب شروع کرے تو لفظ یٰسٓ کو سات بار تکرار کرے فھم لا
یبصرون تک سورہ یٰسٓ پڑھ کر یہ دعا پڑھے اللھم یا من نورك فی سرہ
وسرہ فی خلقه احفظنی من اعیننا ناظرین وقلوبا الحاسدین والباغین
کما حفظت الروح فی الجسد انك علی کل شیئ قدیر پھر سولہ علیھم
سے مقمحون تک پڑھ کر یہ دعا پڑھے اللھم اکرمنی بقضاء حوائجی واکرمنی
لطاعتك یہاں اپنی حاجت بیان کرے پھر اس کے بعد سورۃ یٰسٓ پھر دما انزلنا
سے تقدیر العزیز العلیم تک چودہ مرتبہ تکرار کرے پھر یہ دعا پڑھے اللھم
انی اسئلك من فضلك الواسع السابغ وما تغنی به عن جمیع خلقك
تین مرتبہ پڑھے پھر والقمر قدرنا سے سلام قولا من رب الرحیم تک
پڑھے سولہ مرتبہ تکرار کرے پھر یہ دعا پڑھے اللھم سلمنی من آفات الدنیا
وفتنتها تکرار کرے پھر وامتازوا الیوم سے ان یخلق مثلهم تک پڑھے پھر
یہ دعا پڑھے بلی واللہ قادر علی ان یفعل لی کذا وکذا ویصرف عنی
کذا وکذا تین بار پڑھے پھر اولیس الذی خلق سے بلی تک پڑھ کر مذکورہ بالا

دعا پڑھے۔ انشاء اللہ مراد پوری ہوگی۔

سورہ والصافات کے فضائل

حضرت جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص سورۂ صافات کو ہر جمعہ کو پڑھے تمام آفات سے محفوظ رہے رزق کی وسعت نصیب ہوگی۔

حضرت علیؑ نے بچھو کے کاٹے کا علاج سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُحْسِنِیْنَ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِیْنَ تک دم کرنے سے عقرب کا زہر دور ہو۔

سورۂ صٓ کے فضائل

حضرت جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص سورۂ صٓ جمعہ کو پڑھے اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت کی بھلائی عطا کرے گا اور جنت میں داخل کرے گا۔

سورۂ زمر کے فضائل

جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ جو شخص روزانہ سورۂ زمر کی تلاوت کرے اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں عظمت و عزت عطا فرمائے گا جہنم کی آگ سے بچائے گا۔

سورہ حوامیم کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے کہ حوامیم گلستان قرآن مجید ہیں جو شخص سورہ حوامیم کی رات کو تلاوت کرے اللہ اس پر نظر رحمت فرماتے ہیں اور بہشت میں داخل ہوگا۔

سورۂ مومن کے فضائل

محمد باقر سے مروی ہے کہ جو شخص ہر رات سورۂ مومن کی تلاوت کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہ معاف فرمائے گا اس کا خاتمہ ایمان سے ہوگا۔ خلد بریں میں جگہ پائے گا اور دنیا میں خوشحال زندگی بسر کرے گا۔

سورہ حمٓعسق کے فضائل

امام جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص سورہ حمٓعسق کی تلاوت پر مداومت کرے گا حشر میں مثل سایہ بان کے اس پر سایہ کرے گا۔ جنت میں اس کے لیے خلد بریں میں سرخ یاقوت کا محل تیار کرے گا۔

سورۂ زخرف کے فضائل

محمد باقر سے مروی ہے کہ جو شخص سورۂ زخرف کی تلاوت پر مداومت کرے گا اللہ تعالیٰ عذاب قبر سے محفوظ رکھے گا۔ حشر کا حساب کتاب آسان فرمائے گا اور خلد بریں میں جگہ عطا کرے گا۔

سورۂ دخان کے فضائل

محمد باقر سے مروی ہے کہ جو شخص نماز واجب اور سنت میں اس سورہ کی تلاوت کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو قیامت کے دن زیر عرش جگہ عطا کرے گا۔ رسول اللہ نے فرمایا کہ جو شخص شب قدر میں تلاوت کرے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن گناہ معاف فرمائے گا۔

سُورہ جاثیہ کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص سورۂ جاثیہ کو کثرت سے تلاوت کریگا اللہ تعالیٰ اسے عذاب جہنم سے محفوظ رکھے گا۔

سُورۃ الاحقاف کے فضائل

جعفر صادق نے فرمایا کہ جس نے سورہ احقاف جمعہ کے دن تلاوت کی اللہ تعالیٰ اس کو قیامت کے دن بے خوف اٹھائے گا۔

سُورہ محمد کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص کثرت سے سورہ محمد کی تلاوت کرے اللہ اس کے دل کو گناہوں سے بیزار فرمائے گا اور حکام سے کسی طرح کی تکلیف نہ پہنچے گی۔ اس کے جنازے میں ستر ہزار فرشتے شامل ہوں گے۔ قیامت کے دن کے خوف سے اللہ تعالیٰ اسے محفوظ رکھے گا۔

سُورہ فتح کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص سُورۂ فتح کی تلاوت کثرت سے کرے اللہ تعالیٰ اسے اپنے مخصوص بندوں میں شمار فرمائے گا اور جنت میں داخل کرے گا اور جو شخص نماز سنت تمام سال آفات سے محفوظ رہے گا۔ جو شخص رمضان المبارک میں دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سُورۂ فتح کی تلاوت کرے تو اللہ تعالیٰ سال بھر کی آفات سماوی اور ارضی سے محفوظ رکھے گا۔

سورۃ الحجرات کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے جو شخص روزانہ سُورہ حجرات کی تلاوت کرے، اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل فرمائے گا اور دنیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی۔

سُورۂ قٓ کے فضائل

محمد باقر سے مروی ہے کہ جو شخص روزانہ نماز وتر اور سنن میں سورۂ قٓ کی مداومت رکھے گا اللہ تعالیٰ اس کی روزی میں برکت فرمائے گا۔ حشر میں نامہ اعمال دائیں ہاتھ میں ملے گا حساب کتاب آسان فرمائے گا۔

سورۃ الذاریات کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص سورہ ذاریات کی تلاوت پر مداومت کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے رزق میں وسعت عطا فرمائے گا اور قبر میں روشنی عطا فرمائے گا۔

سُورۂ طور کی فضیلت

حضرت محمد باقر اور جعفر صادق سے مروی ہے جو شخص سورہ طور کو کثرت سے تلاوت فرمائے گا اللہ تعالیٰ اس کے لیے دنیا اور آخرت میں بھلائی جمع فرمائے گا۔

سُورۃ النجم کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے جو شخص شب و روز سُورۂ نجم کی تلاوت کرے گا

اللہ اسے محبوب خلائق بنائے گا اور نیک نامی کی زندگی بسر کرے گا۔

سورۂ قمر کے فضائل

جو شخص سورہ قمر کی تلاوت کثرت سے کریگا قبر کے عذاب سے محفوظ رہے گا۔

سورہ رحمٰن کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے جو شخص سورہ رحمٰن کو نمازوں میں تلاوت کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے دل کو منافقت سے پاک کرے گا۔ قیامت کے دن سورہ رحمٰن کو خوب صورت شکل میں متشکل کر کے لایا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ دنیا میں تجھے پڑھنے والے کون تھے وہ بتلائے گی کہ فلاں فلاں۔ اللہ تعالیٰ ان کے چہرے روشن کرے گا اور انہیں شفاعت کا حق عطا کرے گا اور جو شخص جمعہ کے دن صبح کی نماز کے بعد سورہ رحمٰن تلاوت کرے دبکما تکذبٰن پر کہے لابشیئ من الائک رب اکذب اگر اسی دن فوت ہو گیا تو شہیدوں میں اس کا شمار ہو گا۔

سورہ واقعہ کے فضائل اور خواص

جعفر صادق سے مروی ہے جو شخص سورۂ واقعہ کو پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے اپنا دوست بنائے گا۔ مخلوق کے دل میں اس کی محبت ڈالے گا۔ فقر اور فاقہ سے محفوظ رکھے گا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جو شخص جنت کا مشتاق ہو وہ سورہ واقعہ پڑھے جو جہنم کے حالات دیکھنا چاہے وہ الٓمٓ سجدہ پڑھے۔ محمد باقر سے مروی ہے جو شخص روزانہ سونے سے پہلے سورۂ واقعہ پڑھ کر سوئے۔ قیامت کے دن اس کا چہرہ چودھویں رات کے چاند کی طرح روشن ہو گا۔ جعفر صادق سے مروی ہے کہ

کہ میرے والد عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نماز بیٹھ کر ادا کرتے تھے۔ ان دو رکعتوں میں سو آیات پڑھتے تھے اور فرماتے تھے جو آدمی دو رکعت نماز میں سو آیات تلاوت کرے تو قیامت کے دن اس کا شمار غافلوں میں نہیں ہو گا۔

شیخ احمد دیربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں سورۂ واقعہ میں دولت مندی کا عجیب راز ہے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہما نے حضرت عثمان سے کچھ مال قرض لیا اور ادائیگی کے سلسلہ میں کچھ پریشان تھے تو حضرت عثمان نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے سنا کہ سورہ واقعہ غربت کو دور کرتی ہے اس کی تلاوت کیا کر اور اس مال کو اپنے بچوں پر خرچ کر۔ ابن عبدالبر نے اپنی کتاب تمہید میں ایک حدیث نقل کی ہے کہ جو شخص روزانہ سورہ واقعہ تلاوت کرے روزی کے سلسلہ میں کبھی پریشان نہ ہو۔ مزید اگر دلی مراد حاصل کرنا چاہے تو اس کے ساتھ یہ دعا پڑھے:۔

اللھم انی اصبحت و امسیت و انا احب الخیر و اکرہ الشر وسبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم تین بار پڑھے اللھم اھد نی لنورک فیما یرد علی منک وفیما یصدر فی الیک وفیما یجری بینی و بین خلقک اللھم سخرلی رزقی واعصمنی من الحرص التعب فی طلبہ ومن شغل القلب وتعلق اللھم بہ ومن ذول للخلق لبسببہ من التذکر والتدبر فی تحصیلہ ومن النجل بعد حصو لہ اللھم لیسر لی رزقا حلا لا طیبا وعجل بہ ما نعیم المجیب سہ بار اللھم انہ لیس فی السموات خطرات ولا فی العیون لحظات ولا فی النفوس خطرات الا وھی

بك عرفات ولك شاهدات وعيلك والآت وفي ملك متحيرات
فبالقدرة التي سخرت بها الارض والسموات سخرلي قلوب
المخلوقات انك على كل شيء قدير اللهم ارحم فقري واجبر
كسري واجعل لطفك في امري وسخرلي لسان صدق واجعله
محل الفهم للخطاب والنطق بالصواب والعمل بالسنة والكتاب
اللهم ذكرني اذا نسيت والقيظني اذا غفلت واغفرلي اذا
عصيت واقبلني اذا اطلعت وارحمني انك على كل شيءٍ قدير
اللهم نور بكتابك بصري واشرح به صدري ويسر به امري
واطلق به لساني وفرج به كربي ونور به قلبي والكرام قلبي
بالحب والفهم وارزقني القران والعلم والفهم يا كافي
الحاجات اكرمني بانواع الخيرات فانه لاحول ولا قوة الا بالله
العلي العظيم وصلى الله على سيدنا محمد وآله واصحابه اجمعين

فائدہ:۔

بعض علماء کا قول ہے جو شخص ایک مجلس میں سورۃ واقعہ اکتالیس مرتبہ پڑھے۔ اللہ تعالیٰ اس کی دلی مراد پوری فرمائے گا۔ عصر کی نماز کے بعد سورہ واقعہ کا پڑھنا نہایت واجب ہے جو شخص اس کے پڑھنے پر مداومت کرے گا اس کے رزق میں کمی کبھی نہ آئے گی۔ جو شخص صبح اور عشاء کے بعد سورہ واقعہ تین مرتبہ پڑھے اور باقی نمازوں کے بعد ایک مرتبہ اور یہ دعا بھی پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے بے حساب دے گا۔ سورۃ واقعہ کے بعد پڑھی جانے والی دعا یہ ہے:۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم بمهجوب ذي لطف خفي بصعصع
صعصع ذي النور والبهاء بسهموب سهسهوب ذي المعز

الشامخ والعظمة والكبرياء والقدرة والسلطان اللهم اني
اسئلك باسمك المرتفع الذي اعطيته من نشئت من اوليائك
والهمته لاصفيائك واحبابك ان تؤتيني رزقا من عندك
تغني به فقري وتقطع به علائق الشيطان من قلبي انك
انت الحنان المنان الوهاب الرزاق الفتاح الباسط الجواد
الكافي الغني المغني الكريم المعطي اللطيف الواسع الشكور
ذو الفضل والنعم والجود والكرم اللهم اسئلك بحق لك۔
وبحق نبيك وجودك وكرمك وفضلك واحسانك يا صادق
الوعد لا اله الا انت سبحانك اني كنت من الظلمين اللهم
يسر لي برزق حلال طيب اجب دعوتي بحق سورة الواقعه
وبحق الاسم الاعظم وبحق محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم
وعلیٰ آلہ واصحابه الطيبين الطاهرين بحق ففتح ومخت
فتاح قادر معطي خير الرازقين مغني البائس الفقير
تواب لا يؤخذ بالجرائم اللهم يسر لي رزقا حلالا من عندك
وعجل به يا ذو الجلال والاكرام يا كافي يا كفيلين برحمتك
يا ارحم الراحمين وصلى الله على سيدنا محمد وعلیٰ آلہ و
اصحابه واتباعه وانصاره وازواجه وذرياته اجمعين
سبحان ربك رب العزة عما يصفون وسلام على المرسلين
والحمد للہ رب العالمين۔

وسعتِ رزق کے لیے مجرب عمل:۔

وسعتِ رزق کا نافع عمل۔ طریقہ یہ ہے کہ سات روزے رکھے جمعہ کے دن سے

شروع کرے لباس پاک اور بدن طاہر شرط ہے۔ گھر میں یہ عمل پڑھے یا مسجد میں ہر فرض نماز کے بعد پچیس بار پڑھے اور جمعہ کی رات مغرب کی نماز کے بعد بھی پچیس بار پڑھے۔ پھر عشاء کے بعد پچیس بار پڑھے پھر بقیہ نماز ادا کر کے سو مرتبہ یہ سورہ واقعہ شریفہ پڑھے۔ پھر ہمیشہ صبح کی نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھا کرے اور مغرب کی نماز کے بعد بھی ایک بار پڑھے انشاءاللہ مال و دولت کی فراوانی حاصل ہوگی۔

سورۂ حدید کے خواص وفضائل

جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص فرض نمازوں میں سورۃ حدید اور سورہ مجادلہ پڑھے اور اس پر مداومت کرے تو اللہ تعالیٰ اسے اپنے عیال میں خوش وخرم رکھے گا اور رزق اور مال و دولت کی فراوانی فرمائے گا۔ اور عذابِ قبر سے محفوظ رکھے گا

سورۂ حشر کے فضائل

رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص سورہ حشر کی ہمیشہ تلاوت کرے تمام مخلوق اس کے لیے استغفار اور بخشش کی دعا کریں گے جب دنیا سے رخصت ہوگا تو شہید کا اجر ملے گا۔

سورۃ الممتحنہ کے فضائل

علی بن حسین سے مروی ہے کہ جو شخص سورہ ممتحنہ کو کثرت سے پڑھے خصوصاً سنن واجبات میں تو اللہ تعالیٰ اس کے دل کو نور ایمان سے منور فرمائے گا اولاد اور عیال سمیت جنون کی بیماری سے بیمار نہ ہوں گے اور نہ فقر وفاقہ میں مبتلا ہوگا۔

سورۂ صف کے فضائل

محمد باقر سے مروی ہے کہ جو شخص سورہ صف کی تلاوت پر مداومت کرے گا اللہ تعالیٰ اسے ملائکہ کی صف میں شمار فرمائے گا۔ دنیا و آخرت میں عزت پائے گا۔

سورۃ الجمعہ اور سورۃ المنافقون کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص نمازِ مغرب اور عشاء میں سورہ جمعہ اور سورہ الاعلیٰ پڑھے اور جمعہ کے دن ظہر میں سورۃ منافقون پڑھے تو گویا اس نے سنت پر عمل کیا ثوابِ کثیر پائے گا اور جنت میں داخل ہوگا۔

سورۂ تغابن کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص نمازوں میں سورہ تغابن کی تلاوت کرے تو قیامت کے دن یہ سورۃ اس کے لیے شفیع اور سفارشی ہوگی اور جنت میں داخل ہوگا محمد باقر سے مروی ہے کہ جو شخص سوتے وقت اس سورہ تغابن کی تلاوت کرے جب مرے گا جوارِ رسول میں جگہ پائے گا۔

سورہ طلاق اور تحریم کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے جو شخص نمازوں سے ان دونوں سورتوں کی تلاوت کرے اللہ تعالیٰ حشر کے دن ہر طرح کے خوف سے نجات عطا فرمائے گا اور عذاب جہنم سے بھی چھٹکارا نصیب ہوگا۔

❖ ❖ ❖

سُورۃ ملک کے فضائل و فوائد

حضرت جعفر صادق سے مروی ہے جو شخص سُورہ ملک کو نمازوں میں پڑھے اور رات کو پڑھ کر سوئے تو ساری رات اللہ کی حفاظت میں رہے گا اور قیامت کے دن بھی خدا کی حفاظت میں رہے گا۔ محمد باقر رحمۃ اللہ علیہ سے مروی ہے سورہ واقعہ عذاب قبر سے مانع ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے قرآن کریم میں ایک سورۃ تیس آیات کی ہے شفاعت کرے گی اپنے قاری کے لیے قیامت کے دن۔ اور وہ سورۃ ملک ہے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم الم تنزیل یعنی سورہ سجدہ اور سورہ ملک پڑھے بغیر رات کو نہ سوتے تھے۔

حاجت برآری کے لیے ایک نادر عمل :۔

جو شخص دو رکعت میں یہ دونوں سورتیں پڑھے سلام کے بعد ان الفاظ کے ساتھ دعا کرے

یادائم یا حی یا فرد یا وتر یا قدیم یا احد یا صمد
صل علیٰ محمد وعلیٰ آل محمد واصحاب محمد وبارک وسلم

پھر اپنی حاجت کے لیے خدا سے دعا مانگے دعا قبول ہوگی اور حاجت پوری ہو گی۔

عذاب قبر سے نجات کا عمل :۔

رسول اللہ صلی علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ہر رات سورۃ ملک پڑھ کر سوئے قبر میں یہ سورۃ اس کے لیے عذاب سے حفاظت کرے گی۔ محمد باقر سے مروی ہے جو شخص ہر رات سورۃ ملک پڑھتا ہے تو نکرین سے یہ سورۃ اس کی حفاظت فرمائے گی انھیں عذاب کے لیے راستہ نہ دے گی اور یہ کہے گی کہ یہ شخص ہر رات مجھے پڑھتا تھا۔

سورۃ نون کے فضائل

حضرت جعفر صادق سے مروی ہے جو شخص سورۃ نون کو نمازوں میں پڑھے گا اللہ تعالیٰ اسے کبھی فقر و فاقہ میں مبتلا نہ کرے گا اور عذاب قبر سے بھی محفوظ رہے گا۔

سُورہ الحاقہ کے فضائل

حضرت جعفر صادق سے مروی ہے جو شخص سورۃ حاقہ کو نمازوں میں پڑھے گا بشرطیکہ اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھتا ہو تو اللہ تعالیٰ اس کا خاتمہ ایمان پر فرمائے گا۔

سُورۃ معارج کے فضائل

حضرت جعفر صادق سے مروی ہے جو شخص اس سورۃ کو کثرت سے پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے گناہوں کے سلسلہ میں باز پرس نہ فرمائے گا۔

سورۃ نوُح کے فضائل

حضرت جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھتا ہو اس سورۃ کو کثرت سے پڑھے قیامت کے دن اسے اللہ تعالیٰ صالحین کے ساتھ جگہ نصیب فرمائے گا۔ اسے چار ہزار جنت کی حوریں عطا کرے گا۔

سورۂ جن کے فضائل

حضرت جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص سورہ جن کو بہت پڑھے گا تو دنیا میں جنات اور جادو سے محفوظ رہے گا۔

سورۂ مزمل کے فضائل

حضرت جعفر صادق سے مروی ہے جو شخص عشاء کی نماز میں یا ویسے سورہ مزمل کا ورد رکھے تو دنیا میں اچھی زندگی بسر کرے گا اور خاتمہ ایمان پر ہوگا۔

سورۂ مدثر کے فضائل

محمد باقر سے مروی ہے جو شخص سورہ مدثر کو نماز میں پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قرب میں جگہ عطا فرمائے گا۔ دنیا میں ہر مصیبت سے محفوظ رہے گا۔

سورۂ قیامہ کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص سورہ قیامہ کی تلاوت پر مداومت کرے تو اللہ تعالیٰ اس کا حشر رسول اللہ کے ساتھ فرمائیں گے اور پل صراط سے سلامتی سے گزر جائے گا۔

سورۂ دہر کے فضائل

محمد باقر سے مروی ہے کہ جو شخص سورہ دہر کو جمعرات کے دن پڑھے، اللہ

اسے چار ہزار حوریں عطا فرمائے گا۔ علی ابن حسین سے مروی ہے کہ میں علی نقی کی خدمت میں حاضر ہوا۔ منگل کا دن تھا تو انھوں نے کہا کہ میں نے تجھے کل نہیں دیکھا میں نے کہا کہ میں نے نہیں چاہا کہ پیر کے دن میں تمھاری زیارت کروں تو انھوں نے کہا کہ جو شخص چاہے کہ اللہ تعالیٰ اسے پیر کے دن کے شر سے محفوظ رکھے تو صبح کی نماز میں سورۂ دہر پڑھے اللہ تعالیٰ اسے ہر شر سے محفوظ رکھے گا۔

سورۂ مرسلات، سورۂ نبا اور سورۂ نازعات کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے جو شخص سورہ مرسلات کو پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے اور رسول اللہ کے درمیان آشنائی پیدا فرمائے گا۔ جو شخص سورۂ نبا کو پڑھے۔ دنیا کی آفات سے بچے اور بیت اللہ کی زیارت نصیب ہو جو شخص سورہ نازعات کو پڑھے تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔

دشمن کو مغلوب کرنے کا عمل :۔

جو شخص سورہ مرسلات کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور میدانِ جنگ میں جائے تو دشمن اس کا مقہور ہوگا۔

پھوڑے پھنسیوں کا علاج :۔

جو شخص سورہ مرسلات کو لکھ کر پھوڑے پھنسیوں والے مریض کے گلے میں ڈالے تو انشاءاللہ مریض جلد شفا پائے گا۔

سورۂ عبس اور سورہ تکویر کے فضائل

حضرت جعفر صادق سے مروی ہے جو شخص ان دونوں سورتوں کو پڑھے حفاظت الٰہی میں رہے گا اور رحمت الٰہی کے سائے میں زندگی بسر کرے گا۔

سورۃ الانفطار، انشقاق اور مطففین کے فضائل

حضرت جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص سورۃ انفطار اور سورہ انشقاق نمازوں میں تلاوت کرے اللہ تعالیٰ اس کی جملہ حاجات پوری فرمائے گا اور جو شخص سورہ مطففین نمازوں میں پڑھے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن نامۂ اعمال دائیں ہاتھ میں عطا کرے گا اور اسے جہنم کی آگ سے محفوظ رکھے گا۔

دردِ زہ کے لیے :۔

جس عورت کو تولد بچہ کے وقت سخت تکلیف ہو وہ یہ سورۃ لکھ کر حاملہ کے پیٹ پر باندھے فوراً بچہ پیدا ہوگا۔

جانوروں کی حفاظت کے لیے :۔

جو شخص سورہ انشقاق کو لکھ کر جانوروں کے باڑے کے دروازے پر باندھے انشاء اللہ تمام جانور جملہ آفات سے محفوظ رہیں گے۔

مچھر اور چیونٹی کے دفع کرنے کے لیے :۔

جو شخص سورۂ انشقاق کو گھر کی دیوار پر لکھے تو اس گھر میں مچھر چیونٹیاں داخل نہ ہوں گے۔

سورۂ بروج کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے جو شخص سورہ بروج کو فرض نمازوں میں تلاوت کرے گا اللہ تعالیٰ اس کا حشر انبیاء کی جماعت کے ساتھ فرمائے گا۔

سورۂ طارق کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے جو شخص سورہ طارق کو فرض نمازوں میں، تلاوت کرے گا

اللہ تعالیٰ حشر میں اسے جبیل القدر بنائے گا اور جنت میں داخل ہوگا۔

سورۃ الاعلیٰ کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص سورۃ الاعلیٰ فرائض نوافل سے کثرت سے تلاوت کرے گا اللہ تعالیٰ کے حکم سے اسے جنت کے ہر دروازے میں دخول کی اجازت ہوگی۔

سورہ الغاشیہ کے فضائل

جعفر صادق سے مروی۔ ہے جو شخص سورۃ غاشیہ کثرت سے نمازوں میں تلاوت کرے گا اللہ تعالیٰ دنیا میں اس پر نظرِ رحمت فرمائے گا اور آخرت میں عذابِ جہنم سے محفوظ رکھے گا۔

سورۃ الفجر کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص نماز میں کثرت سے سورہ فجر تلاوت کرے گا اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل کرے گا۔

سورۃ البلد کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص سورہ البلد کو نمازوں میں کثرت سے تلاوت کرے گا اس کا شمار صالحین میں شمار ہوگا۔

❖ ❖ ❖

سورۃ الشمس، واللیل، والضحیٰ اور سورۃ الم نشرح کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے کہ جو شخص کثرت سے ان سورتوں کی تلاوت کرے گا
حشر کے دن اس کے بدن کے تمام بال اور اعضاء اس کے حق میں گواہی دیں گے۔

الم نشرح کے خواص:۔ پریشانی کا علاج:۔ جو شخص پریشانی ہو
سورہ الم نشرح کو شیشے کے برتن میں لکھے اور عرق گلاب سے دھو کر پیئے تو رنج و غم
اس کا دور ہوگا۔

وسعت رزق کا عمل:۔

جو شخص صلوٰۃ خمسہ میں الم نشرح کو کثرت سے پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے
رزق میں برکت عطا فرمائے گا اور جملہ امور معاش کی اصلاح ہوگی اور عبادت الٰہی کی
توفیق نصیب ہوگی۔

قضاء حاجات کے لیے:۔

جو شخص مشکلات میں گھر جائے دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں سورہ الم نشرح
کی تلاوت کرے سلام کے بعد سورۃ الم نشرح کو موافق عدد کے ایک سو باون بار تلاوت
کرے پھر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت کا سوال کرے انشاء اللہ تعالیٰ دلی مراد پائیگا

حفظ کلام اللہ کے لیے:۔

جس شخص کے لیے قرآن کریم کا حفظ مشکل ہو سورۃ الم نشرح لکھ کر پیئے تو
اللہ تعالیٰ کے فضل سے وہ حفظ ہوگا

بخار کا علاج:۔

دھاگہ لے کر سورۃ الم نشرح میں جتنے کاف ہیں ہر کاف پر ایک گرہ دے
اور سورۃ دم کرے پھر مریض کے گلے میں ڈالیں شفا نصیب ہوگی۔

وسعت رزق کا عظیم عمل:۔

اگر کوئی شخص معاشی تنگی میں مبتلا ہو تو دو رکعت نماز پڑھے اور نماز میں سورہ
الم نشرح ایک صد باون بار پڑھے۔ پھر یہ دعا پڑھے یا ہر نماز کے بعد سورۃ مذکورہ
دس مرتبہ تلاوت کرے ہر دفعہ یہ نماز بھی پڑھے۔ دس بار سورۃ الم نشرح اور دس
بار دعا پڑھی جائے گی۔ دعا یہ ہے:۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم انی اسئلک یا اللہ یا اللہ
یا اللہ یا الہ الاولین والآخرین بالقول الذی قلت فی حق
نبینا محمد صلی اللہ علیہ وسلم الم نشرح لک صدرک ان
تشرح لی صدری وبالاسم الذی شرحت بہ صدر محمد
صلی اللہ علیہ وسلم وبالاسلام یا مومن یا مھیمن یا اللہ تین
بار پڑھے اسئلک بقولک فی حق محمد صلی اللہ علیہ وسلم ووضعنا
عنک وزرک یا وزر من لا وزر لہ یا اللہ تین بار واسئلک
بکلامک القدیم الذی لیس بمخلوق وبقولک الذی انقض
ظھرک یا ظاھر یا باطن لم یخف علیک حالی اخفنی عن
ابصار الظالمین یا اللہ تین بار واسالک باسمک الذی
رفعت بہ السمٰوٰت وبسطت بہ الارض ورفعنا لک ذکرک
یا رافع یا ذاکر اذکرنی بذکرک الذاکرین الذین یذکرون
اللہ قیاما وقعودا وعلٰی جنوبھم ویتفکرون فی خلق السمٰوٰت
والارض ربنا ما خلقت ھذا باطلا سبحانک فقنا عذاب النار
انت وقایتی من القوم الظالمین یا اللہ تین بار اسئالک
بحکم کتابک العزیز یا عزیز عزنی باعزاز عزۃ وقد زلک

ویسرلی امر الدنیا والدین یاخیر من یرجٰی یا اللہ تین بار فان مع العسر یسرًا ان مع العسر یسرًا سالك ان تیسر لی کل ما تعسر علی تیسیر منك یا اللہ تین بار فاذا فرغت فانصب والی ربك فارغب اسالك بالراغبین الیك وبالاٰیات البینات والذکر الحکیم ان تخفین من ابصار من یرید لی سوء من الخلائق اجمعین وتسخر لی الروحانیة ھٰذہ السورة الشریفة والاسماء فی جلب الرزق الی حیث کنت وفی عطف العباد علی اجمعین وفی دفع المضار عنی یا لطیف یا حفیظ یا اللہ تین بار یا ودود تین بار یا رب یا ودود یا حی یا قیوم تین بار یا ذا العرش المجید یا مبدئ یا معید یا ذو البطش الشدید یا من ھو فعال لما یرید اسئلك بنور وجھك الذی ملاءت بہ ارکان عرشك واسالك بقدرتك التی تدرت بھا علی جمیع خلقك واسالك برحمتك التی وسعت کل شیئ لا الہ الا انت برحمتك استغیث من عذابك استجیر یا غیاث المستغیثین اغثنی یا اللہ تین بار برحمة منك یا ارحم الراحمین وصلی اللہ علیٰ سیدنا محمد وآلہ واصحابہ اجمعین ۔

سورہ والتین کے فضائل

جعفر صادق سے مروی ہے کہ سورہ والتین کو نمازوں میں کثرت سے پڑھے جنت میں جگہ پائے گا۔

٭ ٭ ٭

سورۃ العلق کے فضائل :

جعفر صادقؒ سے مروی ہے کہ جو شخص سورۃ العلق کو شدت سے تلاوت کرے گا شہید ہو کر مرے گا اور شہیدوں کے ساتھ اس کا حشر ہوگا ۔

سورۃ القدر کے فضائل و فوائد :

جعفر صادقؒ سے مروی ہے کہ جو شخص سورۂ قدر کو بُلند آواز سے پڑھے گویا اُس نے جہادِ فی سبیل کیا اور اگر آہستہ پڑھے گا تو شہید کا ثواب ملے اور جو شخص دس بار سورۃ قدر پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے ہزار گناہ معاف فرمائے گا حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جو شخص سورۃ اخلاص اور سورۃ قدر تلاوت کرے اس دن شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا اس سے کوئی گناہ سرزد نہ ہوگا موسیٰ کاظمؒ سے مروی ہے جو شخص جمعہ کے دن بعد نماز عصر ستّر دفعہ سورۃ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرمائے گا جعفر صادقؒ سے مروی ہے کہ ماہ رمضان المبارک کی ہر رات ہزار بار سورۃ قدر تلاوت کرے گا تو عجائبات ملاحظہ کرے گا۔ موسیٰ رضاؒ سے مروی ہے کہ جو شخص نیا لباس پہنے اور پیالے میں پانی لیکر دس مرتبہ سورۃ قدر اور دس بار سورہ اخلاص پڑھ کر اپنے لباس پر چھڑکے تو عیش و عشرت کی زندگی بسر کرے گا ۔

اولادِ نرینہ کے لیے :

ایک شخص جعفر صادقؒ کے پاس آیا اور کہا میری آٹھ لڑکیاں

ہیں لڑکا کوئی نہیں تو انہوں نے کہا کہ جب مقاربت کا ارادہ ہو تو عورت کی دائیں طرف ہاتھ رکھ کر سات بار سورہ قدر پڑھ جب حمل ہو جائے تو پھر اسی طرح کر انشاء اللہ فرزند عطا ہوگا وہ شخص کہتا ہے کہ میں نے اسی طرح کیا یکے بعد دیگرے کئی فرزند پیدا ہوئے۔

وسعتِ رزق کے لیے:

ایک شخص نے کبیر احمد بن موسیٰ سے رزق کی تنگی کی شکایت کی تو انہوں نے کہا کہ سورہ قدر کو کثرت سے پڑھا کر اور آخر میں یہ دعا پڑھ

اللهم يامن يكتفى عن خلقه جميعًا ولا يكتفى عنه احد من خلقه يا احد من لا احد له انقطع الرجاء الا منك وخابت الامال الا فيك وشدت الطرق الا اليك يا غياث المستغثين اغثني

سات بار تکرار کرے۔

خواب میں رسول اللہؐ کی زیارت کیلئے:

جو شخص ہر جمعہ کو ہزار بار سورہ قدر کی تلاوت کریگا جب تک خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نہ ہوگی فوت نہ ہوگا۔

دل کے راز معلوم کرنے کیلئے:

اگر کسی آدمی کے کرتے پر سورہ قدر لکھ کر سوئے کے سینہ پہ رکھے تو وہ اپنے ہر اچھے برے کام کی خبر دیگا۔

عذاب قبر سے حفاظت کے لیے:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص مردہ دفن کرتے وقت قبر کی مٹی پر سات بار سورہ قدر پڑھ کر قبر میں ڈالے تو اس قبر والے کو عذاب قبر نہ ہوگا۔

سورۂ بینہ کے فضائل:

محمد باقرؑ سے مروی ہے جو شخص سورہ بینہ کی کثرت سے تلاوت کریگا اللہ تعالیٰ اُسے شرک سے محفوظ رکھے گا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت پر کامل یقین ہوگا۔

سورۂ زلزلہ کے خواص وفضائل:

جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ جو شخص سورہ زلزلہ کو نمازوں میں تلاوت کرے گا جمعہ آفات سے محفوظ رہے گا رُوح آسانی سے قبض ہوگی اور جنت میں جگہ پائے گا۔

سورۂ عادیات کے فضائل:

جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ جو شخص سورہ عادیات کو کثرت سے پڑھے گا اس کا حشر حضرت علیؓ اور دیگر صحابہ کرام کے ساتھ ہوگا۔

سورۂ القارعۃ کے فضائل:

محمد باقرؑ سے مروی ہے کہ جو شخص کثرت القارعہ کو پڑھے فتنہ دجال

سے محفوظ رہے گا۔ جہنم کی آگ سے بھی محفوظ رہے گا جنت میں داخل ہوگا۔

سورۃ التکاثر کے فضائل :

جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ جو شخص فرض نمازوں میں سورۃ تکاثر پڑھے گا اُسے سَو شہیدوں کا ثواب ملے گا اور جو نوافل میں پڑھے گا اُسے پچاس نمازوں کا ثواب ملے گا اور ملائکہ اس کے ساتھ نماز پڑھیں گے اور عذاب قبر سے محفوظ رہے گا۔

سورۃ العصر کے فضائل :

جو شخص نمازوں میں سورۃ العصر کی تلاوت کرے گا اللہ تعالیٰ بروز قیامت اس کا چہرہ منوّر فرمائے گا۔

غلے کی حفاظت کے لیے :

سفال آب نارسیدہ کے چار ٹکڑوں پر سورۃ عصر لکھ کر غلے میں رکھے تو غلہ تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

تجارت کی بندش کیلئے :

اگر کسی کی تجارت بند کرنا مقصود ہو تو زرنیخ احمر کی تختی پر سورۃ العصر لکھ کر خرید و فروخت کی جگہ دفن کر دے تو اس کی تجارت ہمیشہ کے لیے بند کر دی۔

سورۃ ھمزہ کے فضائل :

جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ جو شخص سورۃ ھمزہ کو کثرت سے پڑھے گا اس کا رزق فراخ ہو۔ ور بدی موت سے محفوظ رہے گا۔

تشخیص مریض کے لیے :

جو شخص مرض معلوم کرنا چاہے تو لازم ہے کہ سورہ ھمزہ پڑھ کر یہ دُعا پڑھے اگر مریض کی مرض جنات کی وجہ سے ہوگی تو اس کی آنکھیں چھوٹی معلوم ہوں گی اور اگر بڑی معلوم ہوگی تو کسی انسان کی نظر بد کی وجہ سے ہے دُعا یہ ہے

اقسمت علیکم یا میمون یا ابا نوخ ان تنزل علی ھذہ الاثر و تبین ما بصاحبه ان کان من الجن فقصروہ وان کان من الانس فطوله ومن ان کان الله فایقه علی حاله بحق ھذہ السورۃ الشریفة الوحا الوحا العجل العجل الساعة الساعة۔

اگر آنکھ چھوٹی نظر آئے تو سورۃ ھمزہ اور اذا قرئت القران سے نفوراً لکھے اور افحسبتم سے الخ دور یا معشر الجن سے لا تنصرون تک لکھے اور معوذتین لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے اور اگر بڑی نظر آئیں تو سورۃ ھمزہ کے ساتھ سورۃ تکویر اور حشر کی آخری آیات لکھ کر گلے میں ڈالے شفاء ہوگی۔

سورۃ الفیل اور قریش کے فضائل :

جعفر صادقؒ سے مروی ہے کہ جو شخص سورۃ فیل نمازوں میں تلاوت کرے قیامت کے دن ہر چیز اس کے لیے گواہی دے گی اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اُسے بغیر حساب کے جنت میں داخل کرے گا اور جو شخص سورۃ قریش کی کثرت سے تلاوت کرے گا جنت کے گھوڑوں پر سوار ہو گا۔

مکان کی حفاظت کیلئے :

جو شخص سورۃ فیل کو تانبے کی تختی پر لکھ کر جس مکان میں دفن کریگا وہ مکان آفات سے محفوظ رہے گا۔

دشمن کی ہلاکت کے لیے :

جو شخص دشمن سے انتقام لینے پر قادر نہ ہو دس دن روزانہ سورۃ فیل پڑھے اور دسویں دن دریا کے یا نہر کے کنارہ پر بیٹھ کر یہ دُعا پڑھے دُعا یہ ہے۔

اللھم انت الحاضر المحیط لمکنونات الضمآئر اللھم عذ الظالم وقل الناصر وانت المطلع العالم اللھم ان فلاناً ظلمنی واذانی ولا یشھد بذالک غیرک اللھم انک مالکہ فاھلکہ اللھم سربلہ بسربال الھوان وقمصہ قمیص الردیٰ اللھم اقصمہ ۳ بار اللھم اھلکہ تین بار اللھم اقطع دابرہ چار بار فقطع دابر القوم الذین ظلموا والحمدللہ

رب العالمین فاخذھم اللہ بذنوبھم وما کان لھم من اللہ من واق سات بار پڑھے یہ دُعا کو دس بار پڑھے فلانا کی جگہ ظالم دشمن کا نام لے تاکہ جلدی ظالم اپنے انجام کو پہنچے۔

دیگر عمل برائے ہلاکت :

اگر دشمن کی ہلاکت مقصود ہو تو چنوں کا ہزار دانہ لے اور روزانہ ہزار مرتبہ سورہ فیل پڑھے اور ہر سینکڑے پر ایک مرتبہ یہ دُعا پڑھے اور دشمن کی تباہی اور ہلاکت کا ارادہ کرے دُعا یہ ہے

اللھم ارم فلان بن فلانۃ رمیۃ لا آخر لھا وآتہ من حیث لا یحتسب وخذہ اخذ عزیز مقتدر دسویں روز وہ چنیں حوض یا ویران کنویں میں ڈالے اور یہ دعا پڑھے اللھم انک غنی عن الاعوان اللھم عذ الظالم وقل الناصر وانت المطلع العالم العدل الحکیم اللھم ان فلاناً عبدک قد نصر النعمۃ وما شکرھا والیعنی ایات العدل وما ذکرھا اطفاء حکمت وتعدیٰ علینا ظلماً وعدواناً وخذہ اللھم بناصیتہ وجعلنا منصورین علیھم انک علی ما تشاء قدیر اللھم شمّت عضدہ قلل عددہ واھدم ارکانہ واخذل الاعوانہ والشتت جمعہ واعدم سلطانہ واھبط برھانہ وللزل اقدامہ ورعب قلبہ وکبد علی فتحرہ واجعل کیدہ فی بحرہ واستدرجہ من حیث لا یعلم۔

دشمن اپنے انجام کو پہنچے گا۔

دشمن کی خرابی کیلئے مجرّب عمل :

اگر دشمن کی ویرانی اور خانہ بربادی مقصود ہو تو پیر کے دن روزہ رکھے جلالی جمالی پرہیز کے ساتھ پیر کے دن خالی مکان میں عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت قرأت حمدیت کرے یعنی ۲ دو سو مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اس کے بعد سورہ فیل کو ترمیم سجیل تک پڑھے اور ہر مرتبہ دشمن کا تصور کرکے ترمیم بحجارۃ کا تین مرتبہ تکرار کرے اور نو مرتبہ یہ الفاظ کہے۔ الھم ارم فلاں بن فلانتہ بھلاکک ونکالک ودھارک یاشدیدالبطش یا قھار یہ عمل تین روز متواتر پڑھے دشمن ہلاک ہوگا اور اس کا خانہ خراب ہوگا۔

دشمن پر غلبے کا عمل :

جو شخص دشمن پر غلبہ چاہے لڑائی میں جانے سے پہلے سورۃ فیل کو پڑھے۔

دشمن سے حفاظت کا عمل :

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے جو شخص صبح کی نماز میں پہلی رکعت میں سورہ الم نشرح اور دوسری میں سورۃ فیل تو دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔

طعام میں برکت کا عمل :

جو شخص کھانے میں برکت اور اس کے نقصان سے بچنا چاہے تو

سورہ قریش دم کرکے کھائے۔

زہر اور خفقان کا علاج :

سورۃ قریش زعفران سے لکھ کر دھو کر پلانے سے اور خفقان کی مرض سے شفا نصیب ہوگی۔

سورۃ ماعون کے فضائل :

محمد باقر سے مروی ہے جو شخص سورہ ماعون کو نمازوں میں پڑھے۔ تو اللہ تعالیٰ اس کے روزے اور نماز قبول کرے گا۔

سورۃ کوثر کے فضائل :

حضرت جعفر صادق سے مروی ہے جو شخص سورۃ کوثر نمازوں میں پڑھے گا اللہ تعالیٰ اُسے حوضِ کوثر پلائے گا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا عمل :

جو شخص جمعہ کی رات ہزار دفعہ سورۃ کوثر اور ہزار دفعہ درود شریف پڑھے گا رسول اللہ ﷺ کی زیارت کے شرف سے مشرف ہوگا۔

دشمن کے شر سے حفاظت کیلئے :

جو شخص سورۃ کوثر لکھ کر گلے میں ڈالے دشمن کے شر سے محفوظ رہے

بخار کا علاج:

طریقہ اس کا یہ ہے کہ بسم اللہ کے حروف کی تکبیر کرے انا اعطینا ک الکوثر کے حروف متصلہ لکھے دوسرے کاغذ پر بسم اللہ کے حروف متفرقہ لکھے اور ساتھ فصل لربك وانحر لکھے تیسرے ورق پر بسم اللہ کے حروف متفرقہ کے ساتھ ان شانئك هو الابتر لکھے تین دن ان اوراق کے ساتھ مریض کو دھونی دیں۔

سورۃ کافرون کے فضائل:

جعفر صادقؑ سے مروی ہے جو شخص سورۃ اخلاص اور سورۃ کافرون فرض نمازوں میں پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے والدین کی مغفرت کرے گا اور اس کا نام بدبختوں سے نکال کر نیک بختوں میں لکھے گا حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایک سفر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی سلام کے بعد فرمایا میں نے تمہارے لیے ثلث قرآن اور ربع قرآن کو جمع کرلیا

سورۃ النصر کے فضائل:

جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ جو شخص سورۃ النصر کو نماز نافلہ اور فرائض میں بھی تلاوت کرے اللہ تعالیٰ اسے تمام دشمنوں پر فتح اور کامیابی عطا کرے گا اور اس کا نامہ اعمال داہنے ہاتھ میں دے گا۔ اور جہنم سے آزاد کرے گا۔

سورۃ اللھب کے فضائل:

جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ جو شخص سورۃ اللھب کثرت سے پڑھے اللہ تعالیٰ اسے کفار اور منکرین نبوت سے متنفر فرمائے گا۔

سورۃ اخلاص کے فضائل:

جو شخص سورۃ اخلاص کو ایک بار پڑھے گا اس کو ثلث قرآن کا ثواب ملے گا تین بار پڑھنے سے پورے قرآن کا ثواب ملے جو شخص چار سو بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اُسے چار سو شہیدوں کا ثواب عطا فرمائے گا۔ رسول کریم افضل الصلوٰۃ والتسلیم نے حضرت سعد بن معاذ کی نماز جنازہ پڑھی تو ستّر ہزار ملائکہ بھی شامل ہوئے رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے سبب جنازے میں شمولیت ملائکہ جبرئیل سے دریافت کیا تو جبرائیل نے کہا کہ یہ سورۃ اخلاص کی کثرت سے تلاوت کرتا تھا۔ جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ جو شخص سورہ اخلاص گیارہ بار پڑھے اور شش جہات کی طرف دم کرے تو تمام مخلوق کے شر سے محفوظ رہے گا۔ اور اگر ظالم حاکم سے ملاقات کیلئے جائے تو تین بار سورہ اخلاص پڑھ کر بائیں ہاتھ کی خنصر بند کرکے جائے واپس آنے پر کھول دے انشاء اللہ حاکم جابر کے شر سے محفوظ رہے گا۔ حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ جو شخص فجر کی نماز کے بعد گیارہ بار سورۃ اخلاص پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس دن اس کا کوئی گناہ تحریر نہ کرائے گا نیز جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ جو شخص گیارہ بار روزانہ سورۃ اخلاص پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے گھر کو آفات سے محفوظ رکھے گا حضرت علیؓ فرماتے ہیں جو شخص

رات کو سورۃ اخلاص پڑھ کر سوئے اللہ تعالیٰ پچاس فرشتوں کو اس کی حفاظت پر معمور فرمائے گا۔ اگر کسی کے سر میں درد ہو تو سورہ فاتحہ سورہ اخلاص سورہ فلق اور سورۃ والناس پڑھ کر ہاتھ پر دم کرے سر پر پھیر شفاً نصیب ہو گی۔

حاجت براری کے لیے :

جو شخص اتوار کے روز طلوع آفتاب سے پہلے دس بار سورہ اخلاص اور کافرون پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے اللہ تعالیٰ اُس کی دعا قبول فرمائے گا۔

ہلاکت دشمن کے لیے :

جو شخص دشمن کی ہلاکت چاہے اسے لازم ہے کہ دو رکعت نماز پڑھے اور ہزار بار سورۃ کافرون پڑھے اور ہر سینکڑے پر یہ دعا پڑھے اللھم سلط روحانیۃ ھذہ السورۃ حارھا ویابسھا علی روح کذا الظالم اوالعدو۔ بہت جلد وہ دشمن ہلاک ہو گا۔ سوا مستحق کے کسی کے لیے استعمال نہ کریں۔

وسعت رزق اور فتح براعداء :

جو شخص روزانہ سورۃ اخلاص ہزار بار تلاوت کرے گا دشمن پر غالب رہے گا اور رزق میں بھی وسعت ہو گی بے انتہا رزق پائے گا۔

بھوک کی تکلیف سے بچنے کے لیے :

جو شخص اللہ الصمد کو کثرت سے پڑھے گا اللہ تعالیٰ اُسے بھوک کی تکلیف سے محفوظ رکھے گا۔ اور سفر میں پیاس کی تکلیف سے بھی حفاظت رہے گی۔

قضائے حاجات کا مجرب عمل :

جو شخص سورۃ اخلاص کو ہزار بار پڑھے پھر یہ دعا پڑھے تو اللہ تعالیٰ اُس کی تمام حاجات پوری فرمائے گا۔ دعا یہ ہے اللھم انی اسئالک یا واحد یا احد یا فرد یا صمد من لم یتخذ صاحبۃ ولا ولد یا من لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفواً احد۔ اسئالک بحق اسمائک العظام و انبیائک الکرام اتسخر لی خدام ھذہ السورۃ العظمۃ عبدک عبدالرحمٰن عبدک عبدالصمد عبدک عبدالواحد بکوفون می عوناً علی قضاء حوائجی العجل العجل العجل الوحا الوحا الوحا الوحا الساعۃ الساعۃ الساعۃ بارک اللہ فیکم وعلیکم وصلی اللہ علی سیدنا محمد وآلہ واصحابہ وسلم۔

دیگر عمل :

دفع بلیات کے لیے مغرب اور عشأ کے درمیان سورۃ اخلاص کے لیے ہزار بار پڑھ کر جو بھی اللہ تعالیٰ سے حاجت مانگے گا عطأ ہو گی۔

علامہ بونی ؒ نے لکھا ہے کہ جو شخص صبح تین بار سورہ اخلاص پڑھے اور

شام کو بھی تین ۳ بار پڑھے تو دلی مُراد حاصل ہوگی مگر یہ دُعا بھی ساتھ پڑھے دُعا یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمد للہ رب العالمین وصلی اللہ علی سیدنا محمد والہ واصحابہ وسلم قل ھو اللہ احد لیس کمثلہ احد لا تسلط علی احد ولا تحوجنی الیٰ احد اغننی یارب عن قل احد بفضل قل ھو اللہ احد الحصی یا من ھو قدیم ویا دائم ویاحی یا قیوم یا اول یا اخر اقض حاجتی یا فرد یا صمد وصلی اللہ علی سیدنا محمد والہ واصحابہ وسلم۔

استخارہ برائے انجام کار:

اگر کسی کام کا انجام دیکھنا مقصود ہو تو جمعہ کی رات چھیاسٹھ ۶۶ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اور پانچ ہزار اکتیس مرتبہ اسم ذات کا ذکر کرکے سو جائے نیز ہزار بار دُرود شریف پڑھے تو اللہ تعالیٰ خواب میں انجام کار سے خبر دے گا۔

معوذتین کے فضائل:

جعفر صادقؒ سے مروی ہے کہ جو شخص سورۃ فاتحہ ایک مرتبہ معوذتین اور سورۃ اخلاص سات بار اور آیت الکرسی اور آیت سخرہ اور آخر سورۃ برأۃ لقد جاءکم سے آخر سورۃ تک ایک ایک بار پڑھے تو تمام گناہوں کا کفارہ ہوگا۔

جنّات وشیاطین کے شر سے حفاظت کیلئے:

جو شخص روزانہ رات کو معوذتین پڑھ کر سوئے جنات اور شیاطین کے شر سے محفوظ رہے گا۔

دُشمن کے شر سے حفاظت کے لیے:

اگر کسی ظالم کے پاس جانا ہو یا دشمن کے شر سے بچنا ہو تو معوذتین پڑھ کر جائے۔

حضرت ابو سعید الخدریؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جنات وشیاطین کے شر سے پناہ کے لیے معوذتین کا نزول ہوا ان دونوں سورتوں کا سبب نزول جادو ہے جو کہ یہودیوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کیا تھا۔

بچوں کی حفاظت کے لیے:

معوذتین لکھ کر بچوں کے گلے میں ڈالنے سے شر شیاطین اور دیگر ہوام سے محفوظ رہیں گے۔

دعوت معوذتین:

اگر معوذتین کی ریاضت مقصود ہو تو جلالی جمالی پرہیز کے ساتھ اور صوم وصلوٰۃ کی پابندی سے ہزار بار روزانہ پڑھے اور ہر سینکڑے پر یہ دُعا پڑھے اجیبوا و توکلوا ایھا الوسواس الخناس بقلب

کذا وکذا بالمحبۃ والمودۃ وعطفوا قلبہ بحق ھذہ السورۃ الشریفۃ۔ جس پر پڑھیں گے دل وجان سے طالب کا عاشق ہوگا۔

دشمن کی بربادی کیلئے دعوت:

مذکورہ بالا طریقہ کے ساتھ مگر دعا یہ پڑھے

اجیبوا وتوکلوا ایھا الوسواس الخناس وادخلوا علی کذا وکذا فی ھذہ اللیلۃ وضربوا بالسیوف والحرب وایقظوا وسموہ حاجتی وعد فوہ باسمی وکنیتی ومحل بحق ھذہ السورۃ الشریقۃ

اور اگر خواب بندی مقصود ہو تو یوں کہے اجیبوا وتوکلوا ایھا الوسواس الخناس یفقد النوم کذا حتی لا یاکل ولا یشرب ولا ینام بحق ھذہ السورۃ الشریفۃ وسخروہ الی قلبہ وخوادہ واسبوا روحانیۃ بحق ھذہ السورۃ الشریفہ۔

تُحفۃُ العَامِلِین

معروف بہ

طلسماتِ نادرہ

بیان خواص وترکیب ہائے خواندنِ سورۂ قرآن ودیگر اوظائف وغیرہ

حصہ چہارم

مؤلفہ

سید تفضل حسین خداداد بن میر محمد حسین

ترتیب نو

محمد اسحاق ظفر

حصّہ چہارم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمد للہ رب العالمین والعاقبۃ للمتقین والصلوٰۃ والسلام علی سید الرسل وخاتم الانبیاء واعلی الہ واصحابہ وسلم اما بعد اس علم شریف یعنی تعویزات میں اکثر اسمائے حسنیٰ اور کلام کی آیات مستعمل ہیں لہٰذا مناسب معلوم ہوا کہ تمام سورتوں کے خواص بیان کیے جائیں اس لیے اس حصہ میں خاص سور بیان ہوئے ہیں تاثیر اس علم کی عالم علوی سے جلوہ گر ہوتی ہے جس کا بیان آدم خاکی سے اس عالم سفلی میں کلام الٰہی کی تاثیر کے بیان سے قاصر ہے قاضی الحاجات کافی المہمات سے التجا ہے کہ کما حقہ بیان کو حقائق کا جامہ تاثیر عطا فرمائے اور قبولیت عامہ سے نوازے آمین ثم آمین اب آگے مقصد میں شروع ہوتے ہیں۔

اس علم کی اہمیت:

یہ علم اس سے پہلے نایاب تھا جس طرح نایاب تھا اس قدر اس کا اثر بھی معدوم تھا نایاب چیز کا فیض بھی نایاب ہی ہوتا ہے بزرگوں نے اسے مصلحتاً پوشیدہ رکھا اتنا کہ نہ ہونے کے برابر تھا عرصہ دراز

گزرنے کی وجہ سے مثل معدوم چیز کے تھا۔ جیسے یہ علم شریف زمانہ سلف میں بزرگان دین ہادیان رہ صدق یقین عدم سے وجود میں آیا ہے۔ اسی طرح وجود سے عدم کی طرف گامزن بھی ہوتا جارہا ہے بوجہ بخل عاملین حضرات کے شاید ان کا خیال ہے جس طرح گذشتہ دور میں اس علم نے عروج پایا ہے اسی طرح اس عالم سے مٹا دیا جائے اور اس کا وجود بالکل معدوم ہو جائے مگر یہ مشکل ہے اس لیے کہ جس ذات مقدس و محترم نے اسے دنیا میں وجود عطا کیا ہے اسے باقی بھی رکھے گی۔ ایسے لوگوں کی مثال اس جانور کی ہے جو سورج کو بے نور تصور کرتے ہوئے سورج کے سامنے اپنی آنکھیں بند کر لیتا ہے اس کے بے نور تصور کرنے سے سورج بے نور نہیں ہوتا۔ اسی طرح ایسے لوگوں کی سعی لاحاصل سے معدوم نہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کی ذات فانی کو بقاء عطا کرتی ہے۔ شاید کہ بعض بزرگوں کے پوشیدہ رکھنے کا سبب اس کے مضر اثرات سے مخلوق خدا کو محفوظ رکھنا ہو۔ اس علم کا صحیح استعمال راحت اخرت کا سبب ہے۔ اور غلط استعمال سبب دخول جہنم بھی ہے ہمارے اس دور کے لوگ غلط استعمال زیادہ کرتے ہیں۔ بوجہ لالچ مال و دولت حالانکہ مسلمان کا عقیدہ ہے کہ رازق صرف ذات باری تعالیٰ ہے۔ مگر بوجہ کمزوریٔ اعتقاد کے اور موت کو بھولنے کی وجہ سے سب کچھ کر گزرتے ہیں گویا کہ انہوں نے خالق لم یزل کی بارگاہ عالی میں حساب کتاب دینا ہی نہیں حالانکہ قرآن کریم کا فیصلہ ہے جزاء سیئة سیئة بمثلها۔ برائی جزاء سزا بھی ملے گی برائی کے بدل برائی ہے روز قیامت ہر ایک عمل کا

حساب ہوگا اعلان ہوگا کہ فلاں بن فلاں کا حساب ہونے والا ہے اس سے کسی نے کچھ لینا ہو تو آجائے اس وقت مظلوم اور کمزور لوگ اپنے حق کے مطالبے کے لیے بارگاہِ ایزدی میں عرض پرداز ہوں گے وہاں تو کسی کا کوئی زور نہیں چلے گا سواء احکم الحاکمین کے معلوم ہوا کہ جیسے یہ علم آخرت کی بھلائی اور سرخروئی کا سبب ہے اسی طرح یہ علم بربادی آخرت اور آخرت کی خانہ خرابی کا سبب بھی ہے مقصود اس سے عوام الناس کے عقائد کو گمراہی سے بچانا ہے نہ کہ برباد کرنا اس لیے کہ غیر مسلموں کے پاس عوام لناس کا جانا باعث خرابی ایمان ہے بایں وجہ علماء اور اولیاء کرام نے اسے اختیار کیا ہے۔ مگر آج کل کے دور میں قرآن کریم سے استفادہ کی بجائے ہندو عیسائی اور دیگر غیر مسلموں کے گندے اور گمراہ کرنے والے علوم کو مسلمان بھی رواج دینے کے درپے ہے تاکہ شیطان کے حواریوں میں اس کا نام بھی آجائے۔

مقصد اور غرض علم

اس علم شریف کی غرض و غایت عقائد اسلامی کی حفاظت تھی کہ اہلِ اسلام کے عقیدہ توحید میں خلل واقع نہ ہو۔ کیونکہ مسلمان کا عقیدہ ہے کہ نفع و نقصان کا مالک اور موت و حیات کا مالک صرف رب العالمین ہے اسی طرح رزاق اور اولاد دینے والا بھی اللہ تعالیٰ ہے۔ مگر اس ہمارے زمانہ میں ہادیان رہ متیین کے لباس میں پھرنے والی جماعت خود اسلامی عقائد سے ناآشنا ہے جنات و شیاطین

کو نفع اور نقصان کا مالک گردانتے ہیں اور عوام کو جنات سے ڈراتے
ہیں بجائے اللہ کی ذات سے ڈرانے کے۔ حالانکہ جنات بھی ایک
مخلوق ہے اگر خالق نہ چاہے تو جنات بھی ایک مخلوق ہے
تو جنات بھی کچھ نہیں کر سکتے یہ بھی انسان کی
طرح ایک عاجز مخلوق ہے اللہ تعالیٰ کے سامنے کسی کا زور نہیں چلتا۔

وجہ معدومیت

یا یہ لوگ اس وجہ سے اس علم کو پوشیدہ رکھتے ہوں گے کہ
اس کا اثر نظر نہ آتا ہوگا۔ مگر اس سبب سے پوشیدہ رکھنا نہایت بُری
حرکت ہے جو اس علم کو جھوٹا کہتا ہے وہ خود جھوٹا ہے اور اگر
اس علم کو اپنی ذاتی منفعت کے لیے پوشیدہ رکھا ہے تو بھی غلط
ہے اس لیے کہ جو سچا علم عرصہ دراز سے شائع ہو رہا ہے حتیٰ
اس دور تک پہنچا ہے تو اب اسے معدوم کرنا کہاں تک ٹھیک ہو
سکتا ہے اور مخلوق الٰہی کو اس سے محروم رکھنا کہاں تک صحیح ہو
سکتا ہے۔ وجہ کوئی بھی ہو اچھائی اور برائی انسان کے ذاتی فعل پر
منحصر ہے نہ کہ اشیاء پر چھری تو لوہار نے بنائی ہے سبزی پھل گوشت
وغیرہ کاٹنے کے لیے اور اگر کوئی شخص اس سے انسان کو قتل کرتا
ہے تو یہ اس کا اپنا فعل ہے۔

لوہار کا قصور نہیں اور نہ ہی یہ دانشمندانہ فیصلہ ہے کہ لوہار
چھریاں بنانا بند کر دے اگر کوئی شخص اپنی ذاتی کمزوری کی وجہ سے
شیطنت کا شکار ہوتا ہے تو یہ اس کی ذاتی کمی ہے اور اس کی

کمزوری کی سزا تمام جنس انسانی کو نہیں دی جا سکتی۔ اگر کچھ لوگ غلط
ذہنیت کے مالک ہیں تو ان کی وجہ سے یہ علم نہیں چھپنا چاہیے۔

اسباب اشاعت علم

اس علم کے چھپانے کو بُرا جانتے ہوئے اس علم کی اشاعت
کا میں نے ارادہ کیا ہے اس لیے کہ یہ علم انبیاء کا علم ہے جو
سراسر اسرارِ الٰہی کے معارف سے پُر ہے جو اسے جھوٹا جانتا ہے
وہ خود جھوٹا ہے۔ دراصل بغیر شرائط کے پورا کرنے کے اور تزکیہ نفس
اور کامل ریاضت عمل کرنا بے سُود ہے عامل کو لازم ہے کہ پہلے اپنے
نفس کو کدورت بغض کینہ حسد طلب جاہ اور مال کے لالچ سے پاک
کرے افعال قبیحہ سے پاک صاف ہو کر عمل کرے تو جلد کامیاب ہوگا
اور عجیب تاثیرات مشاہدہ میں آئیں گی۔ یہ علم کوئی فلسفہ کا علم نہیں جو
طبیعت میں بہیمیت پیدا کرے یا سباعیت اور شہوت کو غالب کرے
یہ علم تو مکاشفہ و مشاہدہ کا علم ہے جو طبیعت میں ہوا ورحرص
اور شہوت پرستی سے اجتناب کے جذبات کو ابھارتا ہے ریاضت
سے نفس اور دل کے زنگ کو دور کرتا ہے یہ کتاب تو ایک شاخ ہے
اس علم بسیط و سیع کے عملیات کی اگرچہ کچھ اعمال ایسے بھی درج ہیں
جو کلیات کی طرف راجع ہیں اس علم سے انکاری صرف جاہل ضدی ہو
گا نہ کہ عاقل۔

اس لیے کہ بغیر کسی استاد کامل کی تربیت کے اور نفس کشی کے خود سری
جو منہ میں آیا کہہ دیا اُسے کیا معلوم سچ ہے جھوٹ، کوئی بھی علم ہو سوائے

ماہرین فن کے حاصل نہیں ہونا چاہیئے وہ علم حکمت ہو یا فلسفہ ہو۔
یہ علم تو ویسے بھی ایک درجے کی چیز ہے جب کوئی حاجت مند اس
علم کے عامل کامل کے پاس جاکر اپنی ضرورت بیان کرے گا وہی مقصود
پائے گا جیسے اسماء الٰہی کے خواص کی انتہاء نہیں ہے ایسے ہی
اس علم کی بھی منتہاء نہیں ہے۔

ہمیں تو ان سے تعرض ہے جو ذات باری تعالٰی کے فیض برکات
کے منکر ہیں حکماء ربانی اور حکمائے یونانی میں بڑا فرق ہے مربی نفس اور
مربی جسم میں بڑا فرق ہے مگر جیسے جسم کی پرورش اور نگہداشت لازمی
ہے ایسے ہی نفس کی اصلاح ضروری ہے تاکہ قلب سلیم میں نورانیت
پیدا ہو اور روحانی قوت وطاقت کا مالک بنا دے جس کی قوت
اور طاقت سے اور قدرت کے نور سے جسم بھی روشن ہو جائے نفس
میں لطافت پیدا ہو اور نفس لطیف و شریف بن جائے یہ سواء ماہرین
علم مصلحین کاملگار کے ممکن نہیں ہے واضعان علم نے ترک نیند
اور خوراک زیادہ کا جو منع کرتے ہیں اس کا مطلب یہ نہیں کہ یک لخت
سونا چھوڑے اور کھانا پینا چھوڑے بلکہ آہستہ آہستہ کم کرے جیسے
افیونی ایک ہی دفعہ سے افیون کھانا بند نہیں کر سکتا بلکہ آہستہ آہستہ
کم کر کے اس موذی نشہ سے جان چھوڑا سکتا ہے ایسے ہی آہستہ آہستہ
نیند کا وقت کم کرے عبادت کا وقت زیادہ کرے تاکہ روحانی قوت
نصیب ہو جیسے کہ

کیمیا و لیمیا و سیمیا ۔ این نہ باشد جز بذات اولیاء

پس ایسے میرے دوست اس علم شریف اور بزرگوار کو پوشیدہ

رکھنے سے کوئی کیسے ترقی پذیر ہو سکتا ہے اور اس کے مخفی رہنے
سے کون اس کا شائق ہو سکتا ہے کونسی صورت ہے اس کی طرف
راغب ہونے کی اللہ تعالٰی نے بنا بر جوادی عام فرمایا ہے تاکہ مومن
اور کافر اس سے مستفیض ہوں۔ اس علم کو اس قدر عام فرمایا کہ
شیطان کو بھی اس سے استفادے سے منع نہ فرمایا روز قیامت تک
اسے بھی دنیاوی حکومت عطاء فرمائی اور مدت دراز تک مہلت دی
جس کے بارے میں خود کلام الٰہی شاید عدل ہے اور یہ اشعار
مصنف کتاب ہذا کے اس مضمون کے موافق ہیں۔

عدو نوازی ہے ظاہر تری اے رحمان تو
دیا جو اپنی خدائی سے بہرہ شیطان کو
وگرنہ روز قیامت تلک نہیں ہوتی
یہ سلطنت کبھی حاصل رجیم رحمان کو

اور خود ذات مقدسات انبیاء و اولیاء کرام وغیرہ اشک وحسد اور
انواع رزائل سے پاک ہیں ہر وہ چیز جو خواہ نفع رساں ہو یا ضرر
رساں حبس و منع فرماتے ہیں اسے مخفی رکھنا ہرگز انہیں پسند نہ
ہوگا جیسے کہ آج کے جاہل کرتے ہیں۔ ان کے تو ادنٰی عمل میں بھی بیشمار
فوائد ہیں بظاہر سخت عملیات کو دیکھ کر حواس باختہ ہونا جہلاء کا کام
ہے نہ کہ علماء کا ہر ایک عمل قرین قیاس کے مطابق ہوتا ہے اور ہر عمل
کا نتیجہ اپنی حکمت کاملہ سے تزکیہ نفس اور باطن کی صفائی مقرر کیا ہے
ہر ایک طریقے سے اصلاح نفس کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں۔
اس لیے کہ مربی نفس وہ کہلاتے ہیں وہ ہر زشت زیبا کو اور تلخ و شیریں

سے اس کی پرورش فرماتے ہیں معلوم ہوا کہ ایسے دقیق اسرار سے
مخلوق خدا کو محروم رکھنا سوائے حسد کے اور کیا ہوتے ہیں سچائی و
جھوٹ حقیقت ظاہر اور روشن ہو چکی ہے اس علم کو شائع کرنے سے
کئی شبہات رفع ہوں گے اور بعض فریب کاروں اور مکاروں کے مکر
ظاہر ہوں گے اور سچے علماً جو کہ صاحب کشف و کرامات ہیں تزکیہ نفس
اور باطنی صفائی سے بہرہ ور ہیں ان کے کمالات کے پیش نظر خلق خدا
اُن کی قدردانی کرتے اور خلائق ان کی جلالت شان کی اقراری ہوتا کہ
دوسرے طالب اور امیدوار بھی محروم نہ رہیں البتہ اس طریقہ سے اس
علم کی ترقی نمایاں ہوگی اگر کوئی شخص فیض یاب نہ ہو سکے تو اُسے لازم
ہے کہ کسی ماہر استاذ سے سیکھے تاکہ مقصد حاصل کر سکے اور اس کے جوہر
سے درجہ کمال کو پہنچے جس قدر اس علم کو چھپاتے ہیں اسی قدر اثرات
معدوم ہوتے ہیں اگر یہ علم سچا ہے تو چھپانے کا کیا فائدہ ورنہ آزما
کے دیکھے اگر حقیقت نظر نہ آئے تو وہ سچا میں جھوٹا۔ اگر حقیقت نظر
آئے تو بافرمان ہو کر حکماء ربانی کی قدردانی کرے کیونکہ وہ نادان نہیں
کہ بے فائدہ چیز بنائیں۔ اور اپنے اوقات کو ضائع کریں۔

بلاشبہ بعض جاہلوں نے اس علم کو اپنی مکاری اور عیاری اور
دنیا طلبی کے سبب بدنام کیا ہے لوگوں کو غلط راہ پر لگا کر اپنی بدباطنی
کا ثبوت دیا ہے اور نیز حرام کاری کو بھی انہوں نے اپنا شعار بنا کر
عوام کی عزت و عصمت کی پردہ دری کی ہے ایسے حرام کاروں کا دور کا
بھی اس علم سے واسطہ نہیں ہے ایسے لوگ بے چارے عوام کو ایسی
حواس پرستی کا شکار بناتے ہیں اس علم کے عالم کے لیے اور عامل کیلئے

لازم ہے کہ فضیحتوں سے بچے اور اکل حلال صدق مقال چلہ کشی حق شناس
صادق الاعتقاد ہو نیت اچھی رکھے باقی شرائط دوسرے مقام پر درج
ہیں ان کا لحاظ رکھے بغیر استاذ کے تحت عمل کام میں نہ لائے تاکہ نقصان
نہ اُٹھانا پڑے۔

مبلغاں را ابلاغ باشد وبس

باب اوّل

فصل اوّل، خواص آیات:

علامہ دیربی ؒ نے مختلف آیات کے فضائل و فوائد درج کیے ہیں
مختلف مقاصد بیان کیے۔

دشمن کی تباہی کے لیے:

اگر دشمن کا گھر اور کھیت برباد کرنا مقصود ہو تو ویران مکان سے
مٹی لے اور عیسائی کی قبر کی مٹی اور کمہار کے آوے کی مٹی کچی ٹھیکری
پر یہ آیت لکھ کر پیس لیں اور ویران مکان اور قبر کی مٹی ملا کر دشمن
کے گھر میں یا باغ میں ڈالیں ویران ہوگا دشمن ہوگا۔ آیت یہ ہے۔
یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ سے
وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الْكٰفِرِیْنَ تک

کھیت اور باغ میں برکت کے لیے:

کچی ٹھیکری پر لکھ کر پیس لیں اور کھیت چاروں گوشوں میں ڈالے تو

کھیتی زیادہ ہوگی آیت یہ ہے مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَھُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ الخ

ظالم کی بربادی کے لیے:

اگر دشمن کی بربادی مقصود ہو تو ویران مکان یا مدکھٹ کی مٹی لیکر اس پر یہ آیت قُلْ یٰٓاَھْلَ الْکِتٰبِ ھَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّا سے عَنْ سَوَآءِ السَّبِیْلِ تک چالیس دفعہ پڑھ کر دم کرے طریقہ یہ ہے کہ جمعہ کے دن عشاء کے بعد دو رکعت نماز پڑھے سلام کے بعد یہ الفاظ کہے یا قدیم یا اول یا مَنْ یَّعْلَمُ خَآئِنَۃَ الْاَعْیُنِ وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ خذ فلاں بن فلانۃ اَخْذَ عَزِیْزٍ مُّقْتَدِرٍ تین بار پڑھ کر آیت مذکورہ بالا پڑھے پھر اسے دھوکر دشمن کے گھر ڈالے۔

دیگر عمل: دفع شر ظالم:

اگر ظالم کے پاس جائے تو اس کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے یہ آیات لکھ کر اپنے پاس رکھے اور نیز ان آیات کی تلاوت کرتا رہے تو اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔ آیت یہ ہے لَا یُحِبُّ اللّٰہُ الْجَھْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ سے سَمِیْعًا عَلِیْمًا تک۔

زناء کی عادت چھڑانے کا عمل:

زانی یا زانیہ کے کپڑے پر یہ آیت لکھ کر قبرستان میں دفن کرے اور دفن کرتے وقت یہ الفاظ کہے اللھم بحق ھذہ الآیۃ اقطع الزنا

والزنیع من قلب فلاں بن فلانۃ فانک فعال لما تشاء وانت ارحم الراحمین کما مات صاحب ھذا القبر یموت الزناء وحبہ من قلب فلاں بن فلاں انشاء اللہ زانی اور زانیہ کا دل زنا سے سرد پڑ جائے گا آیت یہ ہے یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ سے یَحْکُمُ مَا یُرِیْدُ تک۔

ہلاکت ظالم کا عمل:

اگر تجھ کو ہلاکت ظالم مقصود ہو تو ایک پتلا تیار کرے اور اس کی چھاتی یعنی سینے پر یہ آیات لکھے آیت یہ ہے وَاتْلُ عَلَیْھِمْ نَبَاَ ابْنَیْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ سے فَقَتَلَہٗ تک لکھے خنجر ہاتھ میں لیکر اس کی پشت پر یہ الفاظ پڑھ کر مارے فَاِذَا لَقِیْتُمُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فَضَرْبَ الرِّقَابِ اور اس کی گردن میں مارے اور کہے یا ملائکۃ اللہ تعالیٰ لیفصل کذا وکذا تو اس کے بدن میں تکلیف پیدا ہوگی بیمار ہوکر ہلاک ہوگا۔ مگر خوف الٰہی لازم ہے۔

خواب بندی کے لیے:

جس کو نیند زیادہ آتی ہو تو یہ آیت پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرے تو نیند نہ آئے گی اور ہوشیار رہے گا جس کے لیے بھی کرے گا یہ عمل نہایت موثر ہوگا آیت یہ ہے اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ سے مُحْسِنِیْنَ تک پڑھے۔

دفع موذی کے لیے:

حشرات الارض مچھر پسو وغیرہ تنگ کرتے ہوں تو اس آیت کو لکھے بکیم محرم کو اور دھو کر مکان کے چاروں کونوں میں پانی چھڑکے انشاءاللہ تمام ہوام حشرات دفع ہو جائیں گے ایت یہ ہے اَفَاَمِنَ اَھْلُ الْقُرٰی سے الْخَاسِرُوْنَ تک لکھے۔

حفاظت کے لیے:

جو شخص لقد جاءکم رسول سے آخر سورۃ تک پڑھے روزانہ تو اس پر کوئی اسلحہ وغیرہ کارگر نہ ہوگا نہ قتل ہوگا نہ مضروب، نیز اگر تمام ہموم کے دفعیہ کے لیے فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ صدق نیت سے پڑھے تو دنیاوی اور اخروی ہموم سے محفوظ رہے گا۔

بیماری دشمن کے لیے:

جو شخص دشمن کو تباہ کرنا چاہے تو یہ آیت کچی ٹھیکریوں پر لکھ کر دشمن کے گھر دفن کرے تو دشمن کا مکان برباد ہوگا۔ دشمن رات دن خسارے میں رہے گا۔ اور اگر بیمار کرنا مقصود ہو تو یہ آیت دیگ میں لکھ کر ڈالے اور دیگ کو آگ پر رکھے جیسے ہی پانی گرم ہوگا دشمن کو بھی بخار ہوگا جیسے جیسے پانی خشک ہونا جائے گا دشمن کمزور ہوگا اور اگر پانی ختم ہوگیا تو دشمن بھی ختم ہوجائے گا۔

آیت یہ ہے فَجَعَلْنَا عَالِیَهَا سَافِلَهَا سے بَعِیْدٌ تک۔ اور نقش اس کا یہ ہے۔

فجعلنـــا

زبان بندی کیلئے:

اگر کوئی شخص اپنے حاسدین اور بدگو کی زبان بند کرنا چاہے تو اس آیت کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے حاسدوں کی زبان بند ہوگی آیات یہ ہیں یَوْمَ لَا یَنْطِقُوْنَ وَلَا یُؤْذَنُ لَهُمْ فَیَعْتَذِرُوْنَ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَیْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا یَنْطِقُوْنَ حمعسق حمیت کھیعص کھیت عقدت عنك یاحامل کتابی ھذا السنۃ الخلق والبشر من ذکرا وانثیٰ اوذکر بالف لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ علی سیدنا محمد وآلہ واصحابہ وسلم

شیاطین انس وجن کے شر سے حفاظت کیلئے:

جس انسان کو ہر وقت دشمن کا خوف رہتا ہو یا شیاطین سے خوفزدہ ہو تو ان آیات کو لکھ کر گلے میں ڈالے تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے شیاطین کے خوف سے مطمئن رہے گا اور محفوظ رہے گا۔ آیات یہ ہیں:

مواذا قرأت القرآن جعلنا بينك و بين الذين لا يؤمنون سے
ادبارهم نفورا تک سایہ جنات سے بھی نجات ملے گی۔

بیداری کے لیے:

جو شخص رات کے کسی حصّے میں بھی جاگنا چاہے اسے لازم ہے کہ
اِن آیات کو پڑھ کر سوجائے تو عین اسی وقت جاگے گا۔ آیات یہ ہیں
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ سے آخر سورۃ تک
پڑھ کر یہ الفاظ کہے کر سوجائے اللھم ایقظنی فی وقت کذا وکذا
فان روحی بیدک اللہ یتوفی الانفس حین موتھا والتی
لم تمت فی منامھا اذکرک فتذکرونی واستغفرلا وتغفرلی
انک تفعل ما ترید۔ اقسمت علیکم یا خدام ھذہ الایات
اشریفۃ ان توقظونی وقت کذ بحقھا علیکم۔ انشاءاللہ وقت
معین پر جاگ آجائے گی۔

حفاظت حمل کے لیے:

اگر حمل کے سقوط کا خطرہ ہو تو چالیس یوم کے بعد یہ آیت
لکھ کر حاملہ کے گلے میں ڈالے تو انشاءاللہ حمل ساقط نہ ہوگا اور
بچہ کی پیدائش بھی آسانی سے ہوگی پھر وہ تعویز بچے کے گلے میں
ڈالے تو بچہ بھی ام الصبیان اور دیگر امراض سے محفوظ رہے گا
آیت یہ ہے۔ وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا
سے رَاجِعُوْنَ تک لکھ کر گلے میں ڈالے۔

کذب بیانی اور فحش گوئی کی عادت چھڑانے کیلئے:

اگر کسی کی عادت جھوٹ بولنے کی ہو اور فحش گوئی کا عادی ہو تو
یہ آیات سفید انگور کے شیرے پر پڑھ کر دم کرے اس سے حلوا
تیار کر کے کھلائے اور سفال لگ نہ رسیدہ پر شہد سے آیات مذکورہ
لکھ کر دھوئے پھر یہ پانی بھی اسے پلائے تو تمام بُری عادت سے
نجات ملے گی۔ آیات یہ ہیں وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا يَكُوْنُ لَنَآ
اَنْ نَّتَكَلَّمَ سے حَكِيْمٌ تک پڑھے اور لکھے۔

چشمہ جاری کرنے کے لیے:

میٹھے پانی کو نکالنا مقصود ہو تو یہ آیت لکھ کر دھو کر چشمہ میں یا
کنوّاں میں ڈالے تو پانی میٹھا نکلے گا آیت یہ ہے اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ
هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ۔ نیز تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ
سے مُغْرَقِيْنَ تک لکھ کر بیر معطلہ میں ڈالنے سے پانی نکلنا شروع
ہوجائے گا۔

دشمن پر غلبہ کے لیے:

ابن مقاتل کا قول ہے کہ جو شخص ان آیات خمسہ کو پڑھے گا دشمن
اس پر غلبہ نہ پائے گا ان آیات میں سے ہر ایک آیت میں دس قاف ہیں
دشمن ہمیشہ مخذول رہتا ہے پڑھنے والے پر ہتھیار کارگر نہیں ہوتے۔
آیات یہ ہیں۔ اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الخ ع۲

لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِیْنَ الخ ۳؎ اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ قِیْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا الخ ۴؎ وَاتْلُ عَلَیْهِمْ نَبَاَ ابْنَیْ اٰدَمَ سے مُتَّقِیْنَ تک ۵؎ قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قُلِ اللّٰهُ سے آخر آیت تک ۔

دشمن سے حفاظت کے لیے :

کعب احبار سے مروی ہے کہ جو شخص یہ آیات سبعہ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور تلاوت کرے اللہ تعالیٰ کی پناہ میں رہے گا۔

۱؎ قُلْ لَّنْ یُّصِیْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ سے الْمُؤْمِنُوْنَ تک

۲؎ وَاِنْ یَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ سے غَفُوْرُ الرَّحِیْمُ تک

۳؎ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا سے كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ تک ۴؎ اِنِّیْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ سے عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ تک

۵؎ وَكَاَیِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ سے وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ تک ۶؎ مَا یَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ سے وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ تک ۷؎ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ یَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ تک

آیات حفاظت :

ایک بزرگ کا واقعہ ہے کہ انہوں نے کہا کہ جنگل میں ایک دن میں گیا تو دیکھا کہ بھیڑیا بکری سے کھیل رہا ہے اور اسے نقصان نہیں پہنچاتا جب میں قریب ہوا تو بھیڑیا بھاگ گیا میں نے دیکھا کہ بکری کے گلے میں ایک تعویذ ہے کھول کر دیکھا تو یہ آیات لکھی ہوئی تھیں۔

وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۔ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا

وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ ۔ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَیْطٰنٍ رَّجِیْمٍ ۔ وَحِفْظًا ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۔ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْهَا حَافِظٌ ۔ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِیْدٌ ۔ اِنَّهٗ هُوَ یُبْدِئُ وَیُعِیْدُ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِیْدُ ۔ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ هَلْ اَتٰكَ حَدِیْثُ الْجُنُوْدِ ۔ فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ بَلِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا فِیْ تَكْذِیْبٍ ۔ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِیْطٌ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۔ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَیُرْسِلُ عَلَیْكُمْ حَفَظَةً اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ ۔ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ یَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ۔ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۔ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِیْظٌ ۔ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِیْظٍ ۔ وَاِنَّ عَلَیْكُمْ لَحٰفِظِیْنَ ۔

ہمیشہ فاتح اور منصور رہنے کے لیے :

امام غزالیؒ نے فتوح القرآن میں لکھا ہے کہ جو شخص ہمیشہ اپنے دشمنوں پر فاتح اور منصور رہنا چاہے وہ ان آیات کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اللہ تعالیٰ اسے فاتح اور منصور رکھے گا۔ آیات یہ ہیں

فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ یَّاْتِیَ بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ ۔ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ۔ رَبَّنَا افْتَحْ بَیْنَنَا وَبَیْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَیْرُ الْفٰتِحِیْنَ ۔ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓی اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَیْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا ۔ فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ

رُدَّتْ اِلَيْهِمْ وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ۝ وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ رَبِّ اِنَّ قَوْمِيْ كَذَّبُوْنِ فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۔ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا فَفَتَحْنَا اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ الخ ہر معاملے میں کامیاب رہیگا۔

جمیع حوادثات سے حفاظت کیلئے:

علمأ محققین نے لکھا ہے کہ ایت قطب اور سورۃ فتح کی آیات محمد رسول اللہ سے آخر تک لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا تمام حوادثات سے محفوظ رہتا ہے نیز اگر بیمار کا علاج مقصود ہو تو ان آیات قطب کے ساتھ حروف معجہ بھی لکھ کر گلاب کے عرق سے دھو کر مریض کو پلانے سے ہر طرح کی بیماری سے شفاء ہوتی ہے۔

چوروں اور ڈاکوؤں نیز جمیع حوادثات سے حفاظت کا عمل:

ابن سیدین رح نے بیان کیا کہ ہم ایک قافلے کے ساتھ سفر کر رہے تھے ایک نہر کے کنارے جب پہنچے تو دیکھا کہ ایک قوم کے کچھ لوگ مرے پڑے ہیں معلوم ہوا کہ رات کو جو بھی اس جگہ آتا ہے زندہ نہیں جاتا ڈاکو اسے قتل کر دیتے ہیں اور اسباب لوٹ لیتے ہیں تو ہمارے تمام

ساتھی یہ سُن کر وہاں سے کُوچ کر گئے مگر میں اس مقام پر تنہا رہ گیا میں نے ابن عمر رض کی یہ حدیث سُنی تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص ۳۳ آیات کو پڑھے گا اسے درندے اور چور ڈاکو نقصان نہ پہنچائیں گے میں نے یہ آیات پڑھ کر حصار کھینچ لیا اور سو گیا مگر خطرہ کی وجہ سے نیند نہ آئی کیا دیکھتا ہوں کہ ایک جماعت ننگی تلواروں کے ساتھ میرے پاس آنا چاہتی ہے مگر نہیں آ سکتی حتیٰ کہ صُبح ہو گئی جب میں روانہ ہوا تو ان میں سے ایک آدمی گھوڑے پر سوار ہو کر میرے پاس آیا پوچھا تو انس میں سے ہے یا جن میں نے کہا کہ انسان ہوں اس نے ساری رات کی کارگزاری سُنائی اور وجہ دریافت کی تو میں نے ابن عمر رض کی حدیث بیان کی تو اس نے میرے سامنے توبہ کی وہ آیات یہ ہیں الٓمٓ سے مفلحون تک آیت الکرسی خالدون تک امن الرسول سے آخر سورۃ تک تین آیات سورۃ اعراف کی ان ربکم اللہ الذی سے محسنین تک آخر آیات بنی اسرائیل کی۔ قل ادعوا اللہ الخ دس آیات سورۃ صافات کی لازب تک دو آیات سورۃ رحمٰن کی یا معشر الجن سے فلا تنتصران تک آخری آیات حشر کی سورہ جن تک یہ آیات حرز کے نام سے مشہور ہیں ان کے سو فائدہ ہیں دشمن سے حفاظت کے لیے حجاب کا کام کرتی ہیں۔

فصل ثانی فی الصلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم:

اس فصل میں درود شریف کے فضائل و فوائد تحریر کریں گے۔ چونکہ معمول ہے شرفاء کا اور بہترین طریقہ ہے بنجاب کے علامہ دیربی رح نے

اپنے مجربات میں لکھا ہے کہ درود شریف تمام پریشانیوں کا حل ہے۔

سرگردان وحیرت زدہ کے لیے:

جو شخص کسی سخت مصیبت میں گرفتار ہو تو نصف رات کے بعد دو رکعت نماز پڑھے سلام کے بعد ہزار بار نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف بھیجے درود یہ ہے اللھم صل علیٰ سیدنا ومولانا محمد صلاۃ کُل بھا عقدتی وتفرج بھا کربتی وتنقطع بھا من حلتی وتقیل بھا عثرتی وتقضی بھا حاجتی تو اللہ تعالیٰ تیری مصیبت دور فرمائے گا اور تجھے خوشی نصیب ہوگی۔ علامہ سنوسیٰ نے اپنی مجربات سے اسی طرح نقل کیا ہے اللھم صل علیٰ سیدنا محمد عبدك ورسولك النبی الامی وعلیٰ الہ واصحابہ وسلم کلما ذکرك الذاکرون وغفل عن ذکرہ الغافلون عدد ما احاطہ علم اللہ وجریٰ بہ قلم اللہ ونفذ بہ حکم اللہ و وسعہ علم اللہ علی کل شئ واضعاف کل شئ من کل شئ علا خلق اللہ وزنتہ عرش اللہ ورضاء نفس اللہ ومداد کلمات اللہ عدد ما کان وما یکون وما ھو کائن فی علم اللہ صلوٰۃ تستغفرق العد وتحیط بہ الحد صلوٰۃ دائمۃ بدوام ملك اللہ باقیۃً ببقاء اللہ۔ اگر دس دن سو بار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف فرمائے گا۔ نیز علماء نے نماز میں درود شریف اس طرح پڑھنے کو کہا ہے اللھم صل علی سیدنا محمد وعلی آل سیدنا

محمد کما صلیت علی سیدنا ابراھیم وعلی ال سیدنا ابراھیم انك حمید مجید۔ اللھم صل وسلم وبارك علی سیدنا محمد وعلی الہ وصحبہ وسلم عدد امواج البحر الدقیق وصلے وسلم وبارك علی سیدنا محمد وعلی الہ وصحبہ وسلم عدد الرمل الدقیق وصل وسلم وبارك علی سیدنا محمد وعلی الہ وصحبہ عدد حسنات سیدنا ابوبکر الصدیق وصلے وسلم وبارك علی سیدنا محمد علی والہ وصحبہ عدد حسنات سیدنا عمر بن خطاب سید اہل التوفیق وصلے وسلم وبارك علی سیدنا محمد وعلی الہ وصحبہ عدد حسنات سیدنا عثمان بن عفان سید اہل التحقیق وصلے وسلم وبارك علی سیدنا محمد وعلی الہ وصحبہ عدد حسنات سیدنا علی بن ابی طالب سیدنا ہل التدقیق والتحقیق وصلے وسلم وبارك علی سیدنا محمد وعلی الہ وصحبہ عدد حسنات اہل بیت و عدد حسنات بقیۃ الصحابیۃ اجمعین وتابعیھم وتابعھم وتابعھم باحسان الی اقوم طریق وصلے وسلم وبارك علی سیدنا محمد وعلی الہ وصحبہ ملك السموٰت السبع والارضین السبع وما بینھما حتی تضیق

دیگر اللھم صلے وسلم وبارك علی سیدنا ومولانا محمد النور واسر السادی فی سائر الاسماء الصفات فا الاکثیا رمن ھذہ الصیغۃ بنور البصر والبصیرۃ

زیارت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے:

جو شخص ستر ہزار بار یہ درود شریف پڑھے اس کو خواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی۔ اور یہ درود شریف عبدالقادر جیلانیؒ کو دوران سیاحت ایک غار کے منہ پر پتھر پر نقش ملا تھا۔ درود یہ ہے اللھم صلے وسلم علی سیدنا مولانا محمد بحر انوارک ومعدن اسرارک ولسان حجتک وعروس مملکتک وامام حضرتک وطراز ملک وخزائن رحمتک وطریق شریعتک المتلذذ لمشاھدتک عین اعیان خلقک المتقدم من نور ضیائک صلوٰۃ تُحل بھا عقدتی وتفرج بھا کربتی صلوٰۃ ترضیک ترضیہ وترضی بھا عنا یارب العالمین علامہ احاط بہ علمک واحصاہ کتابک وجری بہ قلمک وعدد الامسطار والاحجار والاشجار وملائکۃ البحار وجمیع ماخلق مولانا من اول الزمان الی اخرہ والحمد للہ وحدہ۔ جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک بار درود شریف پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس بار رحمت نازل فرمائے گا اس کے دس گناہ معاف ہوں گے دس درجات بلند ہوں گے بروز قیامت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت نصیب ہوگی۔ جو شخص کثرت سے درود شریف پڑھے گا اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قرب نصیب ہوگا۔

تیسری فصل فوائد متفرقہ:

اس فصل میں گمراہوں کی ہدایت اور دفع مضرت اور فتوح کے علاوہ

اور بھی کئی مقاصد بیان ہوں گے اگر مظلوم صبر کرے اور معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد کرے تو بہتر ہے اللہ تعالیٰ بھی مظلوم کا بدلہ ظالم سے لے گا اگر عمل میں لانا بھی پڑے تو امر مجبوری۔

حکام کے غضب سے حفاظت کے لیے:

اگر حکام غضب اور شر کا خطرہ ہو اور ان سے مقابلہ ہو تو پہلے بسم اللہ پڑھے پھر درود شریف اوپر رسالت مآب کے پھر یہ آیت پڑھے ولما سکت عن موسیٰ الغضب سے یرھبون تک پھر یہ پڑھے اللھم انی اسالک بھیبۃ عظمتک وبسطوۃ جلالک ان تجعلنی محبتی فی قلب عدا وندن والق المودۃ والمحبۃ فی قلبہ وعطفہ علی فضلک یاکریم وصلی اللہ علی سیدنا محمد وعلی الہ واصحابہ وسلم

دیگر عمل:

اگر ظالم حاکم سے خوف ہو تو یہ دعا پڑھتے ہوئے داخل ہو کم از کم سات بار یہ دعا پڑھے سُبْحَانَ اللہِ وَتَعَالیٰ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ وَرَبُّکَ یَعْلَمُ مَا تُکِنُّ صُدُوْرُھُمْ وَمَا یُعْلِنُوْنَ وَھُوَ اللہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ لَہُ الْحَمْدُ فِی الْاُوْلٰی وَالْاٰخِرَۃِ وَلَہُ الْحُکْمُ وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ وَاللہُ غَالِبٌ عَلٰی اَمْرِہٖ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ

دیگر عمل:

کھیعص کفیت حمعسق حمیت پر انگلیاں بند کریں اور کھولیں جیسا کہ یہ عمل گزر چکا ہے۔

محبّت کا عمل :

جمعہ کی نصف شب کے بعد یہ آیت مع الدعا تیس بار پڑھے آیت یہ ہے فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ دعا یہ ہے اللھم یارب انت حسبی علی فلاں بن فلان عطف قلبه علیّ وذلله لی فان الله تعالیٰ یعطف قلبه علیك ویمنع کیدہ عنك والله علی کل شئ قدیر

دیگر عمل :

جمعہ کی رات سحری کے وقت دو رکعت نماز پڑھے یہ آیت آخر سورۃ تک تین بار پڑھے لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ سے آخر سورۃ تک پھر درود شریف سو بار پڑھے پھر یہ دعا پڑھے اللھم حبب الی فلاں بن فلانة حتی یاتی الی خاضعاً ذلیلاً من غیر مهلة واشغله بمحبتی انك علی کل شئ قدیر

محبتہ کا مجرب عمل :

جو شخص کسی کو اپنی طرف مائل کرنا چاہے تو پہلے تین دن روزے رکھے اتوار کے دن سے شروع کرے اور رات یہ عزیمت ہزار بار پڑھے اور حنا کا بخور روشن کرے پیر کی رات عشاء کی نماز کے فوراً بعد پڑھے عزیمت یہ ہے بمشطلخ طالخ کطلخ یطلموخ عالج عجرنخ بعزۃ یخ اجب یا میمون بشرۃ الدعا بقوۃ جبرائیل و

